حکماء کی زندگیوں کا طبّی نچوڑ

لا علاج امراض کیلئے سینہ در سینہ رہنے والے طبّی رازوں سے پردہ اٹھتا ہے

حیرت انگیز مجرب انکشافات • لاجواب محنت اور تحفہ

تحقیق و تالیف:

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

حکماء کی زندگیوں کا طبّی نچوڑ

لا علاج امراض کیلئے سینہ در سینہ رہنے والے طبّی رازوں سے پردہ اُٹھتا ہے

حیرت انگیز مجرب انکشافات • لا جواب محنت اور تحفہ

تحقیق و تالیف:

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی پی ایچ ڈی (امریکہ)

حکماء کی زندگیوں کے

طبی نچوڑ

لاعلاج امراض کیلئے سینہ در سینہ رہنے والے
طبی رازوں سے پردہ اٹھتا ہے
حیرت انگیز انکشافات لاجواب محنت اور تحفہ

تحقیق و تالیف

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی
(پی۔ایچ۔ڈی امریکہ)

دفتر ماہنامہ عبقری
مرکز روحانیت و امن 78/3 عبقری اسٹریٹ
نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

نام کتاب: حکماء کی زندگیوں کے طبی نچوڑ

تحقیق وتالیف: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

ناشر: دفتر ماہنامہ عبقری مرکز روحانیت وامن 78/3 عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

قیمت: 320 روپے

Website:www.ubqari.org

042-37425801-3 0322-4688313

اللهم صل على محمد وعلى آل محمد كما صليت على ابراهيم وعلى آل ابراهيم انك حميد مجيد

اللهم بارك على محمد وعلى آل محمد كما باركت على ابراهيم وعلى آل ابراهيم انك حميد مجيد

عرضِ ناشر

نَحمَدُہٗ وَنُصَلّی عَلیٰ رَسُولِہِ الکَرِیم

اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا ہے اور اس کی بڑی وجہ علم ہے۔ کیونکہ اسے وہ علم دیا گیا ہے جو فرشتوں کے پاس بھی نہیں۔ اور علم کے حصول کا سب سے بڑا ذریعہ کتاب ہے۔ اسی لئے کہا گیا ہے کہ "خیر الجلیس فی الزمان کتاب" کہ کتاب زمانے کا سب سے بہترین ساتھی ہے۔

ہمارے ادارے "عبقری پبلیکیشنز" مرکز روحانیت و امن 78/3 مزنگ چونگی یونائیٹڈ بیکری اسٹریٹ لاہور کی ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ بہترین و عمدہ، نایاب اور معیاری کتب قاری کے ہاتھوں تک پہنچ جائے۔ اس سے قبل بھی ہمارے ادارے کی بہت سی کتب شائع ہو کر مقبول عام ہو چکی ہیں۔ اسی سلسلے کی ایک کڑی "حکماء کی زندگیوں کا طبی نچوڑ" ہے جو اپنے موضوع کی منفرد کتاب ہے۔ کیونکہ جیسے نام سے ہی واضح ہے یہ کہ ایک شخص کے تجربات نہیں ہیں بلکہ بہت سے حکماء و اطباء کے زندگی بھر کے تجربات اور طبی اثاثے ہیں۔ جو مشہور عالم مصنف و محقق حکیم محمد طارق محمود چغتائی کے قلم سے منظر عام پر آئی ہے۔ حکیم صاحب کی بہت سی کتب شائع ہو کر مقبول عام ہو چکی ہیں جن میں سرفہرست سنت نبوی ﷺ اور جدید سائنس بھی ہے۔

عبقری پبلیکیشنز 78/3 مرکز روحانیت و امن مزنگ چونگی
یونائیٹڈ بیکری اسٹریٹ لاہور Ph.042-7552384

پیش لفظ

زیر نظر کتاب حکماء کی زندگیوں کے طبی نچوڑ آپ کے ہاتھ میں ہے اس کتاب میں کتنے عظیم الشان نسخہ جات، صدری راز، حیرت انگیز انکشافات ہیں یہ فیصلہ آپ کتاب پڑھنے کے بعد کریں گے۔

بندہ نے تقسیم ہند سے قبل مشہور طبی جرائد اور کتب سے حکماء ہند کی زندگیوں کا ایسا نچوڑ لیا ہے کہ جن میں ایک ایک نسخہ موتیوں میں تولنے کے قابل ہے میں قارئین کی توجہ اس بات کی طرف دلانا چاہوں گا کہ وہ نسخہ کو استعمال سے قبل احسن طریق سے سمجھ لیں اور پھر اسکو بنانے کی تیاری کریں۔

کتاب کے آخری حصے میں ایک ایسے طبیب کے تجربات اور تشخیصی رموز دیئے ہیں جن کی پچاس سالہ زندگی طبی زندگی کو سمجھنے اور سمجھانے میں گزری۔

موصوف کا ایک ایک نقطۂ راز اور انکشاف سونے کے حروف سے لکھنے کے قابل ہے۔ اگر ہمیں تشخیص میں شناسائی اور مکمل دسترس ہو جائے تو پھر کبھی بھی ہم علاج معالجے میں ناکام نہیں ہونگے۔ امید ہے یہ کتاب آپ پسند کریں گے۔ اور دیگر دوستوں میں بھی متعارف کرائیں گے۔

توجہ طلب امور کے لیے پتہ لکھا ہوا ہے جوابی لفافہ ساتھ ارسال کریں

خواستگار اخلاص و عمل

حکیم محمد طارق محمود چغتائی

جناب حکیم محمد ابو ذر صاحب

حکیمانہ اقوال

ابوبکر محمد بن زکریا رازی کی شخصیت طبی دنیا کے لیے محتاج تعارف نہیں، علمی نکات باریکیاں اور جدت پیدا کرنے میں خاص مہارت رکھتے تھے۔ تشخیص امراض کے سلسلے میں ان کی ذہانت و فطانت کے عجیب و غریب اور حیرت انگیز واقعات صفحات تاریخ پر ثبت ہیں۔ اپنے زمانہ کا ممتاز ترین طبیب اور فیلسوف تھا۔ علم طب میں وہ منزلت حاصل کی جو یونانی اطبائیں جالینوس نے حاصل کی تھی۔ چنانچہ اس کو "جالینوس العرب" کا معزز لقب دیا گیا، جس کی بیشمار قابل قدر تصانیف علمی دنیا سے خراج تحسین حاصل کر چکی ہیں، ان کے چند مفید اور حکیمانہ اقوال پیش کیے جاتے ہیں، جو آب زر سے لکھنے اور یاد رکھنے کے قابل ہیں۔

۱۔ یہ سخت خطرناک امر ہے کہ کوئی ماہر حکیم اپنی رائے سے کام کیے بغیر محض کتابی نسخوں ہی کے ساتھ علاج کرے۔

۲۔ حکماء کی کتابوں کا بکثرت مطالعہ کرنا اس کے اسرار و رموز کو معلوم کرنا ہر حکیم کے لیے مفید اور نہایت کار آمد بات ہے۔

۳۔ دنیا کی تمام جڑی بوٹیوں کی آزمائش کرنے کے لئے دنیا کی عمر ناکافی ہے۔ اس لیے جو مشہور مجرب دوائیں ہیں انہی کے استعمال پر اکتفا کرنا اور کمیاب و غیر مستعمل کو چھوڑ دینا واجب ہے۔

۴۔ جو شخص علم طبیعات، فلسفہ اور منطق کا ماہر اور ان پر عامل نہیں اس کو کبھی عالم نہ سمجھو خصوصاً

طبیب کہ ان علوم کی واقفیت اور مہارت کے بغیر طبیب ہو ہی نہیں سکتا۔

۵۔ ارسطو اور جالینوس کا کسی امر پر اتفاق رائے پایا جائے تو جان لو کہ وہ یقیناً درست ہے، مگر اس کے بارے میں ان دونوں میں اختلاف ہو اس میں صحیح اور درست کو معلوم کرنا سخت دشوار ہے۔

۶۔ سرد بیماریوں کے اعتبار سے گرم بیماریاں زیادہ قاتل ہوتی ہیں اس لیئے کہ آگ کی حرکت سریع ہے۔

۷۔ صحت یافتہ مریض کسی نقصان رساں غذا کی طرف مائل ہو تو لائق طبیب کا فرض ہے کہ مناسب اصلاح کے ساتھ وہ غذا کھلا دے، اس سے روکنا نہیں چاہیئے۔

۸۔ مریض کو ہمیشہ صحت کی امید دلاتے رہنا واجب ہے، اگر حالت مایوس کن ہو تو اس کے سامنے مایوسی کا اظہار نہ کیا جائے اس لئے کہ جسم کی صحت اخلاقِ نفس کی تابع ہے۔ اگر نفس میں مایوسی پیدا ہو گئی تو پھر قابل صحت کو بھی صحت حاصل نہیں ہو سکے گی۔

۹۔ جاہل طبیب، نو آموز اور ناتجربہ کار طبیب اور وہ اطباء جن کو علم کی طرف توجہ کم اور نفسانی خواہشوں کا غلبہ ہے یہ سب قاتل اور ملک الموت کے نائب ہیں۔

۱۰۔ طبیب پر واجب ہے کہ مرض کے ہر پہلو پر اچھی طرح غور کرے پھر اس سے اندرونی اور بیرونی جو کچھ خرابیاں پیدا ہو سکتی ہیں، ان سب پر غور کرنے کے بعد سب سے پہلے زیادہ قوی سبب کو دور کرنے کی کوشش کرے۔

۱۱۔ مریض کو مناسب ہے کہ ایک ہی طبیب سے علاج کرائے اور اسی طبیب کو علاج کے لیے منتخب کرے جس پر عقیدہ رکھتا ہو۔

۱۲۔ جو مریض متعدد اطباء کا علاج کراتا ہے۔ ممکن ہے وہ کسی نہ کسی معالج کی ایک نہ ایک غلطی کا شکار بنے۔

۱۳۔ طبیب کا کتب بینی اور قیاس کو چھوڑ کر محض تجربات پر اکتفا کرنا اس کی ناکامی کا سبب ہوتا ہے۔

۱۴۔ علاج میں اچھی توجیہ پر بھروسہ نہ کرنا چاہیئے بلکہ قابلِ اعتماد اچھا تجربہ ہے۔

۱۵۔ طبیب کی حالت معتدل ہونی چاہیئے، نہ بالکل زر پرست اور بندۂ زر اور نہ پورا تارک الدنیا اور غافل بلکہ دین و دنیا کو ساتھ ساتھ رکھے۔

۱۶۔ جس طبیب کو دواؤں کے بجائے محض اغذیہ کے ذریعہ علاج کرنے کی توفیق ہو وہ نہایت اعلیٰ درجہ کا طبیب اور سعید ہے۔

۱۷۔ جس بات کو تمام اطباء باتفاق رائے تسلیم کر چکے ہیں اور تجربہ و عقل بھی اس کی تائید کرے اسکو ہر وقت اپنے پیشِ نظر رکھنا لازم ہے اور اس کی خلاف ورزی نہیں کرنی چاہیئے۔

پروفیسر ــــــ ایم اے حفیظ بنارسی

سکوں نواز فسانہ ہے طبِّ یونانی
خود اپنے فن میں یگانہ ہے طبِّ یونانی
زمانے والوں نے دیکھا ہے آزما کے حفیظ
علاجِ دردِ زمانہ ہے طبِّ یونانی !

از ـــــ جناب حکیم ابوذر صاحب

طبّی نصائح

حکماء کی نصیحت

۱۔ جو شخص اپنی زندگی کو باقی رکھنا چاہتا ہے اس کے لیے ضروری ہے کہ صبح کے وقت غذا کرے اور شام کے وقت نہ کھائے اور شکم پُری کی حالت میں غذا نہ کرے۔

۲۔ جو شخص گندگی، دھواں اور غبار سے اپنے آپ کو محفوظ رکھے اور بحالت شکم پُری اور سونے کے وقت غذا نہ کھائے، اور معتدل موسم میں فضلات کا تنقیہ کرے تو اسکو مرض موت کے سوا کوئی مرض نہیں ہو سکتا۔

بقراط کی نصیحت

جب بیماری ہو تو پوری کوشش کے ساتھ دوا استعمال کرو اور جب صحت ہو جائے تو دوا بالکل چھوڑ دو۔

۲۔ تندرستی کے زمانہ میں پرہیز کرنا، مرض کی حالت میں بد پرہیزی کرنے کے برابر ہے اور بے ضرر دوا کا استعمال ضرورت کے وقت دوا کو چھوڑنے کے مثل ہے۔

جالینوس کی نصیحت

جو عورتوں کے ساتھ کم سوئے اور شام میں کھانا نہ کھائے اور باسی غذا کے قریب نہ جائے وہ تمام بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔

دیگر اطباء کی نصیحت

۱۔ شکم پری کو ترک کرو، پانی کم پیو، عورتوں سے علیحدہ رہو اور ایسی چیز نہ کھاؤ جو بمشکل ہضم ہو تو مرض سے ہمیشہ محفوظ رہو گے۔

۲۔ جو رات اس طرح گذارتا ہے کہ اس کے معدہ میں پھل کا کچھ حصّہ موجود ہے تو وہ اپنے کو طرح طرح کی بیماریوں کے لیئے پیش کرتا ہے۔

۳۔ جو شخص سونے کے وقت کچھ بادام کھا لیتا ہے، وہ اپنے کو بیماری سے بچاتا ہے۔

۴۔ جو شخص دودھ اور ترش چیزیں کھایا کرتا ہے وہ مرض کو دعوت دیتا ہے۔

ثابت بن قرہ کی نصیحت

بوڑھے آدمی کے لئے سب سے زیادہ نقصان رساں یہ ہے کہ اس کے پاس اعلیٰ درجہ کا باورچی اور حسین و مہ جمال عورت ہو، کیونکہ عمدہ غذا پائے گا تو حد سے زیادہ کھا کر بیماری کا نشانہ بنے گا اور حسین و مہ جمال عورت پر فریفتہ ہو کر جلد اپنی صحت کو برباد کر دے گا۔

تیاذوق کی نصیحت

جب تیاذوق بوڑھا ہو گیا تو بادشاہ نے کہا، تیاذوق! اب تم بوڑھے ہو گئے، خبر نہیں کب تمہاری آنکھ بند ہو جائے، تو تمہارے بعد ہمیں مشکل سے ایسا لائق طبیب ملے گا۔ لہذا کچھ ایسی نصیحت کرو جس پر عمل کرنے سے تندرستی کی حفاظت ہو سکے، تیاذوق نے جواب دیا، دس باتیں بتاتا ہوں اگر ان پر عمل رکھا اور پرہیز سے کام لیا تو مرض الموت کے سوا کوئی

بیماری مشکل ہی سے لاحق ہو گی، وہ باتیں یہ ہیں۔

۱۔ معدہ میں کھانا موجود ہوتے ہوئے کچھ نہ کھاؤ۔

۲۔ ایسی چیز نہ کھاؤ جس کو تمہارے دانت نہ چبا سکیں کیونکہ معدہ بھی اسکو ہضم نہ کر سکے گا۔

۳۔ کھانے سے دو گھڑی بعد پانی پیا کرو کیونکہ بدہضمی تمام بیماریوں کی جڑ ہے اور فوراً کھانے پر جو پانی پیا جاتا ہے وہ بدہضمی کی جڑ ہے۔

۴۔ ہر دو روز میں ایک بار حمام ضرور کیا کرو، حمام جسم کی ایسی بیماریوں کو نکال باہر کرتا ہے جن تک دواؤں کی رسائی نہیں ہو سکتی۔

۵۔ اپنے جسم کا خون بڑھاتے رہو جس سے تم اپنی روح کی نگہبانی کر سکو گے۔

۶۔ ہر فصل میں ایک بار قے کیا کرو اور ایک مسہل ضرور لیا کرو۔

۷۔ سونے سے پہلے قضائے حاجت ضرور کر لو۔

۹۔ کثرت مجامعت سے پرہیز کرو، یہ آدمی کی جان لیوا ہے۔

۱۰۔ سن رسیدہ عورت سے بچو، یہ موت ناگہانی کی موجب ہے۔

نوٹ:۔ اس مضمون کی ترتیب میں تذکرہ داؤد انطاکی اور تاریخ الاطباء مؤلفہ حکیم جیلانی سے استفادہ کیا گیا ہے۔

رُباعی

اکبر الہ آبادی

آپس میں موافق رہو، طاقت ہے تو یہ ہے
دیکھو نہ بہم عیب، محبت ہے تو یہ ہے
صحت بھی ہو، روزی بھی ہو، دل کو بھی ہو تسکین
دنیا میں بشر کے لئے نعمت ہے تو یہ ہے

طِبّی اقوال

۱۔ جگر کی کمزوری تر سوءِ مزاج بارد رطب سے پیدا ہوتی ہے۔

۲۔ رحم کی بیماریوں میں کبھی کبھی غشی بھی آجاتی ہے۔

۳۔ موتیا بند کی بیماری زیادہ تر ان لوگوں کو ہوتی ہے جن کی آنکھ کے طبقہ عنبیہ کا رنگ زیادہ سیاہ ہوتا ہے۔

۴۔ مثانہ کی بیماریاں، سردیوں کے موسم میں زیادہ ہوتی ہیں۔

۵۔ انسان کی ظاہری جلد دوسرے تمام حیوانات کی جلد سے زیادہ پتلی کمزور اور کم بالوں والی ہوتی ہے۔

۶۔ ایڑی کی ہڈی تمام ہم قامت ہڈیوں سے زیادہ وزنی ہوتی ہے۔

اطبائے قدیم کے انمول فرمودات

- قدرت کی نعمتوں سے ضرور فائدہ اٹھاؤ مگر اعتدال کے ساتھ، کیونکہ جب اعتدال چھوڑ دو گے تو پھر تمہیں روحانی اور جسمانی بیماریوں سے کوئی نہیں بچا سکتا۔ (بقراط)
- انسانیت کی فلاح و بہبود سے زیادہ کوئی حکمت و دانائی نہیں۔ (سقراط)
- اگر انسان اپنی روح میں جھانکے اور اپنی خلقت کی غرض و غایت پر چند لمحوں کے لئے بھی غور کرے تو اسے اس قدر معرفت و حکمت نظر آ سکتی ہے کہ بیرونی دنیا میں سالہا سال بھٹکنے اور ڈھونڈنے سے بھی نہیں مل سکتی۔ (افلاطون)
- جن اسباب و اشیاء کی علت و ماہیت کو نہ جانتے ہو اُسے بطور معالجہ اور ادویہ کے کبھی تجویز اور اختیار نہ کرو۔ (حکیم فسطائیس)
- اگر تو صاحب نظر اور صاحب فہم ہے تو تیرے ہر مرض کا علاج صرف تین چیزوں

میں مضمر ہے۔ صاف ہوا، شفاف وشیریں پانی اور کم خوری۔ (جلیس ابن مروان)

اقوالِ حکماء

○ نیک بخت اور صالح انسان کی آٹھ خصلتیں ہیں۔
۱۔ ہنگامہ وآشوب کی حالت میں مضطر و بے قرار نہ ہو۔
۲۔ بلا وآفت کے نازل ہونے پر صابر و مستقل مزاج ہو۔
۳۔ فارغ البالی کی حالت میں شکر گذار ہو۔
۴۔ تنگ دستی کی حالت میں قناعت کرنے والا ہو۔
۵۔ دشمنوں پر ظلم نہ کرے۔
۶۔ دوستوں کو ایسی تکلیف نہ دے جو اس کی طاقت سے باہر ہو۔
۷۔ اپنی ذات کو تکلیف دے۔
۸۔ لوگوں کو آرام پہنچائے۔

○ جو شخص عقل کی جستجو میں رہتا ہے وہ عقلمند ہے اور جو یہ سمجھتا ہے کہ اُسے عقل مل گئی وہ بیوقوف ہے۔

مجرّبات

شاہی چورن محلل ریاح وہاضم

نوشادر ۲ تولہ، الائچی خورد ۲ تولہ، فلفل سیاہ تولہ، نمک سیاہ تولہ، سب کو پیس کر شیشی میں رکھیں خوراک یک سُرخ سے دو سُرخ تک ہے۔

حبوب اختناق الرحم

زعفران ۳ ماشہ، جاوتری ۳ ماشہ، جائفل ۶ ماشہ، فلفل دراز ۶ ماشہ، ادرک تولہ اسگند ناگوری تولہ سب کو باریک پیس کر برگ تانبول ۵ عدد پیس کر ملائیں اور حبوب بقدر نخود بنائیں ایک حب پان میں رکھ کر کھلائیں۔

حبوب اختلاج قلب

یشب سبز تولہ کو گلاب میں سات بار بجھائیں بعدازاں ادویہ ذیل پیس کر حبوب بقدر نخود بنائیں پوست اندرن پستہ تولہ، نارجیل دریائی تولہ، دانہ الائچی خورد تولہ، دانہ الائچی کلاں تولہ، زہرہ مہرہ تولہ، ورق نقرہ ۶ ماشہ، مروارید ناسفتہ ۲ ماشہ ایک حب عرق بیدمشک ۲ تولہ، عرق کیوڑہ ۲ تولہ میں حل کر کے پلائیں۔

بصائرِ حکمت

● میں نے بسیار خوری سے زیادہ اور کوئی مہلک مرض نہیں دیکھا۔
(بوعلی سینا)

● حکمت ودانائی سے زیادہ اس گلشنِ ہستی میں کوئی نخل برومند نہیں ہے
(یوسف کاجکستانی)

● اگر چاہتا ہے کہ آنیوالی نسلیں تجھے یاد رکھیں اور نیکنام قرار دیں تو یہ اشرفیاں جمع کرنے کی بجائے کوئی ایسا علم سیکھ جو دنیا کے کام آئے اور میرے نزدیک بہترین علم حکمت ہے کہ اس میں فلاح ہی فلاح ہے۔

(احمد بن انیس نیشاپوری)

اطبائے قدیم کے عجیب وغریب کارنامے

سید عبدالقادر صاحب

مالیخولیا کا عجیب وغریب علاج

مالیخولیا بہت سخت مرض ہے۔ اطبا عام طور پر اس کے علاج میں ناکام رہتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ مالیخولیا کے تمام اقسام مزمن ہوتے ہیں۔ اور مزمن امراض کا خاصہ ہے کہ وہ آہستہ آہستہ اور بہت دیر سے زائل ہوتے ہیں۔ حکیم ابوالحسن بن یحییٰ نے اپنی کتاب معالجت بقراطی میں جو نہایت بلند پایہ تصنیف ہے۔ بہت سے مشائخ، ائمہ کرام، حکما و فضلا اور فلسفیوں کا تذکرہ کیا ہے جو مرض مالیخولیا میں مبتلا تھے۔ اسی ضمن میں اس نے بویہ خاندان کے ایک شہزادے کا ذکر کیا ہے جسے مالیخولیا کا عارضہ تھا۔

اس شہزادے کے دماغ میں یہ بات بیٹھ گئی تھی کہ وہ بالکل گائے بن گیا ہے۔ چنانچہ وہ بالکل گائے کی طرح چلاتا رہتا تھا اور ہر شخص سے یہی کہتا تھا کہ مجھے ذبح کرو کیونکہ میرے گوشت سے بہت اچھا ہریسہ تیار ہو گا۔ آخر اس کا مرض اس قدر بڑھ گیا کہ اس نے کھانا پینا چھوڑ دیا اور بالکل فاقے رہنے لگا۔ آخر اطبا بھی اس کے علاج سے عاجز آ گئے۔

اس وقت بوعلی سینا علاء الدولہ محمد بن وشمگیر کا وزیر تھا اور بادشاہ نے اسے تمام سلطنت کے سیاہ وسفید کا مالک بنا رکھا تھا۔ بوعلی سینا سلطنت کے امور کے انصرام میں دن رات لگا رہتا تھا اور اسے لوگوں کے علاج ومعالجے کے لیئے بالکل فرصت نہیں ملتی تھی۔ لیکن جب تمام اطبا شہزادے کے علاج سے تنگ آ گئے تو اس کے اعزاء واقربا، بادشاہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اس سے کہنے لگے کہ کسی طبیب کو شہزادے کے علاج

میں کامیابی نہیں ہوئی بلکہ اس کا مرض روز بروز بڑھتا جاتا ہے۔ آپ اپنے وزیر بوعلی سینا سے کہیں کہ وہ اس کا علاج کرے۔

چنانچہ علاؤالدولہ کے کہنے پر بوعلی سینا نے شہزادے کے علاج پر آمادگی ظاہر کی۔ ایک روز اس نے مریض کو کہلا بھیجا کہ اب تمہیں خوشی منانی چاہیئے۔ کیونکہ تمہیں قصاب ذبح کرنے کے لیئے آ رہا ہے، مریض نے جب یہ بات سنی تو خوشی کے مارے بغلیں بجانے لگا۔

اس کے بعد بوعلی سینا کے مکان پر آیا اور دو خادموں کو ہمراہ لے کر اس کے پاس گیا۔ مریض کو دیکھ کر بوعلی سینا نے دو لمبی چھریاں نکال لیں اور بلند آواز سے کہنے لگا "وہ گائے کہاں ہے تاکہ میں اسے ذبح کردوں"۔ یہ سنکر مریض گائے کی طرح چلانے لگا۔ گویا کہ وہ یہ کہنا چاہتا تھا کہ میں یہاں حاضر ہوں۔

اس کے بعد بوعلی سینا نے اپنے خادموں سے کہا کہ گائے کے ہاتھ پاؤں باندھ کر اس کو کمرے کے درمیان لٹا دیں۔ شہزادہ یہ بات سنکر خود کمرے کے درمیان آ گیا اور دائیں پہلو پر لیٹ گیا، اس پر خادموں نے مضبوطی کے ساتھ اس کے ہاتھ پیر باندھ دیئے۔

اس پر بوعلی سینا دونوں چھریوں کو تیز کرتا ہوا آگے بڑھا اور مریض کے پاس جا کر بیٹھ گیا۔ اور اس نے اپنا ہاتھ اس کی گردن پر اسی طرح رکھا جس طرح قصاب گائے کو ذبح کرنے کے وقت اپنا ہاتھ اس کی گردن پر رکھ دیتے ہیں لیکن تھوڑی دیر بعد وہ اس جگہ سے اٹھ کھڑا ہوا اور کہنے لگا یہ گائے بہت دبلی ہے اور ابھی اس قابل نہیں ہوئی کہ اسے ذبح کیا جائے اس کے بعد اس نے ملازموں سے کہا کہ گائے کے ہاتھ پاؤں کھول دیں۔ کھانے کے لیئے اسے غذائیں اور کھانا دیتے وقت اس سے کہیں کہ خوب پیٹ بھر کر کھاؤ تاکہ فربہ ہونے پر تمہیں ذبح کر سکیں۔

بوعلی سینا کے چلے جانے کے بعد شہزادے کے خادموں نے حسب ہدایت اسے کھانا دیا جو اس نے کھا لیا، اس کے بعد وہ ہر چیز حسب معمول کھانے پینے لگا تاکہ وہ ذبح کیئے جانے کے قابل ہو جائے۔ رفتہ رفتہ اسے ادویہ بھی دی جانے لگیں حتیٰ کہ وہ ایک ماہ

کے عرصہ میں بالکل صحتیاب ہو گیا۔

وہم کا اثر صحت پر :-

نظامی گنجوی نے اپنی مثنوی مخزن اسرار میں بھی اس قسم کا ایک واقعہ بیان کیا ہے۔ لیکن اس واقعہ میں سابقہ واقعہ کے برعکس علم النفس کو انسانی زندگی کو بچانے کی بجائے اسے تباہ کرنے کے لیئے استعمال کیا گیا ہے۔

نظامی گنجوی لکھتا ہے کہ کسی بادشاہ کے دربار میں دو طبیب تھے دونوں کو اپنے فن پر ناز تھا اور وہ ایک دوسرے کو خاطر میں نہیں لاتے تھے۔ آخر اس رقابت نے دشمنی کی صورت اختیار کر لی اور وہ ایک دوسرے کی جان کے دشمن ہو گئے۔

ایک روز انہوں نے فیصلہ کیا کہ وہ اپنے اپنے طور پر نہایت مہلک زہر بنائیں دونوں ایک دوسرے کو کھانے کے لیئے دیں اور پھر خود ہی اس زہر کا مناسب تریاق استعمال کر کے اس کے اثر کو زائل کریں،

چنانچہ حسب شرائط فیصلہ پہلے طبیب نے ایک ایسا سخت زہر بنایا کہ اگر اسے سیاہ پتھر پر ڈال دیا جائے تو وہ پتھر بھی پانی ہو کر بہہ جاتا۔ یہ زہر دوسرے طبیب نے کھا لیا لیکن اس کے بعد ہی اس نے تریاق بھی جو اس نے اس غرض کے لیئے تیار کیا تھا کھا لیا جس سے اس پر زہر کا کچھ اثر نہ ہوا اور اس کا بال بھی بیکا نہ ہوا۔

اب دوسرے طبیب کی باری آئی اس نے باغ میں سے ایک پھول توڑا، اس پر یُوں ہی کچھ منتر پڑھ کر پہلے طبیب کو دیا اور اس سے کہنے لگا کہ اگر تم اس پھول کو ایک بار بھی سونگھ لو گے تو فوراً گر کر مر جاؤ گے اور اچھے سے اچھا تریاق بھی تمہیں اس سے نہیں بچا سکے گا۔ یہ سن کر طبیب کے دل پر دہشت طاری ہو گئی وہ پھول سونگھتے ہی زمین پر گر پڑا اور اس کا طائر روح قفس عنصری سے پرواز کر گیا۔

نظامی گنجوی لکھتا ہے کہ پھول میں کوئی غیر معمولی بات نہیں تھی اس میں نہ کسی قسم کا زہر تھا اور نہ کوئی جادو لیکن مخالف طبیب کی باتوں کی وجہ سے وہ بہت ڈر گیا اور اس ڈر کی وجہ

سے اس کی موت واقع ہوئی۔

دشمن ازاں گل کہ فسوں خواں بداد
ترس بدو چیرہ شد جاں بداد
آں بعلاج از تن خود زہر برد
ویں بہ یکے گل ز تو ہم بمرد

علم النفس کے ذریعہ علاج

بو علی سینا نے بھی کتاب المبدا والمعاد میں اسی قسم کا ایک واقعہ بیان کیا ہے وہ لکھتا ہے کہ ایک طبیب ایک سامانی بادشاہ کے دربار میں آیا اور اپنے فن کے کمال کی وجہ سے اس کے سلکِ ملازمت میں منسلک ہو گیا۔ رفتہ رفتہ اس کا اقتدار بہت بڑھ گیا یہاں تک کہ بادشاہ کے حرم سرائے میں اس کی آمدورفت ہو گئی اور بیگمات بھی اس سے پردہ نہیں کرتی تھیں۔

ایک روز بادشاہ کے ساتھ حرم سرائے میں ایسی جگہ بیٹھا ہوا تھا جہاں کسی غیر مرد کو کبھی رسائی نہیں ہوئی تھی۔ اتنے میں بادشاہ کو بھوک لگی اور اس نے وہیں کھانا طلب کر لیا چنانچہ ایک کنیز کھانا لے کر آئی اور اس نے جھک کر خوان نعمت کو زمین پر رکھدیا لیکن وہ سیدھی نہ ہو سکی غلیظ ریحی مادے کی وجہ سے جو اس کے مفاصل میں پیدا ہو گیا تھا، جہاں تھی وہیں رہ گئی اور بالکل حرکت نہیں کر سکتی تھی۔

اس پر بادشاہ کو بہت افسوس ہوا اور اس نے طبیب سے کہا کہ اس کنیز کا جسطرح ہو سکے علاج کرنا چاہیئے۔

لیکن اس وقت وہاں علاج کا کوئی سامان نہ تھا اور نہ کوئی دوا موجود تھی اس پر طبیب نے تدبیر نفسانی سے اس کا علاج کیا چنانچہ اس نے حکم دیا کہ اس کنیز کے سر پر سے دوپٹہ فوراً اتار دیا جائے وہاں کیا دیر تھی۔ خادموں نے دوپٹہ اتار دیا اور اس کا سر ننگا ہو گیا اس پر اس کنیز کو کچھ حیا سی آئی اور اس نے زور لگا کر کچھ حرکت سی کی گویا کہ اس کے جوڑ جو بالکل سخت ہو گئے تھے کسی قدر نرم ہو گئے۔

اس کے بعد طبیب نے حکم دیا کہ اس کا پاجامہ بھی اتار دیا جائے کنیز بہت شرم وحیا والی تھی، چنانچہ جب اس کے پاجامے کی طرف ہاتھ بڑھانے کی کوشش کی گئی تو فرطِ حیا و غضب کی وجہ سے اس کے اندر ایک حرارت سی پیدا ہوئی جو اس کے تمام جسم میں پھیل گئی۔ اس حرارت کی وجہ سے غلیظ ریحی مادہ جو اس کے مفاصل میں پیدا ہو گیا تھا تحلیل ہو گیا اور وہ بالکل سیدھی کھڑی ہو گئی اور صحت یاب ہو گئی۔

اس واقعہ کو بیان کر کے نظامی عروضی لکھتا ہے کہ اگر طبیب قابل اور سمجھدار نہ ہوتا تو اس کنیز کے علاج میں ناکام رہتا اور بادشاہ کی نظروں سے گر جاتا۔

مُعالجہ کا ایک قدیم واقعہ

ــــــــ : قیام الدین ساقی : ــــــــ

علی بن الحسین کا قول ہے کہ اُن کے یہاں ایک دولتمند لڑکا دردِ شکم میں مبتلا ہو گیا ہر چند علاج کیا گیا لیکن کوئی فائدہ نظر نہ آیا، درد اسقدر بڑھ گیا کہ لڑکے کی جان خطرے میں پڑ گئی تھی۔ والدین اُسے اہواز لے گئے مگر وہاں بھی کچھ فائدہ نہ ہوا۔ اتفاق کی بات کہ ایک مسافر طبیب اس راہ سے گذرا اس نے لڑکے کو دیکھا تو بیماری کا کوئی سبب سمجھ میں نہ آیا۔

طبیب نے اس سے کہا کہ بیماری شروع ہونے سے قبل کا واقعہ بیان کرو۔ لڑکے نے کہا اس کے قبل میں بالکل تندرست تھا اور ایک باغ میں ٹہل رہا تھا کہ انار کے کھانے کی خواہش ہوئی میں نے ایک انار توڑا اور اپنے دانت سے کاٹ کھایا، اس کے بعد سے بیماری شروع ہو گئی طبیب نے پوچھا کہ انار توڑتے وقت کیا کوئی تکلیف بھی محسوس ہوئی تھی؟

لڑکے نے کچھ دیر سوچنے کے بعد جواب دیا "ہاں ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے کسی چیز نے ہونٹ میں کاٹ لیا ہو"۔ طبیب نے کہا کہ کل انشاءاللہ العزیز اچھے ہو جاؤ گے۔

دوسرے روز علی الصباح طبیب نے ایک پلیٹ پکا ہوا گوشت لڑکے کے پاس لایا اور اس کو کھلا دیا۔

جب لڑکا گوشت کھا چکا تو طبیب نے لڑکے سے کہا "جانتے ہو یہ کس جانور کا گوشت تھا؟" لڑکے نے کہا واللہ اعلم

طبیب نے کہا کہ یہ کُتے کا گوشت تھا۔

یہ سُننا تھا کہ لڑکے کو متلی شروع ہو گئی اور اُس نے کل گوشت قے کر دیا۔ طبیب نے قے کی ہوئی کل بوٹیاں غور سے دیکھیں ایک بوٹی میں کُتے کے جسم کا ایک کیڑا چمٹا ہوا تھا، طبیب نے لڑکے کے والدین سے کہا کہ اصلی بیماری یہی تھی۔ یہ کیڑا کسی طرح انار پر پہنچ گیا تھا اور انار سے لڑکے کے پیٹ میں چلا گیا۔
یہ صرف کُتے کا گوشت کھانے ہی سے نکل سکتا تھا۔ یہ سنکر لڑکے کے والدین شاد و خرم ہوئے اور طبیب کو کافی داد و دہش دے کر رخصت کیا۔

طبی جواہر

برائے بواسیر ہر قسم

سعد کوفی ایک چھٹانک، گھی آدھی چھٹانک، قند سیاہ آدھی چھٹانک، تینوں کو کھرل میں ڈال کر خوب حل کریں بعدہ سپاری کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی صبح ایک گولی شام تازہ پانی سے دیں۔ صرف سات تا چودہ یوم ۔
پرھیز :۔ ترشی بادی اشیا نہ دیں۔

حکیم مرزا محمد بیگ

اقوالِ اطبائے حذاق

(حکیم تبارک کریم تکمیلی):

۱۔ معالجہ میں جس طرح مفرد دواؤں کا استعمال مرکب دواؤں کے استعمال سے زیادہ بہتر ہے اسی طرح غذائی علاج، دوائی علاج سے زیادہ مناسب ہے۔ اگرچہ مفرد دواؤں کے ذریعہ علاج کیا جائے۔
(بقراط)

۲۔ بہترین غذا وہ ہے جو زود ہضم اور ہلکی ہو اور جس میں کچھ روغنیت (چکنائی) اور گرمی ہو۔ کیونکہ چکنائی بدن کو فربہ اور حواس کو مضبوط بناتی ہے اور ہلکی غذا جلد ہضم ہو جاتی ہے اور معمولی گرم غذائیں معدہ کی حرارت طابخہ (ریکانے والی گرمی) کو بڑھاتی ہیں۔

۳۔ کھانا کھانے کے بعد تیز حرکت نہیں کرنی چاہیئے۔ کیونکہ کھانا کھاتے ہی تیز حرکتوں میں مشغول ہونے سے جسم میں سدے، ردی فضلے اور عفونتیں پیدا ہو جاتی ہیں، ہمیشہ ہلکی غذا استعمال کریں جس میں درمیانی درجہ کی چکنائی ہو زیادہ روغنی غذاؤں کے برابر استعمال سے بھوک میں کمی اور بدن میں سستی و کاہلی پیدا ہو جاتی ہے۔ خشک غذاؤں سے بدن میں خشکی پیدا ہو جاتی ہے جس سے تندرستی میں خلل واقع ہونے کا اندیشہ ہے۔ سرد غذاؤں کی زیادتی استعمال سے جسم کی اصلی حرارت زائل ہونے کے علاوہ جسم بوجھل اور کسل مند ہو جاتا ہے۔ زیادہ نمک والی غذا آنکھوں کو نقصان پہنچاتی ہے۔ تیز اور ترش غذاؤں کے زیادہ اور برابر استعمال سے انسان جلد بوڑھا ہو جاتا ہے۔ میٹھی غذائیں قوت جسمانی کو برقرار رکھنے کے لیئے مفید ثابت ہوئی ہیں۔
(ابن ماسویہ)

۴۔ تازہ دودھ بقدر ہضم برابر پینا تمام عمر صحت کو قائم رکھنے کے علاوہ مسہل دواؤں کے ضرر کو رفع کرتا ہے اور جسم کی اصلی رطوبتوں کو محفوظ کرتا ہے۔ گلٹے کا دودھ جلد بوڑھا ہونے

کو روکتا ہے۔ بہترین دودھ وہ ہے جس کا مزہ شیریں اور جو تندرست اور جواں جانور کا ہو۔ دُودھ دوہنے کے بعد فوراً پینا چاہیئے۔ (رازی)

۵۔۔۔ جن بوڑھوں نے شہد خالص اور روٹی اپنی غذا بنالی ہے اور اس میں کوئی دوسری چیز نہیں ملاتے ان کی صحت ہمیشہ برقرار رہتی ہے۔ (حکیم بوبخوش)

۶۔۔۔ جو شخص شہد خالص کو تھوڑا جوش دے کر برابر کھاتا رہے اس کی عمر یقیناً دراز ہو گی، مگر اس کی عادت آہستہ آہستہ ڈالنی چاہیئے۔ (سویدی)

۷۔۔۔ بادام کا کھانا جو ہر دماغ کا محافظ اور اعضا کی اصلی رطوبتوں کا نگہبان ہے۔

(ابن زہر)

۸۔۔۔ شریف ترین اعضا آنکھیں ہیں اگر ان پر تازہ گلاب کے پتوں کا لیپ کیا جائے تو آنکھوں کی صحت برقرار رہتی ہے۔ (موسٰی بن میمون)

۹۔۔۔ اگر کوئی شخص ہر مہینہ چار بار ایرسا کا جوشاندہ اس کی خوراک کے مطابق پیا کرے تو اس کے بدن کی صحت اور قوت محفوظ رہتی ہے۔ (بقراط)

۱۰۔۔۔ جس پانی میں مصطگی کو جوش دیا گیا ہو اس کے پینے سے معدہ و جگر کی بیماریوں سے آدمی محفوظ رہتا ہے اور تخم خربوزہ نیم کوب کر کے پانی میں جوش دیا جائے اور اس پانی کو پیا جائے تو گردہ اور مثانہ کی پتھری اور ریگ سے انسان محفوظ رہتا ہے۔ اگر کھانا پکانے کے استعمال سے جسم کی عام قوتیں بڑھتی ہیں۔ (موسٰی بن میمون)

۱۱۔۔۔ جسم کے مختلف مقامات پر مختلف طریقوں سے ٹکور کیا جاتا ہے۔ مثلاً آنکھوں کو اسفنج کے ذریعہ تکمید کی جاتی ہے۔ سینے اور کمر پر باجرہ سے، پیٹ اور سر پر گرم روغن کے ڈالنے سے اور ہاتھ پاؤں پر گرم پانی کے ڈالنے سے تکمید کرنا معمول ہے۔

(جالینوس)

۱۲۔۔۔ زیادہ بھوک سے جس کی صحت خراب ہوگئی ہو اس کی اصلاح بہت آسان ہے لیکن زیادہ کھانے کی وجہ سے جس کی صحت بگڑ گئی ہو اس کا علاج بہت دشوار ہے گوشت جب تک خوب اچھی طرح پک نہ جائے اسے نہ کھائیں اور لقمہ کو جب تک خوب اچھی

طرح چبا نہ لیں نہ نگلیں، جس غذا کو دانت مشکل سے چبا سکیں اس کا ہضم کرنا معدہ کے لیئے بھی دشوار ہوتا ہے۔ غذا کی مقدار ہمیشہ درمیانی ہونی چاہیئے۔ زیادہ کھانے سے معدہ میں خرابی پیدا ہو جاتی ہے اور معدہ کی حرارت سرد پڑ جاتی ہے اس کے علاوہ جسم میں کمزوری، پیٹ میں ریاح، اور چہرہ میں زردی پیدا ہو جاتی ہے۔ معتدل مقدار میں غذا کھانے سے دل کو فرحت، جسم کو صحت اور حافظہ میں ترقی ہوتی ہے۔

(افلاطون)

۱۳۔۔۔ جو شخص دو اخروٹوں کا مغز اور تین عدد انجیر کو تھوڑی مقدار میں سفوف برگ سداب کے ساتھ ملا کر کھائے تو اس روز وہ زہر کے اثر سے محفوظ رہے گا۔ (ارسطو)

۱۴۔۔۔ کھیرا اور دھنیا سبز برابر استعمال کرنا جسم کے پٹھوں کی طاقت کو کمزور کر دیتا ہے۔

(مروان بن زہر)

۱۵۔۔۔ سینہ اور پھیپھڑے کی بیماریوں کے علاوہ باقی تمام بیماریوں میں چھینکیں بہترین علامت ہیں کیونکہ اس سے مادہ کی پختگی اور دماغ کی قوتِ دافعہ کی بہتری ظاہر ہوتی ہے۔

(بقراط اور جالینوس)

۱۶۔۔۔ اگر چھینکیں زیادہ آتی ہوں اور ان کا بند کرنا منظور ہو تو ناک میں بادروج کا عصارہ ٹپکانا چاہیئے۔ (جالینوس)

۱۷۔۔۔ بخار میں بار بار لرزہ کا آنا اندیشناک بات ہے۔ (جالینوس)

۱۸۔۔۔ دن کے اوقات سال کے اوقات سے ملتے جلتے ہیں۔ مثلاً صبح کا وقت، موسم بہار کے مشابہ ہے۔ دوپہر کا وقت موسم گرما کے مشابہ ہے۔ دن کا آخری حصہ موسم خزاں کے مشابہ ہے اور رات کا وقت موسم سرما کی طرح ہے۔ جس طرح ہے جس طرح سال کے مختلف موسموں سے خاص خاص بیماریوں کا تعلق ہے۔ اسی طرح ان اوقات سے ہے۔ دن رات کے مختلف حصوں میں مختلف قسم کی بیماریوں اور اعراض کا غلبہ یا ان میں کمی ہوتی رہتی ہے۔

(جالینوس)

۱۹۔۔۔ رات کا وقت سختیوں اور مصیبتوں کا بستر ہے اس میں عموماً بیماریوں کی تکالیف

زیادہ معلوم و محسوس ہوتی ہے۔ (ابن ابی صادق)

۲۰ــــ ایک دوا دو دواؤں کے مرکب سے اور دو دواؤں کا مرکب تین دواؤں کے مرکب سے بہتر ہے۔ بہرحال تھوڑی دواؤں کی ترکیب زیادہ دواؤں کی ترکیب سے بہتر ہے۔

(بقراط)

۲۱ــــ اگر کسی عورت کو خون حیض بافراط آتا ہو تو اذخر کو پیس کر پیڑو اور عانہ پر لیپ کرنے سے یا اس کا جوشاندہ بنا کر پینے سے شفائی تاثیر ہوتی ہے۔

(سفیان)

۲۲ــــ جب موٹی عورتوں کو ایام حمل میں بھوک نہیں لگتی ہو تو اس وقت انار دانہ کا سفوف بنا کر کھلانا چاہیئے، اس سے بھوک لوٹ آئے گی۔ (حنین)

۲۳ــــ ہچکی کے مریض کو چھینکیں آنے لگیں تو ہچکی بند ہو جاتی ہے۔ چنانچہ چھینک لانے والی دوا کے استعمال سے بھی ہچکی ختم ہو جاتی ہے۔ (بقراط)

۲۴ــــ گرم معدہ والوں کو اگر ان کے وقت پر غذا نہ دی جائے تو صفراوی اخلاطان کے معدے پر گرا کرتی ہے۔ (ثابت)

۲۵ــــ خوشی اور سرور دونوں غذا کو ہضم کرتے ہیں اور معدے کی قوت ہاضمہ کو تیز کرنے میں مدد دیتے ہیں اس کے برخلاف غم و فکر سے قوت ہاضمہ کمزور ہو جاتی ہے۔ (ثابت)

۲۶ــــ جوؤں کا خاصہ ہے کہ جب انسان کی موت قریب ہوتی ہے تو وہ اس سے بھاگ جاتی ہیں۔ (علامہ انطاکی)

۲۷ــــ سردی کے دنوں میں ایلوا کا استعمال خطرناک ہے اس سے بسا اوقات خون کے اسہال آجاتے ہیں۔ (شیخ الرئیس)

۲۸ــــ کبوتر کا گھر میں پالنا طاعون، خدر، کزاز، رعشہ اور فالج کی پیدائش کو روکتا ہے اور فاسد ہوا کا مانع ہے۔ (علامہ انطاکی)

۲۹ــــ جو شخص غذا سے پہلے اخروٹ اور فندق کا استعمال کر لیتا ہے اس کو ادویہ قتالہ (ہلاک کرنے والی) نقصان نہیں پہنچائیں گی۔ (علامہ سویدی)

۳۰ــــ پیاز کا کھانا لُو کے ضرر کو دفع کرنے کے لئے بہت ہی بلیغ النفع ہے۔

(شیخ الرئیس)

۳۱ــــ سورنجان اور زعفران کو بیضۂ مرغ میں (باریک پیس کر) ملا کر لیپ کرنا ہڈیوں کے درد میں سکون پیدا کرتا ہے اور محلل اورام ہے۔ (علامہ انطاکی)

۳۲ــــ ہرے دھنیے کے نچوڑے ہوئے پانی میں دودھ ملا کر تمام درد پر ہر قسم کے شدید مزمن (پرانے) میں سکون پیدا کرتا ہے۔ (شیخ الرئیس)

۳۳ــــ جو شخص ایسا شہد کثرت سے کھاتا ہے جو آگ پر نہ رکھا گیا ہو۔ اس کی عمر طویل ہو جاتی ہے اور جو بوڑھے اشخاص روٹی اور شہد کھاتے ہیں اور کوئی دوسری چیز اس کے ساتھ شامل نہیں کرتے وہ ہمیشہ تندرست رہتے ہیں۔ (علامہ سویدی)

۳۴ــــ گوشت اور انڈا کھانے میں ایک ساتھ جمع کرنا مضر ہے۔ اگر کسی وقت اس کے بغیر چارہ کار نہ ہو تو پہلے انڈا کھانا چاہیئے۔ (علامہ سویدی)

۳۵ــــ جس دن مچھلی کھائی جائے اس دن گوشت یا انڈا نہ کھانا چاہیئے اور نہ دودھ پینا چاہیئے۔ (علامہ انطاکی)

۳۶ــــ اگر باولے کُتے کے کاٹے ہوئے شخص کو لوہے کا بُجھا ہوا پانی پلایا جائے تو نفع عظیم بخشتا ہے۔ بشرطیکہ مریض کو اس کے متعلق کچھ علم نہ ہو۔ (شیخ الرئیس)

۳۷ــــ جب مسموم پر غشی طاری ہو جائے اس کی آنکھوں کے ڈھیلے منقلب ہو کر اوپر کی طرف چڑھ جائیں، ان کی سیاہی نظر نہ آئے تو اس کے بچنے کی کوئی توقع نہیں ہوتی۔ اسی طرح جب مسموم کی آنکھیں سرخ ہو جائیں زبان باہر کو نکل آئے، نبض ساقط ہو جائے اور ٹھنڈے پسینے آنے لگیں تو اس کا جانبر ہونا مشکل ہوتا ہے۔ (شیخ الرئیس)

۳۸ــــ رات کو سوتے وقت ناف میں تیل لگانا یا تیل میں روئی بھگو کر ناف کے سوراخ میں رکھنا ہونٹوں کے پھٹنے کے لئے بہت ہی نفع بخش ہے۔

(شیخ الرئیس)

۳۹ــــ جو شخص یہ چاہے کہ اس کے بال دیر میں سفید ہوں اس کو چاہیئے کہ اطریفل صغیر مداومت

کے ساتھ استعمال کرے اسی طرح مربہ ہلیلہ اور مربہ زنجبیل کا کھانا اور روغن آملہ کا بالوں پر لگانا بھی سود مند ہے۔

۴۰۔ ہلیلہ کابلی ایک عدد روزانہ رات کو چبا کر نگل لیا کریں۔ یہ مادہ بلغم کو قطع کرتی اور بالوں کو سفید ہونے نہیں دیتی۔ (شیخ الرئیس)

۴۱۔ بالوں کو اکھاڑنے کے بعد مرزنجوش آبغول بھگو کر کئی بار لگانے سے اس مقام کے بالوں کی پیدائش بالکل رک جاتی ہے۔ (علامہ محمد بن زکریا)

۴۲۔ اگر کسی جگہ کے بال اکھاڑ کر نوشادر کو بکری کے پتہ میں حل کر کے بار بار لگائیں تو اس جگہ کے بالوں کا اگنا ہمیشہ کے لیئے موقوف ہو جاتا ہے۔ (امام سویدی)

۴۳۔ اگر کسی شخص کے سر اور بھنوؤں کے بال داء الثعلب (بال چر) کی وجہ سے گر گئے ہوں تو اسے چاہیئے کہ چار مہینے تک مولی کھانے پر مداومت کرے، انشاء اللہ بہت اچھے بال اگ آئیں گے۔ (امام سویدی)

۴۴۔ اگر بہمن سرخ کو باریک کر کے نمک تلخ اور شہد کے ساتھ مخلوط کریں اور چہرے پر بطور طلاء استعمال کریں تو رنگ کو نکھارتی اور سیاہ داغ دھبوں کو صاف کرتی ہے۔
(علامہ انطاکی)

۴۵۔ نشاستہ اور کتیرا دونوں کو باریک کر کے دودھ میں ملا کر روزانہ چہرے پر طلاء کریں اس سے چہرے کا رنگ نکھر کر صاف ہو جاتا ہے۔
(شیخ الرئیس)

عام معلومات

سیّد اشفاق حسین

۱۔ انسانی جسم میں ۲۰۶ ہڈیاں، ۲۳۰ جوڑ اور ۵۲۰ عضلات ہوتے ہیں۔

۲۔ دل جسم کا مصروف ترین عضو ہے یہ ایک منٹ میں ۷۲ بار دھڑکتا ہے۔ یعنی فی گھنٹہ ۴۳۲۰ بار اور ایک دن میں ۱۰۳۶۸۰ بار یعنی ہر سال کم از کم ۳۸۹۰۰۰۰۰ بار دھڑکتا ہے۔

۳۔ دل کے سکڑنے سے ۱/۲ ۲ اونس خون سارے جسم میں پہنچ جاتا ہے۔ اور ایک منٹ میں ۷۲ مرتبہ سکڑتا اور پھیلتا ہے اور ۱۸۰ اونس خون دل سے گذر کر سارے بدن میں پہنچتا ہے۔

۴۔ مرد کے دل کا وزن ۱۰ اونس اور عورت کے دل کا وزن اس سے کم ہوتا ہے۔

۵۔ جسم میں خون کتنی تیزی سے دوڑ سکتا ہے اس کا اندازہ اس بات سے لگا سکتے ہیں کہ ہر ایک منٹ میں جسم کا پورا خون ایک بار دل سے ہو کر گذرتا ہے۔

۶۔ ایک صحت مند انسان میں ۱۲ سے ۱۵ پونڈ تک خون ہوتا ہے۔

۷۔ صحت مند انسان عام حالات میں فی منٹ ۱۶ یا ۱۷ بار سانس لیتا ہے۔ یعنی فی گھنٹہ اوسطاً ۱۰۲۰ بار اور ایک دن میں ۲۴۴۸۰ بار اس طرح سے ایک سال میں اوسطاً ۸۹۳۵۲۰۰ بار سانس لیتا ہے۔

۸۔ جسم کی سب سے مضبوط ہڈی پنڈلی کی ہے جو دو ہزار چھ سو پونڈ کا بوجھ برداشت کر سکتی ہے۔

۹۔ ایک تندرست انسان کے قد اور وزن کا حساب اوسطاً ایک سو پونڈ وزن ہو تو ۵ فٹ قد ہوتا ہے اور قد کے ہر ایک انچ اونچا ہونے پر ۳ پونڈ کا اضافہ ہوتا ہے۔

۱۰۔ دماغ مردوں میں ۴۹ اونس اور عورتوں میں ۴۴ اونس ہوتا ہے۔

۱۱۔ دماغ حافظہ (یاد)، خواہشات اور خیالات کا مرکز ہے تمام گذرے ہوئے واقعات کی یاد دماغ میں محفوظ رہتی ہے۔

۱۲۔ ایک آدمی کے جسم میں جس کا وزن ایک سو چالیس پونڈ ہو مندرجہ ذیل اجزاء دی ہوئی مقدار میں ہوتے ہیں۔

۱۔ پانی جسم کے تمام وزن سے ۵۹ فیصدی حصہ پانی ہوتا ہے۔
۲۔ کاربن کی اتنی مقدار ہوتی ہے کہ اس سے سرمہ کی ۹ ہزار پنسلیں بن سکتی ہیں۔
۳۔ چربی اسقدر ہوتی ہے کہ اس سے سات صابون کے ڈنڈے تیار ہو سکتے ہیں۔
۴۔ گندھک اتنی ہوتی ہے کہ اس سے گندھک کی ۱۵ ٹکیاں بن سکتی ہیں۔
۵۔ فاسفورس اتنی مقدار میں ہوتی ہے کہ اس سے ۲ ہزار دو ۲ سو دیا سلائی کی تیلیوں کا مصالحہ بن سکتا ہے۔
۶۔ چونا اسقدر ہوتا ہے کہ اس سے ایک ڈربہ میں سفیدی کی جا سکتی ہے۔

- جب تک شریعت پر عمل نہ کرو گے نجات ناممکن ہے۔
- بلا تحقیق کوئی بات مشہور نہ کرو اس لیئے کہ فساد کا اندیشہ ہے۔
- کسی مسلمان کو کافر مت کہو کیونکہ یہ خدا کے نزدیک بڑی بات ہے۔
- زبان سے صرف وہی کہو جو دل میں ہو اس کے برعکس منافقت ہے۔
- اگر ایک جھوٹ بولا جائے تو پھر کئی جھوٹ بولنے پڑتے ہیں اس لیئے ہمیشہ سچ بولا کرو۔

سلکِ جواہر

(از سید لیاقت صہبانی)

- غرور تصنع سے تمسک رکھنے والا کبھی صحیح معنوں میں طبیب نہیں ہو سکتا۔
- جو [illegible] موسم و ماحول [illegible] مریض کی مزاجی کیفیات اور نفسیات کو سمجھے بغیر اور اپنے عملی تجارب سے استمداد کیئے بغیر محض کتابی نسخہ جات پر انحصار کرتا ہے اس کا معالجاتی عمل نامکمل اور غیر یقینی ہے۔

- طبیب کے لیئے لازم ہے کہ وہ متواضع و منکسر، خوددار و غیور، باعلم، غور و فکر کا خوگر، صاحب مطالعہ، ہمدردِ خلائق، ماہر تشخیص، دیندار، خوش گفتار اور مردم شناس ہو۔
- جب فنِ حکمت کو بطور خاص اور بالقصد حصولِ دولت کا ذریعہ بنالیا جائے تو اس فن کی عظمت و افادیت شدید طور پر مجروح و متاثر ہوتی ہے۔
- طبیب کو علم و تجربے کے اعتبار سے اس فہم و استعداد کا مالک ہونا چاہیئے کہ وہ مریض کے لیئے اس کی حیثیت و استطاعت کے مطابق نسخہ تجویز کر سکے۔
- موجودہ دور میں فن طب کی افادیت اور عظمت و شہرت محض اس لئے زوال پذیر ہو رہی ہے کہ اطباء کرام نے تحقیق و تجسس کے دروازے اپنے اوپر بند کر لیئے ہیں۔

حکیم محمد یونس صاحب کلکتہ

آپ کے چند مجربات

۱۔ برائے نزلہ و زکام دائمی کے لیئے بے حد مفید ہے اور اس کا بارہا تجربہ کیا گیا اور معمولِ مطب میں سے ہے۔

گلوئے سبز خراشیدہ ۶ ماشہ، پیا بانسہ ۶ ماشہ، پرسیاؤ ۳ ماشہ اسطو خودوس ۳ ماشہ، برگ گسوندی ۳ ماشہ، چرائتہ ۳ ماشہ، کاکڑا سنگھی ۳ ماشہ، پوست خشخاش ۳ ماشہ، تلسی سیاہ ۳ ماشہ ریگنی خسلم ۳ ماشہ، سب کو رات کو پانی میں بھگو کر صبح کو جوش دے کر چھان کر شکر یا نبات سفید ملا کر پئیں۔

۲۔ برائے سوزاک کہنہ و جدید:

ریوند چینی ۱ ماشہ، دارچینی ۱ ماشہ، کباب چینی ۱ ماشہ، شورہ قلمی ۲ ماشہ، نباتات سفید ۶ ماشہ، سب کو باریک سفوف کر کے کھا کر پاؤ بھر گائے کے دودھ اور پانی پاؤ بھر ملا کر خوب پھینٹ کر پئیں، صبح دوپہر و شام استعمال کرنے پر انشاء اللہ تعالیٰ ۲ یوم میں ریم و سوزش بول وغیرہ بند ہو جائیگا۔

حکیم حمیدالدین بقائی دہلوی

مجرباتِ بقائی

۱۔ اکسیر ضیق النفس ، ہوالشافی :۔ میٹھا تیلیہ مدبر ۳ ماشہ، پوست بیخ مدار ۶ ماشہ، عرق ادرک ۲ تولہ ، میں کھرل کر کے دانہ ماش کے برابر گولیاں بنالیں، ایک ایک گولی بعد غذا دیں، گھی اصلی استعمال کریں۔

۲۔ نقوع یرقان مجرب المجرب ۔ ہوالشافی :۔ تخم کاسنی، تخم خیارین نیمکوفتہ تخم خرفہ مغز کول ڈودھ ، زرشک صندل سفید، کشنیز خشک۔ گوکھرو نیمکوفتہ، گل نیلوفر، ہر ایک ۵ ماشہ ڈیڑھ پاؤ کھولتے پانی میں رات کو بھگو کر صبح چھان لیں اور سکنجبین بزوری ۴ تولہ ملا کر پلائیں۔ نہایت ہی مفید اور مؤثر ہے چند نسخوں سے ہی یرقان میں فائدہ ہوتا ہے قبض ہو تو ازالہ کرلیں۔

۳۔ حب ریحی بہ نسخہ بقائیؔ ، ہوالشافی :۔ گوگل مصفا ۵ تولہ کو روغن بادام اصلی چھ ماشہ سے چرب کر کے خوب باریک کوٹیں بعدازاں اس میں ثنائی کی چھ ماشہ، ہینگ چھ ماشہ اور نرکچلہ تولہ کا سفوف باریک شدہ ملا کر کوٹیں یک جان ہو جانے سے نخودی گولیاں بنالیں ایک سے دو گولی تک عرق سولف عرق کموہ یا بدرقہ مناسبہ کے ساتھ ریحی امراض جوڑوں کے درد بادی بواسیر، پیٹ گیس کے لیئے نہایت ہی مفید اور مجرب ہے۔

۴۔ تریاق سوزاک، ہوالشافی ، لوبان کوڑیا اصل اجوائن دیسی ہموزن باریک کرلیں چار رتی ایک ماشہ تک دن میں تین مرتبہ دیں، سوزاک کے لیئے اچھی خاصی موثر دوا ہے۔

فرمُوداتِ عالیہ

● تم قدرت کی کس کس نعمت سے منہ موڑو گے، شجر، حجر، آب و گل اور ہوا ، ان میں سے

بھلا کس چیز کو بھلا سکو گے کہ خلاقِ عالم نے ان میں سے ہر چیز میں تمہارے لئے حکمت و دانائی اور بہتری اور بہبودی کے اَن گنت خزانے رکھے ہیں۔

(ایک مشہور یونانی مفکر)

● میں اس آخری وقت میں تم سے صرف ایک نصیحت کرتا ہوں، اگر اس پر عمل کرتے رہو گے تو کبھی خسارے میں نہ رہو گے۔ وہ نصیحت یہ ہے کہ زندگی کے آخری لمحے تک علم کی جستجو میں رہنا تاکہ اپنی ذات کے علاوہ دنیا کو بھی فیض پہنچا سکو۔

(فیثا غورث)

● خدا نے تمہیں عقل و حکمت اور علم کی نصیحتیں صرف اس لیئے نہیں بخشیں کہ تم انہیں گن گن کر دینار اور اشرفیاں جمع کرتے رہو بلکہ یہ تو تمہارے پاس بندگانِ خدا کی امانتیں ہیں جنہیں لوٹائے بغیر تم مطمئن زندگی نہیں گذار سکتے۔ (شغیان خرمی)

حکیم غلام نبی صاحب ایم ، اے

میرے آزمودہ مجربات

۱۔ روغن عجیب :۔ روغن کنجد یعنی تل کا تیل، جل نیم کا پانی ہم وزن لیکر آگ پر چڑھائیں جب پانی جل جائے اور صرف تیل رہ جائے تو چھان لیں یہ تیل ہر قسم کے زخم، ناسور بھگندر کو نافع ہے۔

۲۔ نیم کے سالم پودے کو خشک کر کے اس کا ایک سفوف بنائیں، اس میں سے ایک تولہ رات کو بھگوئیں، صبح زلال لیکر مریض کو پلائیں زہرباد اور ہر قسم کے زخموں کے لیئے مفید ہے مزید معلومات کے لیئے بیاض المفردات کا مطالعہ کریں۔

۲۔ دوائے پیچش :۔ کتیرا گوند، کتھ گلابی ہموزن لیکر باریک کر لیں اس میں سے دو ماشہ سفوف دہی میں ملا کر کھلائیں۔ پیچش کے لیئے عجیب الاثر ہے۔

۳۔ [illegible] گولی :۔ بابچی آدھ پاؤ، ہڑ سیاہ ایک پاؤ، گندھک آملہ سار ایک تولہ، سب اجزاء کو دہی کے پانی کی مدد سے کھرل کر کے سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی روزانہ نہار منہ تازہ پانی سے کھلائیں۔ انتہائی مصفی خون ہے، ناسور، آتشک، سوزاک کے لیئے مفید ہے۔

۴۔ حب بواسیر :۔ گوگل، کچلہ، قلمی شورہ، سونٹھ ہموزن کوٹ کر نیم کے جوشاندے میں پکائیں جب قوام درست ہو جائے اسمیں دو یا تین تولہ بادام روغن ڈال دیں اور نخودی گولیاں بنالیں ایک ایک گولی دن میں تین بار تازہ پانی سے کھلائیں اس کے ساتھ ہی روغن گندھک مسوں پر لگائیں۔

ہمارے ایک دوست کا تجربہ ہے کہ پوٹاسیم پرمینگنیٹ کوئی نصف رتی کے قریب مکھن میں رکھ کر صبح اور شام کو کھلا دیا جائے تو پرانے سے پرانی بواسیر کا خاتمہ ہو جاتا ہے

لیکن میں اس کا ابھی تک تجربہ نہیں کر سکا۔ احباب اس کا تجربہ کرنے کے بعد مجھے مطلع کریں۔

۵۔ سفوف دمہ :۔ میٹھا سوڈا، گیرو، ست لوبان ہموزن لے کر یک جان کر لیں۔
مقدار خوراک :۔ دو رتی سے چار رتی یخنی یا چائے سے کھلائیں۔

۶۔ حب مقوی معدہ :۔ اجوائن ۱۰ تولہ، نمک سیاہ ۵ تولہ، نمک طعام ۵ تولہ، نوشادر ۲½ تولہ، مرچ سیاہ ۲½ تولہ میٹھا سوڈا ۲½ تولہ، زنجبیل ۲½ تولہ، حنظل ۵ تولہ مصبر ۲½ تولہ، نخودی گولیاں بنائیں۔ ایک ایک گولی صبح وشام تازہ پانی سے کھلائیں۔ قم معدہ کے درد، تبخیر معدہ، درد شکم، کھانے کے بعد کا درد، شانوں میں درد وغیرہ کو مفید ہے۔

۷۔ اسہال بند :۔ بل گتھ، پوست خشخاش ہموزن لیکر باریک کر لیں ایک تا ۴ رتی دن میں ۳ یا ۴ بار پانی سے کھلائیں۔ دستوں کو فوراً بند کر دیتا ہے۔

۸۔ [illegible] :۔ تخم ارنڈ ۳۰ عدد۔ جند بیدستر ایک تولہ، دونوں کو کھرل کر کے چار چار گرین کے ۳۲ کیپ سول بھر لیں ایک ایک کیپ سول ایام سے فراغت کے بعد روزانہ پانی سے کھایا کریں۔

۹۔ دوائے ادرار :۔ خانہ زنبور کو جلا کر راکھ کر لیں۔ اسمیں سے ایک رتی بھر پانی سے کھلائیں فوراً حیض کھل جائیگا۔

۱۰۔ حب خاص :۔ جوز ماثل سیاہ، مرچ سیاہ، کچلہ مدبر ہر ایک ایک تولہ، گوند کیکر حسب ضرورت میں فلفل سیاہ کے برابر گولیاں بنائیں ایک گولی پانی سے کھلائیں۔ نزلہ، بخار، امساک کے لیئے بھی مفید ہے۔

۱۱۔ کراماتی گولیاں :۔ جدوار خطائی، کونین سلفاس، کشتہ فولاد، کچلہ ہموزن لیکر باریک کریں اور نخودی گولیاں بنائیں۔ ایک ایک گولی صبح وشام پانی سے کھلائیں ہر قسم کے بخاروں کے دردوں خصوصاً عرق النساء کے لیئے مفید ہے۔

۱۲۔ حب تبخیر :۔ قشر لیموں، مصطگی رومی، الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ گلقند ۴ تولہ سب کو یکجان کر کے کوکن بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی صبح وشام پانی کے ساتھ کھلائیں تبخیر معدہ کے لیئے لاجواب ہے۔

۱۴۔ سفوف سیلان :۔ سیپ کو عرق گلاب میں کھرل کر کے آگ دیں۔ ۲۔۲ رتی صبح و شام دودھ سے کھلائیں۔ استحاضہ اور سیلان الرحم کے لیے مفید ہے۔

جناب حکیم احمد علی شاہ (غورغشتی)

۱۔ برائے قوت باہ ، ہوالشافی :۔ ہڑتال ورقیہ، شنگرف رومی، سیم الفار سفید، ہلیوتری، جائفل ہموزن تمام ادویات (کل چھ اجزاء)

ترکیب :۔ مذکورہ بالا تمام ادویات کو علیحدہ علیحدہ پیس کر یکجا آمیزہ بنالیں۔ بعد آٹھ عدد انڈوں کی زردی میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا کر بذریعہ پتال جنتر آتشی میں ڈال کر اور اس کے منہ پر تاریں تانبہ کی فٹ کر کے روغن کشید کریں، اور یہ روغن کشید ہو جانے کے بعد محفوظ کرلیں۔

فوائد :۔ قوتِ باہ اور ہر قسم کی کمزوری کے لئے ایک قطرہ مکھن یا مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال کریں۔ انشاءاللہ العزیز فوائد کثیر حاصل ہوں گے۔

نوٹ :۔ تین دفعہ بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کرنے سے تاریں مذکور (تانبے کی تاریں) بھی اکسیر کا کام دیں گی۔

۲۔ مجربات الحملان :۔ یہ نسخہ بھی اُسی سنیاسی مذکور کا عطیہ ہے جس نے کہ مندرجہ بالا روغن والا نسخہ عطا کیا تھا یہ ایک مقولہ ہے جس میں اس نے بیان کیا تھا لیکن دماغ سوزی اور بحث و مباحثہ کے درمیان اس کا راز کھل گیا۔ مقولہ یہ ہے "مپنکج دال روٹی"۔

حل :۔ (۱) سب سے پہلے لفظ مپنکج کو مفرد ترتیب میں تحریر کریں یعنی کہ "م، پ، ک، ن، ج" تحریر کریں۔

(۲) اب ان حروف کے تحت دھاتوں کا نام تحریر کرتا ہوں۔

م = مس (تانبا)۔ پ = پیتل۔ ک = کانسی۔ ن = نقرہ۔ ج = جست،

(۳) اب ان حروف کا بذریعہ ابجد قمری عدد معلوم کیا۔ یعنی ہر ایک اعداد معلوم کیے جو کہ مقررہ اوزان پر دلالت کرتے ہیں یہی وزن استعمال کریں۔

م = ۴۰ - پ = ۲ - ک = ۲۰ - ن = ۵۰ - ج = ۳ (حصے)

۴۔ مندرجہ بالا اعداد حصّوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کو ایک کٹھالی میں ڈال کر لگائیں تو خالص مال تیار ہو گا۔ اگر رنگ میں کوئی کمی آئے تو اس کے لئے خاص نمبر "کیمیا گر و کیمیا گری" کے صفحہ نمبر ان پر دیا ہو "روغن ستور"[2] اور "شہد"[1] و صابون میں بالترتیب دس دفعہ بجھا دیں بفضلہ تعالیٰ خالص چاندی برآمد ہو گی۔ مجرب ہے۔ فائدہ اٹھائیں۔

نوٹ:۔ نمبر ایک سے مراد ہے کہ پہلے شہد و صابون میں بجھا دیں اور بعدہٗ روغن ستور میں بجھا دیں۔

۳۔ برائے قبض کشا:۔ ہینگ (حلتیت)، ایلوا ہر ایک ایک تولہ۔ پودینہ۔ ہر ایک گوگل انیسون، سونٹ ہر ایک دو تولہ عرق سونف میں کھرل کر کے گولی بقدر کنار دیتی بنا کر ہمراہ آب گرم دیں۔

فوائد:۔ یہ گولیاں دائمی قبض کے لیے اکسیر ہیں۔ جملہ نقائص دور ہو کر اجابت باقاعدہ ہونے لگے گی۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

- اگر تم کسی کے ساتھ بھلائی اور نیکی نہیں کر سکتے تو کم از کم اس کے ساتھ برائی بھی نہ کرو۔
- کسی کے ساتھ احسان کر کے پھر ہرگز جتلاؤ نہ۔

شمس الاطباء حکیم محمد حسین بدر (ستارۂ امتیاز) طبیب شاہی

صدری مجربات

یہ نسخے وہ ہیں جو ادارہ تحقیقات طبیہ میں پیش ہو چکے ہیں اور ادارہ نے ان کو پسند کیا ہے۔

- حب مقوی باہ و ممسک و محرک:۔ بیر بہوٹی ایک تولہ، شنگرف رومی ایک تولہ، عقرقرحا ایک تولہ، نکچھکنی ایک تولہ، میٹھا تیلیہ ایک تولہ، اذراقی مدبر ایک تولہ، بھلاواں ایک تولہ، قند سیاہ کہنہ ایک تولہ، افیون خالص ۶ ماشے۔ کوٹ چھان کر قند سیاہ میں حل کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔ مقدار خوراک و ترکیب استعمال، بوقت خواب ۲ عدد ہمراہ شیر نیم گرم، مجامع سے تین گھنٹے قبل ۲ عدد۔
- اکسیر عرق النساء:۔ مسور مسلم ایک تولہ، ہڈی نلی بز ایک تولہ، سورنجان شیریں ایک تولہ زنجبیل ایک تولہ، اسگندھ ناگوری ایک تولہ۔ اذراقی مدبر ایک تولہ، بیش مدبر ۶ ماشہ، کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ مقدار خوراک صبح و شام ۲۔ ۲ ماشہ ہمراہ عرق سونف ۱۰ تولہ سے دیں۔
- شربت دمہ:۔ گڑ خام ۱۰ تولہ۔ سوہاگہ چکنا ۵ تولہ۔ گل بنفشہ ۵ تولہ، تخم کتھاں ۵ تولہ، رات کو تمام دواؤں کو جو کوب کر کے تین سیر پانی میں بھگو دیں اور صبح کو اسقدر جوش دیں کہ ڈیڑھ پاؤ رہ جائے۔ نیچے اتار کر خوب مل چھان کر ایک سیر کھانڈ شامل کر کے شربت تیار کریں۔ مقدار خوراک صبح و شام و رات کو سوتے وقت ۲۔ ۲ تولہ گرم پانی میں شامل کر کے پئیں۔
- حب حیات:۔ آب انگورہ تولہ۔ آب انار ۵ تولہ۔ آب برگ کیکر ۵ تولہ۔ آب ادرک ۵ تولہ، آب پیاز ۵ تولہ۔ آب مولی ۵ تولہ میں برادہ فولاد ہ تولہ۔

نوشادر ٹھیکری ۶ ماشہ حل کر کے ایک مرتبان میں ڈال کر منہ بند کر کے دو ہفتے دھوپ میں رکھیں جب حل ہو جائے تو جلوتری ۹ ماشہ۔ جائفل ۹ ماشہ، میٹھا تیلیہ زعفران خالص

حکیم عبدالغفار صاحب

مجرب المجرب نسخے جو معمول مطب چلے آرہے ہیں

عرق حیات معدہ:۔ یہ عرق جملہ امراض شکم مثلاً ہیضہ، تخمہ، بدہضمی، درد شکم، نفخ شکم، بدہضمی کے دست اور دست، بدہضمی کی خراب ڈکاریں وغیرہ کے لیئے اکسیر اعظم ثابت ہوا ہے۔ ہیضہ اتفاقی یا وبائی، تخمہ اور بدہضمی کتنی ہی سخت ہو نہایت مفید اور بھروسہ کی دوا ہے۔ گرانی شکم اور خراب ڈکاریں تو ایک دو ہی خوراکوں سے فوراً دور ہو جاتی ہیں۔ ہر عیال دار گھر میں اس دوا کا موجود ہونا پریشانی اور تکلیف سے بچاتا ہے۔

ترکیب استعمال عرق مذکورہ ۵ تولے کو تھوڑے سے نیم گرم پانی سے ملا کر دیں۔ ہیضہ، تخمہ اور شدید قے اور دستوں میں ۵ تولہ عرق مذکورہ عرق گلاب ۵ تولہ نیم گرم کر کے تھوڑا تھوڑا ایک ایک گھونٹ پینا چاہیئے۔ اگر پیاس کی شدت ہو تو بغیر گرم کئے ہی پلانا چاہیئے اگر گلاب نہ ملے تو صرف عرق پودینہ کے ساتھ دیں، جب تک تکلیف رہے برابر استعمال کرنا چاہیئے۔ جب یہ مقدار ختم ہو جائے تو دوسری خوراک بوتل سے لیکر ویسے ہی دینا چاہیئے جب تکلیف کم ہونے لگے تو عرق بھی کم کر دینا چاہیئے۔ برائے حفظ ماتقدم نصف چھٹانک (۱ا۔ اونس) بعد غذا کے استعمال کریں۔ معمولی شکایت میں اگر ضروری ہو تو دو تین گھنٹے بعد ایک خوراک اور استعمال کریں۔

پرہیز:۔ جب تک مرض کے آثار شدید ہوں تو کوئی غذا نہ دیں۔ صحت ہونے پر مونگ کی دال کا پانی یا بکری کے گوشت کا شوربا یا یخنی دینی چاہیئے۔ شدید مرض ہیضہ میں کسی طبیب سے مشورہ لیں۔

نسخہ عرق حیات معدہ:۔ پیاز حمدہ قسم سفید ۲ سیر، کریلا سبز ۲ ثار۔ پودینہ سبز ۱ ثار۔ ادرک سبز ا ثار۔ لونگ ۱ ماشہ آب خالص ۳۰ بوتل، عرق بدستور دس بوتل حاصل کریں۔

۳ ماشہ، کشتہ فولاد خانہ ساز ۶ ماشہ کوٹ چھان کر مرکب میں شامل کر کے ایک لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر بیری کی لکڑی کی ہلکی آنچ پر پکائیں۔ جب گاڑھا قوام ہو جائے تو اتار کر گولیاں بنالیں ان کی تعداد چالیس ہو۔ مقدار خوراک وترکیب استعمال صبح و رات کو سوتے وقت ۲-۲ عدد گولیاں ہمراہ نیمگرم دودھ کھائیں۔

ضعفِ جگر۔ جریان، ضعفِ باہ۔ ضعفِ اعصاب، ضعفِ دماغ وغیرہ کے لیئے خاص اکسیر ہیں۔

جواھر ریزے

۱۔ دوسروں کی زندگی کے آئینہ میں اپنے لیئے راہ عمل تلاش کرو۔
۲۔ عمل کا بیج بودو، اور عادت کی کھیتی اگاؤ۔
۳۔ تاریخ کے اوقات عقلمندوں کے لیئے درس عبرت ہیں۔
۴۔ پہلوان وہ نہیں جو دوسروں کو پچھاڑ دے، پہلوان وہ ہے جو غصہ کو پی جائے۔
۵۔ دنیا کا ہر واقعہ بہترین افسانہ ہے جسمیں بہترین درس عبرت ہے۔

۲۔ صرف شہد خالص و عرق عنب الثعلب کا استعمال استرخاء و فالج میں اکثر مفید پایا گیا ہے۔
۳۔ مغز پستہ ضعف گردہ میں بہت زیادہ مفید ہے۔
۴۔ ورم حار گردہ میں مغز فلوس خیار شنبر کا استعمال بہت زیادہ مناسب ہے۔
۵۔ گل ٹیسو کو امراض خصیہ کے ساتھ ایک خاص خصوصیت حاصل ہے۔
۶۔ باد رکھبہ بواسیر الرحم کے لیئے ایک خاص چیز ہے۔
۷۔ بابچی و سرمہ اصفہانی کا ضماد بہق و برص میں بہت زیادہ مفید پایا گیا ہے۔
۸۔ افتیمون ولائتی ہمراہ ماء الجبن شیر بز و شربت عناب مالیخولیا مراقی کے لیئے بہترین چیز ہے
۹۔ عاقر قرحا کو شہد خالص میں خوب باریک پیس کر قضیب پر طلا کرنا طرفین کے لیئے بہت زیادہ ملذذ ہے۔
۱۰۔ عطر موتیا حشفہ پر لگا کر جماع کرنا بہت زیادہ ملذذ ہے۔
۱۱۔ روغن بیضۂ مرغ میں قضیب گھڑیال بخوبی حل کر کے قضیب پر ۲۰ یوم تک متواتر طلاء کرنا عضو کو بہت زیادہ سخت اور ناقابل برداشت قوت پیدا کر دیتا ہے۔
۱۲۔ شیرہ کنجد سیاہ سلس البول کے لیئے بہت زیادہ مفید ہے۔
۱۳۔ شیرہ مغز پنبہ دانہ ہمراہ شہد خالص وجع القطن کے واسطے بہترین چیز ہے۔
۱۴۔ مغز فلوس خیار شنبر ہمراہ عنب الثعلب سبز بھرتہ بنا کر حمول کرم ورم حار میں بے حد مفید ہے۔
۱۵۔ مرضِ اختناق الرحم کے دورے کے وقت نوشادر چونہ سنگھانا مفید ہے۔

حکیم نور محمد بھٹی

ھو الشافی:۔ سنگ جراحت ۲۰ تولے۔ صدف مرواریدی ۱۰ تولے، سرمہ سفید ۱۰ تولے یشب سبز ۵ تولے۔ زہر مہرہ ۵ تولے۔ عقیق ۵ تولے۔ خرمہرہ زردہ ۵ تولے، سب کو باریک پیس کر آب برگ نیم میں ۱۰ یوم کھرل کریں۔ اور ٹکیہ بنا کر خشک کر کے ایک من اُپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال کر پھر آب برگ نیم میں پانچ یوم کھرل کر کے حسب سابق کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے بیس سیر اُپلوں کی آنچ دے کر نکالیں اور طباشیر کبود ۵ تولے، کہربا شمعی ۵ تولے، ورق نقرہ ۵ تولے، دانہ ہیل خورد ۲ تولے، کو باریک پیس کر مذکورہ کشتہ میں ملا کر عرق گلاب درجہ اوّل میں تین یوم کھرل کر کے آخری روز ست پودینہ ۶ ماشہ ملا کر محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک ۲ سے ۳ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔
فوائد:۔ کمیٔ خون، جریان خون، اختلاج قلب اور صفراوی خون کی حدت میں بے حد مفید ہے۔ جریان سیلان الرحم وغیرہ میں بھی مجرب ہے۔
شربت صندل، شربت انار، شربت بزوری، شربتِ حب الآس وغیرہ کے ہمراہ بھی دے سکتے ہیں۔
اکسیر جگر جدید:۔ ریوند خطائی ۱ تولہ۔ نوشادر ٹھیکری ۱ تولہ، بالچھڑ ۱½ تولہ۔ تیج پات ۱½ تولہ برنجاسف ۱ تولہ افسنتین ۱ تولہ۔ شورہ قلمی ۱ تولہ۔
ترکیب:۔ سب کو باریک کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک و بدرقہ:۔ ۳ تا ۴ ماشہ بہمراہ عرق سونف، عرق مکو، شربت بزوری، شربت دینار، شربت سکنجبین۔
فوائد:۔ عظم و صلابت جگر، معدہ و امعاء کی تبخرات کے لیئے مجرب ہے۔
کروٹ:۔ عقر قرحا ۱ تولہ، موچرس ۲ تولے، مغز تخم املی کلاں ۲ تولے، ثمر ببول خشک ۱۰ تولے، سفوف بھوپھلی ۵ تولے، لونگ ۱ تولہ، جدوار خطائی ۱ تولہ۔ تخم دھتورہ سیاہ ۱ تولہ،

اجوائن خراسانی ۲ تولے، باریک کوٹ پیس کر رکھیں پھر کشتہ قلعی ۱ تولہ، کشتہ سم الفار سفید ۳ ماشہ، کشتہ مرجان ۱ تولہ، کشتہ شنگرف ۱ تولہ۔ مایہ شتر اعرابی ۱ تولہ، جند بید ستر ۱ تولہ، افیون ۶ ماشہ، مصطگی رومی ۲ تولے، کچلہ مدبر ۱ تولہ، کشتہ فولاد ۱ تولہ، زعفران ۱ تولہ، سلاجیت مصفیٰ ۲ تولے کشتہ چاندی ۱ تولہ۔

سب کو باریک پیس کر پہلے سفوف میں آمیزہ کریں۔ اس کے بعد برگ برگد سبز ۱۰ سیر لے کر ہاون دستہ وغیرہ میں خوب کوٹیں جب باریک ہو جائیں تو ان میں چھ سات سیر پانی ملا کر آگ پر پکائیں۔ جب پانی کی مقدار دو تین سیر رہ جائے تو اتار کر ٹھنڈا کر کے موٹے کپڑے میں ڈال کر چھان لیں اور پانی کو پھر آگ پر پکائیں جب گاڑھا ہونے کے قریب ہو تو اتار کر اس میں حسب بالا سفوف ڈال کر ٹھنڈا کر کے کسی کھرل میں خوب کھرل کر کے حبوب نخودی بنا کر ورق نقرہ چڑھا لیویں۔ یہ کروٹ ہے۔ سرد مزاج والوں کو ایک گولی صبح ایک شام اور گرم مزاج والوں کو دن میں صرف ایک مرتبہ بعد غذا، بہمراہ شیر نیم گرم آدھ سیر۔

فوائد:۔ رِقت، سرعت، جریان، ضعفِ باہ کے لیئے مجرب ہے۔ متواتر ایک ماہ استعمال کریں۔

اکسیر شہیقہ:۔ زاج سفید بریان کو آب برگ کیلا میں کھرل کر کے خشک کریں اور اس میں ست اجوائن ۳ ماشہ ملا کر رگڑ لیں۔ خوراک ایک رتی صبح ایک رتی شام شہد میں ملا کر خوب چٹایا کریں۔

بواسیر پلز:۔ رسونت مصفےٰ ۲ تولے، مقل ازرق ۴ ماشہ، ثمر لکائن ۴ ماشہ۔ مغز تخم نیم ۱ تولہ، تخم گندنا ۴ ماشہ، نرکچور ۴ ماشہ، مصطگی رومی ۴ ماشہ، صبر زرد مصفیٰ ۲ تولے، مویز منقیٰ ۱ تولہ، مغز بادام ۱ تولہ، گندھک آملہ سار مدبر ۶ ماشہ۔

ترکیب:۔ سب کو آب زہرہ گاؤ دو عدد اور قدرے پانی ملا کر دو روز خوب کھرل کر کے نخودی گولیاں بنا دیں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ دودھ یا سبز چائے کے ساتھ۔

نوٹ:۔ ملین طبع کے لیئے صرف ایک گولی رات سوتے وقت۔

پرہیز:۔ انڈا، اچار، گڑ، بڑا گوشت،

اکسیر ہیضہ:۔ پوست بیخ مدار خشک ۱ تولہ، تخم مریچ سرخ ۱ تولہ، زنجبیل ۶ ماشہ فلفل سیاہ ۶ ماشہ، افیون ۲ ماشہ۔ کافور ۱ تولہ۔

سب کو باریک پیس کر رکھیں اور ایک سے ۲ ماشہ تک ہمراہ عرق پیاز یا شربت سکنجبین ہر گھنٹہ بعد دیا کریں، پرہیز وغیرہ حسب ہدایات طبیب،

ناقوسی:۔ ہڑتال گؤدنتی ایک پاؤ۔ ابرک سیاہ ۱۰ تولے۔ ناقوس ۵ تولے، سبز کاہی ۱ تولہ، سب کو آب برگ دودھی خورد، آب کٹائی۔ آب برگ مدار۔ آب برگ دھتورہ، ہم وزن میں ایک ہفتہ کھرل کریں۔ اور ایک ٹکیہ بنا کر ایک من اپلوں کی آگ دیں۔ پھر نکال کر عرق گاؤزبان میں دو روز کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

خوراک:۔ ایک سے چار رتی تک ہمراہ شربت بنفشہ، شربت صندل وغیرہ سرد مزاج والوں کو دودھ یا چائے سے دن میں تین مرتبہ۔

فوائد:۔ نوبتی و بلغمی بخاروں کے علاوہ حمیٰ لیثفہ و تپ محرقہ بلغمی میں کلوروفینی کال یا ملیریا مائی سین کے مقابلہ کا اثر رکھتی ہے۔

بختورہ:۔ برگ نیم خشک، برگ مہندی، کشنیز۔ دھاسہ۔ کتھ سفید، کچور۔ چاکسو، زیرہ سفید، زیرہ سیاہ، صندل سفید، صندل سرخ، جدوار، گردسماق، ریوند چینی، عصارہ ریوند ریوند خطائی۔ اجوائن خراسانی، اجوائن دیسی، اجوائن دل، فلفل دراز، گیرو۔

سب ہم وزن کوٹ چھان کر آب گودہ گھیکوار میں تین سیر کھرل کر کے کنار دشتی گولیاں بنا دیں۔ خوراک ایک گولی صبح نہار منہ ایک گولی شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد:۔ رحمی عوارض کو ختم کر کے عورت کو قابلِ اولاد بناتی ہیں۔ اس مقصد کے لیئے مجرب خاص ہیں۔

کورس کم سے کم دو ماہ۔

اقوال حکماء

۱۔ بہترین غذا وہ ہے جس میں ہلکا پن، چکنائی اور سخونت (گرمی) موجود ہو کیونکہ چکنائی جسم کو فربہ اور حواس کو قوی بناتی ہے اور ہلکی غذا سریع الہضم ہوتی ہے۔ گرم خوراک سے معدہ کی حرارت طابخہ (پکانے والی) بڑھتی ہے۔

(طبری)

۲۔ خواہشات نفسانی کی لذت صرف لحظہ بھر کے لیے ہوتی ہے۔ لیکن اس کا الم مدت دراز تک رہتا ہے۔

(ابن سنان طبیب)

۳۔ عقلمند لوگوں کے ساتھ مشورہ کرنا چاہیئے۔ کیونکہ مرد عاقل حاذق طبیب کی مانند ہوتا ہے جو مرض کے ظاہری حالات پر غور و فکر کر کے اس کی اصل کو پا لیتا ہے اور پھر اس کے مطابق علاج کرتا ہے۔

(حکیم ابن ہراون خراسانی)

۴۔ طبیب جھوٹ نہیں بولتا، کیونکہ جھوٹ خیانت ہے اور طبیب خیانت سے محترز ہوتا ہے۔

(حکیم ابو سہل نیشاپوری)

زبدۃ الحکماء حکیم حافظ محمد شفیع چشتی

مجربات

برائے حصول عزت و دولت و تسخیر خلائق

جمعرات کو روزہ رکھیں، کشمش منقیٰ یا چھواروں سے افطار کریں۔ نماز مغرب پڑھ کر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۷۸۶ بار پڑھیں۔ نماز عشاء کے بعد پاک بستر پر لیٹ کر لاتعداد بار بسم اللہ شریف اتنی پڑھیں کہ نیند آجائے جمعہ کے دن بعد ادائے نماز ۷۸۶ بار بسم اللہ شریف پڑھیں۔ اس کے بعد مشک و زعفران کی سیاہی سے ایک بار اس طرح لکھے اور اپنے پاس رکھے۔

ب س م ال ل ہ ال رح م ان ال ر ح ی م

تمام دنیا کی نظروں میں عزیز رہے اور بہت سے فوائد ظہور میں آئیں۔

ترکیب دق وسل: کشتہ سنکھ ۲ ماشہ، کشتہ ابرک ۲ ماشہ، کشتہ مرجان ۲ ماشہ۔ کشتہ سلطان ۲ ماشہ، کشتہ صدف صادق ۴ ماشہ، کشتہ چاندی ایک ماشہ۔ کشتہ سونا ۴ رتی، سب کو دو گھنٹہ کھرل کریں کہ یک جان ہو جائیں۔

خوراک دو تا چار رتی ہمراہ شیر عورت یا شیر خر روزانہ تین بار۔ ایک چلہ مسلسل استعمال کریں۔ دق وسل ہر قسم درجہ اول و دوم میں بے نظیر ہے۔

حکیم مولوی فضل محمد

ولد

میاں عمرالدین

قوم ڈھلون، بمقام چک نمبر ۳۲/ ۲ایل ڈاک خانہ خاص تحصیل اوکاڑہ ضلع ساہیوال
میرا مجرب نسخہ جو کہ بہت سی بیماریوں میں استعمال کیا جاتا ہے بالکل بے ضرر ہے۔
میٹھا تیلیہ ایک تولہ، شنگرف رومی ۲ تولہ، زعفران اصلی ۴ تولہ، کرن پھل یعنی لونگ
۸ تولہ، ان چاروں ادویات کو باریک کریں، پان کے پتوں سے نکلا ہوا پانی ۱۰ تولہ ہر روز
اس میں کھپائیں ۸ روز تک خوب کھرل کریں اور ہر روز پان کا پانی ڈالیں رگڑیں اور
خشک کریں بس تیار ہے معدہ کے تمام امراض کے لیئے مفید ہے مثلاً بدہضمی، بادگولہ
اپھارہ وغیرہ، نامردی کے لیے اکسیر ہے پرانی کھانسی، کمزوری دماغ ایک سے تا ۲ رتی
تک استعمال کریں۔ موٹاپا دور کرنے کے لیئے چار رتی ہلدی میں ملا کر دیں، مرگی اور پاگل
پن کے لیئے بھی مفید ہے۔
نیز جریان، لیکوریا، سیلان الرحم اور پرانی سے پرانی مرضوں کا علاج بھی کرتا ہوں۔

حکیم محمد فاروق نظامی آف ٹھٹھہ پاولیاں

مُجرّبات

۱۔ محرک باہ: تعریف لکھنے کی ضرورت نہیں، آپ ہزارہا کتب کی ورق گردانی کر جایئے مگر آپ کو یہ نسخہ کہیں نہیں ملے گا۔ حکیم صاحب کا مجوزہ ہے جو کہ فی الواقعہ ایک گرانقدر تحفہ ہے۔

ہوالشافی: کلونجی نصف سیر، پیاز ۲½ سیر، پانی ۱۰ سیر، بطریق معروف عرق کشید کریں ازاں بعد مزید نصف سیر کلونجی، ڈھائی سیر پیاز عرق مذکور میں شامل کر کے عرق کشید کریں۔ عرق کو کسی مٹی کے برتن میں ڈال کر کلونجی ایک پاؤ مزید، پیاز سوا سیر، شہد خالص ایک سیر، گوندھی سفید دو تولہ باریک شدہ شامل کر کے سرکہ تیار کریں۔ جب سرکہ تیار ہو جائے تو بذریعہ فلٹر پیپر صاف کر کے محفوظ رکھیں ایک تولہ صبح و شام۔

۲۔ سیلانی: سیلان الرحم کے لیئے حیرت انگیز ٹانک ثابت ہوئی ہے۔

ہوالشافی: بروزہ خام۔ زاج سفید، بسد، کشتہ فولاد، ازجو کہ ہیر کیس سے تیار کیا ہوا ہو ہر ایک دس دس تولہ جملہ ادویہ کو بھیڑ کے دودھ ایک سیر میں سحق کر کے ۱۰ سیر کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر باریک پیس لیں ۱ ماشہ سے دو ماشہ تک صبح و شام ہمراہ بدرقہ مناسب۔

۳۔ سورمہ: آنکھوں کی جملہ امراض کے لیئے ایک ہی علاج معمولی اجزا ہونے کے باوجود فوائد میں کسی طرح بھی کم نہیں ہے۔ جن سرموں میں مروارید، ورق طلاء وغیرہ اجزاء شامل ہوتے ہیں۔ آنکھ دکھنا، سرخی، خارش، دھند، جالا، ککرے، ضعف بصارت وغیرہ وغیرہ میں انشاءاللہ سو فیصد مجرب ہے۔

ہوالشافی:۔ مغز ثمر ینم ایک چھٹانک، زنک اکسائیڈ خود ساختہ ایک چھٹانک، گلاب کی تازہ پتیوں کا پانی ایک چھٹانک۔ آب برگ رس ایک چھٹانک عمدہ کھرل میں ڈال کر بذریعہ کھرل کریں اور محفوظ رکھیں بوقت ضرورت کام لائیں اور دعائے خیر سے یاد فرمایئے۔

حکیم حاجی اللہ داد

فریدی شفاخانہ ڈیرہ غازیخاں

ایک نسخہ بھی درج ہے۔
نسخہ درد گردہ، ہوالشافی:۔ سنگ یہود ۲ تولہ، سنگ سرماہی ا تولہ، سنگ مقناطیس ا تولہ، قلمی شورہ ا تولہ، سب کو پیس کر آب معمولی پانچ سیر آگ پر پکائیں۔ جب گاڑھا ہو جائے کوزہ گلی میں ڈال کر بالا ادویات ڈال کر گل حکمت کرکے پانچ سیر کی آگ دیں خوراک کشتہ ہذا ۱ رتی، موسم سرد میں گلتھی ا تولہ کا کاڑھا کے ساتھ دیں موسم گرما میں لسی کے ساتھ دیں۔

حکیم محمد صادق رسالے والا ضلع لائلپور

حب الحکم بواسیر کے لیے دو نسخے ارسال خدمت ہیں
۱۔ شنگرف رومی ا تولہ، خرمہرہ زرد سوختہ ا تولہ دونوں کو متواتر چوبیس گھنٹہ کھرل کرکے رکھیں بس تیار ہے۔ خوراک ا تا ۲ رتی معہ مکھن صبح شام، جریان خون فوراً بند ہو جاتا ہے۔ پندرہ دن متواتر کھلانے سے چھوٹے سے چھوٹے مسے مرجھا جاتے ہیں بڑے مسوں پر دوا لگانے سے ہمیشہ کے لیئے نیست و نابود ہو جاتے ہیں۔
۲۔ لگانے والا: طوطیا سبز ۲ تولہ، شب یمانی سفید ۲ تولہ دونوں کو باریک کرکے سلور کی دیگچی میں ڈیڑھ سیر پانی ڈال کر پاؤڈر مذکور اوپر چھڑک دیویں، ڈیڑھ گھنٹہ کے بعد آہستہ سے پانی گرا کر جو ہر جو دیگچی کے پیندا میں لگا ہوگا کھرچ کر کاغذ پر رکھ کر سایہ میں خشک کر لیں بوقت ضرورت پوڈر مذکور ایک ماشہ تیزاب شورہ ۲ ماشہ سلور کی کٹوری

میں ملا کر روئی کے پنبہ سے مستوں پر ہر پانچ منٹ کے بعد لگا دیں۔ پندرہ منٹ بعد مستوں کو برف کے پانی سے جو بہت ٹھنڈا کیا گیا ہو، دھو دیں پندرہ منٹ تک مستوں پر پانی گرائیں بعد میں مشک کافور ۳ ماشہ مکھن شستہ ۲ ½ تولہ میں ملا کر جو پہلے ہی تیار کر کے رکھا ہو لگائیں تین چار یوم تک لگائیں مسّے نابود ہو جائیں گے۔

اقوالِ حکماء

- طبیب وہ ہے جو فضائل نفسانی کے ذریعہ اپنے نفس کا علاج کرے اور ذائل کے امراض سے اسے محفوظ رکھے۔

بادام کا کھانا، جوہر دماغ کا محافظ اور اعضا کی اصلی رطوبتوں کا نگہبان ہے۔

(ابن زہر و موسیٰ ابن میمون)

- جس پانی میں مصطگی کو جوش دیا گیا ہے اس کے پینے سے معدہ و جگر کے امراض سے عافیت رہتی ہے اور جس پانی میں تخم خربزہ کو کوٹ کر جوش دیا جائے اور صاف کر کے پی لیا جائے وہ گردے، مثانہ کے کنکر اور پتھری سے محفوظ رکھتا ہے۔

(موسیٰ بن میمون)

- کھانا پکانے کی دیگ میں سونا ڈال دینا یا سونے کے دیگچے میں کھانا پکانا جسم کی عام قوتوں کو بڑھاتا ہے۔ (موسیٰ بن میمون)
- کھانا کھانے کے بعد حرکت نہیں کرنی چاہیئے۔ کیونکہ کھانا کھاتے ہی حرکات میں مشغول ہو جانے سے جسم میں سدے ردی فضلے اور عفونتیں پیدا ہو جاتی ہیں۔

(ابن ماسویہ)

- غذا میں ہمیشہ ہلکا پن اور متوسط درجہ کی چکنائی ہونی چاہیئے۔ زیادہ روغنی چیزیں مداومت کے ساتھ استعمال کرنے سے بھوک میں کمی اور جسم میں سستی پیدا ہو جاتی ہے۔

(ابن ماسویہ)

حکیم محمد حسن قریشی

مجربات قوت باہ

۱۔ ہلیلہ سیاہ، ہلیلہ کابلی، پوست بلیلہ، آملہ مقشر، فلفل، دار فلفل ہر ایک ۵ تولہ [illegible]، بسباسہ، بوزیدان، شیطرج ہندی، شقاقل، تودرین، لسان العصافیر، کنجد مقشر [illegible]، ہر ایک ۲ تولہ، بہمنیں ہر ایک ۵ تولہ، باریک کر کے روغن بادام سے چرب کر کے [illegible] ۸ تولہ، شہد کے قوام میں ملا دیں خوراک ۹ ماشہ سے تولہ تک۔

۲۔ ہلیلہ ہندی، بلیلہ کابلی، آملہ، بلیلہ ہر ایک ۷ تولہ، زنجبیل، دار چینی، دار فلفل [illegible]، سنبل الطیب، ساذج، سلیخہ، الائچی خورد و کلاں، شقاقل، قرنفل، شیطرج [illegible] العصافیر، بہمن سرخ و سفید ہر ایک ۲ تولہ، خشخاش سفید، کنجد مقشر، مربے یا ہمن ہر ایک ۲ تولہ، مغز بادام شیریں و تلخ ہر ایک ۹ ماشہ جوز بوا۔ بادیان، شبت، نیسون، مصطگی ہر ایک ۲ تولہ، پودینہ ۶ ماشہ، تربد مجوف ۲ تولہ، قند سفید ۲۴ تولہ، روغن بادام، تولہ [illegible] سفید سہ چند کل ادویہ، سب کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے روغن بادام سے چرب کر کے شہد کی جھاگ اتار کر مصری ملا کر قوام کر کے اس میں ملا لیں ایک ہفتہ کے بعد استعمال کریں، خوراک ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک۔

۳۔ [illegible] مروارید، عنبر، مشک ہر ایک ۱ تولہ، مروارید، یشب، کہربا، مرجان، ساذج ہندی، [illegible]، زرنب، دانہ الائچی، مصطگی، عود، اسارون، دار چینی، بہمنین، صندل سفید، [illegible] بسباسہ، جوز بوا، سنبل الطیب، بادرنجبویہ، مشک ہر ایک ۲ تولہ، ابریشم مقرض، گل گاؤ زبان، کشنیز ہر ایک ۶ تولہ، گل سرخ، سعد ہر ایک ۸ تولہ، گل نیلوفر، زرشک [illegible]، طباشیر سفید، زعفران ہر ایک ۱۰ تولہ، ورق نقرہ ۲۰۰ عدد۔ پوست آملہ ۵۰ عدد، شہد خالص اور مصری دونوں ملا کر کل ادویہ کا سہ چند قوام کر کے ادویہ ملا کر معجون بنائیں۔

۴۔ پھناک سفید مدبر بہ شیر مادہ گاؤ، پیپل، فلفل سیاہ، سہاگہ، شنگرف مساوی الوزن

باریک کر کے آب لیموں کاغذی میں دو روز کھرل کریں۔ اور گولی بقدر نخود بنا کر سایہ میں خشک کریں۔ دق اور باہ میں ہمراہ شہد بہت مفید ہے۔

۵۔ کنجد سیاہ دو تولہ، اسپند سوختی ۵ تولہ، نصف بریاں اور نصف خام، پوست خشخاش ۲ تولہ۔ قند سیاہ کہنہ ۲۰ تولہ، باریک کر کے قند سیاہ میں ملا کر کوٹیں تاکہ یک جا ہو جاویں، اور اس کے سات حصے کریں، اور ہر حصہ کی ایک گولی بنا دیں۔ مجامعت کے وقت ایک گولی کھائیں۔

۶۔ شیر آک ۲ تولہ، روغن زرد ۲ تولہ کو باہم جوش دیں تاکہ دودھ جل جائے پھر روغن کو کھرل میں ڈال کر سم الفار، میٹھا تیلیا، بیر بہوٹی، خراطین ہر یک ا ماشہ داخل کر کے کھرل کریں تاکہ یکجان ہو جاویں، پھر چینی یا شیشہ کے برتن میں رکھیں اور نیم گرم طلا کریں۔

۷۔ بہلاواں ایک سیر، میتھی ایک سیر، کنجد سیاہ مقشر ۲ سیر، ملا کر کولھو میں تیل نکلوائیں اور موسم سرما میں ایک قطرہ قند سیاہ میں ملا کر کھلایا کریں۔

حکیم بشیر احمد ظفر (عطیک)

احمورین خاص اعلیٰ درجہ کی مقوی باہ اور بڑھاپے کا سہارا ہے۔ "وقت پیری شباب کی باتیں" کا مصداق ہے ایک گلاس نما لوہے کے برتن میں ایک پاؤ گلیسرین خالص ڈال کر اس میں ایک ایک تولہ گندھک اور سم الفار باریک کر کے ڈال دیں اور نرم آگ پر رکھیں۔ گندھک اور سم الفار اس میں حل ہو جائیں گے اس میں شنگرف ۵ تولہ کی ڈلیاں ڈال دیں اور پکنے دیں ایسا انتظام کریں کہ دس دن لگاتار آگ جلتی رہے۔ کسی لیمپ نما چولہے سے یہ کام بہ آسانی ہو سکتا ہے۔ اس عرصہ میں اگر گلیسرین خشک ہونے لگے تو اور ڈال دیں، خالص گلیسرین خشک نہیں ہوا کرتی۔ اس کے بعد شنگرف نکال کر باریک کریں۔ خوراک ½ رتی ہمراہ مسکہ بوقت صبح استعمال کریں۔ گلیسرین کا یہ محلول نہایت کارآمد طلا ہے۔ اس کے ہموزن روغن بیضہ مرغ ملا کر طلا کیا کریں۔

(مجربات حکمائے پاک و ہند)

منجن

پھٹکری نصف پاؤ باریک کر کے نصف تابہ آہن پر بچھا کر اس پر افیون خالص ۳ ماشہ بچھا دیں اوپر بقایا پھٹکڑی بچھا کر آگ پر رکھیں، جب نچلا حصہ شگفت ہو جائے تو پہلو بدل دیں اور شگفت ہونے پر باریک کر کے محفوظ رکھیں۔

۱۔ یہ دوا بہترین منجن ہے۔ پائیوریا کا خصوصی علاج ہے۔ دانتوں کو سفید چمکدار بناتا ہے۔ صبح و شام دانتوں پر ملیں۔

۲۔ پڑبال چشم کو نہایت مفید ہے، بال اکھاڑ کر لگایا کریں۔

۳۔ سوزاک کے لیئے بھروسہ کا نسخہ ہے۔ دو رتی صبح و شام ہمراہ لسی دودھ گاؤ دیں۔
۴۔ کثرت احتلام، جریان، سرعت انزال، سیلان الرحم وغیرہ کے لیئے نہایت کار آمد علاج ہے بقدر دو رتی دودھ یا پانی سے دیں۔
۵۔ اسہال اور پیچش میں ہمراہ پانی دیں۔
۶۔ ملیریا بخاروں میں کونین سے بہتر ہے۔ صبح و شام یا بخار آنے سے دو گھنٹہ پیشتر ہمراہ پانی دیں۔

(مجربات حکمائے پاک و ہند)

جاروب دماغ:۔

یہ مختصر سا سفوف حقیقتاً جاروب دماغ ہے ہر قسم کا درد سر، نزلہ، زکام، دُور ہو جاتا ہے۔ تمام امراض چشم صرف کھانے سے دُور ہو جاتے ہیں۔ علاوہ ازیں پیٹ کے اکثر امراض کو بھی مفید ہے۔ اسطو خودوس، بادیاں، کشنیز خشک، نمک سیاہ، نوشادر، پھٹکڑی ہموزن سفوف بنائیں۔ ایک دو ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیں۔

(مجربات حکمائے پاک و ہند)

نور العین:۔

یہ ایک نہایت آسان اور سستا سُرمہ ہے جو آنکھوں کی اکثر امراض میں نہایت مفید ہے اور نظر تیز کرتا ہے۔ سنگ جراح ایک تولہ، زنجبیل ½ ماشہ، سوڈا بائیکارب ایک ماشہ، ست پودینہ دو رتی، ایک یوم کھرل کر کے سُرمہ تیار کریں۔

زندگی

اس نسخہ پر مرض دق میں بہت حد تک بھروسہ کیا جا سکتا ہے۔ برادہ شمس تیزابی ایک تولہ، پھٹکڑی سُرخ دو تولہ، شیر مدار ۵ تولہ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر کے ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد کر کے کھرل کر کے ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

(مجربات حکمائے پاک و ہند)

اکسیر ہیضہ:۔

ہیضہ کے لیئے اکسیری صفات کا حامل نسخہ ہے۔
ہینگ، کافور، پیپرمنٹ، زعفران ایک ایک ماشہ، تخم لیموں، مصبر چھ چھ ماشہ، زنجبیل، فلفل گرد، فلفل دراز، عقرقرحا، اجوائن خراسانی، تکدماشہ، پپیتہ، نارجیل دریائی ہر ایک ۴ ماشہ، تخم دھتورہ سیاہ، مرکی، مصطگی رومی ہر ایک ۳ ماشہ، میٹھا تیلیہ مدبر، گوند انگوری ہر ایک ½۱ ماشہ۔ جملہ اشیاء عرق گلاب میں کھرل کر کے گولی بقدر ایک رتی بنائیں ایک گولی ہمراہ سکنجبین لیموں یا جوشاندہ الائچی خورد دیں۔ ہر قے و دست کے بعد ایک گولی دیتے جائیں۔ اگر گولی ہضم ہو جائے تو پھر گھنٹہ گھنٹہ کے وقفہ سے دیں۔

(انگوزہ)

حب انگوزہ:۔

بدہضمی، ہیضہ، نمونیہ، درد شکم، درد ریح، قولنج، ہچکی وغیرہ کو مفید ہے۔
ہینگ، میٹھا تیلیہ، مدبر، پوست ہلیلہ، پوست بلیلہ، آملہ، سہاگہ بریان، مصبر، فلفل دراز، فلفل گرد، زنجبیل، شنگرف مدبر، مالکنگنی، قند سیاہ کہنہ ہموزن آب گھیکوار میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنائیں صبح و شام ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

اکسیر ہاضم

ہاضمہ کی خرابی کو دُور کر کے بھوک کو تیز کرتا ہے۔ جو کھائیں ہضم کرتا ہے۔ کتنی شدید درد ہو فوراً دُور کرتا ہے۔
ہینگ ایک تولہ، زیرہ سفید، نوشادر، نمک سیاہ، مرچ سیاہ ہر ایک ۴ تولہ تیزاب گندھک ۱ تولہ، جملہ ادویہ کھرل کر کے یکجان کریں، اور بقدر ½ ماشہ دن میں دو تین بار دیں۔

(انگوزہ)

حکیم ذوالفقار علی خاں مشیر اختر آباد

نسخہ برائے درد حیض:۔ زیرہ سفید ۶ ماشہ، گوگل عمدہ ۶ ماشہ کوٹ پیس کر ۳-۳ ماشہ کی چار پڑیاں بنالیں۔
ترکیب استعمال:۔ گودہ املتاس ۵ تولہ، پرانا گڑ ۵ تولہ کو ایک سیر پانی میں ڈال کر جوشاندہ بنائیں اور جوشاندے کے چار حصّے کر لیں۔ ایک پڑیا مذکورہ ہمراہ جوشاندہ ۲-۲ گھنٹے کے وقفہ سے ہر چار خوراک ہمراہ جوشاندہ کھلائیں۔ انشاء اللہ ایک دن میں آرام ہوگا۔

نسخہ برائے بندش حیض:۔ پوست ریٹھہ ۵ تولہ، صبر زرد ۸ ماشہ، گڑ پرانا ۳ تولہ، مرمکی ۱ تولہ، زعفران کشمیری ۱ تولہ، نوشادر ۲ تولہ، داڑھ درخت پیپل ۲ تولہ، کچورہ ۶ ماشہ، زردی بیضہ مرغ ۱ عدد جملہ اشیاء کو کوٹ پیس کر گولی بمقدار دانہ مٹر کے بنائیں۔
ترکیب استعمال:۔ ۱۔ ا گولی صبح شام ہمراہ پاؤ بھر دودھ جس میں ۲ تولہ گھی ڈالا گیا ہو۔

۳۔ بواسیر:۔ سبز مہندی ایک پاؤ کا نقدہ بنا کر درمیان ۵ تولہ سونا مکھی رکھ کر ۱۰ عدد خانگی اوپلوں کی آگ دیں۔ خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن دوائی استعمال کریں۔ مکھن اور دہی بکثرت استعمال کرائیں۔ بواسیر کو جڑ سے اکھاڑ دیتی ہے۔ پہلی ہی خوراک سے خون بند ہو جاتا ہے۔ انشاءاللہ

زبدۃ الحکماء حکیم محمد حنیف جالندھری صاحب

ایچ ایچ گولڈ میڈلسٹ

بہترین نسخے

اکسیر دق الاطفال:- کشتہ سنگ پشت، کیلسیم لیکٹیٹ، کشتہ مرجان، کشتہ عقیق سرطان سوختہ، دانہ الائچی خورد، طباشیر کبود اصلی ایک ایک حصہ مشک ½ حصہ عنبر ½ حصہ سب کو کیوڑہ میں حل کر کے حبوب بقدر مونگ تیار کریں ہر حالت میں مفید ہے اسہال قے ہضم کی خرابی مناسب بدرقہ یا شیر مادر کے ہمراہ دینے سے دور ہو جاتے ہیں۔

میرے مطب کا بہترین نسخہ

اکسیر ہیضہ:- قرنفل گل مدار ایک تولہ (آک کے پھول میں ایک چرخی سی ہوتی ہے) نمک سیاہ ایک تولہ، قشر بیخ مدار ایک تولہ (جڑھ کا وہ چھلکا جو جڑ کے اس حصہ سے الگ کیا گیا ہو جو زمین کے اندر ہو) قرنفل تولہ، فلفل گرد تولہ، اکسیر شفا سب کو باریک کر کے پانی کی مدد سے بقدر دانہ نخود حبوب تیار کریں۔

ہر قے اور ہر اسہال کے بعد ایک ایک گولی ہمراہ جوشاندہ پودینہ و اجوائن نمکین اور یہی پانی گھونٹ گھونٹ پلائیں ہیضہ کے لیے تیر بہدف ہے کبھی فیل نہیں ہوا۔

نسخہ اکسیر شفا:- کافور تولہ، ست پودینہ ۶ ماشہ، ست اجوائن تولہ، ست الائچی تولہ، روغن دارچینی تولہ سب کو شیشی میں داخل کر کے دھوپ میں رکھیں روغن بن جائے گا یہی اکسیر شفا ہے۔ جو اکیلی بھی ہیضہ اور دیگر امراض شکم کے لیے مفید ہے، ایک حاذق طبیب اس سے بیسیوں کام لے سکتا ہے۔

جناب حکیم ملک عطا محمد صاحب

مجربات!

پرانی دیواروں کا سیاہ کلر ۴ سیر لے کر ۸ سیر شریں کے پتوں کے پانی میں چار روز تک بھگوئے رکھیں مگر ہر روز اس محلول کو جاتے رہیں۔ چار روز بعد اس کا زلال لے کر اس میں مکھن، گورکھ پان، بکن، دھماسہ اور جوانسہ ہر ایک کی راکھ نصف سیر ڈالیں۔ گیارہ روز بعد مقطر کا نمک تیار کرلیں اور حسب ذیل امراض کا دعویٰ کے ساتھ علاج کریں بحکم یزدان مجرب ثابت ہوگا۔

ترکیب استعمال

نام امراض:۔

بخار موسمی و معیادی: بحالت بخار دو رتی یہ نمک یعنی سفوف گرم دودھ کے ہمراہ دیں جب بخار اُتر جائے تو ۲ رتی سفوف تازہ دودھ کے ساتھ دیں تو انشاء اللہ بخار عود نہیں کرے گا۔

ثبورات:۔ لعاب دہن میں مخلوط کرکے لگائیں تو فوراً آرام آجائیگا۔

بہرہ پن و درد کان:۔ اگر کان بہرہ ہو یا سماعت میں کمی ہو تو بکری یا مرغ کے پتہ (پانی) میں نصف ماشہ یہ سفوف حل کرکے نیم گرم کان میں ڈالیں تو سماعت اصلی حالت پر آجائے گی۔ خواہ برسوں پرانی کیوں ہی نہ ہو، کان کے درد کے لیئے ایک ماشہ یہ سفوف ۲ تولہ روغنِ گل میں مخلوط کرکے ایک ایک قطرہ نیم گرم کان میں ڈالیں انشاء اللہ فوراً آرام آجائیگا۔

جلدی امراض و فساد خون:۔ دو رتی یہ سفوف عرق شاہترہ چھ تولہ میں حل کرکے استعمال فرمادیں۔

ضعف معدہ درد معدہ و قولنج و فواق:۔ دو رتی سے چار رتی تک پانچ تولہ عرق بادیان کے

ہمراہ دیں انشاء اللہ نصف گھنٹہ کے اندر اندر آرام آجائے گا۔ اگر کچھ تکلیف باقی رہے تو دوسری خوراک استعمال کرادیں۔

دردگردہ جدید و قدیم:۔ چار رتی یہ سفوف دس تولہ عرق بادیان کے ہمراہ دیں۔ اور اگر ہر ماہ کے ابتدائی سات یوم تین ماہ تک استعمال کرائیں تو ہمیشہ کے لیئے یہ تکلیف دُور ہوجائے گی۔

ضعف کبد و طحال یرقان و استسقاء:۔ بوزن دو رتی یہ سفوف ہمراہ تخم کاسنی چھ ماشہ زرشک ۱ تولہ گھوٹ چھان کر صبح و شام استعمال فرمادیں۔

گزیدگی بچھو و بھڑ:۔ یہی سفوف حسب الضرورت لیکر لعاب دہن میں ملاکر مقام نیش پر ملیں تو ورم نہیں ہوگا۔ اور درد فوراً کافور ہوجائیگا۔

کھانسی، ضیق النفس:۔ دو رتی یہ سفوف شربت اعجاز کے ہمراہ پانی ملاکر استعمال کرنے سے مدتوں کی کھانسی دو دن کے اندر اندر دُور ہوجائے گی۔

طاعون:۔ میرا دعویٰ ہے کہ امراضِ طاعون میں کوئی دوا بھی اس کے برابر کی کارگر ثابت نہیں ہوسکے گی۔ باوجود اس قلیل خوراک کے چار رتی یہ سفوف چھ تولہ شربت سکنجبین اور ۲۰ تولہ عرق گلاب کے ہمراہ صبح و شام استعمال کریں اور حفظ ماتقدم کے لیئے صرف دو رتی یہ سفوف چھ تولہ عرق گاؤزبان کے ساتھ بوقت صبح نوش فرمادیں۔

نمونیا:۔ ۲ رتی یہ سفوف نصف ماشہ گل ارمنی ملاکر نیم گرم چائے کے ساتھ پلائیں فوراً پسینہ آکر درد رک جائے گا۔ لیکن چار پانچ یوم یہ دوا استعمال کراتے رہیں۔

ملذذ:۔ وقتِ ضرورت سے صرف پندرہ منٹ پہلے تقریباً ۴ رتی یہ ملذذ لگانے سے طرفین کو کمال درجہ کا لطف دیتا ہے اور قابلِ تعریف بات یہ ہے کہ بعض مایوس خواتین اس کے باعث بااولاد ہوجاتی ہیں۔

نسخہ:۔ اسٹرکینا دو گرین، مارفیا دو گرین، روغن دھتورہ دو گرین، عطر گلاب ۴ سرخ زعفران ۴ سرخ عسل خالص ۱۶ سرخ۔

حکیم عبدالرحیم اشرف (دریام) ضلع جھنگ

مجربات!

مجرب المجرب ہے ہر قسم اسہال کے لئے مفید ہے۔
افیون، مصطگی رومی، شنگرف، سہاگہ ہر ایک دو ماشہ چاروں ادویہ کو کھرل کر کے پانی سے گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک شام اگر سدہ نہ ہو تو ایک دن میں افاقہ ہو گا۔

چوٹ و بیرے خطا

ہالیہ، میدہ، مک، اجوائن خراسانی۔ چوہہ، کچی، وج، ہلدی، لودھ پٹھانی، موچرس، صابن دیسی ہر ایک ۶ ماشہ، قند سیاہ کہنہ۔
ترکیب:۔ قند سیاہ کا قوام کر کے تمام ادویات جو پہلے کوٹ لی گئی ہوں، ملا کر غلولہ بنا لیں، بوقت ضرورت پانی میں رگڑ کر نیم گرم ضماد کریں اور خشک ہونے پر کسی چیز سے ٹکور کریں۔ انشاء اللہ دو دن میں آرام ہو گا۔

وجع الفواد

میٹھا میٹھا نم معدہ پر رہتا ہے اور بعض اوقات غشی بھی شامل ہو جاتی ہے۔
ترکیب:۔ اونٹنی کا دودھ اور نمک شیشہ روغنی ہانڈی کے سوا دودھ ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں جب گاڑھا ہو جائے تو زعفران ملا کر آگ بند کر دیں اور صرف کوئلوں کی آنچ پر رہنے دیں نیز ہلاتے رہیں جب اس کا قوام حلوے کی مانند ہو جائے تو نکال کر کسی رکابی میں ڈال دیں کچھ دیر بعد پیس لیں۔ باریک ہونے پر بوتل میں ڈالیں، مضبوط کارک لگائیں ایک سال تک خراب نہ ہو گا۔ خوراک ایک ماشہ صبح ایک ماشہ شام ہمراہ آب سرد، غذا گوشت روٹی، پرہیز دودھ چاول چربی، لسی وغیرہ بادی اشیاء سے لازمی ہے۔

اکسیر اطفالی رحیمیہ

بچوں کے ہرے پیلے دستوں میں مفید ہے اور صرع اطفال کو نوشربے ایک ماشہ سے لیکر تین ماشہ تک ہمراہ پانی۔
چھلکا ہلیلہ زرد، تروی مجوف، پودینہ خشک ہر ایک ہموزن، سب ادویات کو باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

رحیمیہ نزلی

نزلہ و زکام اور بند شدہ نزلہ کو مفید ہے درد شقیقہ اور درد عصابہ میں بھی مفید ہے۔
جوز ماثل سیاہ ۳ تولہ، سونٹھ۔ ریوند چینی ہر ایک دو تولہ، صمغ عربی ۴ تولہ، سب دوائیں باریک پیس کر ایک گھنٹہ تک کھرل کر کے آب خالص سے گولیاں بقدر مرچ سیاہ تیار کریں۔
خوراک ایک گولی صبح ہمراہ شربت بنفشہ اور ایک رات کو سوتے وقت صرف پانی کے ساتھ۔

راجہ محمد یوسف خاں ایم اے ڈھنگوال (تحصیل پنڈ دادنخاں)

مجرب نسخہ جات

۱۔ بچوں کے سوکھا میں ایک ہفتہ تک سلفر ۳۰، اس کے بعد کلکیریا کارب ۳۰ اور پھر بیسی لینم ۳۰ بڑی ہی کارآمد دوائیں ہیں۔
۲۔ جوانی کی غلط کاریوں اور کثرت عیاشی سے اگر مادۂ تولید رقیق ہو جائے تو سیلنیم ایسڈ فاس اور کلکیریا فاس x 6 کو کبھی نہیں بھولنا چاہیئے۔
۳۔ کثرت حیض اگر زیادہ دنوں تک رہے تو چائنا 6 اور اپیکاک سے یہ شکایت جلد رفع ہو جائے گی۔
۴۔ ولادت کے بعد اگر رحم میں شدید درد ہو تو بلاڈونا 3 اور آرنیکا 3 باری باری استعمال

کراکر شفا حاصل کریں۔

۵۔ حاملہ عورت کو اگر تین مہینے پہلے سے اکٹیا رسی مو ۳۰ یا آرنیکا ۳۰ کا استعمال کرایا جائے تو ولادت میں بڑی آسانی ہوگی اور اگر دو ہفتے کالو فائلم استعمال کرایا جائے تو بھی ولادت نہایت آسانی کے ساتھ ہوگی۔

۶۔ اگر دنبل جلد نہ بھرتا ہو تو فائٹو لکا ۶ کا مرہم ویسلین میں ملا کر استعمال کریں۔

۷۔ حقہ یا سگریٹ کی عادت چھڑانے کے لئے کلاڈیم بہت مفید ہے۔

۸۔ دست بند ہونے کے بعد ہی اگر سر میں درد شروع ہو جائے تو نکس وامیکا مفید رہے گا۔

۹۔ حجام کے استرے سے اگر چہرے پر دانے نکل آئیں تو تھوجا ۵ خارجی طور پر استعمال کریں۔

۱۰۔ جن اشخاص کو نزلہ و زکام کی شکایت ہر وقت رہتی ہو ان کے لیے انفلوئنزینم اکسیر صفت ہے۔

حکیم محمد سبطین شاہجہانی جعفری رحمانی

نُسخہ دردسر

(بوجہ نزلہ زکام، تھکاوٹ، موسمی گرمی)

چورہ برگ اسطخودوس ۵ تولہ، کشنیز خشک مغز ۲½ تولہ، فلفل سیاہ ۱½ تولہ۔

ترکیب استعمال:۔ سب کو علیحدہ علیحدہ سفوف کریں پھر صحیح وزن کے مطابق ملائیں ۴ گھنٹے کھرل کر کے حفاظت سے رکھیں، یومیہ تین خوراک فی خوراک ایک ماشہ ہمراہ آب تازہ۔

نوٹ:۔ نسخہ زیادہ نہ بنائیے گا۔ کیونکہ تین ماہ بعد اثرات میں تبدیلی پیدا ہو جاتی ہے۔

۲۔ نسخہ ضماد (لیپ) برائے آشوب چشم

انار دانہ ترش تولہ، ہلدی ٹپنہ ½ تولہ، پوست خشخاش سفید تولہ، شب یمانی تولہ، برگ نیم خشک تولہ، سونف اصلی ۵ تولہ، پانی سادہ مصفیٰ ۳۰ تولہ۔ سب اجزاء کو زدو کوب کر کے پانی میں چار روز بھگوئیں بعد اس کے جوش دے کر ایک حصہ جلائیں۔ نیچے اتار کر سرد کر کے اچھی طرح چھان مل کر تیار شدہ جوشاندہ آگ پر رکھیں گاڑھا ہونے پر محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال:۔ بوقت ضرورت آنکھ کی پلکیں الٹا کر لگائیں یا اُوپر ہی لیپ کریں آہستہ آہستہ آنکھیں کھولیں یومیہ دو دفعہ کریں، انشاء اللہ چند دنوں میں صحت ہو جائے گی۔

۳۔ نسخہ برائے شدید قبض (حب قبض کشا)

سفوف مغز کر نجوا تولہ، دارچینی سفوف تولہ، سفوف کباب چینی تولہ، سفوف فلفل سیاہ تولہ، مغز جمالگوٹہ ۲ تولہ، سفوف گیرو تولہ۔

ترکیب تیاری:۔

جمالگوٹہ کو اسقدر کھرل کریں کہ لیس پیدا ہو جائے، پھر سب اجزاء کو اسی طرح کھرل کر کے حب برابر دانہ مسور تیار کر لیں۔

ترکیب استعمال:۔

بوقت ضرورت ایک یا دو حب ہمراہ آب تازہ FRESHWATER بمقدار زیادہ استعمال میں لائیے اگر دل گھبرائے تو وہی سادہ استعمال کریں اگر اسہال زیادہ ہوں تو ست اسپغول ہمراہ ۶ ماشہ شربت چینی استعمال کریں۔ بوڑھا، حاملہ، تپ دق والا استعمال نہ کرے۔

فوائد:۔ سخت قبض کے لئے منفعت رساں ہے۔

- دوست کو اپنے مکمل بھید نہ بتلاؤ شاید کہ وہ کل دشمن بن جائے۔
- دشمن کو زیادہ نہ ستاؤ شاید وہ کل دوست بن جائے۔
- ؎ پھول کی پتی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر
  مردِ ناداں پر کلامِ نرم و نازک بے اثر!
- جو اللہ کا بن جاتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس کا ہو جاتا ہے۔

حکیم محمد یوسف نقشبندی

۱۔ ھوالشافی اکسیر معدہ:۔

نوشادر ۲ تولہ، نمک سیاہ ۲ تولہ، مرچ سیاہ ۱ تولہ، الائچی کلاں ۲ تولہ، گیرو ۲ تولہ، ہرمچی ۲ تولہ، ست پودینہ ۳ ماشہ، پیٹ کے ہر قسم کے امراض کے لیئے اکسیر ہے معمول مطب ہے۔

۲۔ ھوالشافی، حب قبض کشا:۔

منقہ ۲½ تولہ، سقمونیہ ولائتی ۱½ تولہ، بادام مقشر ۲½ تولہ، حبوب نخودی تیار کریں۔ دو حبوب ہمراہ شیرِ گرم دیرینہ قبض کے لیئے لاجواب چیز ہے۔ (معمول مطب)

۳۔ امرت:۔

ست پودینہ ایک تولہ، ست اجوائن ایک تولہ، ست کافور ایک تولہ، ست لونگ ایک تولہ۔ ست اورنج ایک تولہ۔ وائیٹ آئیل ایک پاؤ۔ رتن جوت ۶ ماشہ، روغن کنجد خالص ایک سیر۔

تمام ست یک شیشی میں ڈال کر حل کریں۔ ازاں بعد وائیٹ آئیل شامل کریں روغن

کنجد گرم کر کے جھاگ ماریں۔ جھاگ ختم ہو تو رتن جوت داخل کریں سرخ ہو جائے گا۔ جب روغن کنجد ٹھنڈا ہو جائے تب دوسری ادویات شامل کریں۔ لاثانی چیز ہے۔ ہر قسم کی بیرونی درد چوٹ ورم کے لیئے اکسیر ہے۔ سوائے سانپ دیگر جانوروں کے کاٹنے پیٹ درد جملہ اقسام خارش کے لیئے اندرونی استعمال سے خارش ہر قسم غائب، و دیگر امراض کے لیئے تریاق ہے۔

۴۔ ھوالشافی، اکسیری منجن:۔

شب یمانی بریاں، نمک طعام، فلفل سیاہ، ہموزن سفوف کپڑ چھان کر محفوظ رکھیں دانتوں کی ہر قسم کی امراض کے لیئے بیمثال ہے۔

۵۔ ھوالشافی، اکسیر دمہ:۔

تریا خشک کھانسی تنگ کرتی ہو، پتھر کا کوئلہ جلا کر راکھ کریں۔ بعدہٗ ہموزن شوگر آف ملک ملا کر ارتی خوراک، ہمراہ مکھن صبح و شام۔

زبدۃ الحکماء حکیم محبت علی

گولڈ میڈلسٹ رجسٹرڈ میڈیکل چونیاں (ضلع لاہور)

آپ کے مجربات

اکسیر مبارکی

بیر بہوٹی، پھل کریر سرخ، زعفران ہموزن شہد کے ساتھ گولی بقدر دانۂ مونگ بنائیں خوراک ایک گولی صبح دوپہر شام ہمراہ جوشاندہ خوب کلاں، ملٹھی مویز، اشنار ایک دویم

ھوالشافی، مومیائی، (سورج تاپی) کشتہ یاقوت، کشتہ زمرد، کشتہ مروارید ناسفتہ،
کشتہ مرجان ۲ تولہ، کشتہ فولاد، کشتہ عقیق، ہکد تولہ، کشتہ فولاد آب جامن میں کشتہ
مرجان ثمر ببول میں، کشتہ مروارید (روحِ گلاب میں ۱۱ دن کھرل کریں) روحِ گلاب
میں، کشتہ عقیق، کشتہ یاقوت، کشتہ زمرد چاندی کی کٹھالی میں رکھ کر (شیر برز میں
بھاؤ دے کر تیار کریں۔
مقدار خوراک دو سے چار چاول صبح بعد از ناشتہ مکھن یا ملائی میں رکھ کر دیں۔
زیادہ سے زیادہ تین ہفتہ میں شفا ہوگی۔ انشاء اللہ

حکیم محمد یعقوب عثمانی حکیمِ حاذق

آپ کے مجربات

۱:
کشتہ فولاد سرد ۲ تولہ، گندھک آملہ سار مصفیٰ ۲½ تولہ دونوں باہم ملا لیں مقدار خوراک
۱ رتی ہمراہ دہی یا مکھن،
فوائد:- یہ دوا بواسیر کے لیئے اکسیر اعظم ہے دوران استعمال دہی اور مکھن بکثرت
استعمال کریں۔

۲:
مصفی گولیاں جو پھوڑے پھنسی کے لیئے اکسیر ہیں، بوٹی جل نیم ۵ تولہ، فلفل سیاہ
۱ تولہ کوٹ کر گولیاں بقدر چنا بنائیں،
ترکیب استعمال، ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام بعد از غذا ہمراہ آب تازہ۔

بی میں برسوں کی اُگی ہوئی مبارکی نکل آئے گی۔

حب شباب آور:-

کشتہ فولاد ۵ تولہ، ست سلاجیت ۵ تولہ، کچلہ مدبر ۵ تولہ مرچ سیاہ ۲ تولہ زعفران ۱ تولہ، سم الفار ۶ ماشہ۔

حب نخودی بنائیں۔ ایک گولی صبح بعد از غذا دُودھ کے ساتھ ایک شام،

فوائد:- ضعفِ جگر، کمیٔ خون، ضعفِ اعصاب، مغلظ منی اور مقوی باہ ہے۔

حکیم ملک امیر خاں آف چک نمبر ۱۰۶ ڈاکخانہ ہارون آباد

نسخہ نمبر ۱:-

برائے ورم و درد معدہ، امعاء و کبد، ہر موسم اور ہر عمر، ہر طبیعت کے لیئے یقینی فائدہ مند اور بے ضرر، عمر، موسم اور طبیعت کے مطابق قدر شربت میں کمی بیشی فرمالیں۔

هوالشافی، مربہ ہلیلہ بنارسی ۲۰ تولہ، مربہ آملہ بنارسی ۲۰ تولہ۔ مربہ ادرک مصطگی رومی اصلی ۵ تولہ، مربہ جات گٹھلی نکال کر پیس لیں باقی تینوں ادویہ باریک کوٹ چھان کر ملالیں شہد خالص ڈیڑھ سیر میں قوام بنا کر رکھ لیں۔

خوراک جوان آدمی کے لیئے ۹ ماشہ سے ڈیڑھ تولہ تک یہ دوا ہمارے مطب میں معجون فواکہ کے نام سے مشہور ہے، جب تک مرض دُور نہ ہو مریض لوہے کے بجھاؤ والا پانی پیئے اور خوراک میں مزاج کے موافق مریض کو ہدایات دیں انشاء اللہ دو سے چار ہفتوں تک مرض جاتا رہے گا۔

نسخہ نمبر ۲:-

برائے مقوی اعصاب و مُربّی ارواحِ ثلاثہ (روح طبیعی، روح نفسانی، رُوح حیوانی) اگر اسے کایا پلٹ کہیں تو بے جا نہ ہو گا۔ عورت و مرد دونوں کے لیئے یکساں مفید ہے

جب پانی جل جائے نیچے اتار لیں۔ کم سنائی دیتا ہو غلاظت ہو تو دو تین بوند ڈالیں
الٰہین ما مزہ ہو گا۔

حکیم محمد عبد اللطیف شاہد

منشی فاضل ادیب فاضل آنرز ان پنجابی (پنجاب یونیورسٹی)

... صندل پوڈر، صندلین یا حیات افزا اس کے یہ تین نام ہیں۔ جو حضرت مولانا کے
مطب کا بیش بہا نسخہ ہے۔ اور آپ فرمایا کرتے تھے کہ میں اسے استعمال کرتے
کرتے تھک گیا ہوں سیروں کی تعداد میں تیار ہوتا تھا اب بھی یہ نسخہ متعدد دواخانوں
میں بڑی کثیر مقدار میں تیار ہو کر دھڑا دھڑ فروخت ہوتا ہے۔ یہ دوا گندے خون کو
صاف کرتی ہے۔ پتلے خون کو گاڑھا کرتی اور خون کو بکثرت پیدا کرتی ہے۔ مقوی
جگر ہے ورم جگر اور خون کی سفیدی کو دور کر کے چہرہ کو سرخ کرتی۔ ہے اینیمیا کی
خاص دوا ہے نیز اٹھرا اور اسقاط حمل کے ہولناک مرض کا قلع قمع کرتی ہے خاکسار
نے اسے ایک ناصور کے مریض پر استعمال کیا جو کئی ہسپتالوں کے علاج کروا کرا کتا
چکا تھا صرف ڈیڑھ ہفتہ میں ناصور رسنا بند ہو گیا اور ناصور کی جگہ صرف معمولی داغ
رہ گیا اور ڈیڑھ دو سال کا مرض کافور ہو گیا۔ خاکسار نے اس میں دسویں دوا جدوار
ملا کر ناصور کے لیئے استعمال کیا تھا اس نسخہ میں کل نو دوائیں ہیں، دسویں دوا جدوار
اصل باقی ادویہ کے ہموزن ملا کر ناصور کو نیم کے جوشاندہ سے دھو کر اس پر ذرور کریں
اتنی دھو دیں کہ وہ ڈھک جاوے اوپر پٹی باندھ دیں، اور روزانہ مریض کو ایک ایک
چٹکی دوا یعنی ایک دو رتی دن میں تین بار پانی سے استعمال کرنے کی ہدایت کریں۔
اٹھرا یا سقوط حمل کی مریضہ کو یہ دوا دن میں دو بار ایک رتی فرائی ایٹ ایمونیا ساسٹرائک
جو ایک سستی دوا اور فولاد کا ولایتی کشتہ ہے۔ ایک تولہ مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں

ایک روشن دماغ طبیب

۱۔ نسخہ برائے جریان، احتلام، سرعت انزال، ہڑتال گئودنتی ۵ تولہ لیں اسکو کیکر کی
کچی پھلیوں کے ایک سیر کے نغدہ میں رکھ کر پانچ سیر جنگلی اپلوں کی آپ دیں، کشتہ
سفید برآمد ہوگا۔ کشتہ مذکورہ تولہ، کشتہ قلعی ۲½ تولہ، ستاور باریک شدہ ۵ تولہ، مصری
کالپی ۱۰ تولہ ملاکر سفوف تیار کرلیں، خوراک ایک ایک ماشہ صبح وشام نیم گرم دودھ
سے استعمال کریں ترش اشیاء سے پرہیز لازمی ہے۔
۲۔ نسخہ مجرب برائے قوت باہ:۔ سٹرکینیا (جوہر کچلہ) دو رتی، سم الفار پانچ رتی، مصطگی
رومی ایک تولہ، تا نکھانہ ایک تولہ، جملہ ادویات اچھی طرح باریک مثل غبار کے باریک کر
کے پچاس عدد گولیاں تیار کریں۔ ایک ایک گولی صبح وشام دودھ نیمگرم سے کھلائیں
غذا مرغن دیں۔

عالی جناب شفاء الملک

الحاج حکیم محمد حبیب اللہ خان صاحب (اجمیری، یو۔ پی)

۱۔ نسخہ خاص:۔
سفوف بُوپھلی بوٹی ۳ ماشہ، کوزہ مصری (کوفتہ) ۱۳ ماشہ باریک کریں، روزانہ چھ ماشہ
سفوف مذکور گائے کے تازہ دودھ کے ہمراہ پندرہ یوم استعمال کریں۔ سرعت انزال کی
جریان، احتلام کی حکمی اکسیر ہے۔ (مجرب خاص ہے)
۲۔ گوش مستو:۔
تیل سرسوں ۲½ تولہ، مولی کا پانی ۲½ تولہ، ہینگ چھ ماشہ تینوں کو ملاکر نرم آگ پر پکائیں

اٹھرا کا مرض بھی دُور ہو گا۔ اور اللہ تعالیٰ چاہے تو اولاد نرینہ پیدا ہو گی۔

۱۔ نسخہ یہ ہے:۔

برادہ صندل سفید، صندل سُرخ، گیری، ہرمچی، مہندی کے پتے۔ نیم کے پتے مجیٹھ، ملٹھی، نرکچور، یہ نو دوائیں ہیں وزن ایک جیسا ہے خواہ تولہ تولہ لے لیں یا ایک ایک چھٹانک یا سیر سیر لیکر تیار کر لیں اور مشین سے رتی رتی کی ٹکیاں بنوا لیں یا سفوف کی صورت میں استعمال کریں۔

بوقت ضرورت ایک تولہ کشتہ مرجان اور جدوار خطائی دوسری ادویات کے مساوی ملا لیں۔ تو دل کی دھڑکن خفقان، لیکوریا اور بچوں کے پھوڑے پھنسیوں بخار اور اسہال میں بھی استعمال کرائیں۔ گرم اشیاء تیل کی اشیاء گرم مصالحوں مرچ سُرخ سے پرہیز کرائیں اس کے ساتھ کبھی کبھی مرکب افسنتین نامی دوا بھی استعمال کرائی جاتی ہے جو مراق مالیخولیا اور پرانے ضعف معدہ میں تریاق اثر دوا ہے۔

اس کا نسخہ یہ ہے۔ یہ دونوں نسخے حضرت مولانا کو استاد سے ملے تھے جسے آپ ساری عمر ہزارہا مریضوں کو استعمال کراتے رہے۔

۲۔ مرکب افسنتین:۔

افسنتین ۵ ماشے گل سُرخ تین ماشے، گل گاؤزبان اصلی تین ماشے، مصطگی رومی ماشہ، عود ہندی ۲ ماشہ، دانہ الائچی کلاں ماشہ، طباشیر اصلی ماشہ، کل سات دوائیں ہیں معدہ اور جگر کے امراض میں استعمال فرمائیں۔

۳۔ حب مقوی رحم مدر طمث جسے خاکسار نے سالہا سال تک بار بار بنا کر مریض مستورات کو استعمال کرایا علاوہ مدر طمث ہونے کے معین حمل ہے بعض چودہ چودہ سالہ مریض عورتوں کے ہاں اس کے استعمال سے اولاد پیدا ہوئی مقوی و مصفی رحم بھی ہے۔

صفتہ، مصبر، عصارہ ریوند تولہ تولہ، زعفران اور ہیرا کسیس چھ چھ ماشے کنوار گندل کا گودا بقدر ضرورت ملا کر نخودی گولیاں بنا لیں۔ ایام ماہواری سے ایک دن پہلے صبح و شام گرم مزاج عورتوں کو دودھ سے اور سرد مزاج کو پانی سے استعمال کرائیں۔

جب حیض کُھل کر جاری ہو جائے تو استعمال بند کرا دیں۔

نیز اگر دوا گرمی کرے تو بند کرا کر ہر دو وقت کھانے کے بعد سوڈا منٹ دو دو ٹکیہ پانی سے استعمال کرائیں سرد مزاج مریضہ کو دوا کے ساتھ ہر روز دونوں وقت کھانے کے بعد ایک ایک یا دو دو سوڈا منٹ ٹیبلٹ پانی سے استعمال کرایا کریں۔

۴۔ حب قبض کشا جو بیت حضرت ملیتن اور ہر مطب میں استعمال کرنے اور تیار کر کے رکھنے کے لیے بے نظیر اور جامع الفوائد مرکب ہے۔ اور کثیر التعداد نامی گرامی دواخانوں میں صدہا مریضوں پر استعمال ہوتی رہتی ہے۔

صفتہ، سقمونیا، لا نتی اونث مارکہ، صبر زرد، عصارہ ریوند، نوشادر تولہ تولہ، مصطگی رومی چھ ماشہ، گوند کیکر دو ماشہ سب ادویات کو باریک کر کے قطرہ قطرہ عرق گلاب ملا کر یا کنوار گندل کے گودا میں نخودی گولیاں بنا کر کے ایک دو گولی رات کو پانی یا دودھ سے کھلا دیں درد شکم میں بھی استعمال کریں۔ اگر مریض ضعف جگر کا مریض ہو تو ساتھ ہی ایک دو حب کبد نوشادری بھی کھلا دیں۔ یا حب کبد نوشادر کھانے کے بعد اور یہ گولیاں رات کو استعمال کرائیں۔

طبی مجربات

۱۔کشتہ نقرہ سہل الحصول:۔ برادہ نقرہ، سم الفار سفید، کبریت آملہ سار ہر ایک تولہ۔ باہم خشک ہی پیس کر گلی خورد میں بند دگل حکمت کے بعد ایک سیر اوپلوں کی آگ دیں، شنگرفی رنگ میں برآمد ہو گا۔

خوراک ۲ چاول مکھن یا بالائی دہی میں دیں۔ سنگرہنی کی حالت میں دہی کی لسی پلایا کریں۔

فوائد:۔ سنگرہنی کے علاوہ مقوی باہ، دافع وجع المفاصل، نزلہ و زکام کو نافع فالج، لقوہ، رعشہ، بلغمی دمہ اور نامردی میں مفید ہے مقوی دماغ اور دافع سیلان ہے۔

۲۔کشتہ سونا سہل الحصول:۔

برادہ سونا، سیماب مصفیٰ ہر ایک تولہ کجلی بنا کر ½ پاؤ کچلہ ایک پاؤ پانی میں اُبال کر ½ پاؤ رہنے پر قطرہ قطرہ ڈال کر کھرل کر کے قرص بنا کر ۵ سیر اوپلہ کی گلی ظرف میں بند کر کے آگ دیں ورنہ دوبارہ آگ دے دیں۔

خوراک دو چاول در مکھن یا بالائی۔

فوائد:۔ مقوی باہ و اعضائے رئیسہ ہے۔ ذیابیطس اور دق میں بھی

طب مشرق کا معجزہ (اکسیر اورام ہمہ اقسام)

یہ دوا تحلیل اورام (ورم مٹانے کے لیے) سچ مچ معجزہ یا کرامت ہے۔ کسی بھی طریقہ علاج اس نسخہ کا مقابلہ نہیں کر سکتا، مرہم داخلون اور ٹنکچر آیوڈین اس کے سامنے بالکل ہیچ ہیں۔ ہر قسم کے سرطان، دامیل پھوڑے پھنسی داد چنبل گندے زخم ورم فوطہ ورم رحم ورم جگر ورم معدہ ورم امعاء، ورم شانہ ورم خنازیر، (کنٹھ مالا) رسولی بہق کلف نمش ذات الجنب درد چنبل وغیرہ تمام اندرونی بیرونی، تنور یعنی پھنسیاں وغیرہ اس کے کھانے اور لگانے سے فوراً دُم دبا کر بھاگ جاتے ہیں مریض اچھا خاصا تندرست ہو جاتا ہے۔

نسخہ موصوفہ ھمہ صفت یہ ہے:

ھوالشافی:۔ کنیر کی جڑ ۵ تولہ سفید و سرخ پھول والی، اُشق مصبر یعنی ایلوا زرد اندروج تخم ترب (مُولی)، خردل (رائی)، مقل ازرق (گُوگل)، نوشادر ٹھیکری والا، شب یمانی ہر ایک ایک تولہ سب کو خوب باریک پیس کر کپڑ چھان کر لیں۔ بعد ازاں عرق برگ سوہانجنہ و سرکہ اتنا ڈالیں کہ تر بتر ہو جائے اور کھرل میں ڈال کر خوب حل کریں و گھوٹیں جب گولیوں کا سا قوام ہو جائے تو بقدر ضرورت روغن زرد شامل کر کے گولیاں باجرے برابر سب ادویہ کی بنا لیں۔

مقدار خوراک:۔

۴ رتی سے ۶ رتی تک کھائیں۔ بچوں کو ایک رتی تا ۲ رتی تک حسب عمر دیں، پچکاری کے لیے مردانہ و زنانہ امراض میں سادہ پانی میں ملا کر استعمال کریں، شیاف رحم کے لیے روغن زرد میں ملا کر استعمال کریں۔ ورم رحم و رسولی رحم کے لیے بھی اسی طرح استعمال کریں آیوڈین کا کام بھی دیتا ہے غرضیکہ جملہ اورام اندرونی و بیرونی قروح ثبور گنج وغیرہ کے واسطے اس کو معجزہ یا کرامت کہو سب کچھ بجا ہے۔ اطباء کرام کی ایک معتبر جماعت نے اسے ہزاروں مریضوں پر استعمال کر کے پبلک میں پیش کیا ہے۔

نوٹ:۔ یہ نسخہ طبی رجسٹریشن بورڈ راولپنڈی کو بھی پیش کیا جا چکا ہے، عوام الناس کی بھلائی و نفع کی خاطر۔

نسخہ ۲ طلا خاص الخاص:۔

(خود ساختہ) دنیا بھر کے طلاؤں سے بے نیاز کرنیوالا، ہزاروں روپیہ دینے والا واحد کامیاب نسخہ۔

۱۔ سی سن آئل یعنی روغن دلر چینی نامرد کو مرد بنانے میں از حد مفید ہے استرخا ٹیڑھا پن سستی دُور کر کے برانگیختی پیدا کرتا ہے مزید برآں یہ کہ وقت جماع بہت لطف و مزا پیدا کرتا ہے، ۲۔ یو کے لپٹس آئل، ۳۔ کروٹن آئل یعنی روغن جمال گوٹہ، ۴۔ آئل آف پیپرمنٹ، ۵۔ لائیکوار ایپاشک (یہ جسم پر چھالا یعنی آبلہ ڈال دیتا ہے۔ ۶۔ آئل

آزمائش کیجئے۔

نسخہ ۴ برائے درد زہ:۔

مرا ہوا بچھو کمر سے کپڑے میں پیٹ کر باندھ دیں، بہت جلد نہایت آسانی کے ساتھ بچہ پیدا ہو جاتا ہے۔

نسخہ ۵ بچھو کاٹا:۔

ایک بچھو زندہ احتیاط سے پکڑ کر میتھی لیٹڈ اسپرٹ میں ڈالدیں۔ اسپرٹ اسقدر ہو کہ بچھو بخوبی ڈوب جائے اور تقریباً اس سے ۱۲ انچ اسپرٹ کی سطح اوپر ہو، ایک مہینہ تک ایسا ہی پڑا رہنے دیں۔ زہر کو زہر مارتا ہے کے مصداق دوا تیار ہے بچھو کاٹے پر روئی کے پھاہے سے لگا دیں فوراً زہر زائل ہو جائیگا۔ تڑپتا ہوا مریض چیختا چلاتا ہنسی خوشی دعا دیتا ہوا جائیگا بارہا آزمائش کی گئی کبھی خطا نہ گیا حالانکہ بیشتر لوگوں نے مذاق بھی اڑایا علاقہ سندھ میں ریگزار ہونے کی وجہ سے بعض علاقوں میں بے انتہا نکلتے ہیں:

۱۹۵۶ء کا ذکر ہے کہ شہداد کوٹ کے ڈاک خانہ بنگلہ دمیرو خان کے فرسٹ کلاس بنگلہ میں ہم لوگوں کا کیمپ تھا۔ ۔ ۔ ۵ کے انجکشن کے سلسلہ میں عالمی ادارہ کے کچھ نمائندے آئے ہوئے تھے۔ سامان سب پیک ہو کر جارہا تھا اور تمام دوائیں جاچکی تھیں اتفاقاً ایک شیشی یہی بچھو والی الماری میں رکھی رہ گئی ہمارے انچارج میڈیکل آفیسر خان خداداد خان بھٹو مرحوم صاحب کی نظر اس پر پڑ گئی فرمانے لگے کہ یہ کیا ہے؛ بہرحال میرے ساتھیوں نے بالتفصیل بتایا جس پر انہوں نے فی البدیہہ فرمایا کہ یہ نسخہ ہمیں انگلینڈ کے ایک میڈیکل کالج کے پروفیسر نے بتلایا تھا سائنس کے موجودہ نظریہ کے تحت بالکل صحیح ہے۔ بہرحال وہ بہت حیران ہوئے کہ یہ اتنا معمولی سا نسخہ ہے جس کو ہم نے غیر ممالک میں جا کر سنا اور دیکھا۔ اس طرح کے خدا جانے کتنے نسخے ایسے لوگوں کو معلوم ہوں گے، جو عام ہونے سے رہ جاتے ہیں اور مرنے کے بعد ساتھ ہی قبر میں وہ نسخے بھی دفن ہو جاتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ کوئی ادارہ ایسا قائم ہو جو ملک کی بھلائی

آف کلوز یعنی روغن لونگ (ولایتی)، ۔ آئیل پائی رتھی عاقرقرحا کا تیل مردانہ قوت کے لیے
بالکل خاص چیز ہے۔ ۸۔ آئیل لبی کورم یا بارم آئیل بچھوؤں کا تیل ۵ تولہ، ۹۔ روغن
بام مچھلی نر یعنی بام مچھلی کی چربی کا تیل استرخا، کجی، کوتاہی لاغر اندامی فالج وغیرہ میں حکیم
مفید ثابت ہوا ہے ایک نر تقریباً چار پانچ صد مادہ مچھلیوں کے ہمراہ پانی کی گہرائی
میں نیچے یکجانب رہتا ہوا اکثر شکاریوں نے پایا۔

ادویہ نسخہ ۱۰ تا ۱۵ ہر ایک ایک تولہ۔

۱۰۔ کاڈیاشارک لیور آئیل اصلی ۱۰ تولہ ۱۱۔ روغن زیتون یعنی آیو آئیل ۱۲۔ روغن زردی بیضہ
مرغ ۱۳۔ چربی ریچھ ۱۴۔ چربی ببر شیر ہر ایک پانچ پانچ تولہ ۱۵۔ عطر حنا کہنہ ایک تولہ
۱۶۔ روغن بادام خالص ۵ تولہ ۱۷۔ روغن چنبیلی خالص ۵ تولہ۔ ۱۸۔ روغن مالکنگنی ۵ تولہ
۱۹۔ فاسفورس ایک تولہ زرد والا جملہ اشیاء کو آپس میں ملا لیں۔ فاسفورس کو کسی
بھی تیل کو گرم کر کے جب کڑکڑانے لگے اتار کر رکھ لیں اور فاسفورس حل کرلیں اور
۲۰۔ شنگرف رومی ایک تولہ کا مزید اضافہ کریں کھرل میں گھوٹ کر بورہ بقیہ اشیاء
سب یکجان کر کے کسی رنگین شیشی بحفاظت تمام سورج کی روشنی سے بچا کر سایہ میں
ٹھنڈی جگہ رکھیں اور روزانہ بوقت شب حشفہ سپاری چھوڑ کر آلت پر آہستہ آہستہ مالش
کریں اور گرد چاروں طرف کہ خوب اچھی طرح جذب ہو جائے بعد ازاں بنگلہ پان یا برگ
ارنڈ باندھ کر سادہ کپڑے کی پٹی باندھ دیں۔ ۲۱ تا ۴۰ روز کے استعمال سے بفضلہ نامرد
بھی مرد ہو جاتا ہے۔ ہر عمر میں استعمال ہو سکتا ہے۔

نسخہ ۱۲۳:۔ درد سر خواہ ۲۵ سال سے ہو اور سر کو دیواروں سے ٹیک ٹیک کر مارتا ہو غرضیکہ
درد سر کسی قسم کا بھی ہو حکیم ڈاکٹر تمام علاج سے عاجز آگئے ہوں۔

ھوالشافی:۔ برگ سنبھالو تکیہ میں بھر کر سر کے نیچے رکھ کر سویا کریں بجائے روئی وغیرہ
کے۔ ایک مہینہ کا کورس ہے پھر یہ درد تازیست نہ ہوگا۔

جس کو بخار آتا ہو دو تولہ صبح و شام گرم دودھ میں برگ سنبھالو کا سفوف بنا کر یا تازہ
برگ ڈال کر پینے سے تین چار دن میں بالکل ٹھیک ہو جائے۔ بڑی کامیاب چیز ہے ضرور

کل درجہ کا گلابی رنگت کا تیار ہو
... اول سے ایک رتی تک مقوی
... ہے۔ اسی کشتہ نقرہ کی کمیں
... ش جوڑ بندھ چکے
... ورد موقوف ہو گیا اور
... کے استعمال سے
... نے کیا تھا جو کہ

جناب حکیم مولوی عبدا...

نسخہ:-
... حکیم صاحب کے تجربات بہت ساری ا...
... تجربہ شدہ نسخہ حسب ذیل ہے۔

تریاق اعظم:-

... عرق کیوڑہ میں گھسا ہوا	۶۰
... ورق	۲۴
... سیاہ (سیاہ مرچ)	۲۴
... بہمن (سفید مرچ)	۲۴
سونٹھ	۲۴
دار چینی	۲۴ حصّہ

سب ادویات کو پیس کر دو دو رتی کی گولیاں بنا لیں جو امراض اسہال طوبتی ... امساک، احتلام، افیم چھڑاؤ، قوت باہ، جریان، دمہ بلغمی، دمہ خشک، ذات الجنب ... کی بیماریاں، رقت منی، سنگرہنی، سرعت انزال، ضعف جگر، واقع قبض تار... ... کھانسی، خشک کھانسی، لقوہ، مولد خون، مشتہی، نقرس، وجع المفاصل، بلغم ... کے واسطے صحیح معنوں میں تریاق اعظم ثابت ہوتی ہے اور مطب کو چمکانے والا نسخہ ہے۔ عاقل یا کوئی حکیم حاذق عقل سے کام لیکر بہت سارے امراض میں کام لے سکتے ہیں

کی خاطر کھڑا ہو کر سرمایہ بجائے کہیں اور لگانے کے ایسے لوگوں کی حوصلہ افزائی کرے جو
نسخے یا طبی مضامین عطا کرنا یا شائع کرنے کی آرزو و حسرت دل میں لئے بیٹھے ہیں بشرط
حیات انشاء اللہ ہر ماہ کچھ نہ کچھ مضامین و نسخہ جات رسالہ اسرار حکمت میں شائع
ہوتے رہیں گے اگرچہ ایڈیٹر موصوف نے پسند فرمایا، چنانچہ ہم نے اس پیشہ میں بہت
در بدر کی ٹھوکریں کھائی ہیں اور زر پھونک تماشا دیکھا ہے ملک بہ ملک قریہ بہ قریہ گھوم
پھر کر کچھ در ہائے نایاب گوہر آبدار منفرد طریق علاج کا منہ توڑ خاطر خواہ جواب پیدا کیا ہے

سانپ کاٹے کی دوا (بغیر کھلائے پیئے ٹھیک)

نسخہ ۱ برائے مار گزیدہ:-

درخت پیپل کی ۲/۱ لکڑی سوٹی ۴ انچ لانبی تازہ بنا کر رکھ لیں اور مار گزیدہ کے دونوں
کانوں میں لگا رکھیں چند منٹ میں تمام فاسد زہر و خون چوس لیں گے۔ اور مریض
دیکھتے ہی دیکھتے صحت یاب ہو جائیگا۔

نسخہ ۲ برائے صرع:- مشہور جانور لال کو حلال کر کے اس کا خون انگشت
شہادت سے مریض کا منہ کھول کر بوقت دورہ تالو سے لگا دیں ساری زندگی دورہ نہ پڑے
گا۔ لاکھ روپیہ کا ایک نسخہ ہے۔

نسخہ ۳:- ایضاً اونٹ کی ناک کے کیڑے سایہ میں خشک کر رکھیں، بوقت دورہ درونا
بطور ہلاس کر سنگھائیں۔ بہت جلد اس موذی مرض سے چھٹکارا حاصل ہو جائے گا۔

نسخہ ۹:- برگ و تخم لاجونتی کوٹ کر ہمراہ آب تازہ ۳ ماشہ روزانہ کھانا سرعت انزال کے
لیے عجیب الاثر ہے۔

جناب حکیم مولوی عبدالرشید بیگ قدسی

نسخہ:-
[illegible] حکیم صاحب کے تجربات بہت ساری ادویات پر طلسماتی اثر پائے جاتے ہیں۔
[illegible] تجربہ شدہ نسخہ حسب ذیل ہے۔

تریاق اعظم:-

[illegible] عرق کریلہ میں گھسا ہوا ——— ۶۰ حصہ
[illegible] ذراز ——— ۲۴ ״
[illegible] سیاہ (سیاہ مرچ) ——— ۲۴ ״
[illegible] ابیض (سفید مرچ) ——— ۲۴ ״
سونٹھ ——— ۲۴ ״
دارچینی ——— ۲۴ حصہ

سب ادویات کو پیس کر دو دو رتی کی گولیاں بنالیں جو امراض اسہال مطوبتی [illegible] امساک، احتلام، افیم چھڑاؤ، قوت باہ، جریان، دمہ بلغی، دمہ خشک، ذات الجنب [illegible] بیماریاں، رقت منی، سنگرہنی، سرعت انزال، ضعف جگر، دافع قبض، نارو [illegible] کھانسی، خشک کھانسی، لقوہ، مولد خون، مشتہی، نقرس، وجع المفاصل، بلغم [illegible] کے واسطے صحیح معنوں میں تریاق اعظم ثابت ہوتی ہے اور مطب کو چمکانے [illegible] نسخہ ہے۔ عاقل یا کوئی حکیم حاذق عقل سے کام لیکر بہت سارے امراض میں [illegible] لے سکتے ہیں

کی خاطر کھڑا ہو کر سرمایہ بجائے کہیں اور لگانے کے ایسے لوگوں کی حوصلہ افزائی کرے جو
نسخے یا علمی مضامین عطا کرنا یا شائع کرنے کی آرزو و حسرت دل میں لئے بیٹھے ہیں بشرط
حیات انشاء اللہ ہر ماہ کچھ نہ کچھ مضامین و نسخہ جات رسالہ اسرار حکمت میں شائع
ہوتے رہیں گے اگرچہ ایڈیٹر موصوف نے پسند فرمایا، چنانچہ ہم نے اس پیشہ میں بہت
در بدر کی ٹھوکریں کھائی ہیں اور زر پھونک تماشا دیکھا ہے ملک بہ ملک قریہ بہ قریہ گھوم
پھر کر کچھ در ہائے نایاب گوہر آبدار مغربی طریق علاج کا منہ توڑ خاطر خواہ جواب پیدا کیا ہے

سانپ کاٹے کی دوا (بغیر کھلائے پیئے ٹھیک)

نسخہ ۱ برائے مار گزیدہ۔

درخت پیپل کی ۱/۲ لکڑی موٹی ۴/۱ انچ لانبی تازہ بنا کر رکھ لیں اور مار گزیدہ کے دونوں
کانوں میں لگا رکھیں چند منٹ میں تمام فاسد زہر و خون چوس لیں گے۔ اور مریض
دیکھتے ہی دیکھتے صحت یاب ہو جائیگا۔

نسخہ ۲ برائے صرع۔ مشہور جانور لال کو حلال کر کے اس کا خون انگشت
شہادت سے مریض کا منہ کھول کر بوقت دورہ تالو سے لگا دیں ساری زندگی دورہ نہ پڑے
گا۔ لاکھ روپیہ کا ایک نسخہ ہے۔

نسخہ ۸۔ ایضاً اونٹ کی ناک کے کیڑے سایہ میں خشک کر رکھیں، بوقت دورہ و روزانہ
بطور ہلاس کر سنگھائیں۔ بہت جلد اس موذی مرض سے چھٹکارا حاصل ہو جائے گا۔

نسخہ ۹۔ برگ و تخم لاجونتی کوٹ کر ہمراہ آب تازہ ۲ ماشہ روزانہ کھانا سرعت انزال کے
لیے عجیب الاثر ہے۔

حکیم محمد سعید صابر ڈیروی

مجربات جو بارہا مرتبہ کے مجرب و زود اثر ہیں

۱۔ کشتہ صدف مروارید قلعی پارہ والا۔ بخاروں اور جریان منی کے لئے مجرب ہے۔
استاد نتھو قصاب جو فن اکسیر میں بھی ماہر تھے، ان کو ایک بڑھیا مائی صاحبہ نے عطیہ دیا تھا، مائی صاحبہ مرحومہ جو ۹۰ برس کی عمر کی تھی بڑی مہربانی سے بتایا تھا۔ اس مائی صاحبہ مرحومہ کے پاس اہل محلہ بڑی تعداد میں صبح و شام آتے تھے وہ بڑھیا سب کو مفت دوا دیتی تھی جس کی چند خوراکوں میں بخار اور جریان کو آرام ہو جاتا تھا۔
صفتہ صدف مروارید ایک پاؤ لے کر ہاون دستہ آہنی میں کوٹ کر کپڑ چھان کر لیں قلعی ۲½ تولہ، سیماب مصفیٰ ۲½ تولہ لے کر دونوں عقد کر لیں اب صدف اور عقد دونوں کو کھرل کر لیں ایک جان ہونے پر عرق گاؤزبان اصلی ایک بوتل تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کریں ایک بوتل کھرل ہو چکنے کے بعد قرص ٹکیہ کی شکل بنا کر خشک ہونے پر ایک کوزہ گل گل حکمت شدہ میں ڈال کر سنپٹ کر لیں۔ سنپٹ جب خشک ہو جائے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں، سرد ہونے پر نکال کر پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ بخار والے چار سرخ شربت بزوری عرق گاؤزبان کے ساتھ دیں اور جریان والے کو چار سرخ مکھن یا ملائی میں رکھ کر اوپر ایک پاؤ دودھ میٹھا ڈال کر نوش کریں بفضلہ تعالیٰ چند خوراکوں میں بقعہ عشرہ میں صحت کلی ہو جاتی ہے، جریان والے کو ۲۱ خوراک تک استعمال کرا سکتے ہیں۔

۲۔ کشتہ نقرہ:۔
برادہ نقرہ ایک تولہ لیکر گلاب بہاری جس کی گلقند بناتے ہیں کا پانی نکال کر پانچ تولہ پانی سے کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر ایک چھٹانک گلاب میں رکھ کر دو سیر کی آگ دیں

اور اسی طرح اکیس آگ دینے کے بعد کشتہ نقرہ اعلیٰ درجہ کا گلابی رنگت کا تیار ہو جائے گا نکال کر بحفاظت شیشی میں رکھیں خوراک چار چاول سے ایک رتی تک مقوی اور حرارت عزیزی کو پیدا کرتا ہے۔ حد درجہ کا مقوی بدن ہے۔ اسی کشتہ نقرہ کی کیس خوراک سے ایک مریض جس کے ہاتھ پیر اور جوڑوں کے درد کے باعث جوڑ بند ہو چکے تھے اور وہ اٹھ کر چل پھر نہیں سکتا تھا سات خوراک کے استعمال سے درد موقوف ہو گیا اور ہاتھ کھل گئے۔ ۱۴ روز کے عرصہ میں تندرست اور توانا ہو گیا اکیس روز کے استعمال سے بالکل تندرست ہو گیا۔ یہ مجرب علاج حکیم حاجی حسین بخش ماہر کشتہ ساز نے کیا تھا جو کہ فن کشتہ سازی میں مانے ہوئے طبیب تھے۔

۳۔ کشتہ تانبہ جاذب سیماب:۔
ایک تولہ برادہ تانبہ لیکر ہرن کھری جسے پنجابی زبان میں ہلی کہتے ہیں۔ کے پانی ایک چھٹانک میں کھرل کریں۔ اور ہلی کے تازہ نغدہ آدھ پاؤ میں قرص بنا کر رکھیں اور گل حکمت کر کے دو سیر کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر مزید ایک چھٹانک پانی ہرن کھری میں کھرل کریں۔ اور ہرن کھری کے آدھ پاؤ نغدہ میں رکھ کر ۴ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر کھرل میں ڈال کر پیسیں اور سیماب مصفیٰ ڈال کر کھرل کریں اور بوٹی مذکور کا پانی کھرل کریں۔ جب سیماب جذب ہو جائے تو آدھ پاؤ نغدہ بوٹی مذکور میں رکھ کر آگ دیں اور سرد ہونے پر نکالیں، نامردی اور ضعف باہ کے لیئے ایک خس سے ایک چاول تک استعمال کریں۔ اور روغن گھی کا استعمال کریں۔ جب پیاس لگے تو گھی دودھ میٹھا ڈال کر پئیں انشاء اللہ تین روز میں نامرد مرد ہو جاتا ہے اور اگر قسمت یاور ہو تو قلعی کا پانی خشک کر کے چاندی بنا دیتا ہے۔ یہ کشتہ تانبہ ہندوستان کی سیاحت کے زمانہ میں ایک سادھو سنیاسی نے حکیم محمد بخش سنیاسی کو بتایا تھا اور حکیم صاحب نے مجھے بتایا جو کہ بارہا تجربہ میں اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ ثابت ہوا ہے۔

۴۔ اکسیر قوت باہ:۔ (جو آپ ہی کا ایجاد کردہ ہے۔)
۱۹۳۷ء میں ایک نوجوان مطب میں آیا جو کہ بظاہر تندرست معلوم ہوتا جب تشخیص کیا

گیا تو وہ ایسا نامرد تھا جیسے آٹھ برس سے مطلقاً شہوت ہی نہیں آئی تھی جو کہ بچپن کی غلط کاریوں کا نتیجہ تھی۔ ہم نے اُسے کشتہ شنگرف اور ہڑتال ورقیہ دو دو رتی کی خوراک بحالی مکھن میں رکھ کر کھلائی اور دودھ گھی کا استعمال کرایا اور ساتھ طلاء بے نظیر بے ضرر کی مالش کرائی چودہ روز میں قوت مردمی عود کر آئی۔ اور اکیس روز میں تندرست ہو گیا۔ ۱۹۴۷ء میں فتنہ اور فساد کے باعث اس کی ملاقات نہ ہو سکی اور تقسیم ملک کے بعد وہ لاہور میں آ گیا اور میں راولپنڈی میں چلا گیا۔ ۱۹۴۸ء میں میں لاہور آیا تو وہ مجھے تلاش کرتا ہوا مل گیا اور اس نے بتایا کہ میں دوستوں کے ساتھ چھانگوٹ دھرسالہ پہاڑ پر پکنک منانے چلا گیا اور وہاں غلط کاریوں کا شکار ہو گیا اور اب میں قوت مردمی بالکل کھو چکا ہوں ایک مہینہ شادی میں رہ گیا ہے، للہ میرا علاج کریں اور میں آئندہ غلط کاریوں سے توبہ کرتا ہوں اور میرا علاج کریں۔

ہم نے وہی کشتہ شنگرف اور ہڑتال ورقیہ کا استعمال کرانا شروع کر دیا اور ساتھ میں طلاء بے نظیر بے ضرر کا استعمال کرانا شروع کر دیا بفضلہ تعالیٰ ایک ماہ میں وہ بالکل تندرست ہو گیا اور شادی کے بعد ملاقات ہوئی تو اس نے کہا کہ آپ کے طفیل میں کامیاب اور بامراد ہو گیا ہوں۔

شادی کو چودہ پندرہ مہینے ہو گئے اور کوئی اولاد نہ ہوئی تو پھر وہ میرے پاس آیا اور کہا کہ میں بالکل مرد ہوں اور میری بیوی کو بھی معلوم ہے کہ میں مرد ہوں لیکن خاندان میں چہ مگوئیاں ہو رہی ہیں کہ کیا وجہ ہے کہ اولاد نہیں ہوتی تو ہم نے اسے اکسیر قوت کی تین خوراک دیں۔ اور کہا کہ شہر گوجرانوالہ میں جا کر استعمال کرنا اور گھی دودھ میٹھا دل کھول کر خوب استعمال کرنا۔ اُس نے ایسے ہی کیا اور واپس آیا تو اللہ تعالیٰ کی قدرت کا معجز نما اثر ظاہر ہوا اور پہلے ہی حمل میں اللہ تعالیٰ نے فرزند عطا کیا۔ اور پھر دوسرا لڑکا پیدا ہوا غرضیکہ اب اُس کے ہاں آٹھ دس لڑکے لڑکیاں ہیں جو بفضلہ تعالیٰ زندہ ہیں، شکر اللہ تعالیٰ

اکسیر مقوی باہ وضعف نامردی کے لئے اکسیر ہے۔ چار پانچ روز کے استعمال سے

گیا گذرا نامرد بھی مرد ہو جاتا ہے۔

صفتہ:۔

ایک تولہ سیماب مصفیٰ، ایک تولہ جست مصفیٰ دونوں کو عقد کر لیں اور ایک روز سادہ ہی کھرل کریں، دوسرے روز روغن نوشادر ہوائی ایک تولہ ڈال کر کھرل کریں۔ اور ایک چینی کے پیالہ گل حکمت شدہ میں رکھ کر ایک پاؤ اوپلوں کی آگ دیں۔ آگ پیالہ کے نیچے ہی رہے اور ڈھکن رکھ دیں۔ اسی طرح آٹھ روز تک آنچ دے کر محفوظ رکھیں۔ آب پیاز ۴ تولہ آب مار بینگن گول ۴ تولہ ایک چینی کے پیالہ میں ایک تولہ شنگرف ایک تولہ ہڑتال ورقیہ ڈال کر آب بینگن آب پیاز ڈال کر نیچے آگ جلائیں پیالہ بڑا ہو اور گل حکمت شدہ ہو، جب آٹھ تولہ آب پیاز و آب بینگن خرچ ہو جائے تو شنگرف کو آب گرم سے دھوئیں اور [illegible] دور کر دیں اسی طرح ہڑتال کو دھو کر صاف کر لیں۔ ایک تولہ کبریت مصفیٰ الیکر آب جست پارہ شنگرف ہڑتال ورقیہ اور کبریت آملہ سار ان پانچ چیزوں کو سرکہ مقطر جس میں ایک چھٹانک سوہاگہ سفید ایک چھٹانک پھٹکڑی سفید ایک چھٹانک نمک سیاہ۔ ایک چھٹانک نوشادر ٹھیکری باریک پیس کر آٹھ تولہ سرکہ ڈال کر قرع انبیق سے مقطر کریں۔

ان پانچوں اجزاء کو سرکہ سے کھرل کریں۔ ایک روز اور دو چینی کی پیالیوں گل حکمت شدہ میں رکھ کر لب خوب بند کریں۔ اور ایک ہنڈیا جس میں تین چار سیر ریت آ جائے لے کر گل حکمت کر لیں۔ اب ایک سیر ہنڈیا میں ڈال کر اوپر دوا کی پیالیوں کو رکھیں اور دو سیر ریت اوپر ڈال کر آگ دیں ۴ گھنٹے نیچے آگ دیں اسی طرح ستائیس آگ دیں، اب اکسیر تیار ہے ایک سرخ خوراک مکھن یا بالائی میں رکھ کر استعمال کریں اور گھی دودھ خوب نوش کریں، کھٹی ترش اور تیل والی اشیاء سے کلی پرہیز کریں۔

انشاء اللہ طبعی امساک پیدا ہو گا اور مادہ منویہ غلیظ ہو گا اور مادہ منویہ میں اولاد پیدا کرنے والے جراثیم پیدا ہوں، جن کی منی میں اولاد پیدا کرنے والے جراثیم نہ ہوں یا پیدا نہ ہوتے ہوں ان کو استعمال کرائیں اور قدرت خداوندی کا کرشمہ ملاحظہ فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ نے دواؤں میں کیا تاثیر پیدا کی ہے۔

ایک شخص آیا اُس کو پانچ روز دوا استعمال کرائی اتنی قوت پیدا ہوئی کہ اس نے دوسری شادی کی اور اُس کو اللہ تعالیٰ نے اولاد بھی دی اور پہلی بیوی سے بھی اولاد ہوئی من الاسرار المخفیہ و مکذونہ جو بنائیں گے وہ اس احقر العباد کو دعائیں یاد فرمائیں۔

حکیم محمد اسمٰعیل زبدۃ الحکماء

اٹھرا:۔ مرمہ سیاہ، ریٹھہ چھلکا، ہموزن باریک پیس کر گولیاں بقدر مونگ تیار کر لیں، کھانا کھانے کے بعد ایک ایک گولی ہمراہ دودھ استعمال کرائیں۔

حمل ہونے کے بعد دوا شروع کریں۔ جب بچہ پیدا ہو کر ایک سال کا ہو جائے تو پھر گولیاں کھانا بند کر دیں۔ دوسرے بچہ کے وقت دوا کھلانے کی ضرورت نہیں ہے دودھ گھی گوشت وغیرہ خوب کھانے میں دیا جائے۔ پھل زیادہ استعمال کرائیں، چاول اور دال وغیرہ کم کھائیں۔

نشاط آور:۔ عاقر قرحا، سونٹھ، سرد چینی، زعفران کشمیری، فلفل دراز، جائفل، لونگ صندل سفید ہر دوا ایک ایک تولہ افیون ۴ تولہ سب ادویات باریک سفوف کریں۔

سرعت کے لیئے روزانہ آدھ رتی سے ایک رتی صبح و شام ہمراہ دودھ دیں اور امساک کے لیئے خاص وقت سے دو گھنٹے پیشتر ایک سے دو رتی کی خوراک شہد میں ملا کر چٹائیں اوپر سے نیم گرم دودھ پلائیں۔

کالی کھانسی:۔ کاکڑا سنگی ۱ ماشہ باریک پیس کر شہد میں حل کر کے دن میں دو تین بار بچوں کو چٹائیں انشاء اللہ پہلے روز ہی فائدہ ہو گا۔

حکیم نذیر حسین اکمل (غطیک)

مجربات

۱۔ حب کیمیا:۔ کشتہ فولاد ۲ ماشہ، سم الفار ۱ ماشہ، کچلہ مدبر ۲ ماشہ، کتھہ سفید ایک تولہ

سب کو پیس کر شہد میں ایک رتی کے برابر گولیاں بنائیں، کھانا کھانے کے بعد ایک ایک گولی کھائیں۔

فوائد: ضعف باہ وغیرہ کے لیئے بہترین دوا ہے۔

اکسیر دمہ: سم الفار ۱ تولہ، بابچی ۱ تولہ، پوست بیخ آک ۱ تولہ، نمک ترتوم خانہ ساز ۱ تولہ کل اجزا ۴۔

ترکیب تیاری واستعمال: یکے بعد دیگرے علیحدہ علیحدہ کھرل کریں۔ بعد ازاں برگ بانسہ، ملٹھی، مالکنگنی ہر ۲ تولہ دو سیر پانی ڈال کر پکاویں جب نصف رہ جائے ادویہ کو اس پانی کے ساتھ کھرل کریں۔ اسطرح دوسری دفعہ پھر تیسری دفعہ موٹھ کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی صبح ایک شام بکری کے دودھ کے ہمراہ۔

پرہیز: چاول اور ثقیل چیزیں وغیرہ۔

عرق مفرح: کشنیز ۲ تولہ، الائچی خورد ۱ تولہ، کاسنی ۵ تولہ، صندل سفید ۲ تولہ، نیلوفر ۲ تولہ، گاؤزبان ۲ تولہ، گل بنفشہ ۲ تولہ، ملٹھی ۲ تولہ، عناب ۲ تولہ: کل اجزا: ۹

ترکیب تیاری: بطریق معروف عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک ۵ تولہ صبح، ۵ تولہ شام

فوائد: جگر کی گرمی خشکی گلے پڑنے کو بہت مفید ہے۔

حکیم محمد بشیر احمد (عطیک)

مُجربات

۱۔ مقوی دماغ: کشتہ مرجان جواہر والا ایک رتی، اسپرین ۲ رتی، کیفین ۱ رتی، یہ ایک

خوراک ایسی دن میں دو خوراکیں استعمال کرائیں۔

فوائد: ضعف دماغ، دماغی تھکاوٹ، دردسر، نزلہ و زکام کے لیئے اکسیر ہے۔

۲۔ اکسیر لیکوریا: کشتہ بیضہ مرغ ۴ رتی، کیلسیم لیکٹیٹ ۱ ماشہ دن میں دو خوراکیں ہمراہ آب تازہ۔

۳۔ اکسیر جریان: کشتہ سہ دھاتہ ۱ رتی، پوٹاشیم برومائیڈ ۳ رتی ایسی ایک خوراک صبح و شام دیں۔

فوائد: جریان، احتلام اور ذکاوت حس کے لیئے مفید ہے۔

چودھری محمد یوسف (ایک حکیم ایک ڈاکٹر)

مجرّبات

۱۔ مطلب کا نسخہ: بیخ اسگندھ ناگوری ۱۰ تولہ، نشاستہ ۱ تولہ، مغز بادام ۳ عدد، مرچ سیاہ ۱ تولہ، چینا گوند ۳ تولہ، نبات سفید ہموزن آدھ سیر گھی میں تمام ادویات کا سفوف بعوض نبات سفید ملائیں۔ مقدار خوراک ۵ سے ۱۰ ماشے تک ہمراہ شیر گاؤ۔

فوائد: سمن بدن ہونے کے ساتھ ساتھ تقویت باہ کے لئے بہترین دوا ہے۔ وضع حمل کے بعد عورت کو کھلانا بے حد فائدہ مند ہے۔

۲۔ کشتہ سرب: سرب ایک چھٹانک ایک کڑاہی میں گلا کر آکسن کی ایک لمبی جڑ یا لکڑی اس میں پھیرتے رہیں۔ اور آنچ تیز رکھیں حتیٰ کہ تمام سیسہ کشتہ ہو جائے بہت عمدہ رنگ زرد کشتہ ہوگا۔

مقدار خوراک: ۲ رتی ہمراہ مسکہ گاؤ۔

فوائد: یہ کشتہ جریان، احتلام، سرعت انزال اور تقویت باہ کے لیئے بے نظیر ہے۔

۳۔ ٹنکچر اسگندھ: بیخ اسگندھ ۱۵ تولہ جو کوب کر کے سپرٹ رکٹی فائیڈ اپویٹڈ میں

ڈال کر اچھی طرح کارک لگا کر اندھیری جگہ رکھدیں۔ اور ہر روز ہلا دیا کریں۔ چالیس روز کے بعد فلٹر کر لیں، مقدار خوراک ۵ سے ۱۵ بوند۔

فوائد:۔ سیلان الرحم، عسر الطمث اور بے قاعدگی ایام نیز سیلان الرحم اور کمزوری اعصاب درد کمر، سل دق، سوکھا، عرق النساء، درد سر بوجہ ضعفِ دماغ، لقوہ فالج میں بے حد سود مند ہے۔

جس غذا کے کھانے کی عادت نہ ہو وہ معدہ میں جا کر فاسد ہو جاتی ہے۔ اگرچہ مقابلہ کی نسبت وہ زود ہضم اور عمدہ ہی کیوں نہ ہو۔ جب تک بتدریج اس کی عادت نہ ہو جائے اس وقت تک موافق نہیں آتی۔ جس غذا کی عادت ہو معدہ اسے فوراً قبول کر لیتا ہے اس لیے ہاضمہ کا عمل نہایت خوبی کے ساتھ انجام پاتا ہے۔ (رازی و مانغی)

حکیم و ڈاکٹر ولی محمد جالندھری (عطیک)

مجربات

اکسیر جگر:۔

کالی زیری، پوست ہلیلہ زرد، چرونجی، مغز بھلاواں، دارچینی ہر ایک ۲ تولہ، بھنگرہ سیاہ ۳ تولہ، بیخ کچالو ساڑھے تین تولہ، قند سیاہ کہنہ ہموزن ادویہ ملا کر نخود کے برابر گولیاں تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ ایک گولی صبح ایک گولی شام،

فوائد:۔ ورم جگر، استسقاء، اسہال جگری، بھوک کی کمی، خرابی معدہ کے لئے اکسیر ہے۔ چالیس روز تک استعمال کریں۔

نوٹ:۔ اگر اس میں پانچ سیر گڑ کہنہ ملا کر تین ساتھ گولیاں بنا کر استعمال کی جائیں تو

سیاہ ہو جائیں گے انشاء اللہ تعالیٰ۔

۱۔ اکسیر باہ:۔ اسپند سوختنی نصف بریاں اور نصف خام، پوست خشخاش، کنجد سیاہ ہر ایک ایک تولہ، قند سیاہ ۴ تولہ ملا کر گولیاں جنگلی بیر کے برابر تیار کریں۔ گیارہ روز استعمال کریں عجیب چیز ہے۔

فوائد:۔ ضعف باہ، سرعت انزال کے لیئے اکسیر مجرب ہے۔

۲۔ قرنفل ۲ تولہ شیر مدار میں سات روز تر رکھیں پھر سات روز کے پھل دھتورہ میں بند کر کے آرد گندم میں گل حکمت کر کے آگ میں سوختہ کریں بعد سرخ ہونے کے نکال کر نصف قرنفل سردیوں میں استعمال کریں، سات روز میں نامرد مرد کامل ہو جائیگا۔

حکیم و ڈاکٹر محمد سلیم اختر (عطیک)

مجربات

۱۔ برائے کمزوری:۔

زردی بیضہ مرغ اُبالی ہوئی بریاں کردہ، ۴۰ عدد، زنجبیل ۳ تولہ، فلفل دراز ۳ تولہ، قرنفل ۳ تولہ جاوتری ۳ تولہ، زعفران اعلیٰ قسم ۱ تولہ، خولنجاں ۳ تولہ، آب پیاز ۱ تولہ، آب ادرک ۱ تولہ۔ باریک پیس کر شہد سہ چند ملا کر معروف طریق سے معجون بنا دیں۔

خوراک:۔ علی الصبح ۱ تولہ ہمراہ شیر گاؤ۔

۲۔ طلائے مقوی:۔ افیون خالص ۴½ ماشہ، زعفران ۱ ماشہ ۴ رتی، مشک خالص ۲ رتی روغن یاسمین ½۱ تولہ،

اشیاء باریک پیس کر روغن میں ملا کر جوش دلویں، طلا تیار ہے۔ جو مریض مخلوق کو بہت فائدہ دیتا ہے۔

۳۔ <u>برائے آتشک</u>:۔ زعفران ۱ تولہ، قرنفل ۲ تولہ، کافور بھیم سینی ۲ تولہ، نیل قلمی ۲ تولہ، شنگرف رومی ۳ تولہ، دانہ الائچی خورد ۳ تولہ، بھیڑ کا گھی ۶۰ تولہ، مردار سنگ ۲ تولہ،
اول رسکپور جو بھرے لیئے جاویں۔ بعد کو سب دوائیں گھی میں ۹۰ روز کھرل کریں کھرل ۱۲ گھنٹے کا ہو۔
<u>خوراک</u>:۔ ۲ رتی صبح و شام دیویں۔

حکیم محمد نبی خاں جمال سویدا

<u>معمولاتِ مطب</u>

<u>حب کالی کھانسی</u>:۔ گندھک آملہ سار مدبر، ست لوبان خانہ ساز، چوکیا سوہاگہ بریاں، پیپل، ملیٹھی مسلم سوختہ، عناب مسلم سوختہ، افیون بریاں، برگ پان سوختہ، نمک سیاہ، کاکڑا سنگی ہر ایک تین ماشہ، رب السوس ۲ تولہ سب کو پیس کر پانی ملا کر اور قدرے شہد کی مدد سے ماش کے برابر گولیاں بنائیں۔
<u>مقدار خوراک</u>:۔ ایک ایک گولی روزانہ چار بار استعمال کرائیں۔
<u>فائدہ</u>:۔ کالی کھانسی کے لیئے ایک تیر بہدف نسخہ ہے سینکڑوں بار کا مجرب ہے۔
<u>دوائے حب القرح</u>:۔ پوست بیخ بکائن ۶ ماشے کو آدھ پاؤ پانی میں جوش دیں، جب آدھی چھٹانک رہ جائے تو ذرا سا گڑ ملا کر رات سوتے وقت پلائیں اس سے کدو دانے اور کیچوے دونوں دفع ہو جاتے ہیں۔

علم الحکمت کا صحیح اور مخلصانہ استعمال اپنے فیوض و برکات سے انسان کو ایسے اعلیٰ و ارفع مدارج و مناصب پر پہنچا دیتا ہے جن کے سامنے دنیاوی عز و جاہ اور شہرت و دولت کوئی معنی نہیں رکھتی۔
(صہبائی)

حکیم عبدالمالک مجاہد

مجربات:

۱۔ <u>خنازیر کا حکمی علاج</u>:۔ گلٹیاں ہوں یا زخم بہتے ہوں کسی مرہم اور جراحت کی ضرورت نہیں زیادہ سے زیادہ ۱۲ دن کے استعمال سے پرانی اور ہٹیلی مرض دور ہو گی پھر زندگی میں کبھی یہ مرض عود نہ کرے گا بے حد مصفی خون بھی ہے۔
میٹھا تیلیا سیاہ اک تولہ، عقرقرحا ۱ تولہ، دانہ الائچی خورد ۱ تولہ، شنگرف رومی ۱ تولہ، فلفل دراز ۱ تولہ، رسکپور ۳ ماشہ، کل اجزاء چھ۔
<u>ترکیب تیاری</u>:۔ ایک ہفتہ سحق بلیغ کریں، مقدار خوراک زیادہ سے زیادہ ۲ رتی کیپسول میں بند کر کے دیں پہلے ہی ہفتے زیادہ سے زیادہ تین ہفتے میں مرض ختم ہو جاتا ہے۔
۲۔ <u>طلاء ظفری</u>:۔ کنگن کھار پاؤ۔ پانی چار سیر، سم الفار سفید باریک کیا ہوا ایک تولہ کل اجزاء ۳۔
<u>ترکیب تیاری</u>:۔ تمام اجزاء کو قلعی دار برتن میں بھگو دیں، دن میں دو تین بار ہلاتے رہیں چار دن کے بعد آگ پر رکھ کر اسقدر پکائیں کہ گارا سا رہ جائے کھلے منہ کی شیشی میں ڈال کر تیز دھوپ میں رکھ دیں روغن اوپر آتا جائیگا روغن اتارتے جائیں محفوظ رکھتے جائیں ایک دو قطرے بطور طلاء عضو مخصوص پر لگائیں ہر قسم کی خرابی دور ہو گی۔
۳۔ زخم، پھوڑا، پھنسی ناسور بھگندر کے لیئے عجیب الاثر و حیرت انگیز مرکب ثابت ہو گا۔
<u>نسخہ</u>:۔ ایک پاؤ روغن کنجد خالص میں تیزاب سرخ کا ہی ایک چھٹانک ڈال کر ٹھنڈے پانی میں رکھیں یعنی بوتل کو ۲۴ گھنٹے کے بعد نکالیں اس کا رنگ گہرا سرخ ہو گا ایک ہفتہ کے بعد روئی کے پھریرے سے مقام ماؤف پر لگائیں۔

حب عصارہ :۔ معمولی قبض کو دور کرنے کے لیئے بہت اچھی چیز ہے۔ بچے، جوان
اور بوڑھے سب استعمال کر سکتے ہیں۔

نسخہ ایلوا ایک تولہ، عصارہ ریوند ایک تولہ، مصطگی رومی ۲ ماشہ سب کو باریک پیس کر چھان
کر دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنائیں۔ بوقت خواب ۲ گولی سے ۴ گولی تک (عمر کے مطابق)
کھلائیں۔ اگر تین چار دست لانے کی ضرورت ہو تو جوانوں کو آٹھ سات گولی تک دے
سکتے ہیں۔ شیرخوار بچے کو ایک گولی کافی ہوتی ہے۔

سنون :۔ ہلتے ہوئے دانتوں کو مضبوط کرنے، دانتوں کے درد کو تسکین دینے اور
خون کو روکنے کے لیئے مفید ہے۔

نسخہ :۔ چھالیہ، مازو سبز، پھٹکڑی بریاں، کتھ، کافور، ناسپال (پوست انار)
[illegible] راحت، الائچی کلاں، سرد چینی، عاقرقرحا، مرچ سیاہ، پوست ببول، پوست بیلہ
[illegible] مصطگی، رال سفید، دم الاخوین ہر ایک، ایک ایک تولہ توتیاں بریاں چھ ماشہ،
الیون تین ماشہ،
سب کو باریک پیس کر چھان کر دانتوں پر ملیں،

(بشکریہ رہنمائے صحت)

حکیم سیّد ظلّ الرحمٰن

ایک ممتاز اور یگانہ صفت، طبّی شخصیت،

آپ کے مجرّبات

حریرہ مقوی و مرطب دماغ :۔ یہ حریرہ دماغ کو قوت دینے اور ترطیب پہنچانے کے لیے
بے حد مفید ہے خشکی اور ضعف دماغ کی وجہ سے جو امراض (مثلاً بے خوابی، نزلہ دائمی)
پیدا ہو جاتے ہیں وہ بھی اس کے استعمال سے زائل ہو جاتے ہیں۔

نسخہ :۔ مغز بادام شیریں مقشر ۵ دانہ، مغز کدو شیریں ۶ ماشہ، مغز تربوز ۶ ماشہ، تخم خشخاش
سفید ۳ ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں ۲ ماشہ، سب کو دودھ پاؤ سیر میں پیس کر چھان لیں، اس کے
بعد گھی دو تولہ کو دیگچی میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں اور اس میں چند لونگ ڈال کر سُرخ کر لیں
تو اسمیں مذکورہ دودھ بگھاریں اور جوش دیں، اس کے بعد مصری دو تولہ ملا کر سرد کر کے
نیم گرم پیئیں (اگر دودھ موافق نہ ہو تو اس کے بجائے پانی میں پیس کر چھان کر تیار کر سکتے
ہیں۔

نسخہ مروّقین :۔

ورم جگر، ورم عضلاتِ شکم اور یرقانِ زرد کے لیئے مفید و معمول ہے۔
آب کاسنی سبز مروّق ۴ تولہ، آب مکوے سبز مروّق ۴ تولہ میں خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ ملا کر پلائیں
اور دوسری مناسب بہ حسب مریض اور مرض کے مطابق کام میں لائیں۔

آب ترب مروّق :۔ یرقان کے لیئے بے نظیر دوا ہے۔ آب برگ ترب سبز مروّق (مولی
کے سبز پتوں کا پھاڑا ہوا پانی) پانچ تولہ میں شکر سرخ دو تولہ ملا کر پلائیں، اگر قبض کی شکایت
ہو تو شکر سرخ کی بجائے شربت دینار ۳ تولہ اضافہ کریں۔

سید محمد حسین شاہ صاحب الہ آبادی

۱۔ بچوں کی پسلی چلنا، سانس پھولنا، سردی لگنا، کھانسی کا بار بار اُٹھنا، نمونیہ ہونا، دیگر امراض سینہ (اطفال) میں تیر بہدف ہے۔

گئو دنتی سوختہ ۱۰ تولہ، آب اسگند ناگوری ¼ سیر جو سبز پتوں سے برآمد کیا گیا ہو، میں کھرل کر کے قرص بنا کر خشک ہونے پر دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر کھرل کر کے محفوظ رکھیں مقدار خوراک ایک چاول سے ایک رتی تک بوقت ضرورت شیر خوار بچوں تک کو دے سکتے ہیں۔

۲۔ دوائے مدقوق و مسلول:۔

سرطان نہری سوختہ ۵ تولہ، صدف گوہری سوختہ ۵ تولہ، شیر خر ½ سیر میں کھرل کریں، قرص بنا کر ۱۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں، سرد ہونے پر مزید اتنا ہی شیر خر شامل کر کے دوبارہ اسی طرح آنچ دیں۔ برنگ سفید قدرے آسانی برآمد ہوگا۔ دُر مکنون کی طرح رکھیں۔

مقدار خوراک ایک رتی سے چار رتی تک خمیرہ گاؤزبان چھ ماشہ میں رکھ کر عرق سرطان دو تولہ کے ساتھ دن میں تین بار دیں۔

۳۔ حابس الدم:۔ بواسیر کا خون بند کرنے کی جادو اثر دوا۔

پوست ریٹھہ ۵ تولہ لیکر شیشی میں بند کر کے خوب سیمنٹ کریں۔ اور دس سیر اوپلوں کی آنچ دیں، سرد ہونے پر نکال لیں کھرل کر کے رکھیں، صبح و شام ۲-۴ رتی بدرقہ مناسبہ سے دیں۔ بواسیر خونی میں جادو اثر ہے۔

۴۔ تبخیرِ معدہ کے لیے اکسیر:۔ (جو صرف پانچ اجزاء کا مرکب ہے)

تبخیر معدہ کا عارضہ فی زمانہ عام ہے۔ بعض اوقات اس کے سبب سے انسان کے نظام معدہ میں انتہائی خلل پیدا ہو کر اعصابی نظام کو درہم برہم کر کے پاگل پن کی سی صورت

پیدا ہو جاتی ہے اور بآسانی اس مرض کی اصل کا سراغ نہیں ملتا، ذیل کا نسخہ اس کے لئے تیر بہدف ہے۔

صندل سفید (جو خود برادہ کیا گیا ہو) دو تولہ، فرنج مشک ایک تولہ، بادرنج بویہ تین تولہ، افتیمون پانچ تولہ، سنبل الطیب پانچ تولہ۔

سب کو کوٹ کر اور باریک پیس کر اور چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ تبخیر معدہ کی ایسی حالت جس میں پاگل پن تک نوبت پہنچ جائے تو یہ پانچ اجزاء کا مرکب ایک تولہ، مقدار خطائی چھ ماشہ، چھوٹی چندن چھ ماشہ کا اضافہ کر کے اس کی ۲۱ مساوی خوراکیں بنا لیں، پانچ خوراکیں روزانہ کے حساب سے چار روز تک مسلسل موسم کے مطابق یعنی موسم سرما میں اسطوخودوس چھ ماشہ ایک کپ پانی میں جوش دے کر چینی ڈال کر دیں اور موسم گرما میں اسی جوشاندہ کو ایک پاؤ پانی میں بھگو کر اس کے آب مقطر کے ساتھ دیں اور اس کے کیمیائی اثرات ملاحظہ فرمائیں، یہ نسخہ میرا بیس سالہ معمولہ مطب اور مجوزہ ہے۔

۵۔ ایک نادر چٹکلہ:۔

جلد پر نمودار ہونے والی اُن گلٹیوں کے لیے جن کو طب مغرب کے اصول کے مطابق صرف آپریشن کے ذریعے ہی کاٹ کر دور کیا جاتا ہے۔ طب یونانی کا یہ نادر چٹکلہ انتہائی ارزاں سہل اور ممکن العمل ہے۔

بیر بہوٹیاں لیکر انہیں اسقدر باریک کھرل کریں کہ اس کا لیس دار تیل سا بن جائے اس تیل کو انگلی سے ان گلٹیوں پر ہلکا ہلکا ضماد کریں۔ انشاء اللہ العزیز صرف تین ہفتوں میں تمام گلٹیاں بلا آپریشن خود بخود نابود ہو جائیں گی۔

...اسگند ناگوری ۱ تولہ، شکر خام ہموزن، مقدار خوراک ۶ ماشہ تا ۱ تولہ صبح و شام ہمراہ شیر گرم۔

فوائد:۔ جریان و سیلان الرحم میں بہت مفید ثابت ہوا ہے۔

۴۔ **سفوف:**۔ آب ترب مقطر ۵ سیر قلعی دار دیگچی میں پکا کر گاڑھا کریں بعد میں نیچے اتار کر شورہ قلمی ۱۰ تولہ، جوا کھارہ ۵ تولہ، سنگ سرماہی ۵ تولہ، حجر الیہود ۵ تولہ مرچ سیاہ ۳ تولہ نوشادر ۲ تولہ سفوف کر کے ملا دیں۔ خشک ہونے پر گل حکمت کر کے ۱۰ سیر اپلے دشتی کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر شیشی میں محفوظ سفوف کر کے رکھ لیں۔ مقدار خوراک ۴ رتی سے ۲ ماشہ تک مولی کی کاش پر چھڑک کر دن میں دو تین مرتبہ اور گرم پانی کے ٹب میں بیٹھ کر پیشاب کریں۔

فوائد:۔ ریگ و سنگ مثانہ و گردہ میں بہت مفید ہے اور معمول مطب ہے۔

۵۔ **سفوف سوزاکی:**۔

ریوند چینی، شورہ قلمی، تخم کاسنی، زیرہ سفید، سوڈا بائیکارب ہموزن، مصری چند ادویہ مقدار خوراک ۳ ماشہ ہمراہ لسی دودھ یا پانی۔ دن میں دو مرتبہ۔ ایک ہفتہ ہی میں چنک کی سب جاتی رہتی ہے۔

۶۔ **سفوف استحاضی:**۔

سنگ جراحت، گشتہ گئو دنتی، گوند ڈھاک، مائیں خورد سب ہموزن، مصری دو چند ادویہ سفوف بنا لیں۔ مقدار خوراک ماشہ ہمراہ آب زلال گل ملتانی۔

فوائد:۔ کثرت حیض میں بہت ہی مفید ثابت ہوا ہے۔

۷۔ **سفوف:**۔

زہر مہرہ، زرشک، طباشیر، سماق، دانہ الائچی خورد، پوست پستہ، دریائی ناریل، جدوار ہر ایک ہموزن سفوف بنائیں۔ بقدر ۳ ماشہ ہمراہ سکنجبین سادہ ۲ تولہ (ملا کر) دن میں تین بار چاٹیں۔

فوائد: قے و متلی کو مفید ہے۔ سوء ہضمی میں تریاق ہے۔

۸۔ **کحل:**۔ **برائے ضعف بینائی:**۔

مغز سمندر پھل ۱ ماشہ، فلفل سفید ۲ ماشہ، پھٹکڑی سفید ۲ ماشہ، کتھ سفید ۳ ماشہ، سنگ

اقوالِ زرّیں

دانا کون ہے؟

- دانا وہ شخص ہے جو اپنی حماقت وجہالت کے سوا کسی کو اپنا دشمن خیال نہ کرے
- دانا وہ شخص ہے جو اپنے کام کو کسی کے بھروسے نہ چھوڑے۔
- دانا وہ شخص ہے جس کی عاقل لوگ تو تعریف کریں اور جاہل اور نادان ہجو کریں۔
- دانا وہ شخص ہے جو دوسروں کے تجربہ سے فائدہ اٹھائے اور دوسروں کو گرتا دیکھ کر خود سنبھل جائے۔
- دانا وہ شخص ہے جو اپنی غلطی کو قبول کرنے میں دیر نہ کرے۔

معمولات مطب مخزن انوار پیش ہیں

۱۔ سفوف:۔ سنگ جراحت، کشتہ گئودنتی، بیخ الخیار، کتھ، گیرو، دم الاخوین، کہربا شمعی ہموزن مصری دوچند ادویہ۔ سفوف بنالیں مقدار خوراک ۳ ماشہ دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب خنک،

فوائد:۔ کثرت الطمث، بواسیر خونی، خونی دست، نفث الدم، بول الدم وغیرہ میں بہت مفید ہے۔

۲۔ سفوف:۔ اسطوخودوس ۲ تولہ، فلفل سیاہ ۱ تولہ، فلفل سفید ۶ ماشہ، شکر سفید ۳ تولہ، خوب باریک پیس کر سفوف بنالیں، مقدار خوراک ۲ سے ۴ ماشہ دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب تازہ۔

فوائد:۔ عصابہ، شقیقہ، درد سر کہنہ اور نقیبہ دماغ کے لیئے معمول ہے۔

۳۔ سفوف:۔ آرد سنگھاڑہ ۵ تولہ، لودھ پٹھانی ۳ تولہ، سونٹھ ۱ تولہ، دارچینی ۱ تولہ، موصلی سفید

بہ ری تولہ، اول آب برگ سرس میں کھرل کریں۔ خشک ہونے پر عرق لیموں ۱حصہ عرق گلاب ۵ حصہ ملا کر کھرل کریں۔ خشک ہونے پر شیشی میں محفوظ رکھ لیں۔ صبح و شام استعمال کریں۔ ایک ماہ کے مسلسل استعمال سے چشمہ کی عادت جاتی رہتی ہے۔ بینائی عود کر آتی ہے۔

۹۔ کحل برائے جالا و غبار چشم و ککرے:۔

دریائی ناریل، توتیا گجراتی، سمندر جھاگ، پھٹکری ہر ایک ۱ماشہ، ناخن فیل ۳ ماشہ، سرمہ بنائیں شیشی میں رکھ لیں۔ بہت ہی مفید ثابت ہوا۔ عرصہ کا جالا پھولا ایک ماہ میں کٹ جاتا ہے۔

۱۰۔ حبوب سعالی:۔

تخم کتان بریاں ۲ تولہ، سہاگہ خام ۳ ماشہ، رب السوس ۱تولہ۔ قند سیاہ ۱تولہ، باریک دستی پیس کر حب نخودی بنائیں۔ مقدار خوراک ۴ تا ۶ گولی دن میں تین مرتبہ کھانسی میں بہت مفید ہے۔

۱۱۔ حبوب ہاضم:۔

غنچہ مدار ۴ تولہ، اجوائن دیسی ۲ تولہ، پودینہ خشک ۲ تولہ، فلفل سیاہ ۲ تولہ، نمک لاہوری ۱تولہ، پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ، باریک کوٹ پیس کر آب ادرک تازہ میں حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں۔ خوراک ۱ تا ۲ حب بعد طعام، ہیضہ میں تین تین گھنٹہ سے ہاضم و مشتہی ہے اور کاسر ریاح ہے۔ ہیضہ میں بھی مفید ہے۔ خاص طور سے گیسٹرک ٹربل میں بہت مفید ثابت ہوئی ہیں۔

۱۲۔ حبوب مصفیٰ:۔

کونپل مدار، گندھک، کونپل نیب، ہر ایک ۱تولہ، عرق چوب چینی میں حبوب بقدر نخود بنائیں مقدار خوراک ۱ تا ۴ حب، ہمراہ شربت صندل ۲ تولہ،

فوائد:۔ مصفیٰ خون ہے پھوڑے پھنسیوں اور گرمی دانوں کے لیئے مفید ہے۔ آنتوں کے فعل کو درست کرتی ہے۔

۔۔وب ڈبہ اطفال:۔ مغز تخم کریلہ ۱تولہ، مغز کرنجوہ ۱تولہ، طوطیا سبز ۱ماشہ

عصارہ ریوند ۳ ماشہ باریک کوٹ کر آب ادرک میں حبوب بقدر دانہ باجرہ بنائیں۔ خوراک ۱ تا ۴ گولی ہمراہ شیر مادر۔

فوائد:۔ ڈبہ اطفال و قبض کے لیئے بہت مفید ہے، سینہ سے بلغم خارج کرنے میں سریع الاثر ہے۔

۱۴۔ حبوب بواسیری:۔

ریوند چینی خطائی ۲ تولہ، مغز تخم نیب ۲ تولہ، رسوت ۲ تولہ آب زہرہ گاؤ بقدرِ ضرورت میں پیس کر حبوب بقدرِ دانہ نخو تیار کر لیں۔ خوراک ۲ تا ۴ حب ہمراہ عرق بادیان ۴ تولہ بواسیر بادی و خونی میں بہت مفید ہیں۔ قبض کو بھی دور کرتی ہیں۔

۱۵۔ حبوب مسہل بے ضرر:۔

مغز بادام شیریں ۲½ تولہ، مصطگی رومی، صبر زرد، عصارہ ریوند ہر ایک ۱تولہ گلقند دو تولہ عرق بادیان میں پیس کر حبوب بقدر نخود بنالیں۔ خوراک ۲ تا ۴ حب۔ بے ضرر مسہل ہے۔ بخار کی حالت میں بھی مستعمل ہیں۔ تلین کے لیئے ۱ تا ۲ حب استعمال کریں۔

۱۶۔ حبوب قابض برائے اطفال:۔

سہاگہ بریان، کشتہ گئو دنتی، ہر ایک ۱تولہ، مرچ سیاہ ۶ ماشہ، افیون ۱ماشہ، آب ادرک میں حب بقدر دانہ باجرہ بنالیں،

مقدار خوراک:، ۱ تا ۳ حب، دن میں ۲ مرتبہ،

فوائد:۔ بچوں کے دستوں کو بند کرنے میں بہت مفید ثابت ہوئیں۔

۱۷۔ حبوب طحالی:۔

ریوند چینی، نوشادر، سوڈا بائیکارب ہموزن سب آب ترب میں پیس کر خشک کر لیں، بعد میں صمغ عربی بقدر ضرورت پانی سے حبوب نخودی بنالیں، کلانی طحال و صلابت جگر میں بہت مفید ثابت ہوتی ہیں۔ دہی کی لسی کے ساتھ ۲ تا ۴ حب تک دن میں تین مرتبہ استعمال کریں۔

۱۸۔ حبوب احتلامی:۔

تخم کرس، تخم تمر ہندی مقشر، ثعلب مصری ہر ایک ہموزن شیر برگد بقدر ضرورت میں حبوب بقدر کنار دشتی بنالیں خوراک ۳ تا ۴ حب دن میں دو مرتبہ ہمراہ دودھ گرم۔

فوائد:۔ احتلام کے لیئے بہت مفید ثابت ہوئی ہیں۔ جریان و سیلان میں بھی مستعمل ہیں۔

۱۹۔ حبوب امساکی:۔

افیون، کچلہ، تخم دھتورہ، لونگ، جاوتری، جائفل، سب ہموزن، زعفران نصف دانہ الائچی خورد دو وزن۔ باریک کوٹ کر جوشاندہ پوست خشخاش میں حبوب بقدر دانہ مونگ بنائیں، اور ورق نقرہ لپیٹ دیں، مقدار خوراک ۱ تا ۲ حب امساک کے لیئے پان میں رکھ کر ضرورت سے ایک گھنٹہ قبل استعمال کریں۔ نزلہ و زکام میں صبح و شام استعمال کریں۔

۲۰۔ حبوب قوبا:۔ رال، گندھک، سہاگہ خام، مصری ہر ایک ۱ تولہ سب کو پانی میں کھرل کر کے حبوب بقدر کنار دشتی بنالیں وقت ضرورت ۱ حب پانی میں گھول کر یا گھس کر مقام داد پر لیپ کر دیں سوزش نہیں ہوگی بہت جلد موذی مرض سے چھٹکارا مل جائے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ،

۲۱۔ حبوب استقرار حمل:۔

دندان فیل سوختہ، ریش برگد، ریش پیپل ہر ایک ۱ تولہ، مازو سبز، بذرالبنج ہر ایک ۶ ماشہ۔ باریک کوٹ چھان کر شیر پیپل بقدر ضرورت میں حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں خوراک ۲ حب دن میں ۳ مرتبہ ہمراہ دودھ تازہ بعد طہارت شروع کریں، صرف ایک ہفتہ ہر دفعہ مقاربت کے بعد تجربہ کریں۔ خدا تعالیٰ کامیابی دے گا۔ بانجھ پن کے لیئے کامیاب دوا ہے۔ بشرطیکہ اس کا سبب رحم کی کوئی خلقی شکایت یا شوہر کا کوئی نقص نہ ہو۔

۲۲۔ حبوب برائے قولنج ریحی:۔

زیرہ سیاہ، بادیان ہر ایک ۱ تولہ، مصطگی، حلتیت خالص ہر ایک ۶ ماشہ، صمغ عربی

سعد کوفی، فلفل سیاہ، فلفل سفید، دار فلفل، ہر ایک ۳ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر اول مویز منقی ۳ تولہ عرق اجوائن میں پیس کر سفوف ملا کر حبوب کنار دشتی تیار کر لیں۔ خوراک ۱ تا ۴ حب۔ درد کی شدت فوراً جاتی رہتی ہے۔ چالیس روز کے استعمال سے ہمیشہ کے لئے اس موذی مرض سے نجات مل جاتی ہے۔ انشاءاللہ،

۲۳۔ حب برائے ضیق النفس:۔

صدف سوختہ ۱ تولہ، مرچ سیاہ ۶ ماشہ، آب ادرک تازہ میں کھرل کر کے حبوب کنار دشتی بنالیں، خوراک ۱ تا ۲ حب دن میں تین مرتبہ۔ ضیق کو فوری طور پر رفع کرتی ہیں۔ اگر پرانا نہ ہو تو ایک ماہ کے مسلسل استعمال سے صحت کلی ہو جائے گی۔ انشاءاللہ۔

۲۴۔ قرص ذیابیطس:۔

مغز تخم کدو شیریں، مغز تخم پیٹھہ، مغز تخم خربزہ، مغز تخم تربوز، مغز بادام، تخم کاہو مقشر، گلنار فارسی، تخم خرفہ، پوست ثمر مولسری ہر ایک ۱ تولہ کہربا شمعی، صمغ عربی، طباشیر، گل ارمنی ہر ایک ۳ ماشہ، صندل سفید، صندل سرخ، گل بابونہ، زیرہ نیلوفر، زیرہ گل سرخ، انجبار، دم الاخوین ہر ایک ۶ ماشہ۔ حب کاکنج، زہر مہرہ خطائی، کشنیز خشک، کنجد سیاہ، جسنہ جامن ہر ایک اک تولہ، سب دواؤں کو کوٹ چھان کر لعاب اسپغول میں گوندھ کر قرص بنا لیں خوراک ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ ہمراہ آب تازہ صبح و شام استعمال سے پیشتر پیشاب ٹیسٹ کرا لیں تاکہ تسلی ہو جائے کہ دوا کام کر رہی ہے یا نہیں،

۲۵۔ سفوف برائے عرق النساء

وجع الورک و نقرس وغیرہ:۔ سورنجان شیریں ۵ تولہ، اسنارکی ۳ تولہ، تربد موصوف ۳ تولہ، پوست بلیلہ زرد ۳ تولہ، مغز بادام ۲ تولہ، زعفران ۳ ماشہ، سفوف بنالیں، خوراک ۹ ماشہ رات کو تازہ پانی یا دودھ نیم گرم کے ساتھ استعمال کریں، دو ہفتہ میں انشاءاللہ صحت ہو جائے گی۔

۲۶۔ سفوف محافظ حمل:۔

برادہ دندان فیل ۲½ تولہ، سنگجراحت، کشتہ گئودنتی، کشتہ قلعی، گوند ڈھاک، مائیں

حکیم غلام محمد قادری (سکھر)

۱۔ اکسیر دمہ:۔ رانگ، نوشادر، گندھک آملہ سار، پارہ ہموزن ملا کر کھرل کریں اور ایک آبخورہ گلی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب تمام دوائی سرخ ہو جائے جیسے اینٹ تو باہر نکال لیویں مرگانگ بنانا مقصود نہیں ہے سفوف بنا کر خوراک ۱ رتی صبح کو ملائی میں رکھ کر کھلا دیں ہر تیسرے یوم ایک خوراک دینا صرف تین خوراک سے دمہ نابود ہو گا۔

۲۔ اکسیر داد:۔
نوشادر ۱ تولہ، گندھک ۱ تولہ، چونہ ۱ تولہ، سفوف بنا کر آب ترب سے داد پر لگا دیں دو ہفتہ استعمال کافی ہے۔

۳۔ حب بواسیر:۔ رسوت ۱ تولہ، مغز تخم نیب ۱ تولہ، کشنیز خشک ۶ ماشہ، ست لوبان ۶ ماشہ، تخم السی ۲ تولہ تمام ادویات کو پیس کر آب ترب سے گولیاں بقدرِ کنار صحرائی بنا دیں۔
ہمراہ آب تازہ کے ایک گولی یومیہ کھلا دیں۔

۴۔ حب برص:۔ ابنہ ہلدی ۱ تولہ، گندھک آملہ سار ۱ تولہ، پنواڑ ۱ تولہ، گیرو ۱ تولہ بانجی ۱ تولہ، نوشادر ۱ تولہ، ہڑتال ورقیہ ۱ تولہ، سجی سفید ۱ تولہ، آب ادرک سے کھرل کر کے گولیاں بنائیں لعاب دہن سے رگڑ کر برص پر لگا دیجئے۔

۵۔ اکسیر قوت باہ خاص:۔ (چوبیس سال معمولہ مطب ہے)
زہرہ گاؤ ۱ عدد، سنکھیا سفید ۱ تولہ، شنگرف ۱ تولہ، گندھک آملہ سار ۱ تولہ، قرنفل ۱ تولہ، جانفل ۱ تولہ، خراطین صاف کردہ ۱ تولہ، عقرقرحا تولہ، بیر بہوٹی ۱ تولہ، تمام ادویات کو کھرل کر کے زہرہ گاؤ میں خشک کریں۔ اس کے بعد شیر مدار میں تر کریں اور خشک ہو جائے تو پھر شیر مدار سے تر کریں اسی طرح شیر مدار سے تین بار خشک کر کے آبخورہ گلی میں بند کر کے ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں جو خاکستر برآمد ہو باریک پیس کر شیشی میں محفوظ کر رکھیں۔
خوراک ۱ چاول مسکہ یا ملائی میں آٹھ یوم استعمال کرنے کے بعد دو یوم ناغہ کرنا چاہیئے۔

خورد، الائچی خورد، مصری ہر ایک اتولہ، سب دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں خوراک
۳ ماشہ صبح وشام ہمراہ دودھ تازہ،

فوائد:۔ اسقاط کو روکتا ہے، جنین کی حفاظت کرتا ہے سیلان کی وجہ سے جو بچے
ضائع ہوجاتے ہیں محفوظ رکھتا ہے۔ زمانہ شیر خوارگی میں ضائع ہوجاتے ہیں اس کے
استعمال سے عمر طبعی تک پہنچتے ہیں۔ اگر اللہ نے چاہا۔

۲۷- نسوار برائے درد سر۔ شقیقہ و عصابہ وغیرہ،

ریٹھہ، نک چھکنی، کائپھل، کافور، سونٹھ ہر ایک ہموزن، کانی مرچ، زعفران ہر ایک
چوتھائی وزن، خوب باریک پیس کر نسوار بنائیں، استعمال سے رطوبت نزدل زائل ہو
درد رفع ہوجاتا ہے۔ بہت ہی زود اثر ہے۔

A.B.G نسخہ:۔ تخم دھتورہ تین تولہ، افیون ایک تولہ، جوہر بھنگ نوشادر والا دو تولہ کو خوب پیس کر چنے کے دانے کے برابر گولیاں بنائیں۔ پس اس کو A.P.C اے پی، سی انجین اور کوڈو پائیرین کی جگہ استعمال کرتا ہوں اور باشد کے فضل سے خوب کامیابی تک پہنچ گیا ہوں اور اچھا نعم البدل مل گیا ہے۔ جوہر بھنگ نکالنے کا طریقہ عنقریب رسالہ اسرار حکمت میں شائع ہو جائے گا۔ اگر مرض کے باعث خون کی کمی ہو تو فولاد طرز استعمال کریں۔ ایسی صورت میں میرا معمول یہ ہے کہ F.S.H (فصح) کیپسول استعمال کرتا ہوں، کشتہ فولاد مرکب، کشتہ صدف اور جبث الحدید ۶-۶ ماشہ مرکی ۲ تولہ، ہینگ خالص ایک تولہ، ساری ادویہ یکجا کر کے کھرل کریں، اور پانچ گرین کیپسول میں ڈال کر کھلا دیں (F.S.H) کا مطلب فولاد صدف اور جبث الحدید ہے۔

دن میں تین مرتبہ ایک ایک کیپسول ماء اللحم سے استعمال کریں۔ مریضہ کو آرام و آسائش سے رکھیں۔ ہر روز سرد یا معتدل پانی سے غسل کرائیں۔ ہوا خوری کی ہدایت کرائیں۔ رنج و غم کے تمام امکان دور رکھیں، تقویت بدن اور تولید خون کے لیے مقوی غذائیں مثلاً دودھ، بالائی، انڈے کی زردی مرغ و بکری کے شوربہ نیز مقوی حلوے وغیرہ کھلائیں۔

نوٹ:۔ کشتہ فولاد مرکب عنقریب رسالہ اسرار حکمت میں شائع ہونیوالا ہے۔

برائے اخراج سنگِ گردہ و مثانہ:۔

ککھڑیوں کے چھلکا کا سفوف ۱ تولہ، بگلے کی ہڈی کا سفوف ۱ تولہ، جو اکھار ۶ ماشہ، سہاگہ جھاگ چھ ماشہ، نوشادر پھٹکڑی ۶ ماشہ، نمک طعام ۶ ماشہ،

ترکیب:۔ ککھڑیوں کے چھلکے کو خشک کر کے آگ پر جلا کر راکھ کر لیں قلعی دار برتن میں ایک پاؤ سفوف چھلکا اور دو سیر پانی ڈال دیں، اور خوب ہاتھوں سے مل کر رات کو رکھ دیں اور صبح مقطر لیکر آگ پر پکائیں جب نمک ہو جائے تو اسی طرح بگلے کی ہڈی کو بھی آگ پر جلا کر راکھ کریں، یہ راکھ اور چھلکا کا سفوف اور باقی تمام چیزوں کو ملا کر راکھ

تاکہ طبیعت دوائی کی عادی نہ ہو جائے۔

اگر اس کے کھانے سے خشکی محسوس ہو تو دودھ اور گھی دیسی خوب استعمال کرائیں۔ زیادہ سے زیادہ تین ہفتہ استعمال کرائیں۔

جناب حکیم محمد اسلم صاحب

معمول مطب نسخہ جات حاضر خدمت ہیں

شربت مدر جو ادرار حیض کے لیے نہایت مفید ہے۔

۱۔ تخم کاسنی، پوست بیخ کاسنی، تخم خربوزہ۔ تخم خیارین، پوست بیخ کپاس، تخم کثوث (در صرہ بستہ) تخم خطمی، تخم گندر، خار خسک، تمکو خشک، بھیڈ اور کلتھی، سب کو ایک ایک تولہ لیکر نیم کوب کر کے ڈیڑھ سیر پانی میں جوش دیں۔ نصف پانی رہ جانے پر مل چھان کر صاف کریں اور ڈیڑھ پاؤ چینی ملا کر قوام کریں، خوراک صبح، ظہر اور شام کو ۲،۲ گولی مندرجہ ذیل دوائی اس کے ساتھ کھائیں۔

۲۔ مرمکی، ابہل، مقل ہر ایک، ایک ایک تولہ ڈیوگنان ۲ گولی سب کو جدا جدا کوٹ چھان کر یکجا کر کے کھرل کریں، تاکہ یک جا ہو جائیں۔

خوراک چار ماشہ دن میں تین مرتبہ شربت مدر سے استعمال کریں۔

۳۔ <u>نسخہ</u>:۔ شیاف مدر قوی، نسخہ جاؤشیر، مرمکی، نوشادر، ایلوا، مساوی الوزن لیکر باریک پیس لیں۔ زہرہ گاؤ، گائے کے پتہ میں ملا کر فرزجہ تیار کریں، بوقت ضرورت رات کو فرزجہ پانی میں ذرا نیچی کر کے اندام نہانی میں رکھیں ساری دواؤں کی ترکیب یہ ہے۔

سب ادویہ یعنی شربت مدر، سفوف مدر، شیافہ مدر ہر سہ ادویہ کو ماہواری آنے سے تین دن پہلے استعمال کریں، اگر ضرورت ہو تو ایک یا دو دن ماہواری میں بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ اگر ماہواری میں درد ہو تو یہ دوائی دن میں دو گولی کھا سکتے ہیں۔

کریں۔ یہ راکھ اور چھلکا کا سفوف اور باقی تمام چیزوں کو ملا کر راکھ کریں۔ بوقت ضرورت خوراک ۳ ماشہ دودھ کی لسی کے ساتھ دیں اور مریض کا پیشاب کسی قلعی دار تابنے کے برتن میں کرائیں تھوڑی دیر کے بعد برتن میں تہ نشین اخراج سنگ نظر آئے گا۔ یہ بہت ہی مجرب نسخہ ہے اور میرے استاد کا بہت ہی مایۂ ناز نسخہ ہے۔

۲۔ مرض لیکوریا کے لیے:۔

اسگند کی جڑ کا سفوف دو چھٹانک، طباشیر ۳ تولہ، ست گلو ا تولہ، کہربا شمعی ۶ ماشہ

ترکیب:۔ اسگند کی جڑ کو باریک کر کے چھان لیں اور تمام چیزوں کو کھرل کر کے کپڑ چھان کریں باقی تمام چیزوں کے ہموزن قند سفید ملائیں۔

ترکیب استعمال:۔ صبح سویرے نہار منہ ۶ ماشہ دودھ کے ساتھ کھائیں لیکن جب دوائی کھائیں تو کھڑے ہو کر کھائیں۔

پرہیز:۔ کھٹی، تیل کی اشیاء، بڑا گوشت اور لال مرچ نہ کھائیں۔

۳۔ نسخہ قوی رحم:۔

بادام ۵ تولہ، کھویا ۵ تولہ، پستہ ۵ تولہ، چینی ا سیر، پانی ۲ سیر، کوار گندل کا گودا ایک پاؤ، گھی ½ سیر۔

ترکیب:۔ چونے کا پتھر پانی میں ڈال دیں تاکہ بجھ جائے تو پانی کو نتاریں اور اس میں کوار گندل کے ٹکڑے ڈال دیں ۴ دن تک تر رہے، اس کا کڑواپن دور ہو جائیگا پانچویں روز نکال لیں، اور اوپر کا چھلکا دور کریں اور گودا نکال لیں۔ برتن آگ پر رکھیں اور دو سیر پانی اس میں ڈال دیں، باسوائے گھی کے اور تمام ڈال دیں اور ساتھ ساتھ نیم کی لکڑی کے ساتھ ہلاتے جائیں جب پانی خشک ہونے پر آئے تو گھی کو ڈال دیں، جب حلوہ بن جائے اور گھی کو چھوڑنے لگے تو آگ سے اتار دیں بس اب تیار ہے۔

نوٹ:۔ کوار گندل کا گودا بھی ایک پاؤ ہو گا۔

خوراک:۔ صبح و شام جتنا کھا سکے یہ صرف ایک ہفتے کی دوائی ہے، پانی صرف دن میں ایک بار، اس کے بعد سبز چائے پانی کی جگہ دیں اور ہفتے کے اندر اور کوئی دوائی

[illegible]

نسخہ خاص:۔ بیٹھ کبوتر صحرائی ۶ ماشہ، مشک خالص ارتی، کال کھرچی کا پتہ ا عدد، [illegible] ا عدد، عطر گلاب ۶ ماشہ، افیون ۶ ماشہ،

ترکیب:۔ پہلے سب پسنے والی چیزوں کو کھرل کریں بعد میں مشک خالص ملا کر کھرل کریں [illegible] عطر گلاب ملا کر کھرل کریں بس تیار ہے۔

استعمال:۔ ضرورت سے ایک گھنٹہ پہلے حشفہ اور سیون کو چھوڑ کر احتیاط سے لگائیں [illegible] ہی مفید اور بہت ہی مجرب اور خاص چیز ہے۔

[illegible] پیچش کے لیے:۔ ہلیلہ زرد چھ ماشہ، ہلیلہ سیاہ چھ ماشہ، سونٹھ ۶ ماشہ، سونف [illegible]،

ترکیب:۔ اوّل ہلیلہ جات کو گھی میں بھون لیں۔ اور پیس کر ملا لیں اور باقی دونوں [illegible] کو پیس کر ملا لیں بس تیار ہے۔

نسخہ آنکھوں کی طاقت کے لیے:۔

سرمہ سیاہ ا تولہ، بیج سرس سیاہ ا تولہ، سفید مرچ ا تولہ، قلمی شورہ ا تولہ، ورق طلا ۲۰ عدد، روح گلاب ۵ تولہ،

ترکیب:۔ تمام چیزوں کو کھرل میں ڈال کر کھرل کریں اور ۲۰ روز تک روح گلاب ختم کریں جب تمام گلاب ختم ہو جائے تو شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال:۔ رات کو سوتے وقت سلائی آنکھوں میں ڈال کر سو جائے دوسرے روز آپ دیکھیں کہ اس کا کیا اثر ہوا ہے۔ بہت ہی مجرب ہے۔

دانا کون ہے؟

دانا وہ شخص ہے جو دوسروں کی ترقی کا حسد نہ کرے، البتہ اوروں کو بڑھتا ہوا دیکھ کر خود بھی بڑھنے کی کوشش کرے۔

- دانا وہ ہے جو وقت اور روپیہ کو بے جا صرف نہ کرے۔
- دانا وہ شخص ہے جو موقع محل دیکھ کر بات کرے اور پھر بھی اتنا بولے جتنی ضرورت ہو۔
- دانا وہ شخص ہے جو اپنی خواہشات کو کم کرے اور ضروریات کو گھٹائے۔

حکیم محمد الٰہی

هوالشافی

ملیریا بخار کا مجرب نسخہ جس کی ۹ خوراک میں ہمیشہ استعمال کرتا ہوں اور اس سے زیادہ دینے کی ضرورت نہیں ہوئی چاہے برسوں کا بگڑا ہوا ہو۔

پھٹکڑی سفید بریاں ۲ تولہ، نوشادر ۲ تولہ، گیرو ۲ تولہ، مغز کرنجوہ ۲ تولہ، تخم دھتورہ ۱ تولہ سب کو باریک کر کے رکھ لیں۔ بقدر ۲ تا ۴ رتی ہمراہ تازہ پانی یا شربت سے ایک خوراک صبح ایک ظہر کے وقت اور ایک رات کو، اگر بخار اترا ہوا ہو تو شربت سے اور بخار موجود ہو تو پانی سے ۳ دن کے بعد ان شاء اللہ بخار نہ ہوگا۔ مریض کی قبض وغیرہ کی اصلاح اطباء خود کر لیں۔

نسخہ جریان:۔

آملہ ۵ تولہ، ہلدی ۵ تولہ، مصری کوزہ ۱ تولہ، کشتہ قلعی بھنگ والا ۱ تولہ، باریک کر کے رکھ لیں، ۳ ماشہ تا ۶ ماشہ روزانہ نہار منہ پانی کے ہمراہ ہر قسم کا جریان رفع ہوگا۔ نسخہ استعمال کر کے نتیجہ خود دیکھ لیں۔ معمولی نہ سمجھیں،

حکیم خلیفہ مقیم احمد خاں نظامی المعروف
مقیم عالم نظامی چشتی قادری نیازی

آپ کے خصوصی نسخہ جات

۱۔ اکسیر سوکھا روگ:۔

کلسی پوڈر ۱۰ تولہ، طباشیر اصلی ½ تولہ، دانہ الائچی خورد ½ تولہ، سوڈا بائیکارب ۱ تولہ سفوف تیار کریں یہ سفوف بچوں کے سوکھا روگ میں بے حد مفید ثابت ہوا ہے۔ اس کے متواتر استعمال سے بچوں کی کمزوری لاغری خرابی ہاضمہ بخار خشکی وغیرہ جلد سے جلد دور ہوتی ہے اور بچہ چند دنوں میں توانا و تندرست ہو جاتا ہے۔ مقدار خوراک ۲ رتی سے ۴ رتی دن میں ۱ سے ۲ بار ماں کے دودھ میں یا پانی میں گھول کر پلائیں۔

۲۔ سفوف اطفال:۔

اجزاء:۔ کاکڑا سنگی ناگرموتھا، جوشیرس ہر ایک ۱ تولہ، بچ، پیپلی، (گھاس) ہر ایک ۱ ماشہ، جائپھل، لونگ، دارچینی، تخم الائچی خورد ہر ایک ۴ ماشہ کا عمدہ سفوف تیار کریں، مقدار خوراک ۱ سال سے ۲ سال کی عمر تک بچوں کو ۴ رتی تک دن میں ۵ سے ۶ بار تک پانی یا شہد میں گھول کر کھلائیں۔

۳۔ قرص بندش خون:۔

بعض اوقات خون مختلف راستوں سے اس کثرت سے بہنا شروع ہو جاتا ہے کہ رکنا دشوار ہو جاتا ہے۔ منہ سے رحم سے خون آنے لگ جاتا ہے۔ نکسیر جاری ہو جاتی ہے غرضیکہ ہر قسم کے سیلان خون کو روکنے کے لئے ہمدرد دواخانہ وقف کی قرص بندش خون تریاق سے کم نہیں ہیں۔ میں دس سال سے برابر اپنے مریضوں کو استعمال کرا رہا ہوں اس لئے میں اطباء حضرات سے سفارش کرتا ہوں کہ آپ بھی آزمائیں۔

اور ریاحی عوارض معدہ میں بہت معمول و مجرب ہے۔

۔ نوشادر دیسی ۵ تولہ، نمک طعام ۵ تولہ، سوڈا بائی کارب ۵ تولہ، ہرمچی ۲ تولہ،
۱۰ ماشہ باریک پیس کر رکھیں۔

ایک اماشہ دن میں ۳۔ ۴ بار حسب حالات پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

استعمال:۔

و تر کھانسی کے لیے اور گلے کی خراش میں از حد نافع ہے۔ مجرب و معمول ہے۔

۔ رُب السوس، کتیرا گوند، صمغ عربی، بہیدانہ، شکر تیغال، دارچینی، فلفل دراز
۱ تولہ، شکر سفید، ہموزن ادویہ، کوٹ پیس کر پانی کی مدد سے گولیاں نخودی تیار
دن میں چار پانچ بار منہ میں رکھ کر چوسیں، گرم پانی میں نمک گھول کر غرارے کراتے

آشوب چشم:۔

آشوب چشم اور تسکین درد کے لیے بہت مفید، آسان اور مجرب نسخہ ہے۔

۔ افیون خالص ۴ رتی، شب یمانی بریاں ۴ ماشہ، بورک ایسڈ ۳ ماشہ، عرق گلاب
۱۰ تولہ، خوب باریک پیس کر چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال:۔ دن میں تین چار بار ڈراپر سے آنکھوں میں ڈالا کریں۔ امراض چشم
میں تشخیص دوا سے پہلے تنقیہ کر لینا بہت ضروری ہے۔

حکیم حمد اللہ صاحب

حمیدیہ دواخانہ، موضع یار حسین، تحصیل صوابی

چند مجربات

سفوف مجلوقین:۔ اجزا و ترکیب:۔ تالمکھانہ، بیج بند، تخم اوٹنگن، ہر ایک ایک تولہ،

مقدار ۲ قرص ۲ تولہ شربت انجبار کے ہمراہ یا پانی کے ہمراہ ضرورت کے وقت یا روزانہ
۱ قرص پانی یا شربت انجبار سے استعمال کرائیں مجرب ہے۔

حکیم و ہومیوپیتھک ڈاکٹر غلام نبی تحصیل چکوال

معمولاتِ صدیقی

۱۔ سفوف تبخیر مختصر:۔

حضرت حکیم العصر جناب مولانا الحاج خادم علی صاحب خادم کوٹلی کا عطیہ عوارضات تبخیری میں معمولِ قدیم بہت ہی مفید اور کارآمد ہے۔

صفتہ:۔ الائچی خورد ۲ تولہ، سوڈا بائیکارب ۱ تولہ، مصری کوزہ ۳ تولہ، باریک کوٹ پیس کر رکھیں،

مقدارِ خوراک:۔ ۱ ماشہ دن میں ۳۔۴ بار تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔

۲۔ سفوف تبخیر خاص:۔

تقویت قلب اور دیگر عوارض تبخیر سینہ کا جلنا، دل کا دھڑکنا ضعیف قلب اور ہضم کی خرابیوں کی اصلاح کرنے میں بہت ہی مجرب و مفید ہے۔

صفتہ:۔ آملہ مقشر ۴ تولہ، کشنیز خشک ۴ تولہ، گاؤزبان ۴ تولہ، صندل سفید ۲ تولہ، گل سرخ ۲ تولہ، بہمن سفید ۲ تولہ، دانہ الائچی خورد ۱ تولہ، طباشیر ۱ تولہ، پوست نارنج ۱ تولہ، زہر مہرہ خطائی ۱ تولہ، نبات سفید ہموزن ادویہ بہت باریک کوٹ پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک:۔ ۱ ماشہ سے ۲ ماشہ تک حسبِ حالات و مزاج مریض، دن میں ۲ بار پانی شربت صندل، عرق بادیان وغیرہ کسی مناسب بدرقہ سے استعمال کرائیں۔

۳۔ اکسیر ہاضوم:۔

امراض معدہ کے لئے بڑا سادہ، مجرب اور آسان نسخہ ہے جو منٹوں میں تیار ہو جاتا ہے

شقاقل مصری، موصلی سفید، موصلی سیاہ ہر ایک ۲ تولہ، پھول کھانہ آرد سنگھاڑہ ہر ایک چار تولہ، کمرکس چھ تولہ، کھانڈ سب کے برابر علیحدہ علیحدہ باریک کر کے یک جان کریں۔

خوراک ۹ ماشہ ہمراہ دودھ گاؤ صبح و شام استعمال کریں۔

فوائد :- جو جوان بچپن کی غلط کاریوں یا جوانی کی بے اعتدالیوں کی وجہ سے طاقت کا خزانہ برباد کر بیٹھے ہوں، شرمندگی سے دوچار ہوتے ہوں۔ ان کے لیئے یہ دوا خاص طور پر مفید ہے۔ اس کے استعمال سے مادۂ تولید بکثرت پیدا ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں اس کے کرم ہائے تولید بھی بافراط پیدا ہو جاتے ہیں۔ قوت مردمی از سر نو عود کر آتی ہے۔ بروے معنوں میں قابل اولاد ہو جاتا ہے۔ اس کے استعمال سے نہ صرف تازہ مادہ بکثرت پیدا ہوتا ہے بلکہ حدت و رقت بھی دور ہو جاتی ہے۔ اور قدرتی طور پر مادہ قوام کی مانند گاڑھا ہو جاتا ہے۔ اخراج جلد نہیں ہوتا۔

الغرض اسے استعمال کرنے والے بیحد خوش ہوں گے اور بڑی بڑی قیمتی دواؤں کو بھول جائیں گے، میں نے یہ نسخہ خود اپنے مریضوں پر تجربہ کے طور پر استعمال کیا ہے بہت مفید ہے اور تجربہ شدہ نسخہ ہے۔ استعمال کرنیوالا خود اس کی تعریف کرتا رہے گا۔

۲۔ سفوف جریان : اجزاء نسخہ :-

موصلی سفید ایک تولہ، موصلی سیاہ ایک تولہ، ثعلب دانہ ایک تولہ، ثعلب مصری ایک تولہ، تالمکھانہ ایک تولہ، بہمن سرخ ایک تولہ، بہمن سفید ایک تولہ، گوند کتیرا ایک تولہ ست یوسف گل ایک تولہ، بہوپھلی ایک تولہ، سرد چینی ایک تولہ، تخم اوٹنگن ایک تولہ، تمام چیزوں کو کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال :- روزانہ صبح و شام ۳-۳ ماشہ دودھ کے ساتھ کھائیں۔

پرہیز :- بادی لال مرچ و بڑے گوشت سے پرہیز کریں، نسخہ ۱ میں بھی یہی پرہیز ہے۔

فوائد :- جریان کے لیئے از حد مفید ہے تجربہ شدہ ہے۔

۳۔ برائے مقوی باہ :- اجزاء نسخہ : کچلہ مدبر ۳ ماشہ، زعفران ۵ ماشہ، مشک خالص ۱ ماشہ

عنبر ۳ ماشہ، ورق طلاء ۵ ماشہ، جائفل ۳ ماشہ، جاوتری ۳ ماشہ، الائچی خورد ایک تولہ، ورق نقرہ ۵ ماشہ، سورنجان شیریں ۵ ماشہ، کشتہ فولاد ۶ ماشہ، کشتہ نقرہ ۶ ماشہ، کشتہ قلعی ۱۲ ماشہ ۱۲ آتشہ اور روح کیوڑہ ۲۵ تولہ،

ترکیب تیاری :- تمام ادویات کو باریک کر کے شامل کریں اور حب نخودی بنا لیں۔

ترکیب استعمال :- ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ نیم گرم دودھ استعمال کریں۔

فوائد :- قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ مولد و مصلح خون دل کو تقویت نئی روح اور نئی زندگی پیدا کرتی ہے۔ استعمال کرنیوالا خود اس کی تعریف کرتا رہے گا تجربہ شدہ ہے۔

۴۔ حب سلاجیت :- اجزاء نسخہ : کیسر، مصطگی، سلاجیت، مروارید، قرنفل، لباب مہر زیوا۔ بہمن سرخ، بہمن سفید، دارچینی، شقاقل مصری، زنجبیل درونج، عقرقرحا، عود ہندی، ثعلب مصری، جدوار خطائی ہر ایک تولہ، مشک ۱ ماشہ، روغن پستہ بقدر ۹ ماشہ، ورق طلا ۵ عدد، دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنائیں،

ترکیب :- ایک ایک گولی صبح و شام دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد :- قوت باہ اور اعضائے رئیسہ کو مفید ہے، کئی بار کی مجرب ہے۔

۵۔ حب جریان :- اجزاء۔ سنگھاڑہ خشک ۳ ماشہ، طباشیر ۳ ماشہ، کتھ سفید، تالمکھانہ بہمن سرخ ہر ایک ایک تولہ، بڑ کے دودھ میں کھرل کر کے دانہ نخود کے برابر گولیاں بنائیں دو گولیاں تازہ پانی کے ہمراہ رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔

فوائد :- جریان کے لیئے بہت مفید ہے تجربہ شدہ نسخہ ہے۔

۶۔ نسخہ برائے چنبل :- اجزاء و ترکیب : شیشم کی کالی لکڑی، پیلو کی لکڑی، کیکر کی لکڑی، زیتون کی لکڑی، بنولہ، گندم، پہلی چار چیزوں یعنی لکڑیوں کا برادہ کر کے برتن میں ڈالدیں۔ اور برتن کی تہ میں سوراخ کر کے اس کے نیچے برتن رکھ کر زمین میں گڑھا کر کے برتن برادہ والا کو نصف زمین میں دبا دیں اور اس برتن کا منہ اچھی طرح بند کر کے اس کے اردگرد اوپلے رکھ کر آگ لگا دیں، اس طریقہ سے نیچے والے برتن میں

حکیم میاں منظور احمد

نسخہ نمبر ۱:۔ ایک تولہ رسکپور پر ایک سیر گھی گائے مادہ کا چویہ دین پھر سحق کرکے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ چوری کھلا کر اوپر دو چاول شہد میں ملا کر کھلا دیں۔ باد فرنگ، آتشک، پھوڑے پھنسی ناسور بواسیر کے لئے اکسیر پرُتاثیر ہے۔ طریقہ معروف ہے۔

نسخہ نمبر ۲:۔ کتیرا ۵ تولہ، گوند کیکر ۵ تولہ، موصلی سفید ۲ تولہ، بہیدانہ ۲ تولہ، چار مغز ۲ تولہ، الائچی سفید ۱ تولہ، مغز بادام ۵ تولہ، خشخاش ۱۰ تولہ، مصری سنگ ۳ تولہ، کے قوام میں کوٹ کر ڈالیں اور کشتہ صدف صادق، کشتہ عقیق، کشتہ مرجان ایک ایک تولہ ملادیں خوراک ۱ تولہ رات کو بعد از طعام صبح کو نہار منہ، غذا چار پائے بزغالہ کی یخنی، دودھ گندم گھی کھانڈ ملا کر پکائیں اور کھلائیں، آلو بخارے اور جامنیں بھی کھلائیں، بار بار دیں، تپ دق میں نفث الدم کے لئے بہت ہی مفید ہے۔

دانا کون ہے

- دانا وہ ہے جو انتقام نہ لے بلکہ عفو سے کام لے۔
- دانا وہ شخص ہے جو بولے کم اور سنے زیادہ۔
- دانا وہ شخص ہے جو بدی کے بدلے میں نیکی کرے۔
- دانا وہ شخص ہے جو بجائے روپیہ جوڑتے رہنے کے اس کے ٹھیک طریقہ کا خرچ بھی جانے یعنی خدمت کے کام میں لائے۔
- دانا وہ شخص ہے جو دوسرے کی ضرورت اور خواہش کا بھی خیال رکھے۔
- دانا وہ شخص ہے جو دوسرے کے نقطہ نگاہ پر بھی غور کرے۔ اپنی رائے کو ہی بہتر نہ سمجھے۔

تیل برآمد ہوگا وہ تیل کام میں لائیں۔ مجرب اور آزمودہ شدہ ہے۔

۷۔ برائے خارش:۔

اجزاوترکیب:۔ ایک پاؤ بیخ آگ، ایک پاؤ گندم، ایک چھٹانک تیل سرسوں، دوسیر پا
آک اور گندم کو کسی مٹی کے برتن میں ڈال کر منہ بند کر دیں کہ اس کا بھاپ باہر نہ نکلے
نیچے آگ جلا دیں۔ جب پانی تین پاؤ رہ جائے تو اتار لیں۔ ٹھنڈا ہونے پر جڑ آک نکال
دیں اور گندم کو سایہ میں خشک کر کے پیس لیں۔ اس کے بعد تیل کو آگ پ
سرخ کر کے گندم کا پسا ہوا آٹا تھوڑا تھوڑا تیل میں ڈالتے رہیں اور ہلاتے جائیں۔ حت
کہ لئی سی بن جائے گی۔ پھر مرغی کا پر لیکر اس سے خارش کی جگہ پر لگا دیں۔ دو تین
دن لگانے سے آرام ہو جائیگا۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

نوٹ:۔ دوائی لگاتے وقت ہاتھ سے نہ لگائیں اور نہ سونگھیں اور نہ چکھیں ورنہ نقصا
اٹھائیں گے۔ اس لئے مرغی کے پر ہی سے دوائی لگانا بہتر ہے۔

۸۔ نسخہ برائے یرقان:۔

اجزاوترکیب:۔ بھینس کی چار سیر لسی میں ایک سیر لوہا بیکار، پھٹکڑی سرخ ایک
چھٹانک، نوشادر ایک چھٹانک اسبز ہیلہ پاؤ۔ اور سی ایک چھٹانک ان پانچ چیزوں کو
لسی میں ڈالا جائے اور دو دن تک پڑا رہنے دیں۔ اور اسمیں سے ایک ایک پیالہ صبح کے
وقت پندرہ دن تک پیتے رہیں۔ روٹی گندم گائے کی لسی کے ساتھ کھائیں، مجرب اور
آزمودہ ہے۔

شاهدہ قریشی

چند مجربات حاضر خدمت ہیں

۱۔ برائے سیلان الرحم:۔

پھٹکڑی سفید، بیروزہ خشک ہر ایک پانچ تولہ کیکر کی پھلیاں جن میں ابھی بیج نہ پڑا ہو، بیس تولہ لیں، پہلی دونوں چیزیں جو کوب کر لیں۔ اور کوزہ گلی میں کیکر کی پھلیوں کا نغدہ آدھا نیچے رکھ کر دوائیں ڈال کر بقایا نصف نغدہ اوپر رکھ کر سیپٹ کر کے دس سیر اوپلوں کی گڑھے میں آگ دیں۔ سفید رنگ کا کشتہ برآمد ہوگا۔ پیس کر برآمد کر لیں، ایک ایک ماشہ صبح وشام دودھ کی لسی سے دیں۔

۲۔ انجبار ایک پاؤ کو خوب باریک پیس لیں اس میں آدھ پاؤ چینی باریک کر کے ملالیں خوراک ایک ماشہ تا تین ماشہ مناسب بدرقہ سے دیں۔ کثرت طمث، نکسیر، خونی پیچش، نفث الدم کے لیئے مفید ہے۔

۳۔ چھوٹے بچوں کا جریان:۔

عام طور پر پانچ سال تک کے بعض بچے پیشاب کرتے ہیں تو سفید ہو کر جم جاتا ہے اس کو جریان تو نہیں کہہ سکتے بلکہ یہ بچوں کی بدہضمی کی وجہ سے ہوتا ہے، بناری آملہ لیکر اس کی گٹھلی پیسکر ایک یا دو عدد دودری میں گھوٹ کر تھوڑا پانی ملا کر چار پانچ دن پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پیشاب ٹھیک ہو جائیگا۔

حکمت ودانائی اور علم وادب سے بڑھ کر کوئی چیز مفید لائق نہیں۔

(سید لیاقت صہبانی)

جناب حکیم پرمانند آف چونڈ کا

(خیرپور میرس)

اکسیر ہر قسم کے پیچش کے لئے مجرب!

[illegible]بیدانہ، بادیان، بیلگری، حب الآس، انجبار، اسپنگر، خوراک تین ماشہ، [illegible]کیب تیاری، رات کو سب ادویات کو نیم کوفتہ کر کے ایک پاؤ پانی میں بھگو دیا جاتے [illegible]ہی ناشتہ کے بعد چھان کر تین ماشہ مصری سنگ ملا کر استعمال کیا جائے۔ مجرب و [illegible] ہے۔

حکیم مولوی محمد یٰسین صاحب سلفی عثمانی

ایک حکیم ایک عالم دین

آپ کے مجربات

چند ایک نسخہ جات ملاحظہ فرمائیں،

ضعف بصر اور دماغی کمزوری:۔

چاول سونف نیم کوفتہ ۱۰ تولہ، قند سفید باریک شدہ ۱۰ تولہ، باہم ملالیں بس نسخہ تیار ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ۶ ماشہ سے ۱ تولہ تک ہمراہ دودھ نیم گرم پاؤ بھر شام کو بعد از طعام، دماغی کمزوری اور بینائی کے لیئے مفید ہے۔

جناب حکیم شمس الدین صاحب امرتسری

پاکپتن شریف ضلع منٹگمری

نسخہ مجرب برائے استحاضہ:۔
کہربا شمعی ۴ ماشہ، دودھ پٹھانی ۴ تولہ، ان دونوں دواؤں کو خوب باریک پیس کر رکھیں مقدار خوراک ۳ ماشہ تا ۶ ماشہ ہے۔ عرق گاؤزبان اور شربت الجبار کے ساتھ صبح و شام کھلائیں اور مندرجہ ذیل دوا کو بھی ساتھ ہی استعمال کراتے رہیں،

مصطگی رومی ۱ تولہ، دانہ الائچی کلاں ۱ تولہ، ورق نقرہ ۴ ماشہ، ان کو خوب باریک کریں کہ ورقوں کی چمک جاتی رہے۔ پھر مربہ ہلیلہ ۱۰ تولہ، مربہ آملہ ۱۰ تولہ کی گٹھلیاں نکال کر کھوٹ لیں اور ورقوں والا سفوف اس میں ملا دیں۔ یہ معجون مریضہ کو دن میں دو تین مرتبہ سفوف مندرجہ بالا کے اوقات کے علاوہ وقتوں میں ۳ تا ۶ ماشہ کھلائیں۔

فوائد:۔ یہ نسخہ خونِ حیض کو بند کرنے اور لاعلاج استحاضہ کو رفع کرنے میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ حکیم صاحب کا معمول مطب ہے۔ یہ نسخہ حکیم صاحب کو اعلیٰ حضرت قطب المشائخ میاں علی محمد صاحب مدظلہ العالی دامت برکاتہم نے عطا فرمایا تھا۔

جناب حکیم محمد ظفر الحق خان صاحب انجم

بی آئی ایس ایس راولپنڈی

۲۔ دردِ دانت:۔ نوشادر ۳ ماشہ، ست پودینہ ۱ رتی، افیون ½ رتی الگ الگ پیس کر (؟)
ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں اور بوقت ضرورت بطور منجن استعمال کرائیں، انشاء اللہ چند لمحوں
میں درد کافور ہو گا، مجرب ہے۔

۳۔ طلائے بےنظیر:۔ شنگرف ۳ تولہ، زردی بیضہ مرغ ۲۰ عدد، عقر قرحا ۱ تولہ، خراطین
ترکیب:۔ تین روز متواتر کھرل کر کے بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں اور بطریق معروف
استعمال کروائیں، کجی، لاغری اور کمزوری مجلوق کے لیئے بہترین چیز ہے۔

حکیم عطاء اللہ (علیگ) پروفیسر طبیہ کالج۔لاہور

حبِ بخار:۔ مغز کر نجوہ ۲ تولہ، گھماں، کیکر کے پتے، زیرہ سفید، پھٹکڑی سفید بریاں
½۲ تولہ، کشتہ ہڑتال گئودنتی ½۱ تولہ، پیس کر گوند کیکر کے لعاب میں چنے کے برابر گولیاں
لیں، ملیریا بخار میں قبض دُور کر کے دو گولیاں سادہ پانی سے دیں۔ ہر قسم کے بخاروں کے
لیئے تریاق ہے۔

حبِ قبض کُشا:۔ دانہ الائچی سبز ۲ تولہ، سونٹھ و چاول سونف ایک ایک تولہ، مصبر ۲ ماشہ
گلقند ۶ ماشہ، باریک کر کے گلقند میں ملا کر گولیاں بنالیں۔ خوراک ۱ تا ۲ گولی رات کو نیم گرم
دودھ یا پانی سے دیں۔ دائمی قبض کو دور کرتی ہے۔ ہاضمہ درست رکھتی ہے اور پرانی قبض
ہمیشہ کے لیئے دُور ہو جاتی ہے۔

آپ کے خاص الخاص اکسیری مجربات

طلاءِ احمر مقوی اعصاب:۔

روغن کنجد، روغن دارچینی، روغن لونگ، روغن مال کنگنی، روغن بیضہ مرغ، روغن مونگ پھلی، روغن اخروٹ، چربی شیر، چربی تیچھ، چربی سانڈا، چربی بطخ، چربی مچھلی، چربی مینڈک ہر ایک چھ ماشہ، شنگرف، زعفران، جند بیدستر، عقر قرحا، ہر ایک [illegible] ماشہ، مشک خالص، عنبر اشہب ہر ایک ڈیڑھ ماشہ،

ترکیب تیاری واستعمال:۔

کوفتی ادویات کو باریک کر کے تر ادویات میں ایک ہفتہ متواتر کھرل کر کے ایک شیشی میں محفوظ رکھیں۔

حشفہ اور سیون چھوڑ کر بقدر ایک ماشہ مالش کریں۔ پٹی وغیرہ کچھ نہ باندھیں ایک ہفتہ کے بعد قدرت کا کرشمہ ملاحظہ فرمائیں۔

حبِ مقوی باہ و ممسک:۔

مایہ شتر اعرابی، جند بیدستر، زعفران، افیون ہر ایک ۳ ماشہ، ثعلب مصری، دارچینی، کونین سلفیٹ ڈمیانہ، جوہر کچلہ، لونگ شنگرف، کشتہ فولاد، گوگل ہبینسیہ ہر ایک ۵ ماشہ، شیر برگد حسب ضرورت،

ترکیب تیاری واستعمال:۔

تمام ادویات کو کوٹ کر خوب باریک کریں اور شیر برگد کی مدد سے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنا کر خشک کریں۔ بوقت شب ایک گولی شیر گاؤ کے ساتھ استعمال کریں، دوران استعمال غذا خوب چرب استعمال کریں۔

حکیم یوسف حسن صاحب۔ راولپنڈی

مجربات

۱۔ تریاق آتشک:۔

پوست ریٹھا کا ایک سیر سفوف کر کے نصف ایک کوزہ گلی، گل حکمت شدہ میں بچھا دیں، اور اس پر ایک تولہ توتیا کی ڈلی رکھ کر نصف اوپر بچھا کر منہ بند کر کے تین سیر اوپلوں کی آنچ دیں، سرد ہونے پر بہ احتیاط نکالیں۔ خاکستری یا سرخ رنگ کا کشتہ ہو گا اگر اس پر زنگار نہ دے تو قابل خوراک ہے اگر کبھی خراب ہو جائے تو دوبارہ بنائیں۔ میرا کئی بار کا مجرب ہے۔ ایک سے چار چاول خوراک ہے۔ سات دن میں آتشک، خارش، ابتدائے جذام و کمزوری کو رفع کرتا ہے۔ غذا مرغن کھلائیں۔

۲۔ اکسیر دافع پیچش کہنہ ۹۰ فیصدی:۔

بعد مسہل روغن بیدانجیر دیں، مستگی اصلی، شنگرف، جدوار اصلی، افیون خام ہر ایک ایک تولہ، سہاگہ تین ماشہ۔ ان کو کوٹ پیس کر حبوب بمقدار دانہ ماش بنالیں۔ ایک گولی آب تازہ سے دیا کریں۔ تین دن میں کہنہ سے کہنہ پیچش دور کر دیتی ہیں۔ ہر مطب میں تیار رکھنی لازمی ہے۔

حکیم حافظ محمد شفیع اللہ خاں شاہجہانی، صدر آل پاکستان اجمل طبی ایسوسی ایشن راولپنڈی (پرنسپل اجمل طبیہ کالج، راولپنڈی)

آپ کے خاص الخاص مجربات صدری:۔

نسخہ طلاء خاص:۔

جو بہت نایاب اور کمیاب ہے۔ یہ عضو کو فربہ اور طویل کرتا ہے، امراء اور شاہوں کے استعمال کی چیز ہے مگر غریبوں کی منفعت کے لیئے زیر تجربہ کر دیا گیا، پرانی سوختنی لکڑی کو جب پھاڑ تو اس میں سے اکثر موٹے موٹے سفید کچھ سنہرے رنگ کے کیڑے چھوٹے بڑے نکلتے ہیں، ان کو جمع کر کے اگر زندہ رہیں تو بہتر ہے، اور اگر مر جائیں تب بھی کوئی حرج نہیں، کم سے کم دس عدد لو، اسمیں لونگ اور بیربہوٹی ۱ تولہ کوٹ کر آتشی شیشی میں پاتال جنتر سے تیل نکال لیں، اس تیل میں حنا کا تیل اصل ۲ ماشہ ملا کر بطور طلاء استعمال کریں، بے حد مجرب و آزمودہ ہے۔

نسخہ ممسک خاص:۔

ولایتی نکس وامیکا ۱ تولہ، ولایتی ڈمیانہ ۱ تولہ، لونگ ۶ ماشہ، عقرقرحا ۶ ماشہ، عنبر ۲ ماشہ مشک ۳ ماشہ، زعفران خالص ۶ ماشہ، افیون ۶ ماشہ، سب کو کھرل کر کے حب بقدر ماش بنا کر اوپر سے سونے کے ورق لگا کر سوکھائیں، مجامعت سے گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ پہلے دودھ سے کھالیں۔ بعد میں بھی اگر حاجت ہو تو دودھ پیئں، بہت مجرب ہے۔

نسخہ مجرب، معجون جریان:۔

بلغمی اور سوداوی مزاج والے کے لیئے نافع نہیں، صفراوی و دموی مزاج والے کے لیئے بہت مفید ہے۔ منی کو گاڑھا کرنے میں خاص کام کرتا ہے۔ تخم بالنگاں، تخم ریحاں، ہمندسوکھ، گوند کتیرا، دارچینی، خولنجاں، ہموزن لیکر خوب باریک کوٹ کر سفوف بنالیں۔ اس سفوف

سے پانچ گنا شہد میں معجون بنائیں، بعدہٗ چھلکا اسبغول نسخہ کے وزن کا سولہواں حصہ ملا کر زعفران ۱ تولہ کھرل کر کے ملائیں۔ ورق نقرہ اور ورق طلاء ۶-۶ ماشہ بھی ملا لیں۔ نسخہ تیار ہو گیا۔ مریض کو دودھ سے کھلائیں۔

مقدار خوراک ۶ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان یا عرق بادیاں عرق گلاب سے دیں۔

حضرت فاضل طب حکیم ابو الحسن محمد احسان الحق خانصاحب، راولپنڈی

آپ کے مجربات

معجون حقانی برائے ضعف باہ:۔ اجزاء نسخہ،

مغز سر کنجشک بریاں، مغز سر خانگی بریاں، مغز سر مرغ خانگی بریاں، مغز بکرا بریاں ہر ایک ۵ تولہ۔ مغز فندق، مغز اخروٹ، مغز بادام، مغز پستہ، مغز نارجیل، مغز چلغوزہ، خشخاش سفید ہر ایک ۲ تولہ، ثعلب مصری، سلاجیت، جنۃ العنبرا، حب الزم، ماہی روبیاں، خولنجاں، عاقرقرحا، ستاور، بہمنیں، تودریں، موصلین، زنجبیل، کنجد مقشر، دارچینی، سورنجاں شیریں، بوزیدان، نعناع، سنبل الطیب، سعد کوفی، لونگ، اندر جو شیریں، درونج عقربی، زرنباد، حب الفلفل، تخم گندر، تخم پیاز، تخم مولی، تخم شلغم، تخم اسپست، تخم بلیون، جائفل، جاوتری، گھاں، جند بیدستر، مصطگی رومی، عود خام، تخم انجگن، تالمکھانہ، خارخسک ہر ایک ۱ تولہ، کشتہ زنجفر (اشنگرف) کشتہ سنکھیا ہر ایک ۹ ماشہ، ایکسٹریکٹ ڈامیانہ ۴ اونس، ایکسٹریکٹ نکس وامیکا ۱ اونس، ورق طلاء ۶ ماشہ، ورق نقرہ ۱ تولہ، شہد خالص سہ چند، نبات سفید، رُب انگور ہر ایک ۱ عدد، روح کیوڑہ، روح بیدمشک، روح گلاب ایک ایک بوتل، برانڈی ایک پاؤ۔

ترکیب تیاری:۔

تمام کو فتنی ادویات کو کوٹ چھان کر اور تر ادویات کا قوام کر کے ایکسٹریکٹ نکس وامیکا کو اس

بیضہ مُرغ۔ روغن کنجد، روغن چنبیلی ہر ایک ۵ تولہ، چربی شیر، چربی ریچھ، چربی سانڈا، چربی بطخ، چربی مینڈک، چربی بکرا، چربی مرغ ہر ایک ۲ تولہ،

ترکیب تیاری:۔ تمام کوفتی ادویات کو باریک مثل غبار کریں اور تر ادویات ملا کر ۲ گھنٹہ تک زوردار ہاتھوں سے کھرل کریں، تیار ہے۔

ترکیب استعمال:۔ رات کو سوتے وقت آلہ تناسل پر بقدر ضرورت مالش کریں اور پان وغیرہ کچھ نہ باندھیں، صبح کو صابن سے دھو دیا کریں۔

فوائد:۔ مقوی اعصاب اور محرک ہے۔ آلہ تناسل میں مضبوطی پیدا کرتا اور اس کی قوتوں کو دیر تک قائم رکھتا ہے۔ ڈھیلا پن کو دُور کرتا ہے۔

حکیم سید جعفر حسین شاہ بخاری بی آئی ایم ایس ۔ راولپنڈی

آپ کے مجربات

برائے چھپاکی:۔

اجزائے نسخہ:۔ سناکی، پیپل، مرچ سیاہ، سونٹھ، پرانا گڑھ، سب ادویات کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر گڑ میں ملا دیں اور کوٹ کر بیر کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی ۲۴ گھنٹہ بعد گرم دودھ سے دیں،

برائے قوت باہ

عنب الثعلب، تخم اوٹنگن، موچرس، سلارا۔ ہر ایک ایک تولہ، لونگ ۴ ماشہ، جلوتری ۵ ماشہ، جائفل ۳ ماشہ، اکسیر ۱ ماشہ، سب ادویات کو کوٹ چھان کر شہد ملا کر گولیاں بقدر دانہ ماش بنالیں، صبح ناشتہ کے بعد ۲ گولیاں ہمراہ دودھ گاؤ تازہ کھائیں، پرہیز ترش و بادی اشیاء،

میں حل کر دیں اور ایکسٹریکٹ ڈٹامیانج کو پانی ایک پاؤ میں حل کر کے ڈالدیں بعد ...
ادویات کو شامل کردیں اور آخر میں کُشتہ جات اور عرقیات کو شامل کر دیں، اعلیٰ درجہ کی ...
تیار ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ۶ ماشہ صبح اور ۶ ماشہ بوقت شب سوتے وقت نیم گرم دودھ کے ...
استعمال کریں۔

فوائد:۔ ضعف باہ، قلت منی، رقتِ منی وغیرہ کا نام و نشان اُڑا دیتی ہے، بدن میں
نیا خون، نئی رُوح اور نئی جوانی پیدا کر دیتی ہے، بدن کو موٹا کرتی ہے، اعصاب (پٹھوں) کو
تقویت بخشتی ہے۔ امساک پیدا کرتی ہے اور قوتِ مردانہ کا حکمی علاج ہے۔

سفوف حقّانی دافع سُرعت انزال۔

اجزاءِ نسخہ:۔ ست اسبغول، ست سلاجیت، بہمن سُرخ، بہمن سفید، ستاور، تودری
سُرخ، تودری سفید، موصلی سُرخ، موصلی سفید، شقاقل، تخم اٹنگن، تالمکھانہ، پھان بید، ...
دار چینی، ثعلب مصری کندر، جفت بلوط، گلنار، تخم بھنگندر، مصطگی رومی، دانہ الائچی خورد، ...
بند، چھال، پھٹر بیری، اندرجَو شیریں ہر ایک ۱ تولہ، کُشتہ مرجان، کشتہ قلعی بھنگ والا، کشتہ
فولاد آب جامن والا ہر ایک ۹ ماشہ، ورق نقرہ ۶ ماشہ، پوٹاسیم برومائیڈ ۲ تولہ، کشتہ صدف ...

ترکیب تیاری:۔
کوفتنی ادویات کو کوٹ کر مثل غبار باریک کر لیں اور بعد میں کُشتہ جات اور ورقیات کا اضافہ
کر کے ۵ تولہ کھانڈ ملا لیں۔

ترکیب استعمال:۔ صبح و شام و دوپہر ۳-۳ ماشہ دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد:۔ سرعتِ انزال، جریان منی، احتلام، جریان مذی اور رقت منی وغیرہ امراض
منی وغیرہ امراض خبیثہ کا چند روز میں قلع قمع کر دیتا ہے۔

طلاء محرک و مقوی اعصاب:۔

اجزائے نسخہ:۔ جند بیدستر، زعفران، بیر بہوٹی، ریگ ماہی، ہڑتال سُرخ، بیر ...
بہنگ، خراطین مصفیٰ، عقرقرحا، ہر ایک چھ ماشہ۔ روغن دارچینی، روغن قرنفل، روغن مال کنگنی ...

مصطگی رومی، عود خام، تخم اڈ نگن، تالمکھانہ، خارخسک ہر ایک ایک تولہ، زعفران، ابرایی، ہر ایک سنکھیا ہر ایک ۹ ماشہ، ایکسٹریکٹ ڈمیانج ۴ اونس، ایکسٹریکٹ نکسوامیکا، ورق طلاء ۶ ماشہ ورق چاندی ا تولہ، شہد خالص سہ چند، نبات سفید، رُب انگور، دو حصہ، روح کیوڑا، روح بید مشک، رُوح گلاب ایک ایک بوتل، برانڈی ایک پاؤ۔

ترکیب تیاری:۔
تمام کوفتنی ادویات کو کوٹ کر چھان لیں، اور تمام تر ادویات کا قوام کر کے ایکسٹریکٹ نکسوامیکا کو اسمیں حل کر دیں اور ایکسٹریکٹ ڈمیانج کو برانڈی ایک پاؤ میں حل کر کے ڈالدیں۔ دیگر ادویات کو شامل کر دیں اور آخر میں کشتہ جات اور ورقیات کو شامل کر دیں اور مشک کو بھی علیحدہ باریک کر کے شامل کر دیں، معجون اعلیٰ درجہ کی تیار ہے۔

سفوف حقانی برائے سرعت انزال:۔
ست اسبغول، ست سلاجیت، بہمن سُرخ، بہمن سفید، تودری سُرخ، تودری سفید، موصلی سُرخ، موصلی سفید، شقاقل، ستاور، تالمکھانہ، بکھان بید، خارخسک، دارچینی، ثعلب مصری، کندر، جفت بلوط، گلنار، تخم بھنگ، مصطگی رومی، دانہ الائچی خورد، بیج بند گجراتی، چھالیہ دیری، اندر جو شیریں، ہر ایک ۹ ماشہ، ورق نقرہ ۶ ماشہ، پوٹاشیم برومائیڈ ۲ تولہ، کشتہ صدف ۱ تولہ،

ترکیب تیاری:
کوفتنی ادویات کو کوٹ کر مثلِ غبار باریک کریں اور بعد میں کشتہ جات اور ورقیات کا اضافہ کر کے ۵ تولہ شکر میں ملالیں اور محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال:۔ ۳ ماشہ صبح، ۳ ماشہ دوپہر اور ۳ ماشہ شام دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔
فوائد:۔ سرعتِ انزال (قبل از وقت منزل ہو جانا) جریان منی کا بہنا، احتلام (نیند میں منی کا خارج ہونا) جریانِ مذی (بے ارادہ مذی کا بہنا) رقتِ منی (منی کا رقیق ہو جانا) وغیرہ امراضِ خبیثہ کا پندرہ روز میں قلع قمع کر دیتا ہے۔

حَبِّ ممسک:۔

لونگ، جائفل، زعفران، نگھاں، کافور، سونٹھ، عقر قرحا ہر ایک ۶ ماشہ سب کو باریک کر لعاب گوندکیکر ملا کر ایک ایک ماشہ کی گولیاں بنائیں، کھانا ہضم ہونے کے بعد ایک شہد میں ملا کر نگل لیں اور دودھ استعمال کریں۔

نوٹ:۔ اگر نشہ کی عادت نہ ہو تو آدھی گولی کھائیں۔

سفوف برائے امراضِ معدہ

مرچ سیاہ، نوشادر، ایک ایک تولہ، نمک سیاہ، پوست ترنج، حرمچی ۲ ۲ تولہ، تمام ادویات کو کُوٹ کر چھان لیں، یہ سفوف ایک ماشہ کھانا کھانے کے بعد پانی کے ہمراہ

فوائد:۔ ہاضم، مقوی معدہ، درد شکم، نفخ وغیرہ میں بہت مفید ہے۔ اگر دانت میں درد ہو تو تھوڑا سا سفوف ملنے سے آرام ہو جاتا ہے۔

جناب حکیم ابوتراب علامہ محمد عبدالحق خاں صاحب لودی

آپ کے مجربات

معجون حقانی برائے ضعف باہ:۔

مغز سر کنجشک بریاں، مغز سر مرغ خانگی بریاں، مغز بکرا بریاں ہر ایک ۵ تولہ، مغز فندق، مغز بادام، مغز اخروٹ، مغز پستہ، مغز نارجیل، مغز چلغوزہ، خشخاش سفید ہر ایک ۲ تولہ، ثعلب مصری، سلاجیت، خولنجاں حب الزلم، ماہی روبیاں، شقاقل، ستاور، بہمنین، تودریں، موصلین، سونٹھ، کنجد مقشر، دارچینی، سورنجان شیریں، درونج عقربی، زرنباد، زنجبیل، فلفل، تخم گاجر، تخم پیاز، تخم مولی، تخم شلجم، تخم اسپست، تخم لیمون، جائفل، جاوتری، نگھاں

وقت دودھ کے ساتھ نگل لیں۔
فوائد:۔ ممسک ہیں، تقویت باہ پیدا کرتی ہیں، دورانِ خون کو تیز کرتی ہیں۔ بدن میں [illegible] نئی روح اور نئی طاقت پیدا کرتی ہیں۔

زُبدۃ الحکما حکیم فضل الٰہی

پرنسپل طبیہ کالج لاہور

[illegible] نوبتی:۔
نسخہ:۔ اقاقیا، مرچ سیاہ، تخم دھتورہ سیاہ، افیون۔ برابر وزن کوٹ کر چنے [illegible] گولیاں بنالیں۔
ایک گولی باری سے ۲ گھنٹہ پہلے گرم پانی سے دیں۔
[illegible] دنوں میں باری کا بخار ختم ہو جائے گا۔

ناظمِ طب حکیم نور احمد صاحب صابر غلدونی گوالیاری

راولپنڈی صدر

معمولِ مطب مجربات و اصولِ علاج

علم طب میں تشخیص الامراض کا موضوع جسقدر اہمیت رکھتا ہے۔ تا بیان طب سے

طلاء احمر حقانی برائے کجی

اجزاءِ نسخہ:۔ شنگرف، ہڑتال ورقیہ، بیر بہوٹی، زعفران، ہر ایک ۱۰ماشہ، سم الفار
مغز جمالگوٹہ ہر ایک ۶ ماشہ، روغن زرد، موم سفید، چربی بکرا، روغن چنبیلی ہر ایک ۵ تولہ،

ترکیب تیاری:۔
کو نتی ادویات کو مثل غبار باریک کریں اور تر ادویات شامل کر کے ۲۰ گھنٹہ تک کھرل کریں
اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال:۔ آلہ تناسل (عضوِ مخصوص) کو بالوں سے صاف کرلیں پھر رات کو سوتے
وقت کسی کھردرے کپڑے سے آلہ تناسل کو مالش کریں، جب آلہ تناسل منتشر (پھیل)
ہو جائے تب طلاءِ مذکور میں سے ایک ماشہ لیکر حشفہ (سپاری) اور سیون چھوڑ کر مالش
کریں، بعدہٗ پان کا پتا رکھ کر پٹی باندھ دیں اسی طرح سات روز عمل کریں۔
یہ طلاء صرف رات کو ایک ہی بار لگانا چاہیئے۔

فوائد:۔ کجی (ٹیڑھاپن) کو دور کرنے کے لیئے بہت ہی مفید ہے۔ علاوہ اس
اس کے آلہ تناسل کی رگوں سے غلیظ مواد کو خارج کرتا ہے۔ اور دوران خون کو تیز کرتا ہے
نیز آلہ تناسل کو طبعی طوالت اور فربہت (لمبائی اور موٹائی) تک پہنچا دیتا ہے۔

حَبّ برائے قوتِ باہ:۔

،جند بیدستر، زعفران، مایہ شتر اعرابی ہر ایک ۶ ماشہ، جدوار، کشتہ فولاد، کونین سلفیٹ،
ایکسٹریکٹ ڈمیانج، ایکسٹریکٹ نکس وامیکا ہر ایک ایک تولہ، برانڈی ۲ تولہ، عنبر اشہب
کستوری خالص ہر ایک ۳ ماشہ، افیون ۴ ماشہ۔

ترکیب تیاری:۔
پہلے ایکسٹریکٹ ڈمیانج اور افیون کو برانڈی میں حل کریں۔ بعد میں دیگر ادویات
خوب باریک مثل غبار کے شامل کریں اور کھرل کر کے گولیاں نخود (چنا) کے برابر بنا کر
محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال:۔ ایک گولی صبح کو چائے یا دودھ کے ساتھ اور ایک گولی رات کو

پوشیدہ تو نہیں، صحیح علاج کے لیے صحیح تشخیص بمنزلہ اصول ہے۔ زمانہ کے انقلاب کے ساتھ ساتھ اس کے ماحول میں بھی تغیر و تبدل کا آجانا ایک بدیہی امر ہے، ناظرین ازالہ مرض کے لئے ملکی آب و ہوا اور اسبابِ صحت و طریق معاشرت کا ہم دیگر پہلو پیش نظر رکھیں اور جہاں کہیں غیر تشخص یا فروق الامراض میں امتیاز نہ ہو سکے وہاں قارورہ، معدہ جگر و طحال و مثانہ امراض موروثیہ کی تحقیق لازم و ملزوم ہے جسے نظر انداز نہ ہونے دیجئے۔

چوں رقم کردند ہو الشافی حکیم
مِی شود فضلِ خداوند کریم (صابر)

دوائے حابس الدم

نافع انف الدم یعنی رُعاف نکسیر پھوٹنا، نفث الدم، اسہال الدم، بول الدم، بواسیر دمویہ، استحاضہ، سل و شُش۔

معمول مطب

گئو دنتی بہر پختہ کوئلہ کی آگ پر شگفتہ کر لیں۔ اور گرم حالت میں بکری کے دودھ میں بجھا دے دیں۔ سرد ہونے پر دودھ سے نکال کر پانی سے اُس کی دُہنیت صاف کرنے کے بعد حسب ذیل ادویہ شامل کر کے سحق بلیغ ہونے پر محفوظ رکھیں۔ خوراک مقدار ایک ماشہ ہر عمر میں اور ہر موسم میں مناسب بدرقات سے دیں۔ ترکیب اس گئو دنتی میں طحلب یعنی پانی کی سبز کائی جو ریشم کے لچھے دار بہتے ہوئے چشمہ یا دریا کی، گئو دنتی سے دو چند ملا کر کھرل کریں۔ تاکہ خشک ہو جائے پس دیگر ادویہ اس میں شریک کریں، مرجان ۳ تولہ اور جڑ... محلول ۳ تولہ۔ بہ آب لیموں ۵۰ عدد، ناریل کی جٹا سوختہ ۵ تولہ۔ اخروٹ بغیر مغز سوختہ ۵ تولہ بھوج پتر سوختہ ۳ تولہ، دم الاخوین ۳ تولہ گیرو گوالیاری ۲ تولہ، ان سب کو کامل ایک ہفتہ کھرل کریں یہ عجیب خاصیت کا نسخہ ہے۔ ناظرین اسرار حکمت کی نذر ہے۔ مرض سل میں شربت اعجاز سے اسہال دمویہ میں جوارش کمونی یا نوشدارو لولوی یا شربت سکنجبین لیموں سے دیں موسم دہی کی لسی سے، باقی امراض میں خمیرہ گاؤزبان سے حوامل کو ساتویں ماہ لا... سرسع البشم کمی کے ساتھ دیں۔ اور ادویہ کلسیہ یعنی جیسے چونہ کے اثرات ہوں دینے سے

... اور ہڈی مضبوط بآسانی نشو و نما پاتی ہے۔ مثلاً خمیرہ جات جیسے مرنگا۔ صدف مروارید، زہرہ مہرہ خطائی بہترین قسم دیگر مناسب اعجاز کا دینا سودمند ہے۔ بلکہ جریان خون ... بند کرتا ہے سنگر ہنی یا پرانی پیچش میں اس دوا میں مالتی بسنت ۴ ماشہ ملائیں۔

نسخہ عقسہ (مجرب)

اگر حمل ساقط ہو جائے یا بچہ ام الصبیان سے ضائع ہو جائے تو تیسرے ماہ سے استعمال کرائیں۔ بوٹی سنکھاہولی، سرخ پھول والی کے برگ، بیخ اور گل مساوی لیکر سایہ میں خشک کریں، اس خشک شدہ بوٹی ۲ تولے کے ساتھ فلفل ۳ ماشے ملا کر سفوف کریں، ہضم غذا کے بعد یہ سفوف کھلا کر پاؤ بھر شیر مادہ گاؤ جوش کیا ہوا اور مصری ۲ تولے ملی ہوئی پلائیں۔ ... روز تک یہ عمل کریں۔ ریاضت جسمانی و محبت و غضب و بیداری و ترشی و تیل سے پرہیز، روغن زرد اور چکنائی زیادہ نہ کھائیں۔

ڈاکٹر امر داس جی بھاٹیہ ممبر فارمیسی کونسل
ایڈیٹر فارمیسی نیوز لدھیانہ

دِق کے علاج کے لیے بے نظیر نسخہ

یہ نسخہ میرا مجرب اور آزمودہ ہے اور اس وقت تک کئی ایک سینٹی ٹوریم ہائے میں رائج ہے اس کی مکمل تفصیل اور تجربات میں نے اپنی کتاب دِق اور رودنتی میں وضاحت سے درج کی ہے، نسخہ حسبِ ذیل ہے۔

مہا رودنتی سالم پھل کا سفوف ۲۰ تولہ، چھوٹا چندر (سرپ گندھا) جڑھ کے چھلکے کا سفوف ... تولہ، ہلدی خام مادہ چھوٹی گانٹھ کا سفوف ۵ تولہ، نرکچور سالم بڑی گانٹھ کا سفوف ۵ تولہ،

آک کا دودھ تازہ حاصل کردہ ایک تولہ سورن بسنت مالتی رس عمدہ ایک تولہ۔

سب کو یک جان کر کے سفوف بنالیں۔ مقدار خوراک ½ سے ایک ماشہ دن بھر میں ا سے ۴ مرتبہ دودھ کے ساتھ یا کیپسول میں ڈال کر ہر قسم کے تپ دق کے لیئے لاجواب ہے۔

سنگرہنی کے علاج کے لیئے نوایجاد نسخہ

سنگرہنی ایک لاعلاج مرض شمار کیا جاتا ہے اور اس کو اسقدر اہمیت دی گئی۔ کہ پچھلی دفعہ لدھیانہ آیورویدمنڈل کا جو اجلاس ہوا اس میں اس مرض پر بصیرت افروز مقالے پڑھے گئے۔ چنانچہ اسی سلسلہ میں ایک آزمودہ اور مجرب نسخہ تحریر کرتا ہوں۔ اس کا ذکر اپنی کتاب مخزن حکمت چہارم پریکٹس آف میڈیسن میں وضاحت سے درج کیا ہے۔

مہاروونتی سالم پھل کا سفوف ۲۰ تولہ، سفوف بیل گری ۱۰ تولہ، سفوف کڑا چھال ۱۰ تولہ رسکپور مصفیٰ (کیلومل) ایک تولہ۔

تمام ادویات کو کوٹ چھان کر سفوف کر لیں۔ مقدار خوراک ۲ سے ۱۰ رتی حسب برداشت ۲۰ رتی تک بڑھائی جاتی ہے۔ وہی حسب برداشت استعمال کریں۔

نوٹ:۔ مندرجہ بالا دونوں نسخے میری خاص دریافت ہیں اور یہ پہلے کسی کتاب میں درج نہیں اور نہ ہی کہیں میں نے ان کا ذکر کیا ہے۔

ایک تولہ شنگرف لیکر ثمر دھتورہ میں بند کر کے اُس پر دو تولہ آردِ گندم لپیٹ کر روغن زرد میں بریاں کریں اسی طرح سو ثمر دھتورہ میں بند کر کے روغن زرد میں بریاں کرنے کے بعد حسب ذیل اشیاء شامل کر کے ایک ٹکیہ بنائیں،

زعفران کشمیری ۳ ماشہ، افیون ۲ ماشہ، لونگ ۱/۲ ۱ ماشہ، بھیڑ کا دودھ حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری :- زعفران اور افیون کو بھیڑ کے دودھ میں حل کر کے لونگ اور شنگرف کو کھرل کر کے ایک ٹکیہ سی بنا لیں اور ایک پاؤ روغن زرد گاؤ میں بریاں کریں جب لال رنگ پیدا ہو جائے تو تیار سمجھیں چکنائی دور کر کے کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال :۔ ایک چاول بھر مکھن میں لپیٹ کر کھائیں۔
فوائد :۔ سات خوراک کھانے سے برسوں کا نامرد مردِ کامل بن جائیگا۔

حکیم الحاج صوفی حبیب اللہ حاوی صاحب

سیاہی کا داغ :۔ اگر کسی چیز پر سیاہی کا داغ لگ جائے تو لیموں کا رس [illegible]
سے سب داغ دُور ہو جائیں گے۔

بچوں کا سوکھا یا مسان :۔ روغن گل ۲ تولہ، سفیدی بیضہ مرغ تازہ ایک عدد دونوں [illegible]
اچھی طرح سے مخلوط کر کے دُھنی ہوئی روئی کا پھایا بنا کر روغن تیار شدہ میں بھگو کر [illegible]
پر جہاں گڑھا ہوتا ہے رکھیں جب تک صحت نہ ہو یہ عمل کرتے رہیں، بذریعہ تالو دماغ
میں اثر کرے گی۔

دق الاطفال

بیج بسکپرہ لیکر اس کو تھوڑا سا گھس کر ایک سیاہ مرچ اسمیں پیس کر چٹا دو دو چار پانچ
یوم اس کو پلاؤ صحت یاب ہو جائے گا۔

بواسیر کی سوزش

مرہم نیم، چوب نیم باریک پسی ہوئی ۴ تولہ سہاگہ بریاں تین تولہ، مکھن ۴ تولہ لیکر حل کر کے
ایک پھول کے کٹورے میں ڈال کر نیم کے ڈنڈے سے اسقدر حل کریں کہ سیاہ ہو جائے
اور وقتِ ضرورت روئی میں لت پت کر کے مسوں پر لگائیں، یہ سفوف اندرونی بواسیر کے لیے

[illegible] ہے کہ جس میں خون آتا ہے۔ مغز، تخم نیم گوگل رسوت کال مرچ گندھک ہر ایک
ایک تولہ سب کو پیس کر سفوف بنالیں اور خوراک تین ماشہ ہمراہ شربت انار صبح و شام کھلائیں۔

دیگر

قلمی شورہ ۴ ماشہ، شکر سرخ ۴ تولہ، آبِ ترب تازہ ۲۰ تولہ ان سب کو ملا کر نوش کریں یہ
ایک خوراک کا وزن ہے۔ دو ہفتہ متواتر استعمال کریں۔ اگر مسے نمودار ہوں تو قلمی شورہ اپنے
لعاب میں گھس کر مسوں پر لگائیے مسے خشک ہو جائیں گے۔

استسقا ضعف جگر

اور ضعف معدہ ورم جگر اور ورم رحم کو فائدہ دیتی ہے۔
معجون گل جس کو اطباء بیدالورد کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

نزلہ، خشک کھانسی

خشک کھانسی، نزلہ اور خراش گلو کو مفید ہے۔
صمغ عربی، رب السوس، تخم خشخاش، نشاستہ، افیون ہر ایک تولہ۔ لعاب بہیدانہ میں
گولیاں بنائیں۔ بچوں کو ایک گولی اور بڑوں کو دو گولیاں دن میں ایک بار کھلائیں اور لعاب چٹائیں۔

مقوی باہ مولد منی

آب پیاز سفید، شہد خالص حسبِ ضرورت ان دونوں کو پکا کر قوام پر لائیں پھر تودری
سرخ و سفید، ثعلب مصری، زنجبیل، تخم پیار، تخم مولی، گندنا تخم شلغم، تالمکھانہ، موصلی
سفید و سیاہ ہر ایک تین تولہ کوٹ چھان کر ملائیں اور ہر روز صبح کو ایک تولہ معجون پاؤ بھر
دودھ کے ساتھ کھائیں۔

برائے ہیضہ :۔ آگ کے بے کھلے ہوئے پھول، مرچ سیاہ ا تولہ، پیپل ا تولہ، سہاگہ بریاں

۹ ماشہ، نمک سیاہ ۴ ماشہ سب کو باریک کر کے تین روز آبِ ادرک میں اور تین روز آبِ لیموں میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں ایک ایک گھنٹہ کے بعد ایک گولی کھلائیں، پیاس لگے تو عرقِ پودینہ و عرقِ الائچی پلائیں۔ اگر پیٹ اپھر جائے تو چار گولی اکٹھی دیدیں۔

مقوی گولیاں

فاسفورس ۱/۴۰ گرین سلیفٹ آف کونین ایک گرین، ایکسٹریکٹ آف نکسوامیکا ۱/۴ گرین ان تینوں کو اچھی طرح ملانا چاہیئے۔ یہ ایک گولی کا نسخہ ہے۔ اسی حساب سے ادویات کا وزن بڑھایا جا سکتا ہے۔

عام کمزوری اور مقوی

مشک خالص ۸ گرین، کافور ۲۴ گرین دونوں کو خوب ملا کر یک جان کر کے آٹھ گولیاں بنا لیں، یہ دوا جنرل کمزوری کے لیئے جادو کا اثر رکھتی ہے۔

داد کی عمدہ دوا

کاربالک ایسڈ ایک ڈرام، سلی سلک ایسڈ دو ڈرام، آئنٹ منٹ آف نائٹریٹ آف مرکری ۲ اونس، چربی صاف شدہ ۶ اونس سب چیزوں کو اچھی طرح ملاؤ اور ٹین کے بکسوں میں ڈال کر رکھو، مجرب ہے۔

ہر قسم کی دوائیں استعمال کرتے وقت ھُوَالشَّافِی پڑھنے سے دوا زیادہ فائدہ دے گی۔

بی بی نجم النساء طبیبہ (ایبٹ آباد)

مجربات

اکسیر اطفال

اس کے استعمال سے بچے مضبوط اور تندرست رہتے ہیں۔ بد ہضمی، بخار، کھانسی، اسہال، ...، درد پسلی اور دانت نکلتے وقت کی تکالیف رفع ہو جاتی ہیں۔

زہر مہرہ خطائی، الائچی خورد، ناریل دریائی، طباشیر، ناگر موتھا، کاکڑا سینگی، گمھاں ہر ایک ۶ ماشہ، جدا جدا پیس کر ملا کر رکھیں، ۶ ماہ کے بچہ کو ۴ رتی یک سالہ بچہ کو ۱ ماشہ صبح اور شام دیں۔

سعال اطفال

سہاگہ آدھا بھنا ہوا اور آدھا خام، کالی مرچ ایک ایک تولہ رس گھیکوار میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں تیار کر کے نصف یا ایک گولی ماں کے دودھ میں دیں۔

عرقِ ہاضم

پیٹ کی بیماریوں کو مفید ہے، درد شکم، کمی اشتہا، ورم طحال وغیرہ کو مفید ہے مغز گھیکوار، رس ادرک، ایک ایک پاؤ، کالا نمک، لاہوری نمک، سہاگہ خام، نوشادر ہر ایک ۲½ تولہ، دواؤں کو پیس کر رکھیں، مغز گھیکوار، نمک ملا کر بوتل میں بند کر کے دھوپ میں رکھیں حل ہو جائے۔ باقی دوائیں ملا کر دھوپ میں رکھیں یک جان ہو جائیں تو رس ادرک ملا کر رکھیں حل ہو جانے پر چھان کر کسی شیشی میں محفوظ رکھیں۔

خوراک ۱ تولہ دن میں تین بار دیں۔

پرسوت بخار زناں

ست لوبان عمدہ ۱ ماشہ، کستوری نصف رتی ملا کر رکھیں ایک چاول گلقند میں ملا کر دن میں ۳ بار دیں۔ انشاء اللہ شفا ہوگی۔

ڈبہ، قبض، اسہال، سوکھا مسان المنال

مغز کرنجوہ ۱ تولہ، نیلا تھوتھا ۱ ماشہ پانی سے مسور کے برابر گولیاں بنا کر چھوٹے بچوں کو ایک گولی ماں کے دودھ میں حل کر کے دیں دن میں ۳ بار۔

حکیم مولانا محمد حسین رجسٹرڈ درجہ اول

مندرجہ ذیل دو نسخے میرے اپنے دواخانہ میں معمولِ مطب ہیں۔ ان کی افادیت کا علم تجربہ سے معلوم ہو جائیگا۔ زیادہ تعریف فضول ہے۔

قرص

مشتہی اجزاء:۔ تربد مجوف تولہ، حب النیل تولہ، سورنجان شیریں تولہ، صبر مصفیٰ تولہ، نوشادر تری تولہ، جوکھار تولہ، نمک سونچر تولہ، گوگل مصفیٰ تولہ، سنڈھ تولہ، سقمونیا تولہ، ایارج فیقرا (مشہور نسخہ ہے عام قرابادینوں سے مل جاتا ہے۔) تولہ، نمک ہندی تولہ، انیسوں تولہ، مصطگی تولہ، پوست ہلیلہ تولہ، سہاگہ تولہ، اجوائن خراسانی تولہ، گودہ حنظل تولہ، تمام ادویہ باریک کر کے گھیکوار کے رس ایک پاؤ میں کھرل کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔ یا مشین سے ۳، ۴ رتی کی ٹکیاں بنالیں،

مقدار خوراک ۳ سے ۶ ٹکیہ تک حسب ضرورت،

فوائد:۔ تبخیر، کمی اشتہار، قبض، صداع ریاحی، قولنج کا بڑا اینا شرطیہ علاج ہے بیت

...ال کی چیز ہے،

احتیاط:۔ خونی بواسیر والے کو دورہ کی حالت میں نہ دیں اور حاملہ کو بھی نہ دیں۔

قرص ریح باد:۔ برادہ آہن ۵ تولہ، نمک سیاہ ۵ تولہ، عقرقرحا ۲ تولہ، نوشادر ... ۲ تولہ، بہمن سرخ ۲ تولہ، ترپھلا ۱ پاؤ، ایک سیر دہی میں مٹی کی کلیا میں بیس یوم تک ... گوئیں، گہے گاہے ہلاتے رہیں، آک کی جڑ کا تازہ چھلکا دو سیر لے کر اس میں ۱ سیر ... پال ڈال کر سنڈھ ۱/۲ پاؤ کی پوٹلی باندھ کر ۵ گھنٹے آگ پر پکائیں، ٹھنڈا کر کے سنڈھ نکال لیں ... سنڈھ اور اوپر کے اجزاء ملا کر کھرل کر کے کنار دشتی کے برابر گولیاں بنالیں یا ۶، ۲ رتی کی مشین سے ٹکیاں بنائیں۔ خوراک نصف ٹکیہ سے ۲ ٹکیہ تک ہمراہ گرم پانی یا چائے۔ صرف ایک بار دن میں۔ قبض کشا ہے۔

نسخہ نمبر ۲ مزید فوائد:۔ سنڈھ کے علاوہ پہلے اجزاء کا نسخہ مولد خون، مقوی جگر اور ... کے لئے مجرب ہے سیروں خون پیدا کرتا ہے۔ انیما کی وجہ سے ضعف قلب کا تریاق ہے۔ پورے نسخہ کے فوائد، وجع المفاصل، ریاح معدہ، دائمی قبض کی وجہ سے سر درد انشاء اللہ دور ہو جائیگا۔ حاملہ عورت کو احتیاط سے دیں۔

از حکیم حافظ ارشاد احمد دیوبندی

ایک بہترین نسخہ برائے قوتِ باہ پیش خدمت کر رہا ہوں، قوتِ باہ کا سو فیصد کامیاب نسخہ ہے۔

زرد پتے برگد دس سیر لے کر چوبیس گھنٹے تک ایک دیگچہ میں پانی میں تر رکھیں صبح کو آگ پر جوش دے کر پتے پھینک دیں اور اس جوشاندہ کو بیری کی لکڑی کی آگ دھیمی

ڈاکٹر افتخار احمد

برائے سوزاک

پیشاب کی جلن، ٹیس، خون و پیپ کے لیئے بے نظیر ہے، جو آزمائے گا بفضلہ تعالیٰ
کبھی ناکام نہ رہے گا، درود شریف ہزارہ کا وظیفہ رکھنے والا ہر مرض کے لیئے دست شفا
بن جاتا ہے، درود پاک زیادہ سے زیادہ پڑھا کریں، یہ دینی و دنیوی راحت ہے۔

هوالشافی:۔ ست بیروزہ ۱ تولہ، طباشیر کبود ۱ تولہ، الائچی خورد ۱ تولہ، کباب چینی ۱ تولہ،
نبات سفید ۳ تولے، روغن صندل ۲ تولے، سب دواؤں کو مانند سرمہ کر کے روغن صندل ملا
دیں، بس تیار ہے، ۲ ماشے صبح شام ہمراہ شیر گاؤ دیں، مناسب پرہیز کرائیں، انشاءاللہ
فوری طور پر اکسیر بے نظیر ثابت ہوگا۔

نسخہ نمبر ۲:۔

موجودہ زمانہ میں ہاتھ پاؤں کی جلن کے بہت زیادہ مریض ہیں اور طبیب و ڈاکٹر اس مرض
کے علاج میں عموماً ناکام رہتے ہیں۔ درج ذیل نسخہ بفضلہ تعالیٰ ہر طرح سے کامیاب ہے،
انشاءاللہ کبھی بھی ناکامی کا منہ نہ دیکھنا پڑے گا۔ لیکن جو طبیب یا ڈاکٹر اس نسخہ کو استعمال
کرائے وہ کچھ خیرات اللہ کے نام پر ضرور تقسیم کرائے، انشاءاللہ یقینی فائدہ ہوگا۔

ہاتھ پاؤں کی جلن

مریض کو کیلسی آسٹیلین پٹین،
گلیکسو کمپنی ۲ سی سی لگائیں اور سبوس اسبغول کھانڈ کے شربت کے ساتھ صبح شام پلائیں،
پہلے مریض کو جلابہ سقمونیا جیسی دوا کا مسہل کرالیں، بعد میں مذکورہ بالا علاج کریں، پانچ انجکشن
اور پانچ دن یہی سبوس اسبغول پلانے سے بفضلہ تعالیٰ مکمل صحت ہوگی۔

دھیمی دیتے رہیں تاکہ مواد پختہ ہو جائے، پھر اڑ بائی تو لا سلاجیت اصلی شامل کر کے اس کو
خوب حل کریں پھر ایک گھنٹہ کے بعد نخود کے برابر گولیاں بنالیں۔
خوراک ایک گولی صبح ایک دوپہر اور ایک شام کو پانی یا دودھ سے استعمال کرائیں، قوت
باہ کا کتنا ہی شاکی کیوں نہ ہو سو فیصد شرطیہ طور پر احقر کا یہ حقیر تحفہ دے کر انعام حاصل کریں
میرا دعویٰ ہے کہ قوت باہ کے لیئے ایسا آسان اور عمدہ نسخہ آپ کو کہیں نہیں ملے گا۔

حکیم محمد فاروق نظامی، ٹھٹھہ پاؤلیاں

کشتہ تانبہ برنگ سفید

پیسہ تانبہ شاہی لیکر اسے اب گل حب الملک میں ۱۰۱ بجھاؤ دے کر ۲۱ بجھاؤ شیر مدار
میں دے کر صاف کریں، بعدہ پیسہ کو پیسہ بوٹی (فرش بوٹی) کے نغدہ ۵ تولہ میں رکھ کر ایک
سیر کوئلہ کی آگ دیں اگر فرش بوٹی نہ ملے تو پتھر چٹ بوٹی کا نغدہ ۵ تولے کے درمیان رکھ
کر آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں۔
خوراک ا چاول ہمراہ مکھن ۵ تولہ۔ غذا مرغن زیادہ سے زیادہ استعمال کریں۔
نوٹ: صفائی صرف بتائے ہوئے طریقہ سے کرنا ہے۔

دیگر کشتہ تانبہ

پیسہ کو آب مولی میں ۱۰۱ بجھاؤ دیں پھٹکری، جمالگوٹہ ہر دو برابر وزن لیکر بذریعہ پتال روغن
کشید کریں، تیل کے ہمراہ پتھر چٹ بوٹی کا نغدہ بنائیں حتیٰ کہ موم کی طرح ہو جائے، پیسہ
تیل میں تر کر کے نغدہ میں رکھ کر ۱۵ منٹ کوئلہ کی آگ دیں، سرد ہونے پر نکالدیں۔
مقدار خوراک ایک چاول۔ غذا مرغن استعمال کریں۔
ہر دو کشتہ ۱۵ منٹ کی آگ میں سفید ہو جاتے ہیں۔

حکیم محمد فاروق نظامی آف ٹھٹھہ پاؤلیاں

از قلم :۔ اشک تہرانی صدر انجمن مکاتب ملتان

مجربات

محرک باہ

تعریف لکھنے کی ضرورت نہیں آپ ہزار ہا کتب کی ورق گردانی کر جائیے مگر آپ کو یہ نسخہ کہیں نہیں ملے گا۔ حکیم صاحب کا مجوزہ ہے جو کہ فی الواقعہ ایک گراں قدر تحفہ ہے۔

هوالشافی :۔ کلونجی نصف سیر، پیاز ڈھائی سیر، پانی ۱۰ سیر بطریق معروف عرق کشید کریں۔ ازاں بعد نصف سیر کلونجی، ڈھائی سیر پیاز عرق مذکور میں شامل کر کے عرق کشید کریں، عرق کو کسی مٹی کے برتن میں ڈال کر کلونجی ۱ پاؤ مزید، پیاز سوا سیر، شہد خالص ایک سیر، گوندھ چھی سفید ۲ تولہ، باریک شدہ شامل کر کے سرکہ تیار کر لیں، جب سرکہ تیار ہو جائے تو بذریعہ فلٹر پیپر صاف کر کے محفوظ رکھیں، ایک تولہ صبح و شام استعمال کریں۔

سیلانی

سیلان الرحم کے لیئے حیرت انگیز ٹانک ثابت ہوئی ہے۔

هوالشافی :۔ بروزہ خام، زاج سفید، لبسد، کشتہ فولاد، (جو کہ ہیرا کسیس سے تیار کیا ہوا ہو) ہر ایک ۱۰،۱۰ تولہ، جملہ ادویہ کو بھیڑ کے دودھ ایک سیر میں سحق کر کے ۱۰ سیر کی آگ دیں، سرد ہونے پر نکال کر باریک پیس لیں، ۱ ماشہ سے ۲ ماشہ تک صبح و شام ہمراہ بدرقہ مناسبہ استعمال کریں۔

طوریہ

آنکھوں کی جملہ امراض کے لیئے ایک ہی علاج

معمولی اجزاء ہونے کے باوجود فوائد میں کسی طرح بھی کم نہیں ہے۔ جن سرموں میں مروارید، ورق طلاء، وغیرہ اجزاء شامل ہوتے ہیں، آنکھ دکھنا، سرخی، خارش، دھند، جالا، ککرے ضعف

بصارت وغیرہ وغیرہ امراض میں انشاء اللہ سو فیصد مجرب ہے۔

هوالشافی :۔ مغز تخم نیم ایک چھٹانک، زنک آکسائیڈ خود ساختہ ایک چھٹانک، گلاب کی تازہ پتیوں کا پانی ایک چھٹانک، آب برگ سرس ایک چھٹانک عمدہ کھرل میں ڈال کر بذریعہ کھرل کریں، اور محفوظ رکھیں، اور بوقتِ ضرورت کام لائیں اور دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

حکیم محمد شریف چوہان جمن شاہ

ایک نسخہ تجویز کیا گیا ہے جو برائے اشاعت آپ کی خدمت میں ارسال کر رہا ہوں بفضلِ تعالیٰ اس علاج سے مریض ایک ہفتہ میں مکمل صحت یاب ہو گیا۔

هوالشافی :۔ چھلکا شہتوت ۲ تولہ، چھلکا ببول ۲ تولہ، زاج سفید ۲ ماشہ شہد خالص ۲ تولہ ان کو جوش دے کر غرغرے کرائے گئے اور شربت یہ تجویز کیا گیا انجبار ۲ تولہ، حب الآس ۲ تولہ، ناگر موتھہ ۱ تولہ، صندل سفید و سرخ ۲، ۲ تولہ گلنار ۱ تولہ، بارتنگ ۱ تولہ، گل گاؤزبان ۲ تولہ چینی آدھ سیر اس کے ساتھ پوست پیپل، پوست جامن، گلو سبز ہر ایک پاؤ بھر کا عرق نکال کر ۲ تولہ شربت پندرہ تولہ عرق میں ملا کر دن میں دو دفعہ استعمال کرایا گیا۔ علی الصبح جواہر مہرہ ایک چاول خمیرہ ابریشم جدید میں دیا گیا خدا کے فضل و کرم سے جب آٹھ روز ہوئے تو بندہ اس کو دیکھنے کے لیئے گیا، تو جناب خان زادے چہل قدمی کر رہے ہیں۔

مجھے دیکھ کر مسکرانے لگے، حکیم صاحب آپ کو مبارک ہو خداوند کریم نے مجھے آپ کے دست مبارک سے شفایابی عطا فرمائی، میں نے اس کو ہدایت دی کہ آج آپ چھوٹے بچوں، غریبوں یتیموں کو پیٹ بھر کر کھانا کھلائیں، اس نے عمل کیا اور مجھے بھی حسب توفیق انعام دیا، یہی دوا پھر ایک ہفتہ استعمال کرایا گیا جس سے مالکِ حقیقی نے اسے شفا کامل عطا فرمائی۔

چند معمولات مطب ناظرین کی خدمت میں ارسال ہیں۔

برائے بواسیر خونی و بادی

مغز تخم نیم ۳ ماشہ، مغز تخم بکائین ۳ ماشہ، مغز تخم سنبھالو ۳ ماشہ، رس عمدہ ا تولہ، گوگل مصفا ا تولہ۔ فلفل سیاہ ۳ ماشہ، تمام ادویہ کو کوٹ کر آب مولی یا آب ککڑ چھدی میں گوندھ کر گولیاں بقدر نخود بنائیں، دو گولی سے لیکر چار گولی تک عرق بادیان کے ساتھ سوتے وقت کھلا فرمائیں، بفضل خدا چند روز میں مرض کا قلع قمع ہو جائے گا۔

ضعف باہ کیلئے

:۔ عنبر ا تولہ، مصطگی رومی خالص ۳ ماشہ، موصلی سفید ۳ تولہ، ثعلب دانہ ۳ تولہ، طباشیر اصلی ۲ تولہ، زعفران ۹ ماشہ، (خالص) مغز پنبہ دانہ ۳ تولہ، تمام ادویہ کا سفوف بنائیں، مقدار خوراک ۳ ماشہ، ہمراہ دودھ آدھ سیر جوش دیا ہوا کے ساتھ علی الصبح نوش کریں۔

سرعت انزال کے لیئے طلسمی تیر ہے گئے گزرے انسان اس سے فائدہ حاصل کریں۔

حکیم شیخ مرید احمد

اکسیری نمبر ا

بچے کا پیٹ درد، بدہضمی، نفخ اور قبض وغیرہ کے لیے مفید ہے، بادیان، سہاگہ بریاں، نوشادر، زرکچور، بائے بڑنگ، نمک شور، نمک سیاہ، نمک لاہوری، نمک طعام، انیسون، اصل السوس مقشر، زیرہ سیاہ، زیرہ سفید، دانہ الائچی خورد، دانہ الائچی کلاں، گل سرخ، چاکسو، آملہ خشک، پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ کابلی، ہلیلہ سیاہ، پوست بہیڑہ ہر ایک ۳، ۳ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں، ایک دو چٹکی دن بھر میں تین چار مرتبہ پانی میں حل کر کے دیں۔

اکسیری نمبر ۲ :۔ کھانے کو ہضم کرتا ہے اور قوت ہاضمہ کو تقویت بخشتا ہے۔

...ادر ایک تولہ، مرچ سیاہ چھ ماشہ، نمک سیاہ چھ ماشہ، الائچی سفید مع پوست چھ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں، خوراک تین رتی، یہ سفوف پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

حب دست آور

:۔ آسانی سے مادہ کو خارج کرتی ہے اور دست لاتی ہے۔ ایلوا، ...، ریوند ہر ایک ایک تولہ، مصطگی رومی چھ ماشہ: کوٹ چھان کر بقدر مونگ گولیاں بنالیں، دو سے چار گولیاں تک گرم پانی میں یا خمیرہ بنفشہ دو تولہ کے ہمراہ استعمال کریں، سوتے وقت کھانا زیادہ مفید ہے۔ صبح کو ایک دو پاخانے کھل کر ہو جاتے ہیں۔ بچوں کو ایک یا دو گولی کافی ہیں۔

معجون سیلان الرحم

:۔ سیلان الرحم کے لیئے مفید ہے، رحم کی خراب رطوبت کو خشک کرتی ہے۔

موچرس، مازو سبز، سپاری، گل سرخ، حب الاس، گل مختوم، پوست بلیلہ کابلی، آملہ خشک، نشاستہ گندم، طباشیر خالص ہر ایک ۹ ماشہ، پوست انار ۹ ماشہ۔ موصلی سفید، موصلی سیاہ ہر ایک ایک تولہ۔ سب کو کوٹ چھان کر نگاہ رکھیں، اور بنات سفید، شہد خالص ہر ایک ½۱۲ تولہ آب انار شیریں اور آب بہی پانچ پانچ تولہ میں قوام کر کے اس میں پسی ہوئی دوائیں ملائیں اس کی خوراک ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک ہے۔

حکیم سید غلام حیدر واقف قادری

اکسیر دماغ

سہل الحصول اجزاء: بادیان ایک پاؤ۔ کھانڈ دیسی ایک پاؤ، روغن گاؤ ایک پاؤ۔

ترکیب ساخت: بادیان اور کھانڈ کا سفوف بناکر گھی شامل کریں، ایک تولہ سفوف مذکورہ

ہمراہ دودھ گاؤ رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔ دماغی امراض کے لیئے تریاق ہے۔

حب ممسک

اجزاء:۔ جوز بوا، شنگرف رومی، عاقر قرحا، افیون ہر ایک ہموزن۔
ترکیب ساخت:۔ تمام ادویہ کو باریک کر کے ہمراہ شہد بقدر مونگ گولیاں بنائیں۔
ترکیبِ استعمال:۔ ایک گولی معہ ایک پاؤ دودھ گائے استعمال کریں۔
ضروری نوٹ:۔ بوقتِ ضرورت ۲ گھنٹہ پہلے لی جائے۔

حب حلیت

ریاحی امراض، درد شکم اور اختناق الرحم کے لیئے مفید ہے۔
اجزاء:۔ ہیرا ہینگ، فلفل سیاہ ہر ایک ۲ ماشہ، نمک سیاہ ۲ ماشہ آبِ لیموں میں کھرل کر کے بقدرِ نخود حبوب تیار کریں۔
ترکیبِ استعمال:۔ ایک تا دو گولی ہمراہ عرق بادیان استعمال کریں۔
نوٹ:۔ ہیرا ہینگ، روغن زرد یا روغن بادام میں بریاں کر کے استعمال کریں۔

حکیم فضل الٰہی

قوتِ باہ کے لیئے اکسیر حیات

شنگرف رومی ایک تولہ، دودک بوٹی کا پانی ایک پاؤ،
دودک کا پانی نکال کر اس میں شنگرف کو کھرل کریں، جب خشک ہو کر گولہ بن جائے تو دودک کے نغدے میں گل حکمت کریں سکھا کر ۲ سیر اوپلوں کی آنچ دیں جب ٹھنڈا ہو جائے تو نکالیں

[illegible] رنگ اختیار کرے گا۔ اس کا وزن کم نہیں ہو گا۔ اگر وہ سفید ہو تو ٹھیک ہے۔ اگر سیاہ [illegible] دوبارہ کھرل کر کے آگ دیں، انشاء اللہ پوری اور صحیح چیز نکلے گی۔
استعمال:۔ زچہ کے واسطے بے حد مفید ہے اور کئی بار کا تجربہ شدہ ہے، دودھ ابال کر اس کی بالائی میں ایک چاول کے دانہ کے برابر ڈالیں، اور اوپر سے دودھ پی لیں۔ جوان آدمی کے [illegible] چاول کافی ہیں، اور عورت کے لیئے صرف ۲ چاول تین تین گھنٹے کے بعد، زیادہ تعریف [illegible] ہے۔

دودک کی پہچان

اس میں سے سفید دودھ نکلتا ہے، اور بہت ساری شاخیں ہوتی ہیں اور اکثر ریتلی زمین میں [illegible] ہے۔ سفید رنگ کے پھول بھی نکلتے ہیں۔

حکیم و ڈاکٹر میر محمد خاں لغاری ڈیرہ غازی خاں

اکسیر سوکھا (تریاق اطفال)

ھوالشافی:۔ مروارید خالص ۳ ماشہ، زہر مہرہ خطائی ۱ تولہ۔ طباشیر خالص ۱ تولہ، نارجیل دریائی [illegible] تولہ، انیس ۱ تولہ، دانہ الائچی خورد ۱ تولہ، ناگر موتھا ۱ تولہ، کاکڑا سنگی ۱ تولہ، پیپل ۹ ماشہ، شکر سفید [illegible] تولہ،
سب دواؤں کو مثل مانند سفوف تیار کریں، مروارید خالص اور زہر مہرہ خطائی کو روح کیوڑہ یا عرق گلاب میں باریک کھرل کریں۔
مقدار خوراک:۔ حسب عمر ۱ تا ۴ رتی، دن میں تین دفعہ ماں کے دودھ یا تازہ پانی میں حل کریں۔
فوائد:۔ یہ مرکب واقعی بچوں کے لیئے تریاق کامل ہے، اس کے استعمال سے بچے تندرست و توانا ہو جاتے ہیں، سوکھا، کساح کی شکایت کا خاتمہ ہو جاتا ہے اس کے علاوہ،

بچوں کی کھانسی، بخار، دست، قے، بدہضمی اور دیگر امراض کے لیئے یہ جلیل القدر دوا [illegible] نعمت ہے۔

شربت اکسیر اطفال

ھوالشافی:۔ گاؤ زبان ایک پاؤ، گل نیلوفر ایک پاؤ، برگ بانسہ آدھ سیر۔ ملٹھی مقشر ۱ تولہ سرطان نہری ۵ تولہ سب کو نیم کوب کر کے ۲۰ سیر پانی میں آٹھ پہر بھگو کر دو بوتل عرق کشید کریں عرق کشید کرتے وقت دو چار ماشہ کافور کی پوٹلی ٹونٹی میں لٹکا دیں۔ تاکہ عرق کے گرما گرم قطرے کافور کا اثر نکال کر گرتے رہیں۔ اس کے بعد ۲ تولہ بجھا ہوا چونا عرق میں ڈالدیں، ۲۴ گھنٹے بعد گف کپڑے میں زلال چھان لیں۔ اور ڈیڑھ سیر کھانڈ ملا کر شربت کا قوام بنالیں۔ اور خوشرنگ بنانے کے لیئے لال رنگ میٹھا بھی ڈالدیں۔ اور بوتلوں میں محفوظ رکھیں۔

فوائد و ترکیب استعمال

:۔ بچوں کے کل امراض، قے، دست۔ بدہضمی، سوکھا ساکھا کھانسی اور پیچش کے لیئے اکسیر ہے۔ ہر قسم کی کمزوری کے لئے مفید ہے، اور صحیح معنوں میں بچوں کے لیئے مسیحا کا کام دیتی ہیں۔

مقدار خوراک ۱، ۲ چمچہ دودھ یا تازہ پانی کے ہمراہ دن میں تین دفعہ،

مجربات استاد الاطباء

درد شقیقہ

اسطو خودوس ۶ ماشہ، مرچ سیاہ ۶ عدد، مغز کشنیز ۶ ماشہ صبح سویرے گھوٹ کر بغیر میٹھا ملائے پلادیں، ایک ہفتہ تک پلاتے رہیں مدتوں کا درد سر شقیقہ دور ہو جائے گا۔ قبض کا رفع کرنا بے حد ضروری ہے۔

اکسیر پیچش، شنگرف ۱ تولہ۔ افیون ۱ تولہ، سوہاگہ ۱ تولہ، سب کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے

[illegible] کے برابر گولیاں بنائیں دن میں تین دفعہ ہمراہ تازہ پانی دیں، ایک دن میں ہر قسم [illegible] پیچش دور ہو جائے گی، اگر سدہ کا معدہ ہو تو روغن ارنڈی سے رفع قبض کریں۔

[illegible] جو بچوں کے قے و دست بند کرے۔

[illegible] مہرہ خطائی ۱ تولہ، نارجیل دریائی ۶ ماشہ، مازو بے سوراخ، سفوف بنالیں، حسب [illegible] حسب ضرورت ۳ رتی تک ہمراہ پانی دیں، بچوں کے ہر قسم کے قے اور دست بند کر دے گی

حکیم نور محمد چوہان

چند مفرد چٹکلے

قولنج

[illegible]مرض قولنج سے کون طبیب و وید آگاہ نہیں، مریض ماہی بے آب کی طرح تڑپتا ہے۔ [illegible] طبیب اس کے علاج میں بڑے بڑے مسہل کرانا ضروری خیال کرتے ہیں اور کہتے ہیں [illegible] سدوں کو نکالے بغیر مرض زائل نہیں ہو سکتا بالخصوص طب ہائے قدیم کا طریق علاج تو [illegible] مرض میں اکثر ناکام رہتا ہے۔ ہم بفضلہ تعالیٰ مفرد مگر اکسیری علاج درج کر کے تمام اطباء [illegible] استدعا کرتے ہیں کہ آزمائیں اور ہمیں دعا خیر سے یاد کریں۔

اجزا و ترکیب ساخت

مغز تخم بیدانجیر (ارنڈ) ایک دانہ چھلکا دور کر کے ایک چھٹانک شوگر آف ملک یا کھانڈ [illegible] میں ۲۴ گھنٹے لگاتار کھرل کر کے نگاہ رکھیں، خوراک ایک رتی ہمراہ آب تازہ، شدت [illegible] چار پانچ بلکہ دس خوراک روزانہ کے حساب سے دی جا سکتی ہیں، بلکہ حسب ضرورت [illegible] بھی زیادہ لیکن مندرجہ خوراک دورہ کی خوفناک شدت کے لیئے ہی مخصوص ہے، عام

حالات میں دو تین خوراک پر ہی اکتفا کریں، مفید ہے۔

سُرخ بادہ

خواہ چہرہ پر ہو یا تمام بدن پر خارش جلن آماس وغیرہ بشدت ظہور کرے چہرہ و جلد پھول آجائے، جلد سرخ ہو جائے، بدن آگ میں جلتا معلوم ہو، عام اصطلاح میں ایسے عوارض کو چھپاکی کہہ کر پکارتے ہیں۔ مندرجہ اکسیر کام میں لائیں لیکن ضروری ہے کہ اسکی ادویہ کو پیشتر ازیں تیار رکھیں، ورنہ خاطر خواہ کامیابی محال ہے۔

زردی بیضہ مرغ ایک عدد لیکر آگ پر منجمد کریں، منجمد شدہ زردی شوگر آف ملک ایک چھٹانک میں ملا کر لگاتار ۱۲ گھنٹے کھرل کریں نمبر ا تیار ہے، اس میں سے رتی رتی کی چند خوراک کھلانے سے مرض کافور ہو جائے گا۔ لیکن اگر دوائی تیار نہ ہو اور مرض آموجود ہو تو نطفہ بیضہ دو تین حاصل کر کے رکھیں اور نصف گھنٹہ کے وقفہ سے دودھ ملا کر پلا دیں، ایسی ایک دو خوراک پر اکتفا نہیں کرنا چاہیئے بلکہ ضرورت پر دو تین بلکہ چار پانچ انڈے استعمال میں لائے جا سکتے ہیں۔

پیچش

خونی ہو یا بادی ہر دو حالتوں کے لیئے اکسیر ہے۔

گھٹلی آم کی چھلی دور کر کے ایک ماشہ حاصل کریں اور ۲ تولہ شوگر آف ملک یا دانہ دار کھانڈ میں کھرل کر کے نگاہ رکھیں اور اگر اس میں سے ایک ماشہ لیکر دو تولہ شوگر آف ملک ملا کر سحق کریں اور نمبر ۲ تیار کر لیں تو اور زیادہ مفید ہو جائے گا۔ دست ہوں یا پیچش یا پیٹ میں درد موجود ہو کڑل پڑ رہے ہوں تین چار خوراک تک کھلائیں۔ مرض میں خاطر خواہ کامیابی ہوگی اسی طرح کوئی مریض صرف آم تازہ ہی چوستے رہیں تو انشاء اللہ نیا ہو یا دیرینہ مرض حتمی طور پر زائل ہو جائیگا۔

سنگ گروہ مثانہ

سنگ گردہ و مثانہ کے دوران میں درد گردہ پیدا ہو جاتا ہے۔ احلیل میں جلن پیدا ہو جاتی ہے پیشاب رک جاتا ہے۔ کمر کے مقام پر درد ہر وقت موجود رہتا ہے، الغرض گردہ مثانہ احلیل کی اکثر امراض کے لیئے اکسیر پر تاثیر ہے۔

روزگاری نسخہ

روغن عجوبہ روزگار: تخم جوز مائل سیاہ ۲ ماشہ، انسبتین رومی ۲ ماشہ، تخم حنظل ۲ ماشہ، بیج کٹائی خورد ۲ ماشہ، برگ دھتورہ سیاہ ۲ ماشہ، برگ لاجونتی ۲ ماشہ، برگ حنا تازہ ۲ ماشہ، بیر بہوٹی ۲ ماشہ، ماہی روبیاں ۲ ماشہ، ماہی زہرج ۲ ماشہ، جوز بوا ۲ ماشہ، بسباسہ ۲ ماشہ قرنفل گلدار ۲ ماشہ، چھڑیلہ ۲ ماشہ۔

ان ادویات کو کوٹ چھان کر سفوف کر لیں۔ بعدہ سیماب مصفیٰ ۲ تولہ گندھک آملہ سار ایک تولہ باہم پیس کر یک ذات کریں، بعدہ سفوف مذکورہ اضافہ کریں، اور ایک لوہے کی کڑاہی آگ پر چڑھائیں اور روغن زیتون ۱۰ ار روغن دارچینی ۵ تولہ، روغن قرنفل ۲ ماہ کڑاہی میں ڈالیں، جب یہ تیل گرم ہو جائے تو آہستہ آہستہ سفوف مذکورہ اضافہ کر کے نیب (نیم) کے ڈنڈے سے خوب گھوٹیں جب دھواں نکلنے لگے تو کڑاہی کو آگ سے نیچے اتاریں اور سرد ہونے دیں، بعدہ برگ سداب ۵ تولہ ایک سیر پانی میں جوش کر کے چھان لیں، اور سفوف شنگرف رومی ایک تولہ اضافہ کریں، اور یہ پانی اسی سرد کڑاہی میں ڈالیں، اور دوبارہ آگ پر چڑھائیں اور نرم آنچ پر پکنے دیں، جب پانی خشک ہو جائے اور صرف تیل رہ جائے تو کڑاہی آگ پر سے اتار کر۔ اگرین سوڈیم سلفونیل ٹرائی اوکسائیڈ اضافہ کر کے کپڑے میں چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں بس روغن عجوبہ روزگار تیار ہے۔

ترکیب استعمال و فوائد: یہ عجوبہ روزگار روغن عجیب الفعل ہے۔ میں نے سینکڑوں

گولی دوا بڑھاتے اور اسی قدر افیون کو کم کرتے کرتے آخر افیون قطعی چھوڑ دی جائے
ایک ایک گولی دوا کم کرتے کرتے آخر اسے بھی چھوڑ دیں۔
اس دوا کے اثر سے کوئی تکلیف بھی نہیں ہوتی، اور افیون کی عادت بھی چھوٹ جاتی
اگرچہ دھتورے کے بیج سخت نشہ آور ہوتے ہیں، لیکن اس کے نشہ اور افیون کے نشہ
لحاظ سے بہت فرق ہے۔ علاوہ ازیں دھتورہ کے بیج کے ساتھ جو چیزیں اس نسخہ میں
گئی ہیں، وہ ان کی اصلاح بھی کرتی ہیں۔ اس لیئے جو لوگ افیون کی عادت چھوڑنا چاہتے
انہیں دل مضبوط کر کے اس دوا کی مدد سے اس کالی ناگن سے بچ نکلنا چاہیئے۔
افیون چھڑانے کی ایک آسان ترکیب یہ ہے کہ جتنی روزانہ کھائی جاتی ہے اس حساب سے
کی ۳۰ خوراک لیکر ایک بوتل عرق میں حل کر کے رکھ دیں، اور اس پر ۳۰ خوراکوں کے
نشان لگا دیں، پہلے روز ایک خوراک پیئیں اور اتنا ہی عرق گلاب ڈال دیں، اسی طرح روزانہ کرتے
اور باقی محلول ایک ایک خوراک روزانہ کے حساب سے پی کر پندرہ روز میں ختم کر دیں، اس
سے افیون کی عادت چھوٹ جائے گی، اگر دوبارہ افیون کھانے کی عادت ہو تو اسی حساب
محلول تیار کر کے دونوں وقت پینا چاہیئے۔

انڈکوشں (ہرنیا) کا سنیاسی علاج

دنیا بھر کی طب کی کسی کتاب میں یہ نسخہ نہیں ملتا، تمام ڈاکٹر وید اس کا علاج بذریعہ اپریشن
کے چڑھائے کے بتاتے ہیں، مگر ہم نے بڑی محنت اور خدمت کے بعد ایک بزرگ سے زر
خرچ کر کے حاصل کیا، جو رفاہِ عام کے فائدے کی خاطر درج کرتا ہوں۔
نسخہ۔ نمک چکنی بوٹی قریباً سیر بھر تازی لیکر خشک کریں پھر اس کا سفوف بنا کر دو
تولہ اصلی گھی میں بھون کر بوٹی ڈال دیں، تھوڑی دیر بعد اس بوٹی کو بھی ساتھ بھون لیں۔
اس کے بعد ایک درخت جسے پنجابی میں سُہاجنا کا درخت بولتے ہیں، اس درخت کی دو تولہ
چھال لیکر رات کے وقت ایک پاؤ پانی میں بھگو دیں، صبح سویرے اس کا پانی چھان کر بھونی

مریضوں پر اس روغن کا تجربہ کیا۔ ۱۰ فیصدی مجرب المجرب پایا۔ یہ طلا نہیں ہے، بلکہ دنیائے طب کی عجیب و غریب ایجاد ہے، صرف چند قطرے اس روغن اکسیر کے پیر کے دونوں انگوٹھوں میں شب کو سوتے وقت مالش کریں، اور بنگلہ پان آگ پر گرم کر کے انگوٹھوں پر رکھ کر ایک چیٹ (پٹی) کپڑے کی باندھ دیں، صرف ایک گھنٹہ کے بعد ہی اسقدر زبردست امساک ہوگا، کہ طبیعت پریشان ہو جائے گی۔ اور عیش کی گھڑیاں طویل کر کے کیف و نشاط انبساط و سرور کے سچے مزے چکھاتا ہے۔ صفت تو یہ ہے کہ صرف انگوٹھے میں ملنے رہنا کھانا ہے نہ پینا ہے۔ اور عیش و نشاط حاصل کیجئے۔ انگوٹھے کی رگیں خود بخود اس کیمیا وی روغن کو عضو تناسل تک پہنچا کر لطف و سرور سے دوچار کراتی ہے۔ انگوٹھوں کی رگیں عضو تناسل اور فوطوں سے خاص تعلق رکھتی ہیں۔

نوٹ :۔ آپ میں سے کبھی کبھی کچھ لوگوں نے دیکھا ہوگا کہ جب کسی شخص کے فوطوں میں درد یا ورم وغیرہ ہو جاتا ہے، تو عام طور پر لوگ پیر کے انگوٹھے میں ایک دھاگا باندھ لیا کرتے ہیں، جس سے درد اور تکلیف میں معتد بہ تخفیف ہو جاتی ہے۔ کیوں ؟ اس لئے کہ انگوٹھے کی رگوں کا تعلق فوطوں اور عضو تناسل سے ہوا کرتا ہے۔

افیون چھڑانے کی دوا

کوئی بھی نشہ ہو اگر اسے استعمال کرنے کی عادت پڑ گئی ہو تو اُسے چھوڑنے کے لئے قوتِ ارادی کی ضرورت ہے۔ اس میں شک نہیں کہ کسی بھی نشیلی چیز کی دیرینہ عادت کو ایک دم ترک کر دینے سے کسی نہ کسی روگ کے حملہ کا خوف رہتا ہے، لیکن اگر قوتِ ارادی مضبوط ہو تو کسی معمولی دوا کے سہارے سے بھی بغیر کسی تکلیف کے عادت چھوٹ جاتی ہے۔

نسخہ :۔ ریوند چینی، دھتورے کے بیج، سونٹھ اور گوند کیکر، ان چاروں چیزوں کو برابر وزن لے کر باریک پیس کر کپڑ چھان کریں۔ پھر پانی سے گوندھ کر مونگ کے دانہ کے برابر گولیاں بنا کر رکھیں، ایک وقت میں جتنی افیون لے کر دو گولی دوا شامل کریں، یہاں تک کہ ہر ہفتہ

ہوسے بوٹی والے آٹے میں آدھ پاؤ پانی ڈال کر حلوہ بنائیں، دوائی تیار ہے جو کہ ایک
کا وزن ہے اس دوائی کو روزانہ سویرے ضروریات سے فارغ ہو کر نہار منہ چالیس یوم تک
ہرنیا بالکل غائب ہو جائیگا۔ اس کے علاوہ روزانہ کسٹر آئل میں کرنڈ نمبر ۱ اندرائن کی جڑ
پیس کر لیپ کر کے اوپر برتولی کلابتہ باندھ کر لنگوٹ ضرور چڑھالیں۔ چالیس یوم میں انشاء
مکمل شفا حاصل ہوگی، بعد تجربہ ہم کو اطلاع دیں۔

قلب الحجر یعنی پتھر کا دل

اسے حکیم وئید بخوبی جانتے ہیں قلب الحجر ہی بولتے ہیں۔ خاص قسم کے پتھروں سے
ہوتا ہے۔

حمل گر جانا

یہ ایسی نامراد بیماری ہے کہ جس عورت کا ایک دفعہ گر جائے اُسے حمل گرنے کی عادت
جاتی ہے، ہزاروں علاج فیل ہو جاتے ہیں، مگر قلب الحجر یعنی پتھر کا دل کبھی فیل نہیں ہوتا۔

ترکیب: قلب الحجر ۲ رتی، طباشیر اصلی ۲ رتی، سونف ۲ عدد، ملاؤ یہ ایک خوراک ہے۔ حمل
کے بعد اسے شروع کر دیں۔ پہلے ماہ صبح شام ایک ہفتہ تک دیں، پھر بند اسی طرح دو
تیسرے ماہ تک دیں، ہمراہ دودھ یا پانی تازہ۔ جب چوتھا مہینہ شروع ہو تو قلب الحجر دلا
صبح و شام دیں، مگر ۳ دن تک، پانچویں، چھٹے ماہ تک جاری رکھیں، جب ساتواں ماہ
ہو صرف ۲ دن، آٹھویں نویں مہینے تک دیں، حمل مکمل ہو کر طاقتور تندرست بچہ پیدا ہو
یہ وہ لاجواب علاج ہے، جس سے آج تک نامعلوم کتنے ہزار گھروں میں لخت جگر کھیل رہے
وسٹولین وغیرہ انگریزی علاج کا منہ توڑ جواب ہے۔ حمل میں جماع سے پرہیز ضروری ہے۔

لیکوریا

عورت کو سفید پیلا پانی بیماریوں کا گھر ہے۔ پتھر دل اصلی ۴ رتی، کشتہ بیضہ ۴ رتی صبح و شام
ایسے ایک ماہ تک دیں۔ ہزاروں علاج فیل ہو سکتے ہیں، مگر یہ قدرتی علاج کبھی فیل نہیں
بدن میں طاقت، خوبصورتی میں چار چاند لگ جاتے ہیں۔ گویا جوانی واپس آجاتی ہے

جنین مردہ نکالے

بیر بہوٹی اسی سال کی ہو بقدر ۲ رتی حاملہ کو استعمال کرائیں فوراً مردہ بچہ باہر
آجائے گا۔

آنت اترنا

مازو خشک بذریعہ پانی پیس کر ضماد کریں۔

خارش

پارہ، گندھک آملہ سار، موم، گھی ہموزن لیکر کھرل کریں اور کام میں لائیں۔

جریان الرحم

گندھک آملہ سار پانچ تولہ، جست کشتہ پانچ تولہ، نوشادر پانچ تولہ، قلمی شورہ پانچ
تولہ ... کے مدہ میں تین روز کھرل کریں پھر ٹکیہ بنا کر ایک مٹی کے بڑے پیالے میں رکھ
کر دوسرا پیالہ اس پر اوندھا رکھ کر سمپٹ کر کے چولہے پر رکھ کر نیچے پانچ گنڈہ بیری کی
لکڑی کی آگ جلا دیں، بعد ازاں ٹھنڈا کر کے اوپر کے پیالے کی دوائی اتار لیں، اب

اس کا وزن کر کے اسمیں مندرجہ ذیل اشیاء ڈال کر ایک ایک رتی گولیاں بنالیں
ایک تولہ، کتیرا گوند ۶ ماشہ، کشتہ فولاد رنگ سفید چھ ماشہ، شہد اسقدر ملاؤ کہ گولی بن
گولی ہر روز دودھ سے دیں۔

برائے رعشہ

جوہر سم الفار ونل رتی، سفوف ہلیلہ زرد ایک تولہ، کشتہ فولاد ایک تولہ، گودہ گھیگوار
ورق طلاء بیس عدد سب کو ملا کر شہد کے ہمراہ ۲ رتی کی گولیاں بنائیں، خوراک ایک گولی
صبح اور شام ہمراہ عرق اسطوخودوس تین تولہ میں مفید ہے۔

حمل قرار پائے

تخم درخت پیپل بقدر ۳ ماشہ کھیر دودھ گاؤ میں قبل از دو یوم شروع ایام حیض
شروع کریں، اور ایک ہفتہ بوقت صبح نہار منہ استعمال کریں، بعد میں ہم بستر ہوں
حمل قرار پائے گا۔

کھانسی کیلئے مفید گولیاں

الائچی کلاں ایک تولہ، لونگ ایک تولہ، بہیڑہ کی چھال ایک تولہ، گوند کیکر ایک تولہ
مرچ ایک تولہ، کتھا ایک تولہ، پھلی ببول ایک تولہ سب کو ملا کر پانی کے ہمراہ بقدر دال
گولیاں بنائیں، دن میں آٹھ گولیاں منہ میں رکھ کر چوسا کریں۔

شیر مقوی باہ

ایک چاول بھر سم الفار کو باریک پیس کر کوئلہ کے اوپر ڈالدیں جب دھواں نکلے

اس کے اوپر فوراً گلاس سے ڈھک دیں، چند منٹ بعد گلاس میں دودھ ڈال کر پئیں
مقوی باہ ہے اور ہاضم شیر ہے۔

چورن ہاضم مقوی معدہ

سونف، سونٹھ، اجوائن، نمک، پوست ہلیلہ، زیرہ سفید، پودینہ، ان ساتوں، ہموزن
اشیاء کو باریک کر کے چورن بنائیں، امراض معدہ کے مریض تقریباً ۴ ماشہ سفوف ہمراہ بدرقہ
مناسبہ استعمال کرائیں، درد معدہ، قولنج، بدہضمی، قبض، معدہ کی ترشی، پیچش اور کھانسی
وغیرہ کے لیئے مناسب انوپان سے مریض کو دیں، واقعی نہایت آسان اور ارزاں نسخہ ہے۔

درد گردہ کا علاج

جوکھار، پوٹا، سجی، سہاگہ خام، نوشادر خام، مرچ سیاہ، نمک، سفید نمک، سیندھا، ہیرا
بینگ، اور قلمی شورہ ہموزن باریک پیس کر سرکہ تند ولایتی سے لعوق تیار کریں، خوراک تین ماشہ
ہر پندرہ منٹ کے بعد اول تو پہلی ہی خوراک میں درد کافور ہو جائے گا، ورنہ تین خوراک میں یقینی
ہے ادویات عمدہ ہوں، آرام ہونے کے بعد کشتہ حجر الیہود گنوار گندل میں تیار کردہ دو رتی نہار
منہ استعمال کرائیں۔

مقوی دماغ

مغز بادام ۲۱ عدد اور چھوہارا ایک عدد رات کو پانی میں ڈال کر صبح کے وقت مغز بادام اور
چھوہارے کے چھلکے میں سات عدد الائچی کے دانے اور سات عدد مرچ سیاہ ملا کر گھوٹو، پھر اس
میں دو عدد ورق نقرہ، ایک چھٹانک تازہ مکھن اور ایک چھٹانک مصری کوزہ پسی ہوئی ملا کر صبح نہار

...جاتا ہے
...آزمائش شرط ہے۔

برائے نکسیر

...پھنکڑی بریاں کو کیلا کے پانی میں بھگودیں اور پھر سایہ میں خشک کر کے بعد ازاں اونٹ کے
...ے جلا کر اس میں ملا دیں اور باریک کر کے محفاظت رکھیں بوقت ضرورت نسوار مے
...ٹائیں، اللہ کے فضل سے ایک ہی روز میں آرام ہو جائے گا۔

معجون مقوی و مبہی

...فل ۲ ماشہ، الائچی ۶ ماشہ، فلفل دراز ۶ ماشہ، خولنجاں ۶ ماشہ، دارچینی ۶ ماشہ، سونٹھ ۶ ماشہ
...۶ ماشہ، بہمن ہر دو ایک تولہ، تودریان ہر دو ایک تولہ، مغز خربوزہ ایک تولہ، مغز پستہ
...تولہ، تخم پیاز ۶ ماشہ، تخم شلغم ۶ ماشہ، تخم مولی ۶ ماشہ، تمام اشیاء کو کوٹ کر باریک کریں
...بادام سے چرب کر کے دو چند شہد خالص ڈال کر آمیز کریں، اور مرتبان میں ڈال کر منہ بند
...پندرہ دن کے بعد نکال کر استعمال کریں، اس کے استعمال سے بھوک خوب لگتی ہے رنگت
...کرتی ہے خون اور طاقت کو بڑھاتی ہے، مقوی دماغ ہے گردوں کو طاقت دیتی ہے
...اور کمزوری کو رفع کرتی ہے۔

بڑھاپا دور کرنے والا نسخہ

...ایک تولہ، سم الفار ایک تولہ، کتھہ سفید دو تولہ، برگ بنگلہ پان ایک سو عدد، اول افیون
...الفار کو آٹھ دن تک خشک کھرل کریں، یہاں تک کہ پچاس باقی ماندہ پان ... مجموعہ میں

منہ کھائیں، اس کے بعد جب اچھی طرح بھوک نہ لگے نہ کھائیں، اگر اس کا استعمال کچھ عرصہ اور باقاعدہ با پرہیز کھایا جائے تو دماغ میں اتنی طاقت ہوتی ہے کہ بیان سے باہر ہے۔
ایک بار ضرور تجربہ کیجئے۔

نسخہ سُرمہ سادہ

آنکھوں کی جملہ بیماریوں کے لیئے اکسیر ہے تاعمر روشنی قائم رہے۔

سرمہ سیاہ ۵ تولہ، سرمہ سفید ۲½ تولہ، سرد چینی ۶ ماشہ الائچی سفید کا دانہ ۶ ماشہ، شورہ قلمی ۶ ماشہ، آرد تخم سرس ۱ تولہ، سمندر جھاگ ۱ تولہ، تمام اشیاء کو ترپھلہ کے کاڑھے میں جو کہ عرق میں پکایا گیا ہو اکیس روز تک گرد و غبار سے بچا کر کھرل کریں، اس کو ململ کے کپڑے سے تین مرتبہ کپڑ چھان کر کے شیشی میں بحفاظت رکھیں، روزانہ ایک ایک سلائی آنکھوں میں لگائیں اور قدرتِ حق کا تماشہ دیکھیں، آنکھوں کی جملہ بیماریوں کے لیئے اکسیر ہے، اس کا باقاعدہ استعمال کیا جائے۔

جلاب

ایک چھٹانک کھانڈ میں ایک بوند جمال گوٹہ کے تیل کی ملا کر اچھی طرح کھرل کر لیں، ذرا سی یہ کھانڈ کھلانے سے دو تین دست آ جائیں گے، جمال گوٹے کے تیل کو انگریزی میں کروٹن آئل کہتے ہیں، سخت احتیاط رکھنی چاہیئے، نہایت کم مقدار میں دینی چاہیئے، کیونکہ یہ سخت دست آور ہے۔

برائے سوزاک

بیرہ خشک، دانہ الائچی خورد، سرد چینی، صندل سفید ان سب کو باریک پیس کر بقدر ڈیڑھ ماشہ ہمراہ آب یا دودھ بکری کھلائیں اس سے چاہے آٹھ دس سال کا پرانا سوزاک ہو پانچ روز میں

کھرل ہو جائیں اس کے بعد مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنالیں، ضعف باہ، کمزوری اور سو[illegible]
کے عارضہ کو دفع کرنے میں مجرب ہے، بڑھاپا بھی اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے

معجون حمل، سونف کی معجون

سونف آدھ سیر، مغز بادام آدھ پاؤ، گھی آدھ سیر، کھانڈ آدھ سیر، پہلے سونف کو چکی میں
باریک پیس کر کپڑے سے چھان لیں، مغز بادام کو پانی میں بھگو کر چھیل لیں، اور کوٹ لیں
گھی کو آگ پر چڑھا کر خوب گرم کر لیں تو اس میں پسی ہوئی سونف ملادیں، اس کے
کھانڈ ڈال کر خوب ہلائیں اور اتار لیں، ذرا سرد ہونے پر کٹے ہوئے بادام ملادیں،
معجون تیار ہے۔

اس کے استعمال کا طریقہ یہ ہے کہ جس روز عورت کو حیض شروع ہو اسی روز
عورت اور مرد دونوں وقت دو دو تولہ معجون گائے کے گرم دودھ سے استعمال شروع
حیض سے فارغ ہونے کے بعد سات دن تک لگاتار اسی طریقہ سے معجون استعمال کریں
اس کے بعد ہم بستری کریں، انشاء اللہ پہلے ہی مہینے ورنہ دوسرے ماہ میں اور حد تیسرے
ماہ میں عورت کو حمل ٹھہر جائیگا۔

شربت بزوری معتدل

یرقان، حرارت جگر اور بخاروں کے لیئے مفید ہے۔

تخم بادیان، تخم کاسنی، تخم خربوزہ، تخم کھیرہ، بیخ بادیان ہر ایک دو تولہ، بیخ کاسنی
۴ تولہ، سب کو اچھی طرح جو کوب کر کے آدھ سیر پانی میں پکائیں جب تین چھٹانک باقی
تو اتار کر چھان کر اس میں ایک پاؤ پختہ مصری ملاکر قوام شربت کا کریں۔ مقدار خوراک
تولہ سے پانچ تولہ تک نہایت مناسب پانی ملاکر پلادیں، واسطے یرقان حرارتِ جگر ا[illegible]

بخاروں کے لیئے مفید ہے۔

شنکجبین بزوری

یرقان بخار دور ہوتے ہیں، اور سدے جگر و طحال کے دُور ہوتے ہیں۔
سونف، کاسنی، کرفس ہر ایک تین تولہ، تخم خیارین، تخم خربوزہ ہر ایک پانچ تولہ، جڑ
سونف اور جڑ کاسنی کا چھلکا ہر ایک سات تولہ سب کو جو کوب کر کے تین سیر پختہ پانی میں
پکائیں جب تین پاؤ پانی باقی رہے، تو چھان کر اس میں مصری دو سیر پختہ ڈال کر قوام رُب
کا بنائیں اور اس میں سرکہ ڈال کر نیچے اتار کر رکھیں اور سرد ہونے پر بوتلوں میں بھر لیں۔
مقدار خوراک دو تولہ سے چار تولہ تک اس کے استعمال سے یرقان بخار دفع ہوتے ہیں۔
اور سدے جگر و طحال کے خارج ہوتے ہیں۔

عرق اجوائن

اجوائن نیم کوفتہ دس چھٹانک، پانی دس سیر حسب ضرورت پانچ سیر، عرق کشید
کریں، خوراک ایک اونس سے دو اونس تک،

عرق بادیان

سونف کچلی ہوئی آٹھ چھٹانک، پانی دس سیر، بھگو کر پانچ سیر عرق کشید کریں خوراک
ایک سے دو اونس تک۔

برائے مضبوطی دنداں

پھٹکڑی بریاں ایک تولہ، نیلا تھوتھا بریاں دو ماشہ، کتھ ڈیڑھ تولہ، ان سب کو کوٹ

پھان کر منجن بنا کر استعمال کریں۔

درد دانت

عقر قرحا اور مصطگی ہموزن لیکر باریک پیس کر منجن کریں۔
دیگر: پھٹکڑی ۲ ماشہ نمک ۴ ماشہ، کوٹ کر منجن کریں۔
دیگر: میٹھا باریک پیس کر منجن کریں۔

ہونٹوں کا پھٹ جانا

سہاگہ کی کھیل شہد میں ملا کر لگائیں۔

سخت سے سخت زکام کے لیے

دو لیموں کا رس اُبلتے ہوئے پانی کے ایک گلاس میں ڈال کر اور شہد سے بقدر ضرورت میٹھا کر کے سوتے وقت پینا جادو کا اثر رکھتا ہے۔

قوتِ باہ کے لیئے مفید و مجرب ہے

دال ماش رات کو بھگو کر صبح کو چھلکا دور کر کے پیس کر حسب ضرورت گھی میں بھون کر اور پاؤ بھر دودھ ڈال کر کھیر بنالیں، اور حسب ضرورت کھانڈ ملا کر اور ذیل کا سفوف بقدر ½ تولہ اس پر چھڑک لیں۔
طباشیر، ثعلب مصری، تالمکھانہ، چھلکا اسبغول دو تولہ، کشتہ قلعی ایک ماشہ یہ وزن ۴۰ دن کا ہے۔ اس حساب سے چالیس یوم کا سفوف تیار کریں، دوپہر کا کھانا بلا ضرورت نہ کھائیں یہی کافی ہے، جماع سے پرہیز ضروری ہے۔

سفوف مغلظ

تالمکھانہ، تخم تمر ہندی مقشر سفوف کر کے شیر برگد میں تر و خشک کر کے برابر وزن مصری ملا کر سفوف تیار کر کے چار ماشہ دودھ سے کھایا کریں۔

نہایت مقوی

خراطین صاف کر کے خشک کیئے ہوئے ایک تولہ، دارچینی ۲ ماشہ، دانہ ہیل ۳ ماشہ، ثعلب مصری، نبات تولہ تولہ باریک کر کے رکھیں اس میں سے ایک ماشہ سفوف بیضہ مرغ کی کچی زردی میں ڈال کر آگ پر پکائیں، جب قدرے بستگی ہونے لگے تو اس کو ٹھنڈا کر کے کھائیں اور ہر روز ایک بیضہ بڑھاتے جائیں۔ یہاں تک کہ سات بیضہ تک پہنچے، پھر ایک ایک گھٹاتے جائیں حتیٰ کہ ایک بیضہ پر آجائیں، اس اثنا میں ترشی سے پرہیز کریں۔

مقوی باہ، جریان، احتلام اور ذکاوت حس کیلئے مفید ہے

زردی بیضہ مرغ ایک تولہ، سبوس اسبغول تین ماشہ، کھانڈ دو تولہ، گھرت دو تولہ، ایک پیالہ میں پہلے شکر ڈالیں، پھر زردی بیضہ، چھلکا اسبغول پر گھرت کو داغ دے کر گرم گرم اس پیالہ میں ڈال دیں، اور چمچہ سے ہلاتے رہیں، سرد ہونے پر کھائیں۔

حکیم اجمل خان دہلوی

مجربات

جریان: سیسہ بقدر حاجت لیکر آہنی کڑاہی میں ڈالدیں اور اسے آگ پر رکھ کر پگھلائیں۔

اسی اثنا میں سبھالنجنے کی لکڑی سے اسے ہلاتے جائیں اور اثنا حرکت میں اس پر شکر خام بھی چھڑکتے رہیں، جب وہ خاکستر ہو جائے تو نکال لیں، خوراک دو چاول۔

الاحمر :- نہایت درجہ مقوی باہ ہے۔ صفتہ، قطعہ شنگرف، بیش سفید ہر ایک دو تولے اور تریس قند کو کوٹ کر اسقدر پانی میں جس میں بیش گندھ سکے، گوندھیں اور اس میں شنگرف کی مسلم ڈلی رکھ کر غلولہ بنائیں اور دبیز کپڑا اس پر اچھی طرح لپیٹ کر باندھیں، پھر تین سیر روغن معفر لے کر تانبہ کی دیگ میں ڈالیں اور غلولہ کو اس میں ڈال کر سر پوش سے اچھی طرح منہ بند کر دیں نیز کسی پتھر سے دبا دیں اور ہلکی آنچ پر رکھیں، ایک پہر کے بعد آگ تیز کر دیں، اور تین پہر تک تیز آگ رہنے دیں، دیگ میں سے بہت شور کی آواز آئے گی۔ اس سے گھبرائیں نہیں، البتہ سر پوش کا خیال رکھیں کہ کھلنے نہ پائے، چار پہر نرم و تیز آگ دینے کے بعد دیگ کو اتار لیں اور سرد ہونے پر ڈلی نکال کر خوب باریک پیس لیں، خوراک ایک چاول مکھن کے ساتھ کھائیں۔

حب کیمیائے عشرت

:- ورق طلاء، ورق نقرہ، مشک، عنبر اشہب، ہر ایک ایک ماشہ زرشک منقی ایک تولہ، جدوار خطائی ایک تولہ ۱ ماشہ بسباسہ ۲ تولہ ساذج ہندی ۲ تولہ کبابہ اسارون حب صنوبر، مرکی، جوز بوا ہر ایک ۲ تولہ، دار فلفل ۲ تولہ، سنبل الطیب، درونج عقربی، عود قماری، قرنفل، بیل بوا ہر ایک ۳ تولہ ۴ ماشہ، دارچینی، زرنباد، سعد کوفی میعہ سائلہ ہر ایک ۲ تولہ، زنجبیل مصطگی۔ فلفل سیاہ، تخم کرفس، ہر ایک ۵ تولہ۔ زعفران ۱۱ فیون ہر ایک ایک تولہ، کشتہ مرجان کشتہ یشب، کشتہ عقیق، کہربائے شمعی ہر ایک ۶ ماشہ کشتہ قلعی ۳ ماشہ، مشک عنبر، زعفران، میعہ سائلہ ورق طلاء و غیرہ کشتوں کو عرق گلاب میں کھرل کریں، اور بقیہ اجزاء کو کوٹ چھان کر ملائیں پھر روغن طلسان خالص تین ماشہ شامل کر کے کھرل کریں اور روح گلاب و صمغ عربی بقدر ضرورت ملا کر گولیاں بنائیں۔ خوراک ا گولی مکھن یا بالائی کے ہمراہ۔

افسر الاطبا حکیم نور دین صاحب

مجربات

...ی باہ :- زعفران، دارچینی، جائفل، افیون۔ مشک شنگرف، عقرقرحا۔ قرنفل ہر ایک ... وارید ۲ ماشہ، روغن سم الفار ۲ ماشہ سب کو باریک پیس کر باہم ملا کر شہد خالص معفیٰ کی ... ایک رتی کی گولیاں بنائیں، خوراک ایک گولی ہمراہ روغن ماہی، ایوند کھانا کھانے ... ستعمال کریں۔

... نام عشق کے نام سے مشہور ہے۔

...ب روغن سم الفار

:- شیر گاؤ میش ایک سیر، زعفران خالص، سم الفار ہر ایک ... وں کو الگ الگ کھرل میں باریک کر کے شیر میں ملا کر جوش دیں، پھر جامن لگا کر جما ... طریق معروف مکھن نکال لیں، یہی روغن سم الفار ہے۔

...ب مقوی باہ

:- زعفران، خراطین ہر ایک تین ماشہ، مشک ا ماشہ، ادلیم کیچو پٹائی ... روغن دارچینی ۲۴ قطرہ، جوہر کچلہ (اسٹرکینا) ½ رتی۔ الیکسر کرم جنش حسب ضرورت ... اور ۲۴ گولیاں بنائیں۔

...اک ا گولی رات کو سوتے وقت ہمراہ شیر گاؤ کڑھا ہوا۔

حکیم مفتی سلیم اللہ صاحب

مجرّبات

برائے قوّت باہ و استقرار: پٹھ کنڈے کو جلائیں اس کی راکھ لے کر
ٹپکائیں، اب وہ ٹپکا یا ہوا پانی آگ پر رکھیں، پانی جل جائے اور نمک اس کا باقی رہے
میں سنکھیا ایک تولہ رکھ کر دو کٹھالیوں میں بند کر کے دو سیر اوپلوں کی آگ دیں، سنکھیا
جائیگا اس میں سے ۲ رتی اور مرچ سیاہ ۸ رتی کھرل کر کے مسور کے برابر گولی باندھیں
کو ایک گولی ہمراہ روغن زرد کھلائیں اور باہ کی کمزوری کے لیئے ایک گولی آدھ سیر دودھ کے
دن تک کھلائیں مجرب ہے۔

برائے ضیق و ضعف باہ: کنڈیالی کا پانی جس کو صحرائی بادنجان بھی کہتے
صرف اسی کا شیرہ نکالیں۔ پھر اس کو آگ پر رکھیں، اس کے پانی نرم ہوں کو کسی بوتل میں ڈال
رکھیں۔ اسپات یا فولاد کو برادہ کر کے اس پانی کے ساتھ کھرل کریں، پہلی دفعہ بقدر ۲۰ سیر
کی آنچ دیں، پھر پندرہ سیر کی اور پھر ۱۰ سیر کی، فولاد برنگ سرخ ہو جائیگا۔ خوراک ا رتی
مرتبہ گذر۔ ضعف باہ کے لیئے اور ضعف جگر کے لیئے ہمراہ مویز منقی ایک دانہ اور پانی منقی
کر اس کے ساتھ پی لیں، ضیق النفس کے لیئے ہمراہ شربت بنفشہ ایک تولہ رات کو سوتے
نوٹ:۔ برادہ فولاد کا وزن ایک تولہ اور ۱۰ تولہ پانی کنڈیالی اس میں ہر دفعہ جذب کیا جا
اور پھر آگ دی جائے۔

حکیم محمد حسن صاحب قریشی

مجرّبات

حب پیچش: افیون خالص، سہاگہ بریاں، مصطگی رومی، شنگرف ہر ایک ۲ ماشہ
دواؤں کو کھرل کر کے پانی سے بقدر دانہ نخود گولیاں بنا لیں۔ ایک گولی صبح اور ایک شام
ہمراہ ۲ تولہ لعاب ریشہ خطمی کے ساتھ دیں، یہ گولیاں اسہال کبدی اور اسہال بواسیر کو روکتی ہیں۔
پیچش صادق کے لیئے خاص چیز ہیں۔ اگر سدہ نہ ہو تو اکثر ایک ہی دن میں دور ہو جاتی ہے۔

اسود: سیسہ بقدر ضرورت لیکر ایک لوہے کی کڑاہی میں پگھلائیں، اور سہانجنہ کی لکڑی
سے ہلاتے رہیں، اس دوران میں تھوڑی سی کچی شکر چھڑکتے رہیں۔ جب خاک ہو جائے
نکال کر رکھیں۔ خوراک ۲ رتی ایک تولہ مکھن یا بالائی کے ہمراہ، جریان کے لیئے خواہ وہ کسی سبب سے
ہو مفید ہے۔

اکسیر خنازیر: ایک عدد خارپشت لیکر اس کے شکم کی آلائش صاف کر کے اس
میں ۲ تولہ سم الفار رکھ کر اس کے پیٹ کو مضبوط سی کر کوزہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کریں جب
بالکل خشک ہو جائے تو پانچ چھ سیر اوپلوں کی آنچ دیں، اور سرد ہونے پر نکال لیں، خوراک بقدر
ایک رتی مکھن میں ملا کر اور اوپر سے آدھ سیر دودھ مصری ملا کر پلائیں۔

جوہر آتشک: رسکپور، دار چکنہ، سم الفار بلوری، شنگرف، مردار سنگ، ہر ایک ایک
تولہ لیکر ایک شراب برانڈی میں کھرل کریں، اور چھوٹی چھوٹی بنا کر ایک مٹی کے پیالے میں ڈالیں

اور دوسرا پیالہ اس کے اوپر اُلٹا رکھ کر دونوں کا منہ بند کر کے مضبوط گل حکمت کریں، پھر چولہے پر چڑھا کر نیچے دو بیری کی لکڑیوں کی آگ جلائیں، جو انگوٹھے کے برابر موٹی ہوں۔ اوپر کے پیالے پر کپڑا تر کر کے رکھتے رہیں تاکہ جو جوہر تیار ہو وہ اُوپر کے پیالے میں جمع ہوتا جائے، جب تین سیر لکڑیاں جل چکیں، ٹھنڈا کر کے پیالہ سے جوہر اُتار لیں، خوراک ایک سے ۲ دو چاول مکھن یا مویز منقی میں اسطرح رکھ کر کھلائیں، کہ جو ہر دانتوں کو نہ لگنے پائے آتشک، جذام، [illegible] اور ناسور مقعد د بھگندر میں مفید ہے۔

ترکیب دیگر

:۔ اس نسخہ میں بجائے سم الفار کے نیلا تھوتھا ۲ ماشہ ڈال کر سب ادویہ کو برانڈی میں کھرل کریں اور پھر ایک پیالہ میں رکھ کر اوپر دوسرا پیالہ اوندھا کر کے دونوں کا منہ خوب گل حکمت کر کے اور چولہے پر رکھ کر نیچے برڈھ کی لکڑی کی آگ جلائیں اور جو ہر اڑائیں پھر جوہر کو گائے یا بکری کی نل کی ہڈی میں سے گودہ نکال کر بھر دیں، اور سوراخ اچھی طرح سے بند کر کے آدھ سیر پانی میں جوش دیں، جب تمام پانی جل جائے ٹھنڈا کر کے نل میں سے نکال لیں، پھر ایک انڈے کی زردی میں حل کر کے ایک بیضۂ مرغ کے خول میں بھر کر آرد ماش سے بند کر کے اور گل حکمت کر کے چار پہر بھوبل میں دبا دیں، بعدہٗ نکال کر رکھیں، اور اسمیں سے ½ سے ایک رتی مکھن میں کھلائیں، زیادہ مفید ہے۔

دوائے جریان

:۔ سیماب مدبر ۶ ماشہ، قلعی ۱ تولہ، میٹھا تیلیہ ۲ ماشہ، فلفل سفید دکنی ۱ تولہ قلعی کو پگھلا کر سیماب میں ملائیں، اور کھرل کریں، پھر باقی ادویہ کو علیحدہ علیحدہ پیس کر اسمیں شامل کریں، ۲ سے ۴ چاول ہمراہ بالائی یا کسی دوسرے مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں، رطوبات کی زیادتی سے جو جریان کی شکایت پیدا ہو جاتی ہے اس کے لیئے یہ دوا بہت مفید ہے۔

اکسیر پیچش

:۔ شنگرف ۱ تولہ، جدوار ۱ تولہ افیون خام ۳ ماشہ، سہاگہ ۳ ماشہ سب کو باریک پیس کر ماش کے برابر گولیاں بنائیں، روغن بیدانجیر کا مسہل دینے کے بعد ایک

[illegible] ہمراہ آب تازہ کے، پرانے پیچش میں بہت مفید ہے۔

[illegible]وب خاص

:۔ دار چینی ۱ ماشہ، جائفل ۱ ماشہ افیون ۱ ماشہ، مشک خالص ۱ ماشہ عقرقرحا [illegible] شنگرف ۱ ماشہ، قرنفل ۱ ماشہ مروارید ۲ ماشہ، روغن سم الفار ۲ ماشہ، شہد خالص مصفیٰ سے [illegible] موںگ گولیاں بنائیں، ایک یا دو گولی ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

[illegible]رکیب روغن سم الفار

:۔ شیر گاؤ ۱ سیر، زعفران خالص ایک تولہ سم الفار سفید ۱ تولہ [illegible] کو الگ الگ کھرل کریں، باریک کر کے شیر مذکور میں ملا کر جوش دیں، پھر جامن لگا کر [illegible] جمائیں، اور مکھن نکال لیں، بعدہٗ مکھن کو گرم کر کے روغن کو الگ کریں۔

شہزادہ حکیم غلام محمّد صاحب رئیس سرگودھا

نسخہ برائے ضیق نفس و آتشک فسادِ خون ہر قسم و بواسیر خونی بہت مجرب ہے۔
[illegible] تھوتھا ایک تولہ، ۶ تولہ آب جو ہاکنی بوٹی میں خوب سحق کریں، جب پانی خوب خشک ہو جائے [illegible] بنالیں۔ اور دس تولہ نغدہ بوٹی مذکور میں رکھ کر اوپر ایک کپڑا کھدر لپیٹ دیں اور اس کپڑے کے اوپر باریک گل حکمت کریں، جب یہ گل حکمت خشک ہو جائے ۴ سیر اوپلوں کی آگ ہوا سے محفوظ جگہ پر دیں، سرد ہونے پر نکال لیں، کشتہ برنگ خاکستر پورے وزن میں حاصل ہوگا [illegible] خوراک ضیق النفس و مریض آتشک کو مویز منقی میں ایک چاول سے دو چاول تک ڈال کر کھلائیں، اور مریض بواسیر کو مغز کیلہ میں ڈال کر۔

برائے ضیق النفس بلغم شور، سوزاک آتشک وغیرہ مجرب ہے۔ نوشادر دیسی ۳ تولہ، صاف مروارید چونہ آب نارسیدہ ۲ تولہ، سنکھیا بلوری ۱ تولہ، ادویہ کو خوب باریک کر کے ۱۰ تولہ شیر مدار [illegible] میں کھرل کریں، جب خشک ہو جائے قرص بنا کر ایک مٹی کی ڈولی میں گل حکمت کر کے

خشک کریں، اور محفوظ ہوا جگہ پر ۲ سیر اُپلوں کی آنچ دیں، کشتہ برنگ سفید ہو گا، خوراک
چاول، ضیق النفس والوں کو ۲ تولہ شربت اعجاز میں ڈال کر کھلائیں۔ باقی امراض کے مویز منقیٰ

نسخہ برائے قوت باہ و کمزوری ہر قسم

:۔ مقوی معدہ و جمیع اعضاء رئیسہ اور خاص کر
لوگوں کے لیئے جو بوجہ کسی خرابی کے اولاد سے محروم ہوں، یہ نسخہ ہمارا خاص ہے، جو ا
ہم پیشہ بھائیوں کے لیئے مجبوراً تحریر کیا گیا ہے، اور ہر جگہ اور ہر وقت ہر مزاج پر مقوی
اور ممسک اثر رکھتا ہے۔

صفت :۔ چوب چینی ایک پاؤ کو برادہ کر کے کوٹ چھان لیں، ریگ ماہی۔ افیون، زعفران
تولہ تولہ، ثعلب ۳ تولہ، الائچی خورد ایک تولہ، دار چینی ۴ تولہ، جند بیدستر ۶ ماشہ، عنبر ۲ ماشہ
۳ ماشہ، شنگرف رومی کی ڈلی ۲ تولہ،

گوشت گوسفند ۱ سیر کا خوب باریک قیمہ بنائیں اور دو سیر پیاز کو بھی اسی قدر باریک کریں تاکہ
قیمہ مذکور میں مل کر یک جان ہو جائے، پھر اس قیمہ میں سے بقدر ۴ تولہ لیکر ڈلی مذکور کے اوپر
لپیٹیں اور ایک سیر روغن گاؤ جو کڑاہی میں سُرخ ہو رہا ہو، ڈال کر بطور کباب بریاں کریں، جب
یہ قیمہ خوب سُرخ ہو کر مائل بہ سیاہی ہو جائے، کڑاہی میں سے نکال لیں، اور شنگرف نکال کر
پھر ۴ تولہ قیمہ تیار شدہ میں رکھ کر روغن میں سُرخ کریں، تا آنکہ کل قیمہ ختم ہو جائے، پھر یہ شنگرف
تیار ہو گا۔ کھرل میں باریک کر کے کل ادویہ باریک شدہ میں ملا دیں، اور اسقدر شہد خالص اد
میں ڈالیں کہ گولیاں بنانے کے قابل ہو سکے، حبوب بقدر دانہ نخود تیار کریں، ایک گولی صبح عرق
گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ساتھ اور اگر بہت کمزوری معلوم ہو تو ایک گولی شام کو بھی کھالیا کریں،

حکیم سیّد ظفریاب علی صاحب حاذق الہند

مجربات

یابیطس حار و بارد کا مجرب نسخہ

:۔ کوندرو بوٹی جو شمل پر در ہوتی اور ہندوستان
شرقی حصہ میں جہاں پانی پیدا ہوتا ہے، اس کی پیدائش بھی وہیں ہوتی ہے۔ دیہات کے
اس کی ترکاری بنا کر کھاتے ہیں۔ مندرجہ ذیل ترکیب سے مریض ذیابیطس کو دینی چاہیئے،
وندرو کی جڑ کو ۶ ماشہ صبح اور ۶ ماشہ شام ۶ عدد فلفل سیاہ کو پانی میں پیس کر شیرہ نکال کر
فلفل سیاہ صرف شام کو، صبح کو صرف کوندرو ہووے، یہ عمل متواتر چالیس روز تک
رکھیں، بالکل صحت ہو جائے گی، سب اغذیہ سے پرہیز، صرف باجرہ کی روٹی گوشت
کے ساتھ کھلائیں، یا مسور مسلم یا دال مونگ، گھی کی مقدار زیادہ کر دیں، ہفتہ میں دو ایک
گوشت طیور بھی کھا سکتے ہیں۔ چاول شکر و مسکرات کا پرہیز رکھیں۔

بواسیر خونی و استحاضہ میں مجرب ہے اور فوری اثر دکھاتا ہے۔
ل گیندہ ۱ تولہ، مغز تخم ہارسنگھار ۱ تولہ پوست اخروٹ سوختہ ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۱ ماشہ، سب کو
ب ریشہ خطمی میں باریک پیس کر بقدر نخود گولیاں بنا کر دو گولی صبح و شام کسی مناسب بدرقہ کے
یں دو ایک دن میں خون بند ہو جائے گا۔

ٹ :۔ اگر گل ملتانی کے زلال سے دیا جائے تو جلد فائدہ ہو گا۔

ب ہاضم مجرب :۔ بابرنگ، پیپل دراز، فلفل سیاہ، سہاگہ بریاں، گندھک مدبر، لک ترب
شور، نمک لاہوری، نمک طعام، نمک سیاہ، جو کھار، نمک کانچ، صعتر فارسی، زیرہ سیاہ، اذخر
د، زنجبیل، پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی، پوست ہلیلہ، نانخواہ، سنول، پوست

بیخ مدار، گل آک، مساوی الوزن کوٹ چھان کر آب ادرک، آب کھیگوار، آب لیموں کاغذی [illegible]
برگ مولی سبز، سب کو بقدر ضرورت لیکر ایک جگہ ملا کر سفوف ادویہ کو اس میں ملا دیں [illegible]
میں خمیر پیدا ہو جائے۔ گولیاں بقدر کنار دشتی بنالیں، ایک گولی کھانا کھانے کے بعد کھائیں [illegible]
معدہ کے کئی امراض میں سریع الاثر و تیر بہدف ہے۔

حب مقوی باہ و ممسک خاص

:- کشتہ سفید ۱ ماشہ، زعفران ۱ ماشہ، دار چینی [illegible]
جائفل ۱ ماشہ، افیون ۴ سرخ مشک خالص ۱ ماشہ، عاقر قرحا، شنگرف، قرنفل، جند بیدستر [illegible]
مروارید ناسفتہ ۱/۲ ۲ ماشہ، روغن سم الفار ۱/۲ ۲ ماشہ، کچلہ مدبر ۱ ماشہ، باریک پیس کر پانی میں بقدر
مونگ گولیاں بنا کر غذا کے بعد ایک ایک گولی کھلائیں۔

افیون خوردہ کو ہوش میں لانے کے لیے اور دفع میت کے لیے مغز بنولہ کو پانی میں [illegible]
نکال کر پلائیں، فوراً فائدہ ہوگا۔

قرحہ سوزاک دریگ و پتھری گردہ و مثانہ کا مجرب نسخہ

:- حجر الیہود ۱ ماشہ [illegible]
گوگرد ۶ ماشہ۔ اسارون ۳ ماشہ، مرچ سیاہ ۲ عدد، نمک طعام ارتی، سب کو پاؤ بھر پانی میں [illegible]
کر چھان کر پلائیں۔ دن میں ۲ مرتبہ۔

حکیم سید منظور احمد صاحب منظور الہڑوی

مجربات

برائے تقویت قوت ہاضمہ

:- مدار کے پھول، مرچ سیاہ، نمک سیاہ، نوشادر
ہر ایک ۱ تولہ، عرق سہاگنہ میں ایک پہر کھرل کر کے گولیاں بنائیں، اور ایک گولی بعد از طعام

استعمال کریں۔

برائے تپ ربع

:- کشتہ ناقوس، کونین، نوشادر، ہر ایک ۱ تولہ، منقہ سے بیج نکال کر
اس سے گولیاں بقدر نخود تیار کر لیں۔ اور ہر روز دودھ پاؤ پختہ سے ایک گولی کھلائیں۔

ترکیب کشتہ ناقوس :- ناقوس باتھو کے پانی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر باتھو کے نغدہ
میں چار سیر اپلوں کی آنچ دیں، کشتہ ہو جائے گا۔

برائے ضعف جگر و یرقان اصفر

:- کشتہ فولاد ۱ تولہ طباشیر ۲ تولہ الائچی
خورد ۲ تولہ، افسنتین رومی ۱ تولہ، جوہر نوشادر ۱ تولہ، کالی مصری، تولہ، خوراک ۱ ماشہ ہمراہ
بادیانہ ذیل،
کاسنی ۶ ماشہ زرشک ۶ ماشہ نیلوفر ۶ ماشہ رات کو آدھ پاؤ پانی میں بھگو دیں، صبح کو چھان کر
مصری ۱ تولہ ملا کر پلائیں۔

حلوائے بادام

:- دماغ کو تقویت بخشتا اور جریان کو دور کرتا ہے۔
مغز بادام شیریں گائے کے ایک سیر دودھ میں باریک پیس کر شیرہ نکالیں اور مکھن گاؤ
آدھ سیر شکر سفید ایک سیر چھلکا اسپغول ۱۰ تولہ، اضافہ کر کے کوئلوں کی آنچ پر پکائیں، حتیٰ
کہ قوام غلیظ ہو جائے۔ خوراک ایک تولہ ہمراہ شیر تازہ گاؤ۔

سرعت انزال اور رقت منی کیلئے

:- ببول کی نرم کونپلیں ۲ تولہ برگد کی نرم
کونپلیں ۲ تولہ، پیپل کی نرم کونپلیں ۲ تولہ گولر کی نرم کونپلیں ۲ تولہ، دودھی خورد ۲ تولہ دو
سیر پانی میں اسقدر جوش دیں کہ آدھ سیر پانی باقی رہے صاف کر کے مصری ملا کر قوام کریں
اور مغز تخم املی ۲ تولہ، مغز بنولہ ۲ تولہ چھلکا اسپغول ۳ تولہ باریک پیس کر چھان کر قوام
میں شامل کریں، خوراک ۲ تولہ۔

برائے خفقان:۔ مرد آملہ ایک عدد لیکر اس کو دھولیں اور چاندی کے ایک ورق میں پیسٹ کر کھائیں۔ پھر شیرہ خرفہ سیاہ ۳ ماشہ، شیرہ زرشک ۳ ماشہ، شیرہ کشنیز خشک ۲ ماشہ، شیرہ آلو بخارا ۳ عدد۔ لعاب بہیدانہ ۳ ماشہ، لعاب برگ گاؤزبان ۳ ماشہ عرق کیوڑہ ۳ تولہ عرق بید مشک ۳ تولہ، گلاب ۳ تولہ، عرق گاؤزبان ۳ تولہ میں نکال لیں اور شربت سیب ۲ تولہ، شربت انار شیریں ۲ تولہ، شربت صندل یا شربت نیلوفر ۲ تولہ ملا کر پلائیں۔

کالی کھانسی:۔ گل کنڈیاری کا زرد رنگ کا زیرہ خشک کر کے پیس کر شہد خالص ۲ تولہ ملا کر چٹائیں، مجرب ہے۔

برائے اسہال:۔ ایک مریضہ کو دن بھر میں ۵۰ سے زیادہ دست آتے، سخت نڈھال ہو گئی۔ صرف جیلسی میم کی ۶x کی چار پڑیاں دی گئیں ۶ گھنٹہ کے اندر اندر بالکل تندرست تھی۔

فسادِ خون:۔ ایک مریض جس کے جسم پر پھوڑے پھنسیاں بے حد ہو گئیں تھیں، مسوڑوں میں بھی پیپ پڑی ہوئی تھی۔ پانی تک نہیں پی سکتا تھا، دانت سخت خراب ہو رہے تھے۔ ہیپر سلفر ۳۰x کی چھ پڑیاں دی گئیں، تیسرے دن مریض کو دیکھا گیا، پھوڑے پھنسیوں کے زخم خشک ہو چکے تھے، مسوڑوں سے پیپ آنا بند ہو چکی تھی۔

حکیم ظہور حسین صاحب

مُجربات

پھوڑوں کا تیر بہدف علاج:۔ آئل سنٹرونیلا ½ اونس۔ آئل کوکونٹ ۲ اونس آئل گلیسرین ۱ اونس، ایسڈ کاربالک ۲۰ بوند آئل یوکلپٹس ۳۰ بوند ایک شیشی میں ڈال کر ملا لیں، بوقت ضرورت ہاتھ اور منہ اور بدن پر مل لیں۔

نسخہ مومیائی:۔ بھلانوہ ۲۰ تولہ رال ۲ تولہ، جائفل ۵ تولہ لونگ ۵ تولہ لوبان ۵ تولہ ان سب کو ہانڈی میں سوراخ کر کے بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں، ان سب کو گرم کر کے روغن بیضہ مرغ ملا لیں۔ پھر موم بوزن پانچ ڈالدیں، بعد ازاں تین ماشہ سلاجیت لیکر ڈالیں اور خوب گھوٹیں، جب گاڑھا ہو جائے تو ٹکیہ تیار کر لیں، خوراک ۴ رتی سے ایک ماشہ تک کہنہ دردوں، سخت چوٹ لگنے کو مفید ہے، قوت باہ زیادہ کرتا ہے۔

فولاد اکسیری:۔ لوہے کی کڑاہی میں اُپلے جلا کر خوب مانجو تاکہ بالکل صاف اور چمکدار ہو جائے اور کثافت باقی نہ رہے، پھر اس میں آہنی تاریں جو ستار بجانے والے ستار پر چڑھاتے ہیں۔ جنہیں سچی تاریں کہتے ہیں (کیونکہ یہ تاریں خالص فولاد کی ہوتی ہیں) ایسی تاروں کے تین گچھے لیں اور کڑاہی میں ڈالیں، اور اُوپر سے ایک سیر پختہ آب بیخ جامن ڈالیں، پھر تر پھلہ ڈیڑھ سیر الائچی خورد ۲ تولہ بھر اور زیرہ سفید ۵ تولہ کوٹ کر ملا دو، گرمیوں میں چار روز اور سردیوں میں ۸ روز پڑا رہنے دیں اور روزمرہ ہلاتے رہیں۔ بس تاریں گل کر پانی بن جائیں گی، پھر رقیق ہونے پر ایک گاڑھے کپڑے میں چھان لیں اور محفوظ

رکھیں، خوراک ۲۰ بوند نصف چھٹانک پانی میں ملا کر صبح و شام دونوں وقت کھانے کے بعد
استعمال کریں اور پندرہ روز تک برابر جاری رکھیں۔

معجون اکسیر البدن

:- برائے تقویت باہ، اعضاء رئیسہ و ممسک۔

مروارید ناسفتہ، یاقوت رمانی، مرجان، کہربا ئے شمعی، زمرد سبز، عقیق زرد، یشب سبز ہر ایک
۹ ماشہ، اول مذکورہ بالا ادویات کو کھرل کریں، بعد میں لاجورد مغسول۔ گاؤزبان۔ گل گاؤزبان،
ابریشم مقرض، بہمنین، تودرین، شقاقل مصری، مصطگی رومی، خصیۃ الثعلب، قرنفل دارچینی،
زعفران، مشک خالص، عنبر اشہب ہر ایک ۴½ ماشہ، ورق نقرہ، ورق طلاء ہر ایک، ا...
چوب چینی قسم اول ۵ مثقال، صندلین، گوکھرو خورد۔ تخم خشخاش سفید، تخم ہلیون، مغز...
روغن چرس، ۲ تولہ اول ترنجبین شہد و قند سفید کا قوام کریں۔ بعدہٗ روغن چرس اس میں ...
کر کے قوام تیار کریں، اور آخر قوام میں سفوف جملہ ادویہ ملا کر معجون تیار کریں۔

ترکیب روغن چرس مذکورہ یہ ہے کہ چرس کو شیر گاؤ میں شب و روز بھگوئیں، بعد از...
دودھ کو جوش دے کر مکھن لگائیں، صبح اس کا مکھن نکال لیں اور اگر یہ منظور ہو کہ چرس
کی بو بھی رفع ہو جائے تو اس کو داغ دے لیں، اور داغنے کے وقت برگ تنبول، اذخر...
جو بوا داخل کریں۔

عقد سیماب

:- نمک سفید ۴ تولہ، نیلا تھوتھا ۴ تولہ۔ علیحدہ علیحدہ پیس کر رکھ لیں دو
تولہ لوہے کی کڑاہی میں بچھا کر اس کے اوپر ایک تولہ نیلا تھوتھا ڈالدیں، اوپر ۲ تولہ پارہ
ڈالیں، پھر باقی ماندہ نیلا تھوتھا و نمک ڈالیں، پھر اس پر ایک پیالہ اوندھا کر کے ایک
کڑاہی میں پانی ڈالیں اور پانی میں سندھور ملائیں، نیچے تیز آگ تین گھنٹہ جلائیں، بعد ازاں
نکال کر پارہ کو سرد پانی سے دھوئیں۔ پارہ مثل موم کے ہو گا، گولی بنالیں، او رعرق لیموں
میں ایک رکھنا نہ ہو گا۔ گرم دودھ میں جوش دے کر پینے سے مقوی باہ ثابت ہوگی۔

کاجل سوزاک :- گائے، بیل، بھینس وغیرہ کا سینگ جسے اکثر ایک مدت کو ڈیوں د...

... دبا دینے سے موسم برسات میں ریشہ سے نکل آتے ہیں اس کو مٹی وغیرہ سے صاف کر کے
... کریں اور سفوف کو کسی کپڑے پر پھیلا کر سخت بتی بنالیں، اور پھر اس بتی کو روغن گل
... روغن کنجد کے تیل سے تر کر کے جلائیں، اور کسی کورہ برتن میں بطریق معروف کاجل حاصل کر
کے چند روز مریض کی آنکھوں میں لگائیں۔

ممسک

:- افیون ۶ ماشہ، تخم بھنگ ۱۰ تولہ چھوہارہ، عدد کو کین نارنی شہد ۵ تولہ، ان سب
کو مرکب افیون میں ۲ : ۵ کی نسبت سے حل کریں، ایسا کرنے سے اگر پان میں ملا کر عورت کو دیں
... انزال ہو، اور ۱ : ۵ کی نسبت سے حل کر کے عضو پر لیپ کریں۔ تو بے حد لذت حاصل ہو۔

طلا برائے مجلوق

:- سم الفار، شنگرف، ہڑتال طبقی، گندھک آملہ سار، سب ادویہ
ہموزن لیکر زردی بیضہ مرغ ۱۰ عدد میں ملا کر گولیاں بنائیں، اور سایہ میں خشک کر کے بطریق معروف
تیل نکالیں اور استعمال میں لائیں۔

حب مقوی باہ سریع الاثر

:- ورق طلاء، ورق نقرہ، مشک خالص، عنبر اشہب،
جدوار خطائی ہر ایک ماشہ، بسباسہ ۲½ تولہ، ساذج ہندی ۲½ تولہ، اسارون ۲½ تولہ، جوز بوا ۲½ تولہ۔
دار فلفل ۲½ تولہ، سنبل الطیب ۲½ تولہ، درونج عقربی ۲½ تولہ عود غرقی ۲½ تولہ، الائچی خورد
۲½ تولہ، دارچینی ۲½ تولہ، زرد بناد ۲½ تولہ، سعد کوفی ۲½ تولہ، بیعہ سائمہ ۲½ تولہ، زنجبیل ۲½
تولہ، مصطگی رومی ۲½ تولہ فلفل سیاہ ۲½ تولہ، زعفران ۱ تولہ افیون ۶ ماشہ، کشتہ مرجان ۲ ماشہ
کشتہ یشب ۲ ماشہ، کشتہ عقیق ۲ ماشہ، کہربائے شمعی ۶ ماشہ، کشتہ قلعی ۲ ماشہ،
مشک عنبر، افیون، زعفران، اوراق طلاء نقرہ کشتہ جات کو علیحدہ عرق گلاب میں کھرل
کریں، بقیہ اجزاء کو کوٹ چھان کر ملائیں، پھر روغن بلسان عمدہ اور خالص شامل کر کے کھرل
کریں اور روح گلاب اور صمغ عربی ملا کر گولیاں بقدر دانہ نخود بنالیں، خوراک صبح و شام ایک
گولی ہمراہ شیر گاؤ۔

برائے ضُعف معدہ:۔ تباشیر ۳ ماشہ، پوست سنگدانہ مُرغ تولہ، مصطکی رومی ۶ ماشہ دانہ الائچی سفید ۳ ماشہ، زیرہ سفید ۶ ماشہ، مرچ سیاہ ۶ ماشہ، نمک سیاہ ۶ ماشہ، پودینہ خشک ۱۰ کُوٹ چھان کر سفوف تیار کریں، خوراک ۶ ماشہ،

برائے خناق:۔ اخروٹ کے چھلکے کو پانی میں جوش دے کر غرغرہ کرنا مفید ہے۔

حکیم ابوعبید خدا بخش خان صاحب

مجربات

اکسیر استحاضہ:۔ صدف خالص ۱ تولہ، شیر مدار ایک چھٹانک، ظرف گلی پختہ میں بند کر کے ۱۲ سیر پاچک دشتی کی آنچ دیں، شگفتہ برآمد ہو گا۔ خوراک ایک تا ۴ رتی مکھن میں۔

سرعت انزال ورقت منی وغیرہ:۔ موصلی سفید اعلیٰ درجہ مسلم ۵ تولہ کو ایک پوٹلی میں باندھ دیں، اور ببول کی کچی پھلیاں آدھ سیر لیکر کوفتہ کریں۔ اور چھ سیر شیر میش تازہ میں ملا دیں اور پوٹلی کو اس میں ڈال کر آگ پر پکائیں، جب دودھ کھویا بن جائے تو پوٹلی نکال کر موصلی کو سایہ میں خشک کریں اور باریک پیس کر ادویہ ذیل اسمیں شامل کریں، تباشیر کبود ۲ تولہ، تالمکھانہ ۲ تولہ مغز املی ۲ تولہ پوست اسپغول ۲ تولہ، تخم بھنگ تولہ، کمرکس ۲ تولہ بیجبند ۲ تولہ تخم لاجونتی تولہ مصری کوزہ ۵ تولہ، خوراک ۴ ماشہ ہمراہ دودھ صبح شام، دوران استعمال میں حموضات اور جماع سے اجتناب لازم ہے۔

دردِ گوش کیلئے:۔ آب برگِ نیم تازہ ۵ تولہ روغن بادام تلخ ۵ تولہ سرکہ انگوری ایک تولہ سب

[illegible] ملا کر آگ پر پکائیں، جب پانی جل کر صرف روغن رہ جائے تو صاف کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں، اور بوقت ضرورت استعمال کریں۔

حکیم ابوالشفا سید محمد راحت حسین

آتشک کے لیئے مجرّب نسخہ:۔ رسکپور ۶ ماشہ نارجیل دریائی ۴ ماشہ کیسیلی چکنی ۴ ماشہ کتھ سفید ۴ ماشہ جائفل ۴ ماشہ، سب کو سفوف کر کے ٹھنڈے پانی میں بقدر دانہ نخود حبوب بنا کر سایہ میں خشک کریں، اور ۲ گولی صبح ۲ شام ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔

سفوف ابیض:۔ ضیق النفس وسعال کے لیئے مجرّب ہے، یہ سفوف ۳ ماشہ، ایک تولہ مکھن میں ملا کر صبح اور شام استعمال کریں۔ ملٹھی ۵ تولہ زردی بیضہ مُرغ ۱۰ عدد ایک کوزہ گلی میں رکھ کر گل حکمت کر کے اُپلے کی آنچ میں بطور کُشتہ بنالیں۔

طلاء عجیب:۔ مجلوق کو مفید ہے۔ لاغری اور کوتاہی دور کرتا ہے، بقدر ایک ماشہ [illegible] دانہ سب کو حسب دستور استعمال کریں، جونک ۳ عدد ناریل خام ۱ عدد میں سوراخ کر کے ڈالدیں [illegible] روز تک چھوڑ دیں، جب ناریل کا پانی خشک ہو جاتے اس وقت جونکیں نکال کر سفوف [illegible] کے روغن مالکنگنی میں جلالیں۔

حکیم حاجی محمد علی خان صاحب

سفوف راوند:۔ یرقان سدہ جگر، عظم جگر، سوء القنیہ ادرار حیض مرکبہ کے لیے بیحد مفید ہے۔

ریوند چینی۔ نوشادر، قلمی شورہ، بالسویہ لے کر سفوف بنادیں، خوراک ایک ماشہ سے دو ماشہ تک صبح وشام یرقان کے لیئے آب برگ ترب ۱۰ تولہ سبز مروق شکر ۴ تولہ کے ساتھ سدہ جگر کے لیئے شربت بزوری کے ساتھ عظم جگر کے لیئے عرق مکو کے ساتھ ادرار حیض کے لیئے عرق بادیان کے ساتھ حمیات مرکبہ کے لیئے شربت بنفشہ عرق بادیان کے ساتھ دیویں۔

سفوف جوکھار ادرار حیض کے لیئے خاص چیز ہے۔ قلمی شورہ، جوکھار اصلی خودساختہ۔ زیرہ سفید، ریوند خطائی بالسویہ کوٹ کر سفوف بنادیں، خوراک تین ماشہ صبح ۳ ماشہ شام ہمراہ شربت بزوری عرق بادیان حیض آنے سے دو تین روز پیشتر شروع کر کے دوران حیض میں برابر جاری رکھیں۔

سرطانی۔ سل کے لیئے ایک مجرب اور مفید دوا ہے۔ بشرطیکہ مرض کے پہلے درجہ میں استعمال کرائی جائے۔ سرطان ۱۰ تولہ کو مٹی وغیرہ سے صاف کر کے کوزہ گلی میں ڈال کر ایک پیالہ اوپر رکھ کر بغیر گلحکمت کے ۳۰ سیر اپلوں کی آگ دیویں، ایک یا دو آگ میں سفید ہو جائے گا۔ پھر کھرل میں ڈال کر آب گلو سبز ثار میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر گل حکمت کر کے آگ دیویں تیسری مرتبہ اجوائن دیسی ۱۰ تولہ کو پانی میں پیس کر صاف کر کے اسمیں کھرل کریں، اور بدستور آگ دیویں، چوتھی مرتبہ گدھی کے دودھ میں کھرل کر کے خشک کریں اور شیشی میں رکھ چھوڑیں خوراک ایک ماشہ صبح و ایک ماشہ شام ہمراہ عرق دیودیار ۵ تولہ شربت اعجاز ۳ تولہ۔

ترکیب عرق دیودیار کی یہ ہے، دیودیار سبز دس سیر کے پتے رات کو دس سیر پانی میں بھگو کر صبح دس بوتل عرق کشید کریں۔

ضیق النفس بلغمی کے لیئے یہ خاص چیز ہے، نوشادر ۵ تولہ قلمی شورہ ۵ تولہ، پھٹکڑی ۵ تولہ

خرگوش کا ایک خرگوش ذبح کر کے اس کا خون ان دواؤں میں ملادیں اور خرگوش کا پیٹ صاف کر کے اس میں ادویات مذکورہ بھر کر پیٹ کو سی لیں، اور ایسی ہنڈیا میں جو سالن وغیرہ کے استعمال ہو ڈال کر گل حکمت کر کے خشک کریں، اور چولہے پر چڑھا کر آٹھ پہر تک بیری کی لکڑیوں کی آگ جلادیں، پھر ٹھنڈا کر کے باریک پیس لیں، خوراک چار رتی شام مکھن یا شربت بنفشہ کے ساتھ کھلادیں، ترش اشیاء، لال مرچ تیل، چربی سے پرہیز کریں۔

کالی دوا پیچش والی، سیماب ۱ تولہ، گندھک ۱ تولہ، افیون ۱ تولہ، اندرجو شیریں ۱ تولہ، [illegible] ۱ تولہ، سعد کوفی ۱ تولہ، عقرقرحا ۱ تولہ، پہلے گندھک اور سیماب کو کجلی کر کے باقی ادویات ایک ایک اس میں ملا کر خوب کھرل کریں، سب کی سب سیاہ ہو جائیں گی۔ خوراک دو رتی سے چار رتی تک، دہی آدھ پاؤ میں ملا کر خوراک دہی چاول۔

برائے داد غلیظ و رقیق:۔ کاربالک ایسڈ ۶ ماشہ، کافور ۱ تولہ: دونوں کو ایک شیشی میں ڈال کر ذرا دھوپ میں رکھ دیویں، جب پگھل جاویں تو اس میں روغن تارپین ڈال کر خوب ملادیں اور دن میں دو تین مرتبہ لگایا کریں۔

حب برائے دفع قے:۔ سرگیں گھس باریک پیس کر بذریعہ پانی کے حب بقدر نخود بناویں جب قے کا سلسلہ کثرت سے ہو اس وقت ایک گولی پانی میں گھس کر مریض کے حلق میں ڈالیں، پھر ہر قے کے بعد اسی طرح ایک ایک گولی کھلاتے رہیں، بفضلہ تعالیٰ بہت جلد افاقہ ہو جائیگا۔

عرق طحال:۔ یہ عرق میرا بارہا کا آزمودہ ہے، اس سے سیاہ دست آکر چند روز میں تلی گھل جاتی ہے۔

فرائی سلفاس ۶ ماشہ، کونین سلفاس ۲ ماشہ، سلفیورک ایسڈ ڈریلوٹ ۱ تولہ، امونیم کلورائیڈ ایک تولہ، میگنیشیا سلفاس ۱۵ تولہ، ان سب ادویات کو عرق مکو میں ڈال کر خوب ہلادیں، جب سب اشیاء حل ہو جاویں تو اس میں سے ۲ تولہ صبح ۲ تولہ شام پیویں، اثنائے استعمال میں

دودھ، گھی، بافراط استعمال کرادیں۔

وجع المفاصل

:- خواہ حار ہو یا بارد ہر درد کے لئے یہ گولیاں بہت مفید ہیں، مگر شرط یہ ہے کہ پہلے پورے طور پر تنقیہ کر لیا جاوے، افیون خالص، سمّھا تیلیہ، شنگرف، قرنفل، ہڑتال زرد، سیماب گوگرد کو کجلی کریں باقی کھرل کریں، اور پانی سے حب بقدر موٹھ بنائیں خوراک دو حب صبح و شام ہمراہ مسکہ گاؤ۔ اثنائے استعمال میں گھی زیادہ کھاویں، یہ گولیاں اسہال مزمن میں بھی مفید ہیں۔

شقیقہ :- مغز تخم سرس باریک پیس کر جانب مخالف نفوخ کریں، مجرب ہے۔

برائے احتباس حیض و عقر و اکثر امراض رحم

:- ایلوا خالص ۱ تولہ، ریوند عصارہ ۱ تولہ، زعفران ۲ ماشہ، ہیرا کسیس سبز ۶ ماشہ، سب کو باریک پیس کر حب بقدر کنار دشتی بنائیں، خوراک از یک حب تا چار حب، اندازہ یہ ہے کہ قبض نہ رہے۔ وقت حیض سے چار روز پیشتر اور تین روز بعد تک یہ گولیاں دیتے رہیں۔ بلغمی مزاج کو عرق بادیان شربت بزوری حاد کے ساتھ دیں۔

کثرت طمث

:- اور بواسیر کے خون کو بند کرنے، نیز نفث الدم کے لیئے نہایت مفید ہے۔ خردل سیاہ (تارا میرا) سنگجراحت مساوی الوزن باریک پیس کر تین ماشہ صبح، تین ماشہ شام ہمراہ شربت انجبار ۲ تولہ دیویں۔

حب کثیر الفوائد

:- یہ گولیاں خونی اور بادی بواسیر کے لیئے نہایت مفید ہیں، چند روز کے استعمال سے خنازیر کا قلع قمع کر دیتی ہیں۔ جن لوگوں کو خون کی خرابی سے پھوڑے پھنسیاں نکلتے ہوں۔ ان کے لیئے فائدہ مند ہیں۔ ان کے استعمال کے دوران میں گھی دودھ بافراط ہضم ہوتا ہے، یہ نسخہ میرے نانا حکیم فرید بخش صاحب مرحوم کے معمولات سے ہے۔

ہلیلہ سیاہ، نیم بریاں ۱ تولہ اجوائن دیسی، نیم بریاں ۱ تولہ، چاکسو نیم بریاں ۱ تولہ، ان سب کو کوٹ چھان کر رکھیں اور ریسوت مصفیٰ ۳ تولہ، رات کو عرق عشبہ ۸ تولہ میں بھگودیں، صبح اس کا زلال لے کر کٹی ہوئی ادویات میں ڈال کر کھرل کریں اور بقدر کنار دشتی گولیاں بنائیں۔ روزانہ ایک گولی صبح ایک شام پانی سے نگل لیں، خنازیر اور سول وغیرہ پر ایک گولی پانی میں گھس کر لگائیں، اثنائے استعمال میں گھی معمول سے زیادہ کھائیں۔ میٹھی اور ترش اشیاء سے پرہیز رکھیں،

وجع المفاصل :- حار ہو یا بارد، ہر درد کے لیئے یہ گولیاں بیحد مفید ہیں لیکن شرط یہ ہے کہ پہلے تنقیہ کر کے استعمال کرائی جاویں۔ افیون خالص، سٹھ تیلیا، شنگرف، قرنفل، ہڑتال زرد، گندھک آملہ سار، جائفل، فلفل سیاہ، ترنجبین، فلفل دراز، سماق سہاگہ سفید، نبات سفید مساوی الوزن لے کر سیماب و گندھک کو کجلی کریں، پھر باقی ادویات کو باریک پیس کر اس میں کے گولیاں مقدار دانہ مونگ بنائیں۔

اکسیر جریان

:- اس دوا سے دہ سالہ جریان ہفتہ عشرہ میں دور ہو جاتا ہے قلعی ۱ تولہ سرب ۱ تولہ، جست ۱ تولہ، تینوں اشیاء کو کٹھالی میں چرخ دے کر سیماب ۱ تولہ میں ڈال کر کھرل کریں، پھر کڑاہی آہنی میں ڈال کر ڈوڈہ پوست ۲ تولہ کی چھلکیاں دیتے جاویں اور لوہے کی سلائی سے ہلاتے جائیں۔ جب پوست ختم ہو جاوے، دہی میں کھرل کر کے کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے دس سیر اپلہ کی آگ دیویں، تین آنچ کے بعد کام میں لادیں، خوراک ایک رتی مکھن میں رکھ کر۔

حکیم محمد جان صاحب امرتسری

آتشک نیا اور کہنہ کے لیئے نہایت مجرب

:- رسکپور ۲ ماشہ ۲ در چکنا،

۶ ماشہ (۳)، کمیلہ ۱ تولہ (۴) کتھ گلابی ۱ تولہ (۵)، رسونت مصفیٰ ۵ تولہ، عرق گلو ۱۰ تولہ دوا
کو دوا ۶ میں ایک دن رات بھگو کر اس کا اثر لے کر دوا ۳،۲،۱، ۴ کو اس میں استعمال
کھرل کریں، کہ گولی بنانے کے قابل ہو جاوے، گولی بقدر نخود بنا کر رکھو، صبح و شام
ایک گولی دہی کے مٹھے سے کھاویں، پرہیز (شراب) غذا مرغن گوشت، قیمہ، گھی
چند یوم میں کلی صحت حاصل ہو گی،

مجرّبات

تریاق مدقوقاں و مسلولاں و انواع تپہائے دیگر

:- مروارید ناسفتہ، عقیق سرخ
سنگ یشب، مرجان، ابرک سفید، بڑا کوڈ، ابرک سیاہ، ہڑتال گودنتی ہر ایک ایک تولہ
ادویہ کو خوب باریک کوٹ کر چھان لیں، اور اجوائن دیسی ۱۰ تولہ کو گھوٹ لیں، اور باقی ۱۰
تولہ پانی ڈال کر چھان لیں، اور ادویہ باریک شدہ میں یہ پانی تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کریں
جب سوکھ جائے ۱۲ اسیر اپلوں کی آنچ دیں، سرد ہونے پر نکال کر پھر باریک کر لیں اور برگ
جس کو اڑوسہ بھی کہتے ہیں، اجوائن کی طرح گھوٹ لیں اور ۱۰ تولہ پانی ڈال کر چھان لیں اور
بطریق بالا اس پانی میں ادویات مذکور کو کھرل کر کے خشک کریں اور ۱۲ اسیر اپلوں کی آنچ دیں
پھر ۵ اتولہ آب کنوار گندل میں سحق کر کے بوزن بالا آگ دیں۔ پھر آب تلسی اور اس کے بعد آب
برگ نیم، آب برگ کرم جوا۔ آب تخم کاسنی ۱۰ تولہ پھر آب زرشک ۱۰ تولہ، اس کے بعد ۵ اتولہ
شیر بادہ خر میں کھرل کر کے بدستور آگ دیں، اس کے بعد آخری آگ ۱۵ تولہ شیر بز میں کھرل کریں،
جب خشک ہو جائے آگ دیں، یہ کامیاب کشتہ بفضل خدا ہو گا، مقدار اس کی ایک رتی
سے ۲ رتی حسب رائے حکیم طبیب ہمراہ برگ پان ۲ تولہ کے خیساندہ سے۔

نوٹ:- اس کشتہ تیار شدہ میں اگر ایک تولہ کشتہ ہڑتال ورقی بہ رنگ سفید ہموزن کشتہ
شدہ اخیر میں ملا دیں تو اس کی پہلی خوراک میں مریض کو نمایاں فائدہ ہو گا۔ یہ نسخہ اگر طبیب

... پاس موجود ہو کسی دوسری دوا کی ضرورت نہیں ہوتی،

نسخہ مرہم زخم آتشک

:- کمیلہ تولہ، کتھ تولہ، نیلو تھوتھہ تولہ، پوست بلیلہ زرد تولہ
... چونا ۱ تولہ، مردار سنگ تولہ، باریک کر کے پانی بقدر ضرورت ملا کر قرص بقدر ۲ ماشہ بنا
... عند الضرورت گائے کے گھی میں ملا کر زخم پر لگا دیں۔
نوٹ:- یہ مرہم بنا کر رکھو تو ہر قسم کے پھوڑے پھنسیاں اس سے دفع ہو سکتے ہیں۔ کسی دوسری
مرہم کی ضرورت نہیں۔

اکسیر کلمی

:- جو ہر طبیب کے مطب میں کامیابی کا راز ہے۔
البقر تولہ، کشتہ ابرک تولہ، کشتہ زرنیخ (نیم سے بنا ہوا) لوبان کوڑایہ تولہ، کشتہ ملزون کلاں
تولہ، باریک کر کے ایک مرکب سفوف بنا کر شیشی میں رکھو، ہر قسم کے بخار کے لیے خصوصاً بخار
... کے لئے از حد مفید ثابت ہو گا۔

سفوف احمر برائے تپ محرقہ و طاعون و دیگر تپ تیز

:- صندل سرخ ۵ تولہ
... مہرہ ۲ تولہ، گیرو ۲ تولہ، کافور ۴ ماشہ، باریک کر کے شیشی میں رکھو۔ خوراک ایک رتی سے
... تک دن میں تین بار بدرقہ مناسب سے یہ دوا بھی مطب میں ایک نہایت کارآمد شے
ہو گی۔

سفوف اربع

:- گوشت پیدا کرتا ہے اور تازہ زخم کو جوڑتا ہے، خون کو زخم
سے یکبارگی روک دیتا ہے، ہر وقت مطب میں اس کا ہونا ضروری ہے،
کندر تولہ، انزروت تولہ، صبر زرد تولہ، دم الاخوین تولہ، باریک کر کے بارچہ منر کر کے
شیشی میں رکھو، عند الضرورت اس کا اثر ملاحظہ کرو۔

احتلام کے لیے نہایت مجرب :۔ کندر تولہ، ملوٹھ تولہ، گلنار تولہ، تخم تلنب تولہ
باریک کر کے رکھو، خوراک ۱ ماشہ، دن میں تین بار دیویں۔

زحیر صادق کا لاجواب علاج :۔ رال تولہ، بیل گری تولہ، گل دہاوا تولہ، کوکنار
تولہ، موچرس تولہ، کشنیز تولہ، باریک کر کے رکھو، خوراک ۶ ماشہ، دن میں ۲ بار بدرقہ مناسب

حکیم حاجی محبوب الٰہی صاحب زبدۃ الحکماء

کم قیمت اور سہل الحصول نسخہ جو کہ بڑی مشکل منت اور خوشامد سے ایک بزرگ پیر سالہ
سے دستیاب ہوا، پنجاب طبی کانفرنس کی خاطر اس پر اسرار نسخہ کو پیش کر دینے پر مجبور
ہوا ہوں، دوا بہت سے مریضوں پر آزمائی، نہایت مفید اور مجرب ثابت ہوئی، اگر اسکو
اکسیر دمہ کہا جائے تو نہایت موزوں ہے۔ اگر تین ہفتہ متواتر استعمال کیجاوے تو اس نامراد
مرض سے مریض کو کلی نجات حاصل ہو جاتی ہے، پہلی خوراک سے ہی بیمار کو آرام شروع
ہو جاتا ہے جو جو صاحب اسکو استعمال فرمادیں گے انشاء اللہ شفا حاصل کریں گے۔

نسخہ دمہ :۔ اصلی دیسی کڑوا تمباکو جو پینے میں عمدہ ہو گلے میں خراش نہ پیدا کرنے
والا ہو، بعض دوکاندار لاگ دیگر یا کوئی اور بری قسم کا تمباکو ملا کر تمباکو کڑوا کر دیتے ہیں۔ وہ
تمباکو نہ لینا چاہیئے۔ بلکہ ہمارے ملک کا اچھا پینے والا تمباکو ہونا چاہیئے۔ بقدر ڈیڑھ چھٹانک
لیویں، نبات سفید ایک چھٹانک۔
پہلے تمباکو کو موٹا موٹا کوٹ کر اچھی طرح جھاڑیں جو مٹی ریت نشیں ہو اسکو پھینک دیویں،
صاف شدہ تمباکو ایک چھٹانک کو خوب دوری کونڈے سے رگڑیں، جب بالکل باریک

مثل غبار کے ہو جاوے تو نبات سفید ایک چھٹانک ملا کر پھر دوبارہ خوب رگڑیں پھر
اور پاؤ شرلب دیسی ملا کر اچھی طرح سے نغدی بنادیں، اب ان کو کسی آہنی کڑاہی میں ڈال
کر ایک تار اچھی آنچ دیویں، جب جل کر راکھ ہو جاوے تو ٹھنڈا ہونے پر شیشی میں محفوظ
رکھیں، مریض کو صبح چار رتی ہمراہ نصف چھٹانک گھی گائے گرم شدہ کے کھلادیں، اگر
ضیق النفس بلغمی ہے تو ہمراہ پانی کے کھلادیں، اسی طرح سے اکیس روز کھلادیں، مرض کافور
ہوگی، دمہ کی مجرب اور اکسیر دوا ہے، بالکل کم خرچ ہے، ترش اور تیل والی اشیاء سے تو
قطعاً پرہیز ہے۔
عورتوں میں عام سیلان الرحم کی مرض ہوتی ہے۔ جو کہ نہایت بری مرض ہے، اسی کی
وجہ سے بعض مستورات کو حیض دور کر کے آنے لگتا ہے، اور بعض کا خون بند ہی ہو جاتا
ہے، رحم کمزور ہو جاتا ہے۔ بیچاری بعض عورتیں بالکل بانجھ ہو جاتی ہیں، غرضیکہ یہ بیماری
سینکڑوں بیماریوں کی جڑ ہے، طرح طرح کی بیماریاں نازل ہوتی رہتی ہیں، اس کے دفعیہ کے
واسطے بھی مندرجہ ذیل نسخہ نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ رحم طاقتور ہو جاتا ہے سیلان
بند ہو جاتا ہے۔ لطف یہ ہے کوئی گراں قیمت نسخہ نہیں ہے، ملاحظہ ہو۔
دکھنی سپاری ۵ تولہ، کمرکس ۲ تولہ، مونگی مقشر آدھ سیر، کھوپہ گری، ایک عدد سالم بادام
ایک سیر، گھی ایک سیر، کھانڈ حسب ضرورت۔

ترکیب :۔ مقشر مونگی کو باریک پیس کر گھی میں بریاں کریں، پھر کھانڈ حسب ضرورت ڈال کر
ملادیں، چولھے سے نیچے اتار کر ادویات مغز بادام مقشر اور گری یعنی ناریل باریک کر کے ملادیں،
اب جملہ ادویات میں ۵ تولہ گرشتہ قشر بیضہ مرغ ملادیویں، خوراک ۲ تولہ سے ۵ تولہ ہمراہ نیم گرم
شیر، عورتوں کے واسطے ایک مفید چیز ہے از سر نو طاقت بحال ہو جاتی ہے، مجرب ہے،
یہ خیال ضرور رکھیں کہ ورم رحم اگر ساتھ ہو تو روغن ورم کو دور کرنے والا بھی استعمال فرمادیں
گرم غذا و اشیاء سے پرہیز فرمادیں۔

حکیم رحمت علی صاحب قریشی

کشتہ سنگ مکول :۔ سنگ مکول جو ہر ایک پنساری کی دکان سے مکول پتھر کہہ کر لے سکتا ہے۔ ایک ڈلی لیکر دہکتے ہوئے کوئلوں کی انگیٹھی میں رکھدیں، عرق گلاب دو آثار ایک برتن میں رکھیں، جب سنگ مکول کی ڈلی خوب گرم ہو جاوے تو عرق میں بھگو دیں اسی طرح سات مرتبہ کریں، بس کشتہ تیار ہے۔ خون خواہ کسی جگہ سے آتا ہو مناسب بدرقہ کے ہمراہ دینے سے فوراً بند ہو جاتا ہے۔

اسی طرح ایک دوسرا مریض جو غنب غیر خالص کے نتیجہ میں وجع الورک میں مبتلا ہو گیا تھا حکیم صاحب کو علاج کے لیئے مدعو کیا گیا، چنانچہ آپ نے مریض کا معائنہ کر کے کشتہ مرجان سبز مکو والا دو رتی صبح اور ۲ رتی شام خمیرہ گاؤزبان جواہر والا میں ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرایا جس سے پہلے ہی روز مرض میں تخفیف ہو گئی۔

ترکیب کشتہ سبز مکو والا :۔ مرجان ایک تولہ، برگ و دانہ مکو سبز ایک سیر پختہ کو میں رگڑ کر ٹکیہ بنائیں، نصف نیچے اور نصف اوپر رکھ کر سمپٹ کریں اور تین سیر اپلوں کی آگ دیں۔

آنکھوں کے مریض کے لیئے بہت بہت سے بے تاب تھا، حسب ذیل نسخہ تجویز فرمایا۔
رسوت مصفی ۴ تولہ، افیون خالص ۱ ماشہ، ہلدی خام ۲ ماشہ، مصری ۲ ماشہ نیلا تھوتھا ۳ رتی، پھٹکری بریاں ۲ ماشہ، لیموں کے رس میں کھرل کر کے ایک ڈبہ میں رکھ لیں، رات کو سوتے وقت سرمچو کو پانی سے نمناک کر کے دوائی سے تر کریں اور آنکھوں میں لگائیں، مجرب المجرب ہے۔

درد گردہ کے لیئے، دوائی طشت والی جو حکیم صاحب مرحوم کی نہایت ہی مجرب اور مفید چیز ہے۔ پہلے ذیل کے نسخہ کا شیرہ نکال کر استعمال کرائیں۔
خار خسک، تخم خربوزہ، تخم بارتنگ، برگ داکھ تازہ، حب القلب، عرق برنجاسف، بقدر

ضرورت میں شیرہ نکال کر شربت بزوری ملا کر پلائیں، تھوڑی دیر کے بعد پیشاب میں سے چھوٹے بڑے چھوٹے سنگریزے نکل کر درد کو فوراً آرام آ جاتا ہے۔ اس کے بعد دوائی طشت والی استعمال کرانے سے کلی فائدہ ہو جاتا ہے۔

دوار الطشت :۔ شورہ قلمی، فلفل گرد، ایک لوہانڈے میں اول شورہ قلمی ڈال دیں، جب وہ گرم ہو جاتے تو فلفل گرد ڈالدیں، جب مرچوں کو آگ لگ جاوے تو لوہانڈے کو فوراً ایک برتن میں اوندھا دیں، سرد ہونے پر کھرل کر کے شیشی میں ڈال لیں، خوراک ایک ماشہ دن میں تین مرتبہ چاولوں سے پرہیز کرائیں۔

حکیم صاحب مرحوم نے اپنے بڑے صاحبزادے حکیم رحمت علی صاحب زبدۃ الحکماء کو تعلیم طبی خود تدریسًا پڑھائی۔ زاں بعد حکیم سید غلام رسول صاحب کی خدمت میں پیش کیا، انہوں نے پھر کمال مہربانی سے حکیم صاحب موصوف کو طبی ذکات سے آگاہ فرمایا، چنانچہ حکیم صاحب موصوف اپنے والد کی وفات کے بعد دیگر علوم و نحو وغیرہ متفرق علمائے کرام سے حاصل کئے، ابن میں قانون بو علی سینا حکیم مولوی عبدالعزیز صاحب سے سبقًا بسبقًا پڑھا، اسلامیہ کالج لاہور کے طبیہ کالج سے زبدۃ الحکما کا امتحان دے کر کامیابی کے ساتھ طلائی تمغہ حاصل کیا، آپ پچیس سال سے جالندھر میں کامیاب مطب کر رہے ہیں۔

رات کے بارہ بجے آپ کو ایک مریضہ کے معائنہ کے لئے بلایا گیا، جب آپ وہاں پہنچے تو اس مریضہ کے وارث رو پیٹ رہے تھے، اور خیال تھا کہ شاید مریضہ انتقال کر گئی، مگر جب حکیم صاحب نے دیکھا تو مریضہ زندہ تھی، چنانچہ آپ نے اسی وقت دو بوند دوائی روح کیوڑہ میں ملا کر اس کے حلق میں ڈالدی، اس کے بعد دوار المسک معتدل جواہر والی ورق طلاء روح کیوڑہ میں حل کر کے تھوڑی تھوڑی حلق میں ڈالی گئی۔ جس سے مریضہ تندرست ہو گئی۔

ایک شخص جو بہت کھلی جگہ میں کام کیا کرتا تھا، اس کو تشنج ہو گیا، چنانچہ حکیم صاحب کے پاس لایا گیا حکیم صاحب موصوف نے کہا کہ اس کو عصبی مرض ہے۔ معائنہ کرنے کے بعد آپ نے ذیل کا نسخہ تجویز فرمایا جس سے وہ شفایاب ہو گیا۔

نسخہ: سم الفار سفید ۳ ماشہ، افیون خالص ۳ ماشہ، زعفران کشمیری اصلی ۲ ماشہ، مصطگی رومی
اصلی ۲ تولہ، ورق طلا ۳ ماشہ، آب پیاز ۵ تولہ، آب گندر مصفیٰ ۵ تولہ، شیر برگد ۲ تولہ، کھرل
میں ڈال کر باریک کریں، مگر لگاتار کھرل کریں، حب بقدر دانہ موٹھ بنائیں، خوراک یک حب
ہمراہ شیر گاؤ تازہ نہار منہ بالکل نہ دیا جائے، جب بدن پر کھجلی ہونے لگے تو استعمال
بند کر دیا جاوے۔

غذا روغن استعمال کریں، ترشی اور بادی چیزوں سے پرہیز۔

نسخہ طلاء: سیماب ۲ تولہ، کبریت ۳ تولہ، کھرل میں ڈال کر کھرل کریں، اور باریک کرنے
میں مبالغہ کریں، بعدہ سم الفار سفید ۳ تولہ، ہڑتال ورقی ۲ تولہ، شب یمانی ۳ تولہ، بورہ ارمنی
... تولہ، کھرل کریں، وزن ۳ تولہ، بعدہ پھٹکری سیاہ ۳ تولہ، بلادر سر بریدہ ۳ تولہ، پوست بیخ
... سفید ۳ تولہ، مویزج کوہی ۳ تولہ، فرفیون ۳ تولہ، بزرالبنج ۳ تولہ، حبہ سفید ۳ تولہ، (یعنی گونگچی
سفید) مغز حب السلاطین ۲ تولہ، قسط تلخ ۳ تولہ، اندر جو تلخ ۳ تولہ، اسپند سوختنی ۳ تولہ، پوکھر
مول ۳ تولہ، مازو بے سوراخ ۲ تولہ، انزروت ۳ تولہ، ہیرا ہینگ زرد ۳ تولہ، عقر قرحا گجراتی ۳ تولہ
دارچینی ۳ تولہ، زعفران کشمیری اصلی ۱ تولہ، مومیائی خالص ۳ تولہ، قرنفل کلاہ دار ۳ تولہ، نیکوب
... پہلی دواؤں میں ملائیں، اس کے بعد خراطین خشک ۳ تولہ، بیر بہوٹی خشک ۳ تولہ، جونک
... ۳ تولہ، سانڈہ خشک دم بریدہ قیمہ کردہ ۳ تولہ، جند بید ستر ۱ تولہ، برادہ عاج ۱ تولہ، چربی گوہ
... تولہ، موم سفید ۳ تولہ، چربی شتر ۳ تولہ، چربی خوک ۳ تولہ، زردی بیضہ مرغ ۴۰ عدد، روغن نرگس
... چھٹانک، روغن زنبق دو چھٹانک، روغن زرد دو چھٹانک، تمام چیزوں کو ایک مٹی کا
... یعنی اتنا بڑا کوزہ جس میں بخوبی ادویات آجائیں، لیکر درمیان میں چند چھوٹے چھوٹے
سوراخ کریں، مگر پہلے کوزہ کو روغن کنجد سے خوب اچھی طرح تر کریں، سوراخوں میں بالوں کی
... بنا کر معمولی سی رکھدیں، تاکہ سوراخ بند نہ ہو جائیں، ادویات کو ڈال کر منہ بند کر کے گل
حکمت کریں، خشک ہونے کے بعد اس کے نیچے ایک چینی کا پیالہ رکھدیں، اور درڈی میں
... دیں، دو ماہ تک دفن کر چھوڑیں، دو ماہ کے بعد احتیاط سے نکال کر جو روغن چینی کے پیالہ

میں جمع ہو حفاظت سے شیشی میں ڈال لیں، دو تین بوند حشفہ چھوڑ کر لگا کر برگ پان [illegible]
دیں، چند روز میں خدا کی قدرت کا تماشا دیکھیں، روغن تو بہت قسموں کے تیار کئے ہیں [illegible]
میں اس کا نظیر کوئی نہیں ملے گا۔

حکیم محمد حبیب اللہ خان صاحب اجمیری

مقویات کا شہنشاہ اعظم :- سافٹ پل فاسفورس ا تولہ، ایکسٹراکٹ [illegible]
۶ ماشہ ایکسٹراکٹ کوکا ۶ ماشہ، جوہر فولاد ۳ ماشہ، ایکسٹراکٹ نکس و میکا ۲ ماشہ، گولڈ کلورائیڈ ۳ [illegible]
یوہمبین ہائیڈرو کلورائیڈ ۳ ماشہ، ایسے تھین ۳ ماشہ جوہر بیر بروج ۳ ماشہ، جوہر خصیہ مرغ [illegible]
جوہر غدد ۱۲ ماشہ جملہ اجزاء کو یکجا شامل کر کے کھرل کریں اور بحفاظت محفوظ [illegible]
(۲) دوسری کھرل نیم میں مشک خالص ۱ ماشہ، عنبر اشہب ۱ ماشہ، مومیائی خالص ۱ [illegible]
ورق نقرہ ۳ ماشہ، ورق طلاء ۱ ماشہ، زعفران خالص ۳ ماشہ جند بیدستر ۱ ماشہ مایہ شتر اعرابی [illegible]
۳ ماشہ، کرم شاہ دیک ۳ عدد (اگر دستیاب ہو سکیں) بیر بہوٹی ۳ ماشہ، جدید کف [illegible]
خالص ۳ ماشہ، ست ثعلب مصری ۲ ماشہ، مغز ہندی کنجشک خانگی ۳ ماشہ، برادہ [illegible]
بجو ۳ ماشہ (اگر ہو سکے) ورنہ برادہ قضیب گاؤ ۳ ماشہ، ریگ ماہی ۳ ماشہ، نر خراطین [illegible]
۳ ماشہ، ماہی رو بیاں ۳ ماشہ جملہ اجزاء یکجا کر کے خوب کھرل کریں، کہ نہایت باریک [illegible]
کہ ورقوں کا نشان باقی نہ رہے۔ بعدہٗ اسکو نمبر ۱ کی کھرل میں شامل کر کے محفوظ رکھیں۔
(۳) خولنجان ۳ ماشہ، بہمن سرخ و سفید ۶ ماشہ، عود صلیب ۳ ماشہ، جدوار خطائی اصلی ۱ [illegible]
جوز بوا ۲ ماشہ، جوترى ۳ عدد، مغز بادام ۳ ماشہ مغز پستہ ۳ ماشہ درونج عقربی ۳ ماشہ
مصطگی رومی ۳ ماشہ، شقاقل ۳ ماشہ، مصری کوزہ ۳ ماشہ عاقرقرحا ۳ ماشہ، عود خام ۳ ماشہ
جملہ ادویہ کو یکجا کر کے اس کھرل میں شامل کر دیں۔

[illegible] مروارید ناسفتہ ۱ ماشہ، یاقوت سرخ ۱ ماشہ، زمرد سبز ۱ ماشہ، مرجان ۳ ماشہ، عقیق سرخ ۳ ماشہ
[illegible] سبز ۳ ماشہ، زہر مہرہ ۳ ماشہ، صدف صادق ۳ ماشہ، طباشیر کبود ۳ ماشہ، ابریشم مقرض ۳
[illegible] رکھ کر عرق کیوڑہ و گلاب میں کامل ایک یوم کھرل کریں، اسے کھرل نمبر ۱ کی ادویہ میں شامل
کر کے خوب باریک کریں کہ یکساں ہو جاوے اگر یہ قوام تیار شدہ سخت ہونے کی وجہ سے
گولیاں بنانے کے لائق نہ ہو تو حسب ضرورت شہد ملا کر قوام کو لائق حبوب کر لیں۔ بعدہٗ بقدر
[illegible] وزنی چار سرخ تیار کر لیں، اور اگر خوبصورت بنانا درکار ہو تو گولیوں پر ورق نقرہ
[illegible] چڑھا دیں جس سے دیرپا ہو جائیں گی، اور صبح و شام ایک ایک گولی شیر گاؤ کے ہمراہ
[illegible] کریں، اور غذا مرغن کھاویں، پندرہ یوم تک (۳۰) گولی استعمال کریں، اور ترک کر دیں
[illegible] اور کچھ شکایت باقی رہ جاوے تو ایک ہفتہ کے بعد پھر (۳۰) گولی استعمال کریں، ترشی و
[illegible] سے پرہیز کریں۔
جو صاحب اس سے بڑھ کر نسخہ مقوی باہ بلا شمولیت کشتہ جات سنکھیا وغیرہ بیان فرمائیں
حکیم صاحب موصوف اس کو سنہری تمغہ دیں گے۔

حکیم جلال الدین صاحب نقشبندی لاہوری کے

حبوب مقوی باہ :- سافٹ پل فاسفورس ۲ ماشہ، ایکسٹریکٹ نکس وامیکا ۲
ایکسٹریکٹ ڈمیانہ ۶ ماشہ۔
جوہر فولاد، جدوار خطائی، مومیائی اصلی، مشک خالص، عنبر اشہب، ورق طلاء، ہر ایک
ایک ماشہ۔
ورق نقرہ، ماہی روبیاں، جوز بویا، مایہ شتر اعرابی ہر ایک ۲ ماشہ، ریگ ماہی خراطین مصفا
بیر بہوٹی، مغز پستہ، مغز بادام، مغز سر کنجشک زعفران عمدہ، عاقرقرحا، صدف صادق،

شاخ مرجاں، مصطگی رومی، عود صلیب، ثعلب مصری، شقاقل مصری، بہمن سُرخ و سفید، زنجبیل ہر ایک ۳ ماشہ کوفتہ ہمراہ در عرق بادیان و عسل خالص حبوب بقدر نخود دونوں وقت صبح شام ہمراہ شیر گاؤ ایک ایک عدد۔

(۲)، پارہ۔ گندھک، سنکھیا سفید، ہڑتال ورقی، شنگرف رومی، ہر ایک ایک تولہ چالیس عدد بیضہ مرغ کی زردی میں کھرل کریں، پھر تل، مالکنگنی، بیر بہوٹی، چار چار تولے، ملا کر گولیاں بنا کر پتال جنتر کے ذریعے روغن نکالیں، کھانے کو صرف ایک چاول تنکے پر اور ایک سیخ تر کر کے لگائیں،

پرہیز، ترشی، تیل، غذا مرغن کھائیں، مجرب ہے۔

برائے آتشک:۔ قرنفل مع پھول ۲۱ عدد، فلفل سیاہ ۲۱ عدد، عقرقرحا ۶ ماشہ کیکر گورکھپوری ۶ ماشہ۔ عرق بھنگرہ سبزہ تولہ، عرق زنجبیل تازہ ۵ تولہ، میں کھرل کر کے ۲۱ گولیاں بنائیں۔ ایک روزانہ باسی پانی سے صبح کے وقت کھائیں، دہی اور ترشی سے پرہیز مجرب،

مرہم آتشک:۔ منسل، مازو سبز، کتھا سفید، نیم کوفتہ کر کے توے پر بریان کریں کر چھان کر مکھن جو ایک سو ایک پانی میں دھویا ہو میں ملا کر لگائیں۔

سُرمہ برائے ککرے:۔ دھند، جالا، پڑوال، ناخنہ وغیرہ۔

سُرمہ سیاہ ۲ تولہ، پھول جست ۱½ تولہ، زنگار ۳ ماشہ، سفیدہ کاشغری ۴ ماشہ کف دریا ۴ ماشہ، افیون ۳ ماشہ، قلمی شورہ ۳ ماشہ، دانہ الائچی ۳ ماشہ، نصف بوتل عرق گلاب میں کھرل کریں، اور استعمال کریں۔

روغن برائے فالج، لقوہ، استرخا، گنٹھیا وغیرہ:۔ رتن جوت اصل السوس ہر ایک ۳ تولہ، دار ہلد ۳ تولہ، دود تنور ۳ تولہ، ڈیڑھ سیر پانی میں پکائیں، جب نصف سیر رہ جائے، تین

اور روغن سرشف ملا کر پھر پکائیں، یہاں تک کہ پانی جل جاتے اور تیل رہ جائے، کام میں لائیں۔

نسخہ برائے برص:۔ بلادر (کلاہ دور کر کے) ۲ تولہ، درخت سوہانجہ کی لکڑی لے کر اور اس میں سوراخ کر کے بھر دیں اور اوپر اس کے اسی لکڑی کا برادہ بھر دیں، اور چکنی مٹی لگا کر زمین میں چالیس روز دبا دیں، بعد ازاں نکال کر باریک مدبر تین پاؤ، اضافہ کر کے سفوف بنالیں، پہلے دن ایک ماشہ، پھر دو ماشے پھر تین ماشے اور ان کے بعد چالیس روز تک برابر تین ماشے اور دودھ کے ہمراہ کھائیں، غذا، دودھ چاول، یا روٹی مرغن،

پرہیز بلغم پیدا کرنے والی اشیاء۔

ضماد۔ مور کی ہڈی گل حکمت کر کے اس کی راکھ سرکہ میں ملا کر ملیں۔

سفوف دق و سل (مجرب)

طباشیر ۳ ماشہ، دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ، ست گلو ۳ ماشہ، آرد گلو ۳ ماشہ رب السوس ۳ ماشہ گل ۳ ماشہ، نشاستہ ۳ ماشہ، صمغ عربی ۳ ماشہ، شکر تیغال ۳ ماشہ، خشخاش سفید ۳ ماشہ خشخاش سیاہ ۳ ماشہ، کاکواسینگھی ۳ ماشہ، کشنیز خشک ۳ ماشہ، تخم خرفہ ۳ ماشہ، مغز کدو ۳ ماشہ، مغز خیار ۳ ماشہ، کشتہ ابرک سیاہ ۳ ماشہ، کشتہ گئودنتی ۶ ماشہ، ورق نقرہ ۲۰ عدد، تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر ایک ایک ماشہ دن میں تین وقت یعنی صبح بعد دوپہر، شام، شربت اعجاز کے ساتھ اگر قبض مطلوب ہو تو شربت حب الآس کے ساتھ پلائیں۔

پرہیز:۔ مناسب غذا ہلکی اور زود ہضم۔

قبض دائمی:۔ شربت بنفشہ (عمدہ) ۴ تولہ، عرق گلاب ۲ تولہ، عرق بادیان ۳ تولہ، لعاب بہدانہ ۳ ماشہ (رقیق) روغن بادام ۶ ماشہ، صبح خالی معدے روزانہ پئیں، کچھ عرصے کے بعد قبض ہمیشہ کے لئے دور ہو جائے گی، بہت سے مریضوں پر تجربہ کیا گیا ہے، مفید ثابت ہوا ہے۔

سوزاک و آتشک

:۔ دعلیحدہ علیحدہ ہوں یا دونوں ایک ساتھ) بلکہ کشتہ چاندی
دو چاول، کشتہ سونا ایک چاول کے ساتھ، تپ دق کے لیئے بھی بہت مفید ہے، کافور
رس کپور ۱/۲ ۱ تولہ، برانڈی آکشا ۱۲ تولہ۱/۲ میں کھرل کر کے خشک کریں ایک کورس ہنڈیا میں
کر چولہے پر رکھ کر نیچے ایک روئی کی موٹی بتی جلا کر جوہر لیں، خوراک دو برنج سے چار
تک، مسکہ گاؤ میں،

پرہیز :۔ میٹھا، ترشی، تیل وغیرہ، خوراک مرغن۔

برائے سنگ گردہ ومثانہ

:۔ حب بلسان ۳ ماشہ، حب القلت ۳ ماشہ،
حجر الیہود ۳ ماشہ، سنگ سرماہی ۳ ماشہ، جوکھار ۳ ماشہ، مولی کھار ۳ ماشہ، نوشادر ۳ ماشہ، شب
یمانی سوختہ ۳ ماشہ، سہاگہ بریان ۳ ماشہ، قلمی شورہ ۳ ماشہ، پوست خربوزہ ۳ ماشہ، کوٹ
کر ایک ایک دن میں تین مرتبہ، شیرہ خار خسک کے ساتھ شربت بزوری ملا کر پلائیں۔ غذا
اور زود ہضم، قبض نہ ہونے پائے۔

برائے کدو دانہ وحیات وغیرہ

:۔ برنج کابلی ۱ تولہ، کمیلہ ۱ تولہ، برگ نیم ۱ تولہ
ان تینوں کا سفوف بنا کر چھ ماشہ روزانہ دودھ یا لسی سے صبح کے وقت استعمال کریں،
ہے، کئی دفعہ کا مجرب ہے۔

حکیم فضل محمد صاحب

سوزاک و اخر البول

:۔ کباب چینی تولہ، میران چینی، ۶ ماشہ، کا کنج ۱ تولہ، ریوند
۶ ماشہ، شب یمانی ۱ ماشہ، جملہ ادویات کو باریک کوٹ کر کپڑ چھان کریں، عطر صندل،
اصل، بالسم کو پائیا تولہ، باریک شدہ سفوف ملا دیں، خوراک ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ ہمراہ شربت
۵ تولہ۔

نسخہ پچکاری سوزاک

:۔ توتیا ۱ ماشہ، کتھ ۶ ماشہ، مرداسنگ ۶ ماشہ، سفید کاشغری
کیلا ۲ ماشہ، باریک سفوف بنا کر کپڑے میں چھان کر حضض ۲ تولہ کو آب خالص ۲۰ تولہ
حل کر دیں، اور کپڑہ میں چھان کر باریک کردہ سفوف حضض کے محلول میں شامل کر کے دن
ایک بار پچکاری کریں۔

ضعف باہ اور نامردی

:۔ سم الفار تولہ، شنگرف رومی تولہ، زردی بیضہ ۲۵ عدد
اسقدر حل کریں، کہ گولیاں بنانے کے قابل ہو جاوے، ان گولیوں کو آتشی شیشی
ڈال کر بطریق مشہور روغن حاصل کریں، خوراک ایک قطرہ تا دو قطرہ بالائی میں رکھ کر دودھ
کافی استعمال کریں۔ اس دوا کو بعد از غذا کھانا چاہیئے۔
صمغ خرما ۴ تولہ، آب خالص ۴ تولہ، صمغ خرما کو ایک روز کامل پانی میں بھگو کر آگ
جوش کریں، اور کپڑہ میں چھان لیں، حاصل شدہ محلول میں ۵۰ تولہ کھانڈ کو قوام دے کر
سلاجیت اصلی تولہ حل کر دیں، فینلو سیرپ ایک شیشی۔ اکسار بنرا ۲۰ تولہ شامل کریں، خوراک
ایک تولہ دن میں دو بار بعد از غذا۔
سلاجیت تولہ، جند بیدستر تولہ، مشک خالص ۱۱ ماشہ، لیسی تھین رجو ہر زردی بیضہ

مُرغ، جملہ اجزار کو باریک پیس کر باہم مخلوط کر کے حبوب بقدر نخود بنا دیں۔ خوراک ایک حب صبح و شام،

داد چنبل :۔ ہلدی گرہ ۲۰ تولہ، کو نیم کوب کر کے آتشی شیشی میں بطریق مشہور روغن حاصل کریں، حاصل شدہ روغن میں کاربالک ایسڈ فی تولہ، ۱ ماشہ اضافہ کریں۔ مقام ماؤف پر دن میں دو بار طلا کریں۔

داد کہنہ یا آتشکی جراحت :۔ ریکپور ۶ ماشہ، دار چکنا ۲ ماشہ، روغن کنجدہ تولہ، جملہ کو اسی برتن میں ڈال کر کوئلوں کی نرم آنچ پر رکھدیں۔ آنچ تیز نہ ہو، ورنہ آگ روغن میں لگ جاوے گی۔ اگر ایسا ہو بھی جاوے تو فوراً برتن کا منہ کسی برتن سے ڈھانپ دیں، تاکہ شعلہ بجھ جاتے، اس عمل سے روغن غلیظ اور سیاہ ہو جاوے گا۔ اس کو جراحت اور داد پر طلا دن میں دو بار کریں۔

بواسیر خونی :۔ بندق ہندی ۲ تولہ کی گٹھلی نکال کر پوست بیرونی کو کوٹ کر کپڑ چھان کر قند سیاہ کہنہ چالیس سالہ میں مخلوط کر کے (مساوی وزن) حبوب بقدر نخود بنا دیں۔ دن میں ۲ یا ۳ حب ہمراہ پانی استعمال کریں۔

اسہال کبدی و ذحیر کہنہ :۔ کوڑ سک ۴ تولہ، حضض خالص ۱۰ تولہ، ہر دو کو ۵ سیر پانی ڈال کر آگ پر اسقدر جوش دیں کہ پانی چار حصہ جل جاوے، اور ایک حصہ باقی رہنے پر مل کر کے کپڑہ میں چھان کر دوبارہ آگ پر جوش دیں، تاکہ حاصل شدہ محلول غلیظ اور قابل انجماد ہو جاوے، آگ سے اتار کر محفوظ رکھیں، خوراک بقدر ۱ ماشہ تا ۳ ماشہ ہمراہ پانی دن میں دو بار، کوڑ سک ایک پہاڑی درخت کا پوست ہے جو ہوشیار پور سے بکثرت مل سکتا ہے۔ نسخہ مذکورہ ہنگر ہی تک مؤثر ثابت ہو چکا ہے۔

...درد و دوار :۔ گل اسطوخودوس ۱۰ تولہ، عود صلیب تولہ، مغز تخم کشنیز ۲ تولہ، پوست ... ۴ تولہ، شہد خالص ۲ چند، جملہ ادویات کو باریک کوٹ کر کپڑہ میں چھان کر شہد خالص ... کر دیں، خوراک بقدر ایک تولہ دن میں دو بار ہمراہ شیر نیم گرم۔

...الطمث یا بےقاعدگی ایام :۔ تخم گاجر ۱۰ تولہ، تخم خربوزہ ۱۰ تولہ، تخم بادیان ۱۰ تولہ، ... ۲ تولہ، برادہ چوب چینی ۱۸ تولہ، گل سپاری ۱ تولہ، گاؤزبان ۱۰ تولہ، آب خالص ۲ سیر، جملہ ادویات کو کوفتہ کر کے ایک یوم کامل آب خالص میں بھگو دیں، اور بعد دھیمی آنچ سے دو بوتل ... کشید کریں، اور فی بوتل ایک چھٹانک (ایل ٹرس کا ڈیل) شامل کر کے دن میں ۲ بار بقدر خوراک ... چھٹانک لگاتار ۲ بار استعمال کریں۔

اکسیر چشم :۔ تخم سرس ۱ تولہ، مامیران چینی تولہ، کشتہ جست تولہ، شب یمانی ۱ تولہ، جوہر ... تولہ، جوہر کافور تولہ، افیون ۳ ماشہ، جملہ ادویات کو باریک کوٹ کر کپڑ چھان کریں۔
... بادیان شیریں ۲۰ تولہ، گل سرخ ۲۰ تولہ، تخم نیل ۱۰ تولہ، توتیا ۴ تولہ، پوست ہلیلہ زرد ... آملہ، لودھ پٹھانی ہر ایک ۱۰ تولہ، جملہ ادویات کو نیم کوب کر کے آب خالص ۱ سیر میں ... دیں، ایک یوم کامل بھگونے کے بعد دھیمی آنچ پر ایک سیر عرق کشید کریں۔
ایک کٹورہ پھول کا یعنی کانسی کا لے کر اس میں ادویات ڈال دیں، اور سرس یا نیم کے ڈنڈے سے جس میں ایک منصوری پیسہ تانبہ کا لگا ہو گھسنا شروع کریں اور تھوڑا تھوڑا عرق اضافہ کرتے جاویں، حتیٰ کہ تمام عرق جذب ہو جاوے محفوظ رکھیں، وقت ضرورت ... سلائی آنکھ میں لگائیں، جملہ امراض چشم کے لئے اکسیر اور تیر بہدف ہے۔

...خنازیر :۔ جنگلی چوہا کو مار کر پوست اور پیٹ کی تمام آلائش سے صاف کریں، گوشت کو ہوادار جگہ معلق کر دیں، تاکہ بالکل خشک ہو جاوے حتیٰ کہ سفوف بن سکے، مغز جامن

مساوی الوزن ملا کر حبوب بقدر کنار دشتی بنادیں۔ خوراک ایک حب دن میں تین بار

دائمی قبض

:۔ جلاپہ تولہ، تولہ، حب النیل بریان تولہ، سقمونیا انگریزی ۶ ماشہ مصبر تولہ، جملہ ادویات باریک پیس کر کپڑہ میں چھان کر بادام روغن ۶ ماشہ سے چرب کریں قدرے عرق گلاب اضافہ کر کے حبوب بقدر نخود بنادیں۔ بقدر خوراک ۲ سے ۴ حب وقت شب ہمراہ پانی یا دودھ۔

ضیق النفس

:۔ جنگلی تمباکو، برگ جوز ماثل، ہر دو کو دھوپ میں سوکھا لیں اور کر بحساب فی تولہ ۳ ماشہ نوشادر ملا کر محفوظ رکھیں، ضیق النفس کے دورہ کی حالت میں اس پوڈر کو تھوڑا سا آگ پر ڈال کر مریض کو کپڑا اوڑھ کر دھونی دلادیں، دورہ فوراً رفع ہو کر اچھا بھلا ہو جاوے گا۔

خارش اور جملہ امراض جلد

:۔ کبریت آملہ سار تولہ، روغن کنجد مقشر ۱۲ تولہ ہوا کو آگ پر گرم کریں، اور کبریت کا سفوف کر کے روغن میں شامل کرتے جاویں۔ لکڑی کی سے ہلاتے رہیں، کبریت روغن میں حل ہو جاوے گی، اور روغن کا رنگ سرخ ہوگا، آگ آتار کر شیشی میں محفوظ رکھیں، اس روغن کو خارش اور جلد کے بثورات پر لگانا موثر بقدر قطرہ مناسب بدرقہ سے خوردنی طور پر استعمال کرنا فساد خون اور اس کے متعلق امراض میں بہترین شفابخش ہو، اسیر کے لیئے بھی روغن موثر ہے، مقامی اثرات یعنی بیرونی استعمال کے لیئے کبریت کی مقدار کو موجودہ وزن سے دوچند حل کرنا زیادہ مفید ہے۔

روغن مسکن اوجاع

:۔ برگ قنب ۲۰ تولہ، برگ جوز ماثل ۲۰ تولہ ہر دو تازہ کو کوٹ کر قرص بنادیں، روغن کنجد ۴۰ تولہ ایک آہنی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھدیں جب روغن خوب گرم ہو جاوے اقراص یکے بعد دیگرے اسمیں بریاں کریں، حتی کہ تمام

اقراص بریاں ہو جاویں، اقراص کو جدا کر کے خالص روغن مقطر کرلیں، اور محفوظ رکھیں، عصبی اور مقامی دردوں کے لیئے نہایت ہی مجرب ہے۔ مقام ماؤف پر مالش کر کے روئی باندھیں۔

بیرونی مسکن اوجاع

:۔ کافور تولہ، ست اجوائن ۶ ماشہ، افیون ۲ ماشہ، جملہ ادویات کو الکحل میں حل کریں، روغن کنجد ۱۰ تولہ، موم سفید ۲ تولہ کو آگ پر گرم کر کے آگ سے اتار لیں، جس وقت روغن اور موم سرد ہو کر منجمد ہونے لگے تو محلول اول کو اس میں ملادیں، اور شیشی مضبوط ڈاٹ والی میں محفوظ رکھیں، مقام درد پر اس کی مالش فوری موثر ہے۔

حکیم سید نوازش علی صاحب زبدۃ الحکماء

حبوب دافع اسقاط

:۔ آملہ خشک ۲ تولہ، پنیر جعزات تازہ ۲ تولہ، برادہ دندان فیل تولہ، مشک خالص ۲ تولہ، آملہ نہایت باریک پیس کر پنیر میں استقدر گھوٹیں کہ لیسٹی سی بن جاوے اور برادہ مشک ملا کر گولیاں بقدر کنار دشتی بنادیں، ایک گولی صبح و ایک شام، ہمراہ آب تازہ ایام حمل میں کھلادیں۔ اگر بچہ پیدا ہو کر تلف ہو جاتے ہوں تو پیدائش سے لے کر ۲ سال کی عمر تک آدھی سے ایک گولی تک شیر مادر میں بچے کو دیویں، مجرب ہے۔

برائے طلاء داد

:۔ سہاگہ چوکیا تولہ، نوشادر دیسی، عرق گلاب ۵ تولہ کو نیم گرم کر کے ہر دو ادویہ کو باریک پیس کر حل کر دیویں۔ ۲ سے چار بار یومیہ لگانے سے جدید ۳ یوم میں کہنہ ۷ یوم تک جاتا رہے گا۔

روغن خوردنی

:۔ دافعہ کمزوری و استرخاء اعضا، مایوسین کے لیے اکسیر

شنگرف رومی ۳ تولہ، مالکنگنی ۳ تولہ، برگ مدار تازہ ۳ تولہ، بیخ دھتورہ ۱ تولہ، روغن گاؤ خالص ۳ تولہ، ادویہ کو کوٹ کر ٹکیہ بنالیں، پھر آہنی برتن میں گھی کو گرم کر کے اقراص کو تل لیں، جب ٹکیہ جل جاویں اور رنگت گھی کی سیاہ اور گاڑھی ہو جاوے تو چھان کر نگاہ رکھیں، خوراک ۵ تا ۱۰ ہمراہ بالائی، خوراک مقوی مرغن کھاویں،

اکسیر سوزاک کہنہ

:- چونہ دیوار کہنہ صد سالہ تولہ، خر مہرہ زرد سوختہ تولہ، سفوف بنالیں، خوراک ۲ ماشہ تک، صبح شام ہمراہ لسی، شیر گاؤ یا بدرقہ مناسبہ،

اکسیر ضیق النفس رطب

:- ۲۱ عدد برگ مدار پر کتھ گلابی پانی میں تر کر کے تہوں کے ایک طرف لگادیں، پھر ایک پتہ کتھ والا ایک پتہ گھی والا نہ بتہ رکھ کر گل حکمت کر کے سوختہ تیار کریں، خوراک ۲ سرخ تا ۴ سرخ ہمراہ پان بعد از تنقیہ،

بخور برائے ضیق النفس

:- کہ فوراً تسکین دیتا ہے۔ قسط شیریں تولہ، زعفران ۱ ماشہ، پیپلا مول، تج قلمی تولہ شراب برانڈی کے ہمراہ اقراص بقدر ایک ماشہ بنا رکھیں، بوقت ضرورت حقہ کی چلم میں رکھ کر دھواں اس کا کھینچیں، حقہ میں پانی نہ ہونا چاہیئے، صبح نہار منہ یہ عمل خاص کر مفید ہے،

درد کمر

:- پرانی ہو یا نئی ہر قسم کے لیئے یہ مربائے خرما نہایت مفید آزمودہ مجرب ہے،

پوست ۲۰ تولہ، پانی تازہ ۳ سیر، چھوہارے عمدہ ۴۰ عدد، نبات سفید ۱ سیر،

ترکیب :- پوست نیم کوب کر کے پانی میں بھگو دیں، ۲ یوم بھیگا رہنے کے بعد مل چھان کر پوست کو پھینک دیں، اس مصفیٰ آب پوست میں چھوہارے ڈالدیں اور ایک ہفتہ انتظار کریں کہ چھوہارے پانی جذب کر کے پھول جاویں، بعد ہفتہ گذرنے کے نبات سفید کا اگر پوست والا پانی کچھ چھوہارے نہ جذب کر سکیں اور بچا ہوا ہو، اور نیز پانی ڈال کر

قوام کر کے چھوہارے اس میں ڈال کر بطریق معروف مربہ تیار کریں اور مرتبان میں رکھیں، ہر روز ایک چھوہارا نہار نوش کریں، یا بضرورت ایک صبح ایک شام صحت ہو جانے پر درد پھر کبھی عود نہیں کرتا۔

حکیم عبدالجبار صاحب علوی

ضیق النفس

:- سجی ۵ تولہ جس کو انگریز استعمال کرتے ہیں، باریک کر کے شیر مدار میں تر کر کے رکھدیں۔ کہ دودھ ایک انگشت سجی کے اوپر رہے، سات یوم دودھ میں اسی طرح تر رہے، آٹھویں روز دس سیر پختہ اپلوں کی آگ بطریق معروف دیں، ایک رو اصفراوی مزاج کو مکھن میں اور بلغمی مزاج کو حلوا میں پیسکر کھائیں گے، نہایت مفید ثابت ہوا ہے،

آل

:- مغز جمالگوٹہ لے کر پانی میں گھس کر مقام ماؤف پر لگادیں، خدا کے فضل و کرم سے ابھی دوا خشک ہوئی، اسی وقت درد سے آرام ہو جائے گا، احتیاط رہے کہ دوا آنکھ میں نہ پڑے۔

حکیم غلام قادری صاحب جالندھری

شیاف مدر طمث

:- قند سیاہ کہنہ ۲ تولہ، اشخار سیاہ لے کر پیس کر آگ پر پکادیں حب غلیظ قابل انعقاد ہو جاوے، شیاف ایک ایک انچ لمبے بنادیں، ایک صبح

ایک شام استعمال کیئے جاویں۔

برائے وجع الفواد: گئو دنتی، بین پھل کے نغدہ میں ملفوف کر کے اوپلوں میں کشتہ کریں خوراک ایک سرخ بتاشہ یا پان میں رکھ کر کھلادیں، بعد کوئی چیز پینے یا کھانے کو نہ دیں، البتہ آدھ گھنٹہ بعد کچھ پلا سکتے ہیں، وجع الفواد فوراً بند ہو جاتی ہے۔

کشتہ نقرہ آبی: حار مزاجوں کے لیئے تقویت اعضائے رئیسہ و رقت منی و سرعت انزال و احتلام و ضعف باہ ہے، سوزاک کے لئے بے نظیر دوا ہے، آنکھ میں بطور سرمہ لگانے مقوی بصر و جالی و قاطع دمعہ چشم ہے۔

برادہ نقرہ ۲ تولہ، زاج سفیدہ ۵ تولہ، عرق گلاب پاؤ پختہ، پھٹکری و گلاب ملا کر کھرل میں حل کرنے کے بعد شیشی میں ڈالیں، اور برادہ کھرل میں ڈال کر پھٹکڑی و عرق گلاب ملا کر کھرل میں حل کرتے جاویں۔ حتیٰ کہ تمام عرق جذب ہو جاوے، سفید سفوف طیار ہو گا۔ خوراک ۲ سرخ تا ۴ سرخ۔ ہمراہ شیر۔

برائے سوزاک: دار ہلد، ریوند چینی۔ ہلیلہ سیاہ ساوی لے کر سفوف بنادیں خوراک ۶ ماشہ۔ ہمراہ شیر گاؤ، پاؤ پختہ۔ بوقت صبح کھلادیں۔

روغن طلا مقوی باہ: بے حد مفید ہے، گندھک آملہ سار ۱۰ تولہ، تخم ڈھاک ۲۰ تولہ زرنیخ طبقی ۲ تولہ، گھونگچی سفید مقشر ۱۰ تولہ، گھونگچی سیاہ مقشر ۱۰ تولہ، سم الفار سفید تولہ سم الفار زرد تولہ، سم الفار سیاہ تولہ، شنگرف رومی ۲ تولہ، مال کنگنی آدھ سیر پختہ، جوز مائل سیاہ ۱۰ تولہ، پوست بیخ کنیر سبز ۱۰ تولہ، کنجد سفید ۱۰ تولہ، پیسکر بذریعہ پتال جنتر تیل کشید کریں، حشفہ و زیرین حصہ چھوڑ کر برگ پان نیم گرم باندھیں۔

حب مقوی باہ: پارہ مصفی تولہ، گندھک آملہ سار تولہ، سم الفار سفید ۳ ماشہ، قرنفل تولہ

...الس ۲ تولہ، کات سفید تولہ، ہر سہ اول اشیاء کو کھرل میں کجلی کر کے ہر ستا خری ... چار پہر کھرل کریں، بعدہٗ زردی بیضہ مرغ ملا کر حب بقدر فلفل سیاہ بنادیں خوراک ... یا دو حب بوقت خواب ہمراہ شیر۔

حکیم عبد العزیز صاحب سیالکوٹی

حلوا بالائی: مقوی دماغ، حافظ و باہ سخن بدن نہایت لذیذ ہے۔

... نشاستہ اعلےٰ و تازہ ۱۵ تولہ، کھویا ۸ آثار، صمغ ببول ۵ تولہ، قند سفید ۲ آثار۔ مغز بادام مقشر ۲ تولہ، ... پستہ ۱۰ تولہ، بالائی شیر تازہ ۱ آثار، مسکہ گاؤ دیش تازہ اولاً نشاستہ کو مسکہ میں اس قدر ... کریں، کہ نہ تو خام رہے اور نہ ہی جل جاوے، کیونکہ بہت نازک ہوتا ہے، پھر ... بریاں کریں، بعدہٗ بالائی کو اس قدر بریاں کریں کہ گھی چھوڑ دے۔ لیکن اجزاء سوختہ ... دیں، پس صمغ ببول کو چھوٹا چھوٹا کر کے بریاں کر کے نہایت باریک کر لیں، مغز ... مقشر کے چار چار ٹکڑے اور پستہ باریک کتر کر تیار رکھیں پس قند سفید کا قوام غلیظ ... کے سب اجزاء ملا کر جسقدر مکھن باقی رہے وہ بھی ملادیویں اور آگ پر رکھ کر اس ... پکادیں کہ مسکہ کی مائیت جل جاوے، بہت زیادہ نہ پکاویں، بلکہ بعد مغزیات شامل کرنے ... ۱۲ ... رکھیں، خوراک ۲ تولہ سے ۷ تولہ۔

دوا برائے ناصور لثہ و تا کل آں: یعنی گوشت خورے کے لیئے یہ مرض ... ہیں کثیر الوقوع ہے اور اس نسخہ کو میں نے اس پر نہایت مفید اور سریع الاثر پایا۔ ... برگ سدلب خشک ۲ تولہ، ہجی ۱ تولہ، چونہ ۱ تولہ، ہڑتال ۱ تولہ، سب کو پیس کر تیز سرکہ ... ٹکیاں بنا کر کوزہ گلی میں رکھ کر گل حکمت کر کے آگ میں رکھیں، حب کو زہ سُرخ ہو

جاوے اور دوائیں جل جاویں۔ تب نکال لیویں، بعد سرد ہونے کے دیکھیں اگر سیاہ ہو تو
بہتر ورنہ پھر آگ دیویں، لیکن کل حکمت دوبارہ کر کے خشک کر لیں، جب تیار ہو جاوے
نہایت باریک پیسکر تیار رکھیں، اگر مسوڑوں میں ناصور یا گوشت خورہ ہو، انگلی سے
منہ ڈھیلا چھوڑ دیں، تاکہ لعاب دہن کے ذریعہ تمام دوا نکل جاوے اگر منہ میں تا
ایک دو ماشہ دھوڑیں، بعض جگہ تو یہ دوا اعجاز کا کام دیتی ہے۔ ایک مریض کو تاکل
سے کسی رگ کے کٹ جانے سے اسقدر خون جاری ہوا کہ اس کی حالت ردی ہو گئی
علاج سے آفاقہ نہ ہوا پس اسکو اس محل پر خوب جما دیا گیا۔ معاً خون بند ہو گیا۔ اور
کے استعمال سے مریض کو کلی صحت ہو گئی۔

حب صحت افزا

:۔ حمیات عفنہ میں (موسمی تپ) جو دورے سے ہوں،
لرزہ خواہ بے لرزہ روزانہ تجاری یا چوتھیہ ہوں، مستعمل اور معمول ہیں، ہم موسمی تپوں میں
کئی پونڈ کونین خرچ کرتے ہیں، لیکن کونین سے دوسرے درجہ پر جو دوا ہمارے مطب
میں مستعمل ہے۔ وہ یہ گولیاں ہیں۔ بلکہ بعض جگہ جہاں کونین مؤثر نہ ہو یا کونین دینے
کوئی امر مانع ہو تو اس جگہ یہ گولیاں اکسیر الاثر ثابت ہوئی ہیں۔ حمیات جدید میں بعد
تنقیہ کے اور حمیات کہن میں بغیر ان مراعات کے استعمال کریں، اس کے علاوہ نزلات حار
گرم کھانسی و بے خوابی کو بھی دور کرتی ہیں۔

تخم دھتورہ سیاہ، اقاقیا اعلے، کیکر کی پھلیوں کے دودھ کو خشک کر کے خود تیار کر
لیا کرتے ہیں، جو بازاری اقاقیا سے بہت بہتر ہوتا ہے۔ اگر نہ ملے تو برگ کیکر، افیون خالص
فلفل سیاہ ساوی الوزن نہایت باریک پیسکر شہد مصفیٰ میں ملا کر مرچ سیاہ کے برابر گولیاں
بناویں، خوراک ا گولی نوبت سے نصف گھنٹہ قبل قوی مزاج کو ۲ گولی تک، یہ فاصلہ نصف
ساعت دے سکتے ہیں، یعنی ایک گولی کھلا کر آدھ گھنٹہ بعد پھر ایک گولی کھلائیں، اغلب کہ
نوبت ورنہ دوسری اور شاذ تیسری نوبت میں انشاءاللہ صحت ہو جاوے گی، خاص بلغمی
میں یہ گولیاں کم فائدہ کرتی ہیں اور بعض جگہ بالکل نہیں کرتیں۔

نسخہ اٹھرا:۔ جن عورتوں کو اسقاط ہو جاتا ہو اگر بچہ زندہ اور پورے دن کا پیدا ہو تو مختلف
امراض میں مبتلا ہو کر ضائع ہو جاوے، مثلاً بعض ام الصبیاں میں بعض ذات الرم میں کوئی
جوشش و شورو فساد خون و سرخ بادہ وغیرہ میں مبتلے ہو ہو کر یا مرض اسہال میں مبتلا ہو کر
اس کے مردہ بچہ ہونے کا عارضہ ہو۔ ان سب میں یہ دوا بفضل تعالیٰ بمنزل اعجاز ہے اس
کو اکثر جگہ تجربتاً صحیح پایا اور معمول ہے۔

برگ نیم، برگ حنا، کتھ، کچور، ہنس بید (اس کا بدل ہرمچی)، مکھان بید، رتن جوت، ریوند
ریوند خطائی، صندل سرخ، صندل سفید، دہمائیں، مشک بالا، برگ جہانا، برگ سرس، برگ
جلیت (پنجابی جینتر)، کالی زیری، مرچ سیاہ، کشنیز خشک، اجوائن دیسی، اجوائن خراسانی،
الہود، انیسوں، گیرو۔ مغز نارجیل، چاکسو، تخم کاسنی ساوی الوزن سب کو ملا کر کوٹ چھان
کر محفوظ رکھیں، حسب ضرورت اس میں سے لے کر شہد میں ملا کر بقدر زائد از فلفل
سیاہ گولیاں بنا دیں، ابتدا حمل سے تا ایام رضاعت ایک گولی ہر روز صبح ہمراہ آب، جب
بچہ پیدا ہو تو بعد ۳ یوم کے اس اسکو بھی نصف گولی شیر مادر میں حل کر کے پلایا کریں، بچہ
کو، بادیان ۲ رتی، بنفشہ ۳ رتی، اجوائن ۲ رتی، گل سرخ ۲ رتی، بابڑنگ ۲ رتی، اناؤ کنبھ
۲ رتی، مغز املتاس ۱ ماشہ، مصری ۲ رتی بطور گھٹی پکا کر پلا دیں۔ اور جب گھٹی دینے کی ضرورت
ہو تو یہی گھٹی دیا کریں۔

نوٹ :۔ ان گولیوں کے اثنائے استعمال میں جن مستورات کو قبض کی شکایت رہے ان
کو گلقند کی مداومت کرائی جاتی ہے۔ اور بعد ماہ پنجم ایک ملین مغز املتاس یا گل سرخ و گلقند سے
ہونا چاہیے۔

دوا الحصاۃ

:۔ یہ دوا درد گردہ جو پتھری یا ریت کے باعث ہو، اور مثانہ کی پتھری میں
بھی متعدد مرضیٰ پر استعمال کی گئی نہایت مفید ثابت ہوئی، لیکن استقلال اور مداومت دوا شرط
ہے، بفضل تعالیٰ پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جاتی ہے۔

شورہ قلمی ۶ تولہ، قدرت پانی ڈال کر آگ پر رکھیں، جب پکنے لگے حجر الیہود مسحوق جو

شل غبار کے ہو، ۱ تولہ ڈال کر ہلادیں جب خشک ہونے کے قریب ہو، نوشادر ۶ ماشہ، سہاگہ ۳ ماشہ، باریک پیسکر ملادیں، اور آخر میں پوست ریٹھا ۱ عدد خوب باریک پیسکر ملا کر اتار لیں جب سرد ہو کر خشک ہو جاوے، خوب باریک کر کے محفوظ رکھیں، خوراک ۲ رتی سے ایک ماشہ تک ہمراہ شیر بز ۱۰ تولہ پانی یا عرق کاسنی ۱۰ تولہ ملا کر صبح و شام، بعض کو معز کر بجوہ ۱ ماشہ ملا کر بہدا ... کرانے سے دیرینہ درد گردہ دور ہو گیا، چند مریضوں کی نکلی ہوئی پتھریاں میرے پاس موجود ہیں۔

سنون سیاہ

:۔ درد و جنبش دنداں پائی اور یاد تار کل الشاپا سخورہ بھٹکڑی ۴ تولہ پتکوب کر ڈچی میں ڈال کر آگ پر رکھیں، جب پگھل جاوے تب نیلا تھوتھا ماشہ پتکوب ڈالیں اور اس کے بعد فلفل سیاہ ۶ ماشہ، عقرقرحا ۶ ماشہ نیمکوب شامل کریں، جب خوب دھواں نکلنے لگے، اتار کر باریک پیسکر کام میں لادیں۔

عرق اکسیر پیچش

:۔ خواہ کیسی ہی شدید پیچش ہو فوراً فائدہ ہوتا ہے، پرانی پیچش میں بھی مفید، پوست ہلیلہ ۱۰ تولہ، پوست بلیلہ ۱۰ تولہ، آملہ خشک ۱۰ تولہ پانی ۲ سیر میں ایک رات بھگو دیں۔ آئندہ صبح چھانکر صاف بوتل میں ڈالدیں، خوراک جوان کے لیئے ۵ تولہ دن میں ۳، ۴ بار پلادیں۔

دوا ماشرا

:۔ ماشرا کے ابتدا، تزائد انتہا، میں یہ دوا اعجاز اثر پائی، کبھی خطا نہیں ہوئی، بعض مریض جن کے سر مثل بڑے تربوز کے متورم ہوئے ہوئے تھے، سر اور آنکھیں نظر نہ آتی تھیں، اس کے استعمال سے فوری فائدہ ہوا۔ میرے پاس ماشرا کے مریض خواہ ابتدا میں آویں، ہر گز فصد نہیں کراتے، بفضلہ تعالےٰ اس کے استعمال سے فوراً مریض رو بہ صحت ہونے لگتا ہے اور ایک دو یوم میں صحت کلی حاصل ہو جاتی ہے، جملہ ناظرین کو یہ دوا آزمانی چاہیئے۔

رگ خراش :۔ جس کو فارسی میں گز عربی میں طرفا کہتے ہیں، ایک بہت بڑا درخت ہوتا

ہے، اس کے پتلے پتلے لمبے سیخوں کے مانند گچھے گچھے ہوتے ہیں۔ ان پتوں کو باریک ... کاٹ کر پتھر کی کونڈی میں پانی کا چھینٹا دے دے کر خوب گھوٹ دیں تاکہ نہایت ... باریک لیپ ہو جاوے، تمام پیشانی منہ سر اور آنکھوں پر لیپ لگاتے ہی مریض ... تسکین ہو جاتی ہے اور اشتداد مرض رک جاتا ہے، اگر ضماد سے قبل روغن گل سے چرب ... بہتر ہے، برید اور تسکین کے لیئے آب نقوع ثمر ہندی و آلو بخارا، کشنیز یا شیرہ ... ، لعاب بہدانہ، مغز تخم ہندوانہ، شربت عناب نیلوفر وغیرہ دیں، غذا مناسب حال ... حسب رائے طبیب، بعض دواؤں میں قدرت یزداں کے مخفی راز انسان کو محو حیرت ... دیتے ہیں۔ اس دوا نے بعض معرکتہ الآرا علاجوں میں مجھے کامیابی بخشی، اب ماشرا کا علاج ... مفرد دوا سے کیا کرتا ہوں، بفضلہ تعالیٰ ہمیشہ کامیابی ہوتی ہے۔

حب قوت باہ

:۔ از عطیات حضرت مولانا حکیم نورالدین صاحب معمول و مجرب بندہ ... سفید ۱ ماشہ، مشک اعلیٰ ۶ ماشہ، کتھ سفید مصفیٰ ۹ ماشہ حب بقدر نصف سرخ ایک ... بعد غذا ہمراہ شیر گاؤ۔

دوا قلت دم

:۔ خون کی کمی میں جسے ڈاکٹری اصطلاح میں انیما اور پنجابی زبان میں ... کہتے ہیں، یہ نسخہ نہایت مفید ہے، بہت مجرب ہے، حضرت مولانا حکیم نورالدین صاحب کے عطیات میں سے ہے۔

میٹھا، خبث الحدید یا برادہ آہن شکر سرخ ہر ایک ۱۰ تولہ ایک بڑے تربوز میں بھر دیں ... خشک ہو جاوے تو پیسکر ۴ رتی روزانہ ہمراہ مسکہ گاؤ کھلادیں۔

دوا طحال

:۔ نوشادر ۱ تولہ، رائی ۲ تولہ، نہایت باریک پیس کر ۱ ماشہ سے ۲ ماشہ تک ... روز صبح ہمراہ آب کھلادیں، چند یوم میں کلانی طحال دور ہو جائے گی، اگر اثنائے استعمال ... دس یا سچ ہو جاوے تو تخم ریحاں ۱ تولہ کا مصلح ہے۔

لعوق بزرکتان

۱۔ پرانی کھانسی اور ضیق النفس بلغمی و نزلی کے واسطے معمول ہے۔ السی بریان ۲ تولہ، اصل السوس مقشر ۹ ماشہ، زیرہ سفید ۹ ماشہ، کاکڑا سنگی علیحدہ علیحدہ کر کے وزن کر کے اور شہد صاف ۱۲ تولہ ملا کر بقدر ۶ ماشہ صبح و شام استعمال کریں۔

دوا ہاضم الطعام

۲۔ مقوی معدہ بادو رطب کاسر ریاح معدی و مقوی دافع ہیضہ امتلائی، بلغمی اس دوا کا خاصہ ہے کہ ایام ہیضہ میں اگر بقدر ۲ سُرخ روزانہ استعمال کریں تو بفضلہ تعالیٰ اثر ہیضہ سے محفوظ رہیں، اگر ہیضہ کی سمیت کا اثر ہو گیا ہو، فوراً ۱ ماشہ کھانے سے طبیعت درست ہو جاوے گی، معدہ و امعا کے ریحی و بلغمی و امتلائی دردوں میں بے نظیر ہے۔
فلفل، دراز فلفل، لونگ مدار راک کے پھول کا لونگ، نوشادر، شورہ قلمی، اجوائن دیسی، نمک کھاری، نمک سیاہ ہر یک ۵ تولہ ہیرا ہینگ بریاں ۱ تولہ سفوف بنا دیں، خوراک ۲ رتی سے ایک ماشہ تک تنہا، یا بعرق بادیاں۔

حب باؤ گولہ

۱۔ باد گولہ اور اختناق الرحم میں مجرب و معمول ہے، ڈکاروں کی زیادتی کو دور کرتی اور بھوک پیدا کرتی ہے، معدہ اور انتڑیوں کے دردوں میں مستعمل ہیں، تو معدہ کو طاقت بخشتی ہیں۔ صرع شرکی معدہ و دوار معدی بخاری میں معمول ہیں، معمول ریاح غلیظہ کو تحلیل کرتی ہیں۔
نمک سیاہ، نمک سانبر، دار فلفل گرد، زنجبیل، نمک سنگ، زیرہ سیاہ، کلونجی، اجوائن، ہیرا ہینگ مساوی الوزن باریک کر کے سہانجنے کی جڑ کے پانی میں کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا دیں، جب خشک ہو جاویں ایک گولی صبح و ایک شام ہمراہ عرق بادیاں یا آب سادہ استعمال کریں۔

دوا در درد فم معدہ

۱۔ فم معدہ کے شدید دردمیں جو دورے سے ہوا کرتا ہے، اس

... دو نسخہ ذیل نہایت مفید اور مجرب ہیں۔
... اجوائن دیسی صاف ۵ تولہ، نوشادر ۲ تولہ نمکوب ملا کر ظرف بلوری میں ڈال کر اس پر ... گندھک خالص بقدر ۲ تولہ ڈال کر لوہے کی سیخ سے ہلا کر چھوڑ دیں، دو تین یوم ... سیاہ رنگ کی دوا تیار ہو جائے گی، عین دورہ درد کے وقت بقدر کنار صحرائی گولی بنا کر ... کے ہمراہ کھلا دیں، دانتوں کو دوا نہ لگے، ۳ یوم متواتر کھلا دیں۔ دورہ پہلی ہی خوراک میں رفع ... ہو جاوے گا۔ سوءِ ہضم و درد معدہ میں بقدر نخود کھلا دیں معمول ہے۔
... شیر مادہ شتر۔ اتار ظرف گلی آب نادیدہ لے کر اس میں پانی بھر دیں، ایک شبانہ روز ... کے بعد پانی پھینک کر دودھ مذکور اسمیں ڈال کر نمک سنگ ۸ تولہ باریک کر کے ملا کر نرم آگ ... دیں، اور لکڑی سے ہلاتے رہیں، جب غلیظ ہو جاوے، تب زعفران اعلیٰ ۳ ماشہ ... گلاب سائیدہ شامل کر کے بہت نرم آنچ شروع کریں اور چمچہ سے ہلاتے رہیں، کہ داغ ... نہ لگ جاوے، جب مثل کھویا کے ہو جاوے اتار کر اسی ظرف میں رہنے دیں، ۲۔۳ یوم تک ... ہو جاوے گا، قرص بنا کر خوب خشک کر کے بلوری شیشی میں بند کارک میں رکھیں،
... شربت ۱ ماشہ، عند الوجع صبح و شام ہمراہ آب اور بعد رفع دورہ ۴ رتی تا ۴ یوم غذا شوربا ... گوشت جز یا بھیڑ یا نخود، ہمراہ نان گندم، وجع الفواد میں بھی مفید ہے مگر مقدار خوراک ۲ رتی رکھیں۔

اطریفل اسطوخودوس

۱۔ درد و دوران سر از ضعف دماغ و امراض چشم و اجفان و ... دمعہ، جرب الاجفان وغیرہ اور ان تمام امراض میں جو ضعف دماغ سے ہوں، کثیر الاستعمال ... مجرب ہے، از عطیات حضرت مولانا حکیم نورالدین صاحب،
پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، آملہ، ہلیلہ سیاہ، پوست ہلیلہ کابلی، گل سرخ گل اسطوخودوس، ہر ایک ۱ ماشہ کشنیز مقشر ۳ تولہ، ترنجبین اعلیٰ ۲ اتولہ روغن بادام مقشر ۴ تولہ، ... ۱۵ تولہ، شہد خالص معقوم ۱۵ تولہ، اطریفل بنا دیں۔ خوراک ۱ ماشہ سے ۱ تولہ تک سر اور آنکھوں کے امراض میں بے نظیر اطریفل ہے۔

دوا رمد ۱۔ آشوب چشم، سرخی زخم در درد سے بچوں اور جوانوں میں مستعمل ہے۔

رسوت ۲ تولہ، املی ۲ تولہ، انار دانہ ۲ تولہ، رات کو پانی میں بھگو دیں، صبح صاف کر کے اس میں
بریاں ا تولہ، افیون ۲ ماشہ ملا کر ظرف آہنی میں اس قدر پکا دیں، کہ غلیظ القوام ہو جاوے
اس میں سے بقدر ۳ ماشہ لیکر عرق گلاب ۵ تولہ میں حل کر کے شیشی میں رکھیں ۲-۳ قطرہ
صبح دوپہر شام آنکھوں میں ٹپکائیں۔

دوا پھلی:- شب یمانی ۳ تولہ، نیلو تھوتھہ ۲ تولہ، رسوت مصفیٰ ۵ تولہ، عرق لیموں
کاغذی ۲۰ تولہ میں ایک شب تر کر کے صبح حل کر کے پارچہ بیز کریں اور ظرف آہنی میں پکائیں
جب گاڑھا ہو جاوے اتار لیں، سرد ہو جانے پر شیاف بنا رکھیں، ہر روز صبح چند قطرے پانی میں
حل کر کے سلائی سے آنکھوں میں لگا دیں، پھولے جالے اور پرانی سرخی رد ہے وغیرہ امراض
چشم میں نہایت مفید دوا ہے، ہزارہا پھولوں والوں کو اس سے صحت کلی ہوگئی۔

روغن درد گوش:- عصبی ہو یا سوزش و ثبور سے ہو۔
کاسٹرائل ۴ ڈرام۔ کاربالک ایسڈ ۵ ڈرام، کلورل ہیڈریٹ ۱۰ گرین، کافور ۱۰ گرین، خوب
ملا لیویں، دو تین قطرے کان میں ٹپکا دیں، اکسیر ہے۔

دوا کھانسی:- بچوں اور بڑوں کی وبائی اور بلغمی کھانسی جس سے کھانستے کھانستے
قے ہو جائے مفید ہے، ضیق النفس کو بھی فائدہ کرتی ہے، قے کو روکتی ہے، انار دانہ ۱۲ تولہ
دار فلفل ۶ تولہ مرچ سیاہ ۲ تولہ، جو اکھار اصلی ا تولہ قند سیاہ کہنہ ۱۴ تولہ، سب چیزوں کو علیحدہ
علیحدہ باریک کر کے قند سیاہ میں ملا دیں، بچوں کو بقدر ماش بڑوں کو بقدر نخود دن میں ۴
کھانسی کے لیئے ذرقے وغثیاں ہضم طعام و اشتہا کے لیئے ۱ ماشہ تک کھلا سکتے ہیں۔

تریاق نزلہ:- گرم نزلی کھانسی کا تریاق ہے، صفرا اور بلغم کی کھانسی، نزلی کھانسی اور
کی کھانسی، ان سب میں نہایت مفید ہے۔

صمغ عربی، کتیرا، شکر تیغال، افیون، ہر ایک ا ماشہ زعفران ۲ ماشہ شکر سفید ۲ تولہ،
شہد سفید ۲ تولہ، بطور معجون کے بنا دیں، خوراک ۲ رتی سے ۵ رتی تک صبح و شام۔

نسوار:- نزلہ و زکام، درد سر، کچور ا تولہ، بنفشہ ا تولہ، کشمیری پترا تولہ باریک کر کے نسوار بنائیں۔

حب آتشک:- درجہ اول و دوئم میں نہایت مجرب و معمولی اگر بہت کمزور آدمی نہ ہو
تو اول ایک سہل، حب النیل ۱ ماشہ باریک فنکرتی ۶ ماشہ پانی میں حل کر کے پلا دیں، غذا وقت
شام، کھچڑی مونگ مرغن، دوسرے روز اسپغول ۶ ماشہ مصری کے شربت کے ہمراہ اس کے بعد حب
آتشک شروع کر دیں، نسخہ رسکپور اعلیٰ ۳ ماشہ فلفل گرد ۲ تولہ پہلے دونوں کو ملا کر خشک کھرل کریں۔
سے حشفہ اور چھوڑ کر استعمال کریں، روغن لگانے کے بعد برگ پان
گرم کر کے باندھ دیں، دوران استعمال میں عضو کو ٹھنڈے پانی سے خاص طور پر بچائیں۔

برائے بواسیر نوع :- برگ زخم حیات خشک ساختہ بشرطیکہ نوع خورد برگ باشد
متواتر یک ہفتہ دیں طور شب قند سیاہ ۲ تولہ و صبح دیں سفوف ہمراہ آب خالص
برائے بواسیر: تخم ہارسنگھار ۲ تولہ، فلفل گرد ۶ ماشہ ساختہ یک ماشہ تا یک ہفتہ مجرب، مساوی
کوٹ کر ایک ماشہ صبح پانی سے کھلا دیں۔
برائے بواسیر: تخم اہل سفید گل۔
کشتہ عقیق، در کنول گٹہ مغفوف کردہ باز ہرآں برگ آنار سحق کردہ تجیف کردہ
بسوزانند۔

[illegible] کی آگ دے کر کشتہ تیار کریں، بعدازاں شیشی میں رکھ لیں، خوراک ایک رتی اول [illegible] صبح دوپہر شام ہمراہ شیر گدھی استعمال کریں۔

[illegible] شربت جو سل و دق میں بہت مفید ہے، قرابادین پنجابی کا نسخہ ہے میں نے اس [illegible] پایا، نسخہ مندرجہ ذیل ہے۔

[illegible] ایک تولہ، گل نیلوفر ایک تولہ گاؤزبان ۹ ماشہ بہدانہ ایک تولہ، ملٹھی مقشر ۱ ماشہ [illegible] خطمی ۶ ماشہ، خبازی ۹ ماشہ، برادہ صندل سفید ۶ ماشہ، گل زوفا ۶ ماشہ، پوست خشخاش [illegible] کتیرا گوند ۳ ماشہ، صمغ عربی ۳ ماشہ، مصری ۲ پاؤ بدستور شربت بنا کر بوتل میں ڈال لیں، [illegible] کتیرا و صمغ عربی باریک پیس کر ملا لیں، خوراک ۲ تولہ صبح دوپہر شام قدرے پانی ملا کر گھونٹ [illegible] استعمال کراویں، نہایت مفید ہے۔

[illegible] جو سل و دق دونوں کے لیے ازحد مفید ثابت ہوا ہے نسخے کی لمبائی سے گھبرائیں [illegible] استعمال کر کے دیکھیں، ایک دفعہ کا بنایا ہوا بہت سے بیماروں کے کام آتا ہے نسخہ [illegible] ہے۔

[illegible] درخت بید سادہ ڈیڑھ سیر، خرنوب کلاں ڈیڑھ سیر جو مقشر ایک سیر برگ بانس تین پاؤ، [illegible] ایک پاؤ، لگو ایک پاؤ، بارتنگ ایک پاؤ، بھکڑا آدھ پاؤ، سر دچینی آدھ پاؤ، بہدانہ [illegible] مقشرہ تولہ، لسوڑیاں ۵ تولہ، چرائتہ ۵ تولہ، افسنتین ۱۰، گل نافرمان ۱۰ تولہ، تخم کریجوہ [illegible] ۵ تولہ، خبازی ۵ تولہ، خطمی ۵ تولہ، زوفا خشک ۵ تولہ، پرشاوشاں ۵ تولہ عناب ۵ [illegible] ۵ تولہ، انجیرہ تولہ، مغز خیار کوفتہ ۳ تولہ، تخم کاسنی ۳ تولہ، مغز تربوز کوفتہ ۲ تولہ، تخم خرفہ [illegible] خربوزہ ۲ تولہ، تخم کاہو ۳ تولہ، مغز کدو کوفتہ ۲ تولہ، نیلوفر ۳ تولہ، بارآورد ۳ تولہ، تشکاعی [illegible] کشوث ۶ تولہ، برادہ آبنوس ۳ تولہ، سونف ۳ تولہ، تخم کنوچہ ۲ تولہ، ابریشم مقرض ۲ تولہ، [illegible] ۳ تولہ، زیرہ سفید ۲ تولہ، پوست خشخاش ڈیڑھ سیر، روغن سمک ۹ سیر، شکر تری [illegible] چیزوں کو اٹھارہ سیر پانی میں جوش دے کر مل چھان کر روغن سمک اور شکر تری بعد میں [illegible] تمام کر کے کل وزن کو معلوم کر کے بحساب اوسط فی تولہ ذیل کی چیزیں شامل کریں، یہ [illegible] معجون بن جاوے گی، سرطان مدبر تیار فی تولہ ۲ رتی، شکر تیغال فی تولہ ۲ رتی، طباشیر

برائے سوزاک، یکمہد بادنجاں، ابیض پختہ۔ درآں کاؤ کے کردہ یک تولہ، توتیا ہندی باد
گوشہ پر نمودہ برآں پارچہ ملفوف و عفونت کردہ، برآں ریسماں پیچند اور روغن سیاہ بریاں آلغ
کہ بادنجان بسوزد پس از روغن برآوردہ سرد کردہ توتیا بگیرید و استعمال نمایند، قدر خوراک
۳ برنج در جلوہ برنج یا جغرات یا در مسکہ۔

برائے ضیق النفس و ربو وسفر۔ پونگ ماہی و شیر العشر کہ یک پاؤ را در کوزہ متلیں ک
سر کوزہ محکم بستہ بقدر دس سیر پا چکد شتی بسوزانند خوراک یک سرخ تا دو سرخ۔

اسقاط الحمل از والد مرحوم۔ مشک ۱ ماشہ، طباشیر ۳ ماشہ، زعفران ۴ ماشہ، گل سرخ
زیرہ سفید ۴ ماشہ، تخم دنتر ۱۱ عدد، برگ تلسی ۲ تولہ، بسباسہ ۲ تولہ، برگ شہد بوی ۲ تولہ ایک
ہے جو گز بھر لمبی ہوتی ہے اور پتے تلسی کے مشابہ ہوتے ہیں اور نوکدار موسم برسات
میں دھانوں کے کھیت میں پائی جاتی ہے، سب کو کوٹ پیس کر بقدر نخود گولیاں بنائیں
عورت جس کا حمل ضائع ہو جاتا ہو، اس کو ازابتدائے حمل ایک ہفتہ تک روزانہ ایک گو
ایک دوپہر ایک شام کو کھلائیں، چالیس یوم تک برابر لگاتار کھلاتے جائیں، بعدازیں آخر
حمل تک صرف ایک گولی روزانہ کھائیں اور جب بچہ پیدا ہو تو وہی گولی لے کر اس میں
بقدر باجرہ کے دانہ کے برابر بچہ کو دے کر اوپر سے ماں اپنا دودھ پلائے۔ اسی طرح دو
تک ہر روز کھلائیں اور بچہ کی ماں بھی بدستور کھاتی رہے۔

حکیم محمد امین صاحب فتح گڈھی

کشتہ ابرک سفید جو دق کے لئے از حد مفید ہے۔

ترکیب، گاجروں کا نکالا ہوا پانی بوزن دو سیر بوتلوں میں رکھیں، ابرک سفید ایک
لے کر ایک پاؤ پانی گاجر میں کھرل کر کے گل حکمت کر کے پندرہ سیر اپلوں کی آگ دیں
ترتیب سے آٹھ دفعہ اسی ابرک کو پاؤ بھر پانی مذکورہ میں کھرل کر کے گل حکمت کر کے

فی تولہ ۳ تولہ، آہک منظم فی تولہ ۲ رتی، ابرک اسود کا کشتہ فی تولہ ا رتی، کشتہ ہرتال گئودنتی ا رتی، کشتہ فولاد ولایتی فی تولہ ا رتی، سلاجرس فی تولہ ا رتی، کشتہ سیپ فی تولہ ½ رتی، فی تولہ ½ رتی بسدیر فی تولہ ½ رتی، شاخ گوزن سوختہ فی تولہ ½ رتی، کشتہ مرجان فی تولہ رتی، کشتہ عقیق فی تولہ ½ رتی، یشب فی تولہ ½ رتی، کریانوٹ فی تولہ ½ رتی، افیم فی تولہ چاول خوراک ایک تولہ صبح دو پہر شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کر لیں۔

یرقان اصفر:۔ جگر اور تلی کی خرابی اور ایسے پرانے بخار جو دق کی طرف منتقل نہ ہوا ہو مفید ہے۔

خوب کلاں مصفا ۱ تولہ، ریوند چینی ۱ تولہ، شورہ قلمی ۱ تولہ، خربق بیعض ا تولہ، سفوف بنا کر سفید برابر ملائیں، چالیس دن کے بعد اکسیر کا کام دیتا ہے، خوراک ۲ رتی ایک دن میں تین بار صبح، دوپہر شام دیں۔

حکیم چراغ الدین صاحب گورداسپوری

آتشک کا مجرب المجرب قیمتی نسخہ، مغز جانگوٹہ بلا مدبرہ ۵ دانہ، مردہ سنگ ۲ ماشہ، پولانہ بقدر ضرورت اور جانگوٹہ کے چھلکے اور پتہ علیحدہ کریں، پھر مردہ سنگ پیس کر قند سیاہ ملا دیں، تین عدد گولی بنا دیں، ایک گولی ہمراہ قہوہ بنفشہ ۲ ماشہ دیویں، پھر ایک یوم درمیان دے کر تینوں حب کھلا دیں، غذا، دودھ چاول،

بخار تجاری یا باری کا بخار:۔ برگ بوٹی ہیل ۳ یا ۴ عدد ملکر باری کے دن کلائی باندھیں، باری رک جاوے گی، مجرب ہے۔

ڈبہ اطفال:۔ توتیا سبز بریاں، سہاگہ سفید بریاں ہموزن لے کر ہمراہ شیر زحب بمقدار دانہ

دیں، بوقت مایوسی یک حب تا دو حب ہمراہ شیر مادر دلویں مجرب ہے۔

حکیم محمد یعقوب صاحب ہاشمی

طحال کا حکمی علاج:۔ تکریعنی شور کو رات بھر ایک پاؤ پانی میں ایک تولہ کسی چینی کے برتن میں ڈال کر بھگو دیں، صبح اس کو ہلا کر اور نتار کر پی لیں۔ پرانی سے پرانی طحال بھی پانچ چھ یوم کے استعمال سے جاتی رہتی ہے۔ بلحاظ عمر اور قوت وزن میں کمی یا زیادتی کی جاسکتی ہے۔

بواسیر کا قطعی علاج:۔ ستاور، سنگجراحت ہر ایک ایک تولہ، شکر تری دو تولہ، سبوس اسپغول چار تولہ، کشتہ قلعی ۳ ماشہ، کوٹ چھان کر صبح و شام چھ ماشہ شیر مادہ گاؤ کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم سید صید نور صاحب

ادرار طمث کے لیے نہایت مجرب ہے۔

مویز منقی ۳ تولہ، رازیانج ۲ تولہ، اجوائن دیسی ۲ تولہ، پودینہ ا تولہ، گل سرخ تولہ، تخم کرفس ۶ ماشہ، قند سیاہ حسب حاجت (اگر کہنہ ہو تو بہتر ہے) ایام ماہواری سے چند روز قبل بطور مطبوخ استعمال کرائیں، اور ذیل کی ادویہ کے شافے بنا کر رکھنے کی ہدایت کریں۔

ایلوا، مویز ج تولہ، پودینہ جنگلی تولہ، پودینہ نہری تولہ، ابہل ۹ ماشہ، شب یمانی ۶ ماشہ، سداب ۱ تولہ، عصارہ ان نربیل کا پتہ یک عدد فرزجہ بھی دو روز قبل ایام ماہواری رکھوانا شروع کر دیں انشاء اللہ

...ے کر کے، پیٹھ کا پانی یا دیسے ۳۰ تولہ، گندر متقشر تازہ یک سیر اگر خشک ہو تو ... تر، لوز کا پانی یک سیر ۱۲ بوتل عرق کشید کریں، اور ایک بوتل روزانہ تین دفعہ دن ... میں، انشاءاللہ بہت فائدہ کرے گا۔

حکیم غلام محی الدین صاحب

...سل :۔ برادہ طلائے خالص، زرار (پارہ) مروارید ناسفتہ شنگرف تمام ادویہ کو عرق لیموں ... حل کر کے چوہلے کے اندر ڈال کر اس کا منہ بند کر کے چار سیر آگ دیویں، قدر خوراک چار ... رتی مکھن یا کسی دوسرے مناسب بدرقہ کے ہمراہ۔

...وین وضعف جگر :۔ زعفران الحدید تولہ، زنگ آہن اس کی ساخت اس طرح ... برادہ آہن میں ½ حصہ نوشادر ملا کر زمین نمناک میں دفن کریں۔ بس یہی زعفران الحدید ہے ... تولہ، آملہ سار ۶ ماشہ، شنگرف ۶ ماشہ، ان تمام کو آب لگر ونده میں خوب باریک پیس کر ... خالی لے کر اس میں بھریں اور اس کے سر پہ دوسرا انڈا چڑھا کر اسکو بند کریں اور تین ... گل حکمت کریں، پھر ایک مٹی کے برتن میں ریگ بوزن ۲ رطل ڈال کر وسط میں رکھدیں اور تین ... معتدل آگ دیں، اور اس کے بعد نکال لیں، خوراک ایک چاول ہمراہ مکھن،

...ل و دق :۔ کشتہ صدف مرواریدی ۶ ماشہ، کشتہ مرجان ۶ ماشہ، کشتہ خرمہرہ ۶ ماشہ، کشتہ ... کشتہ ابرک سفید ۶ ماشہ، ست گو خالص ۶ ماشہ، طباشیر کبود ۶ ماشہ، دانہ الائچی ۶ ماشہ، مقدار ... نصف ماشہ بدرقہ مناسبہ،

...ضماد :۔ روغن گاؤ ایک سو مرتبہ تازہ پانی میں دھویا ہوا، عطر حنا ۹ ماشہ، خاکستر عقرب

شفا ہوگی،

بچوں کے لیئے گھٹی جو تے اور دستوں کے بند کرنے میں اکسیر ہے۔
زہر مہرہ خطائی ۳ ماشہ، مازو ۲ ماشہ پپیتا ۳ ماشہ، سفوف بنا کر چٹکی دیں،

حبوب دافع ہیضہ
:- آرد پوست بیخ آک ۴ ماشہ، گل سُرخ تولہ، ادرک ۱ ماشہ
مویزنج تولہ، حب بقدر دانہ مسور بنائیں، ہر سہ گھنٹہ کے بعد ایک ایک گولی ہمراہ جائے ...
انشاء اللہ شفا ہوگی۔

سنون دافع وجع الاسنان
:- ر مجن، پھٹکری تولہ، تخم گندنا ۹ ماشہ، تخم پیاز ۹ ...
دا گر سفید ہو تو بہتر ہے، عاقر قرحا ۹ ماشہ، نمک طعام ۶ ماشہ، سفوف بنا کر دانتوں پر ملیں، ا...
دے گا۔
نسوار، نوشادر، ماشہ، گیرو ماشہ، سیاہ مرچ ماشہ، نمک طعام، ماشہ، نسوار بنا کے مخالف ...
سونگھیں یہ دردِ سر کو بھی مفید ہے۔

دافع عُسرت الطمث
:- بیخ گھگر بیل، بادر بڑنگ، مالکنگنی، مصبر، بوٹا کھا...
جو کھار ہر ایک یک ماشہ، مغز بادام مقشر ۱۲ عدد، نارجیل مقشر ۴ ماشہ، راڑا ۱ ماشہ، مویز...
ماشہ، کا کنج سفید ماشہ، جائفل ماشہ، سب کو کھرل کریں اور فرزجہ تیار کر کے لعاب کتیرا ...
ترکریں، اور سفوف مذکورۃ الصدر میں لتھرا لتھرا کے رحم کے منہ میں رکھیں، اللہ شفا بخشے ...

عرق برائے تپ دق
:- تخم کاسنی ۵ تولہ، گاؤزبان ۳ تولہ، گل گاؤزبان ...
تخم خیارین ۵ تولہ، کدو تولہ، چرائتہ ۵ تولہ، گلو سبز ۲۰ تولہ، گل غافث تولہ، افسنتین تولہ ...
سبز ۲۰ تولہ، مویزنج ۴ تولہ، اجوائن دیسی ۳ تولہ، برگ اڑوسہ تازہ ۲۰ تولہ، بیخ اڑوسہ ۲۰ تولہ ...
ملٹھی مقشرہ تولہ، سب کو چار پہر پانی میں بھگو رکھیں اور بعدہ صبح کو کدو شیریں سبز ۲ پالی ...

۳ تولہ حل کر کے نگاہ رکھیں،

مرہم خنازیر:۔ شنگرف ۱ تولہ۔ رال ۱ تولہ، ہڑتال ورقیہ ۱ تولہ، گندھک آملہ سار ۱ تولہ، سیماب ۱ [illegible] مردار سنگ ۱ تولہ، کات سفید ۶ ماشہ، سیندور ۶ ماشہ، روغن کنجد ۵ تولہ، بطریق معروف مرہم [illegible]

حب خنازیر:۔ الائچی سفید ۱ تولہ، طباشیر ۱ تولہ، زنگار ۶ ماشہ، قندسیاہ ۱ تولہ گولیاں [illegible] دانہ مونگ ایک صبح ہمراہ بدرقہ مناسبہ،

آتشک:۔ آرد بیخ حنظل ۲ تولہ، قندسیاہ کہنہ ۴ ماشہ، حب بقدر فلفل سیاہ [illegible] صبح ہمراہ پانی دیں۔

آتشک:۔ بیخ مدار تازہ کو چھیل کر اس کا موٹا چھلکا بمقدار ۲ ماشہ دہی کی بالائی میں [illegible] علی الصبح کھائیں، موسم خربوزہ میں یہ دوا زیادہ مفید ہے۔ خربوزہ خوب کھلائیں۔

برائے مبروص:۔ زر بناد، چاکسو ایک ایک سیر کوٹ کر ان کے چالیس حصہ [illegible] ایک حصہ رات کو آب تازہ میں بھگو کر صبح کو آب زلال دیں۔

ضماد:۔ ہڑتال ورقی، ہڑتال احمر، کندش، ۱۰ آملہ سار، سنگ راسخ، بانچی شب یمانی تمام [illegible] برابر وزن کی لے کر نہایت تند و تیز سرکہ میں حل کر کے ضماد کریں۔

برائے اوجاعات مفاصل و جع الصدر و سرفہ مزور عشہ نہایت شدید التاثیر
زاج ابیض، دھپٹکڑی سفید ۱ تولہ، مسکہ گاؤ ۵ تولہ، بیضہ مرغ ۲ عدد، سب کو ایک [illegible] بند و گل حکمت کر کے ایک من کی آگ دیں۔ سرد کر کے پیس کر ایک رتی ہمراہ بدرقہ منا[illegible]
حب مقوی باہ و منقظ و ممسک شدید، مجوزہ فقیر، سم الفار ۲ ماشہ، ورق نقرہ [illegible]

[illegible] کو روح گلاب و کیوڑہ میں ملغ کریں۔ بعدہٗ زعفران ۳ ماشہ خشک اصلی ۱ ماشہ، عنبر [illegible] ۲ رتی، طباشیر کبود ۲ ماشہ، دانہ الائچی خورد ۲ ماشہ، کچلہ مدبر ۲ ماشہ، کو کوٹ چھان کر شہد [illegible] میں ملا کر گولیاں بقدر نخود بنائیں، مقدار خوراک یک حب تا ۲ حب۔

حکیم لابھ سنگھ صاحب موضع کوہالی ضلع امرتسر

سوزاک:۔ نیا ہو یا پرانا خواہ کتنی ہی پیپ آتی ہو اور درد ہوتا ہو پہلی ہی خوراک میں [illegible] ہوتا ہے۔
[illegible] ۱ تولہ، کتھا ۱ تولہ، مغز چہارم تولہ، گیری ۱ تولہ، رال ۶ ماشہ، روغن صندل دیسی ۲ تولہ خشک [illegible] کا سفوف بنا کر روغن ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں، خوراک ۵ ماشہ تا ۷ ماشہ ہمراہ دودھ [illegible] یا بکری بوقت صبح، پرہیز ترش گرم اشیاء۔

[illegible] وککروں کے لئے:۔ ریوت ۶ ماشہ، پھٹکڑی بریاں ۱ ماشہ، سوہاگہ بریاں ۲ ماشہ، [illegible] رتی، سفوف بلیلہ زرد ۱ ماشہ، آدھ پاؤ عرق گلاب میں بھگو چھوڑیں اور نتھار لیویں، دن میں [illegible] چند قطرے آنکھ میں ٹپکائیں۔

[illegible] ے صرع:۔ عقرقرحا ۵ تولہ، اسطخودوس ۵ تولہ، جندبیدستر ۱ تولہ، سرکہ انگوری عمدہ ۱ تولہ [illegible] اس برومائیڈ ۵ تولہ، شہد خالص آدھ سیر، خوراک ۶ تا ۹ ماشہ صبح و شام،
[illegible] ٹ:۔ پوٹاس برومائیڈ بوجہ انگریزی دوائی ہونے کے اگر شامل کرنے میں اعتراض ہو تو باقی [illegible] بھی ویسا ہی فائدہ کریں گی۔
[illegible] برائے آتشک:۔ رسکپور ۲ تولہ، دارچکنا ۱ تولہ عمدہ دیسی شراب میں کھرل کر کے حب

حکیم محمد طفیل صاحب

[illegible] جات امراض سل ۔ کشتہ سنگ جراحت ایک چھٹانک لے کر ایک پاؤ پختہ [illegible] لے کر نعدو بنا کر درمیان سنگ جراحت رکھ کر ۔ اسیر اپلوں کی آگ دیویں، بعد میں نکال کر [illegible] گاؤ تازہ ڈال کر آگ پر خشک کریں، بعدہٗ نکال کر صاف کریں، اور بعد میں ڈھائی تولہ [illegible] ۲ تولہ طباشیر کبود ملا کر کھرل میں خوب زور سے کھرل کریں، بعد میں شیشی میں ڈالیں [illegible] ۴ رتی صبح اور ۴ رتی دوپہر اور ۴ رتی شام ہمراہ شیرہ انجبار اور لعاب بہدانہ کے استعمال کریں، [illegible] خون کے روکنے کے لیے اکسیر اور مجرب ہے۔

[illegible] گاؤدنتی ہڑتال جو نیم میں تیار کیا گیا ہو اتولہ، طباشیر ایک تولہ، انجبار کا سفوف دن میں [illegible] کیں ہمراہ شربت بنفشہ اور لعاب بہیدانہ استعمال کریں، ہر قسم کے خون کو بند کرتا ہے مجرب۔

[illegible] وف تریاق سل ۔ سرطان سوختہ جو بالکل سفید چونہ کی طرح ہو جاوے ایک تولہ [illegible] ایک تولہ، ست گلو ایک تولہ، طباشیر ایک تولہ، کشتہ فولاد ۳ ماشہ زعفران ۶ ماشہ، کشتہ ہڑتال [illegible] ماشہ، ورق نقرہ، ورق طلا دونوں ورق ۲ ماشہ۔ اول ورق اور سوختہ سرطان اور کشتہ فولاد کو [illegible] عرق بید مشک ایک ایک چھٹانک میں کھرل کریں، جب عرق خشک ہو جاوے۔ بعد میں [illegible] طباشیر، زعفران وغیرہ خوب زور سے کھرل کریں، عرصہ ۲ یوم تک جب سب اشیاء [illegible] کے ہو جاویں تو استعمال میں لاویں، خوراک دن میں چار دفعہ یعنی صبح سے تین تین گھنٹہ کے [illegible] ہمراہ شیرہ انجبار اور لعاب بہدانہ کے استعمال کریں، بہت ہی مفید نسخہ ہے، مجرب ہے۔

[illegible] ماشہ سیماب ۳ ماشہ، گندھک آملہ ۳ ماشہ، نوشادر ۳ ماشہ، اول سیماب کو کپڑا میں بہت دفعہ [illegible]، بعدہٗ قلعی کو پگلا کر اس میں چاروں اشیاء ڈالدیں جب گرہ ہو جاوے تو کھرل میں [illegible] اور تیس دفعہ آب نمک نیا ڈال کر صاف کریں، مانند سورج کے چمک نکل آوے گی

اڑالیویں، خوراک نصف چاول مکھن یا پتاشہ میں رکھ کر حلق میں رکھ کر نگل لیویں. آتشک
ہر درجہ میں مفید ہے

برائے خنازیر :- دار چکنا ۴ ماشہ، رسکپور ۴ ماشہ، ہڑتال ورقی ۴ ماشہ، گندھک آملہ
۴ ماشہ، سنکھیا زرد ۴ ماشہ، مرچ سیاہ ۱½ تولہ، بلیلہ سیاہ ۱½ تولہ، زنجبیل ۱½ تولہ، فلفل دراز
تولہ، جملہ ادویات کو کوار گندل کے گودہ میں سات یوم تک کھرل کریں، وقتیں کم از کم چار پہر
ہونا چاہیئے گولی بمقدار مونگ طیار کیجاوے، خوراک ایک گولی صبح وشام ہمراہ مکھن استعمال
کرائی جاوے، یہ گولیاں آتشک کہنہ کے لیئے بھی مفید ہیں۔

برائے برص :- منڈی سوا دو سیر، شاہترہ یک سیر، چھال سبز نیم یک پاؤ، چھال
دستی یک پاؤ، بلیلہ یک پاؤ، چرائتہ یک پاؤ، ریوند چینی آدھ پاؤ، چوب چینی آدھ پاؤ،
آدھ پاؤ: ان کا عرق دس بارہ بوتل کشید کریں: خوراک ۵ تا ۱۰ تولہ ہمراہ عرق ذیل کا سفوف استعمال
کیا جاوے

سفوف برص برائے علاج داخلی :- واوڑنگ ۲ تولہ، گیری ۱ تولہ۔ باپچی
گندھک آملہ سار ۲ تولہ، ریوند چینی ۲ تولہ، سفوف سازند خوراک ۴ ماشہ صبح وشام ہمراہ عرق

نسخہ لیپ جائے برص :- گندھک آملہ سار ۱ تولہ، مردہ سنگ ۱ تولہ، نوشادر ۱ تولہ،
انجیر ۱ تولہ، تخم پنواڑ ۱ تولہ، باپچی ۱ تولہ، سرسیاہ ۱ تولہ، در آب زنجبیل حب سازند، برجائے
در آب آدرک یا سرکہ انگوری حل کردہ طلا کنند۔

آتشک: ۱۔ اجوائن دیسی ۱ تولہ، اجوائن خراسانی ۱ تولہ، اجمود ۲ تولہ، مرداسنگ ۲ تولہ،
... پانی ات سٹ بوٹی کا نکال کر کھرل کریں، جب خشک ہو جاوے تو باقی اشیار خوب کوٹ
... چھان کر کے ملا کر قند سیاہ میں مل کر ان سب ادویات کی ۸ گولیاں تیار کریں، خوراک ایک
... کھلائیں، چاولوں کی پیچ سے کھانے کے لیئے غذا دودھ چاول بلا نمک کے روٹی گندم
... میں ڈال کر کھلائیں، اور مریض کو دن بھر سونے نہ دیویں، اس دوائی سے مریض کے منہ
... کی طرح پانی نکل کر بہے گا، اور اس پانی سے منہ نہیں آتا اور اگر آتشک سے تالو میں سوراخ
... تو اس دوائی سے خدا کے فضل و کرم سے بالکل درست ہو جائے گا۔

نسخہ جات برص

نسخہ جات برص: ۱۔ نسخہ برص کے لیے اکسیر ہے، پوست بیخ عشر (آک) ۲ تولہ تخم
... تولہ، مشک ۲ ماشہ، سب کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر وزن کر کے نجبیں کے پانی میں
... طرح دو یوم تک کھرل کریں، اور گولی بقدر باجرہ خورد تیار کریں۔ ہر روز ایک گولی
... پرہیز ترش اشیار دہی و اچار وغیرہ۔
... ۲۔ بھنگرہ کا پانی برص کی جگہ پر ملنا اکثر فائدہ کرتا ہے۔
... دانہ کا سفوف ۱ تولہ، صندل سرخ کا سفوف ۱ تولہ، دونوں کو بوٹی ہندی کے عرق
... گولیاں پانی میں گھس کر مقام برص پر لگائیں، مفید ہے۔
... آملہ سار ۱ ماشہ، گیرو ۱ ماشہ، گلنار ۱ ماشہ، بابچی ۱ ماشہ رات کو پانی میں بھگو کر صبح آب
... اور نمک کو پیس کر طلا کریں۔

امراض دق کے نسخہ جات

امراض دق کے نسخہ جات: ۱۔ کشتہ قلعی تپ دق میں اکسیر ہے۔ درجہ اول میں
... ڈھائی تولہ، پارہ ڈھائی تولہ، گرہ کریں۔ بعدہ قلمی شورہ آٹھ تولہ ملا کر خوب کھرل کریں،
... ذات ہو جائے پھر ایک بڑے کوزہ میں یعنی ٹھنڈ میں آگ دیویں، اوپر ایک پیالہ
... اعاملک دیویں، اوپلہ چار سیر ہونے چاہیئے، تمام کوزہ کشتہ سے بھر جاوے گا۔ سرد ہونے

جب خوب صاف اور نقرہ کی طرح چمک دار ہو جاتے تو دھوپ میں رکھ کر خشک کریں
اچھی طرح سے خشک ہو جاوے تو پہلے گندھک ڈالیں، خوب کھرل کریں، بعد میں نوشادر
خوب زور سے کھرل کریں، سرمہ کی طرح سیاہ ہو جاوے تو ایک کچی شیشی لیکر گل حکمت کریں
روئی ڈالی گئی ہو، جب گل حکمت اچھی طرح سے خشک ہو جائے تو سب اشیا اس میں ڈال
اور اچھی طرح ہلا دیں، ایک پاؤ پھر کو ٹکڑے کر کے نیچے ایک کو ٹکڑا رکھ کر اس پر شیشی کو رکھ
باقی ٹکڑوں کو شیشی کے ارد گرد رکھدیں، اور ایک سیخ آہنی سے ہلائیں جب کہ اس سے
شیشی کا بند ہو جاوے تو جلدی سے کھولدیں، اور منہ بند نہ ہونے دیویں، جب سنہری
کا دھواں نکلے تو اتار لیویں، سونے کے رنگ کی دوائی تیار ہو گی حفاظت سے شیشی میں
رکھیں، بعد میں ایک رتی ہمراہ دودھ یا مناسب بدرقہ جات استعمال کریں، یہ نسخہ سل اور
اور شدید کھانسی میں اکسیر کا کام دیتا ہے۔ بندہ کا معمول ہے۔

غربا کے لیے نسخہ۔ صرف گلقند کا استعمال کیا جاوے تو بہت ہی مفید ثابت ہوا ہے،
کے عوض میں گلقند کا ہی استعمال ہو، تو بہت ہی اچھا ہے، گلقند اور سرطان سوختہ کو پانی
کر استعمال کیا جاوے تو بہت ہی مفید ہے، وزن گلقند ۲ تولہ، وزن سرطان سوختہ ارتی،
تین دفعہ استعمال کریں بہت ہی مفید ہے۔

تخم کدو ۵ ماشہ، مغز خیارین ۵ ماشہ، مغز خربوزہ ۵ ماشہ، مغز بہدانہ ۵ ماشہ، تخم خشخاش
، ماشہ، تخم خرفہ، ماشہ، صمغ عربی ۳ ماشہ، کتیرا ۳ ماشہ، نشاستہ ۳ ماشہ، طباشیر ۳ ماشہ
ڈیڑھ ماشہ: سرطان سوختہ ۲ ماشہ، کوٹ چھان کر نصف شکر سرخ ملا کر لعاب بہدانہ میں گولیاں
بنا دیں، بقدر نخود کے گولیوں کو ہمیشہ منہ میں رکھیں مجرب ہے۔

نسخہ آتشک

پارہ ۲ مثقال، گندھک آملہ سار ۲ مثقال، عقرقرحا ۲ مثقال، سم الفار
ایک دانگ، اول پارہ اور گندھک کو خوب کھرل کریں۔ بعد میں گولیاں بقدر مونگ کے تیار
استعمال سے دو دن پہلے مسہل جمالگوٹہ کی گولی کا دینا چاہیئے، خوب کھل کر مسہل ہوں،
دو گولیاں صبح کے وقت شوربہ چرب سے استعمال کریں اور شام کو گوشت بکرا کے ہمراہ استعمال

...عرق:- کدو سبز ایک عدد، دریا کا پانی ۹ سیر پختہ، کاسنی سبز ایک پاؤ، برگ اڑوسہ...
...، گلو سبز ا چھٹانک، برگ گاؤزبان ایک چھٹانک، خوب کلاں ایک چھٹانک، بطریق
... دو بوتل عرق نکالیں۔

...لئے امراض بواسیر:- بواسیر بادی، لکر جھڈی کا پانی نکال کر آگ پر جوش دیویں
... آدھا ہو جاوے تو کھرل میں ڈال کر اس کا دسواں حصہ کالی مرچ، اور بیسواں حصہ ہینگ
... کھرل کریں، پھر اور پانی لکر جھڈی کا ملا کر کھرل کریں، یعنی ۸ پہر کھرل کریں، جب خشک
... ہو جاوے تو گولیاں بقدر کنار جنگلی کے بنادیں، ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ پانی کے استعمال
... بعد چرب عمقہ کھا لیا کریں۔

...بواسیر خونی کے لیئے:- نسخہ رسونت، ہلیلہ زرد، گوگل، زرکچور، جملہ مساوی الوزن
... کر کے پہلے آب ترب اور بعد لکر جھڈی میں کھرل کریں، یہ نسخہ بواسیر خونی کے لیئے
... مجرب ہے۔

...بواسیر بادی کیلئے:- نسخہ نوشادر ½ سرخ، ریوند ا سرخ، سوڈا ۲ سرخ میگنیشیا سلفاس
... آب چرائتہ ۵ تولہ میں مل کر صبح و شام پلانا بہت مفید ہے۔
... مقل بواسیر خونی کو بہت مفید ہے، مقل ایک تولہ، آب لکر وندہ، لکر جھڈی میں حل کیا
... پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ کابلی، ہلیلہ سیاہ، پوست ہلیلہ آملہ ہر ایک ۲ ماشہ، دم الاخوین
... کہربائے شمعی، گل ارمنی ہر ایک ایک ماشہ، سب کو باریک کر کے چنے کے برابر گولیاں
... ہر روز سوتے وقت غذا کے ۲ گھنٹے بعد ۳ گولی ہمراہ پانی استعمال کریں، مجرب ہے۔

...بواسیر خونی:- مغز تخم نیم ا تولہ، گوگل ا تولہ، رسونت ا تولہ، کالی مرچ ا تولہ، گندھک

پر نکال کر شیشی میں نگاہ رکھیں، خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن یا دیگر بدرقیات مناسبہ سے
مجرب ہے۔

(ب) صندل سفید کی لکڑی کو عرق گلاب میں گھس لیں، کافور ۲ ماشہ، طباشیر ۱ ماشہ، زہر مہرہ
عرق گلاب گھسا ہوا، سبز کنول گٹا ۱ ماشہ، نبات سفید ۴ ماشہ، سب کو پیس کر چنے کے برابر
بنا دیں، ایک گولی صبح ایک دوپہر اور ایک شام ہمراہ شیرہ تخم خرفہ کے استعمال کریں۔

(ج) زنجبیل ۵ ماشہ، فلفل دراز ۸ ماشہ، فلفل سیاہ ۸ ماشہ گندھک ۶ ماشہ، میٹھا تیلیہ
سیماب مصفیٰ ۱۶ ماشہ، تخم دھتورہ ۲ ماشہ، سب کو پیس کر وزن کر کے عرق ادرک میں کھرل
گولی بقدر ایک سرخ تیار کریں اور ہمراہ عرق ادرک وقت صبح کے استعمال کریں، مجرب۔

نوٹ:۔ سب سے پہلے گندھک اور پارہ کو کھرل کریں بعد میں میٹھا تیلیا، بعد میں تخم دھتورہ
کرنا چاہیئے۔

(د) کھانسی دق کے لیئے نمک لاہوری ۴ رتی ۲ تولہ پانی میں حل کریں، یہ پانی دق میں
دفعہ استعمال کریں، کھانسی کے لیئے اکسیر ہے۔

(ر) خاکستر سرطان ۴ رتی رب السوس ۴ رتی، صمغ عربی ۴ رتی، کیترا ۴ رتی، طباشیر ۴ رتی،
ہیل ۴ رتی، ست گلو ۴ رتی، ان ادویات کو پیس کر سفوف تیار کریں، خوراک ۱ ماشہ، شربت
میں ملا کر چٹائیں اوپر سے شربت بزوری پلادیں، صبح شام استعمال کریں۔

(س) دق کی کھانسی کے لیئے سرطان ۲ عدد، خاکسی ۶ ماشہ، اصل السوس مقشر ۶ ماشہ، پوست
۶ ماشہ، عناب ۵ دانہ، برگ اڑوسہ سبز ۸ تولہ، سب کو مٹی کی کلیہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے آگ
تاکہ کھیلی ہو جاوے، پس باریک کر کے ایک چٹکی کھلائیں بہت ہی مفید ہے۔

(ص) سرطان سوختہ سفید رنگ، صدف مروارید کشتہ چاولوں کی پیچھ والا، کہربا شمعی،
زہر مہرہ، شاخ مرجان، عشنین سوختہ، کافور، صندل سفید، ست گلو، ورق طلاء، ورق چاندی،
ارمنی، زعفران، ابریشم، دانہ الائچی خورد، تمام اشیاء کو عرق کیوڑہ اور عرق گلاب عرق بید مشک
عرق ایک بوتل میں ہوں، جس میں کھرل کریں۔ خوراک ۴ رتی صبح اور ۴ رتی دوپہر اور چار رتی
عرق سے استعمال کریں۔

صاف کی ہوئی ۱ تولہ، اس کی گولیاں ایک رتی کی تیار کریں، صبح کے وقت ۲ گولیاں دہی کی [illegible]
استعمال کرائیں، مجرب ہے، گولیاں آناردانہ کے پانی سے بناویں۔

بواسیر خونی

:۔ بواسیر خونی کو اکسیر کا کام دیتی ہے، پوست ہلیلہ زرد، پوست [illegible]
آملہ، ہلیلہ سیاہ ہر ایک ایک تولہ، اول پوست ہلیلہ زرد کو جوکوب کر کے پانی صدبرگ کے [illegible]
میں بھگو دیویں، پوست ہلیلہ کو نگر چھڈی کے پانی میں اور پوست آملہ کو نیب کی [illegible]
کے پانی میں ہلیلہ سیاہ کو شاہترہ کے پانی میں ان چاروں بوٹیوں کا پانی اتنا ہونا چاہیئے [illegible]
بادام روغن سے چرب کرتے ہیں۔ بہت پانی نہیں ہونا چاہیئے سب اشیار کو علیحدہ علیحدہ [illegible]
میں خشک کریں، بعد میں رسونت ایک چھٹانک لے کر رات کو پانی مولی میں بھگو دیویں [illegible]
کو نتار کر سب اشیار کو ایک کونڈی میں ڈال کر خوب گھونٹ دیویں، جب باریک ہو جا[illegible]
گولیاں بقدر نخود تیار کریں، ترکیب استعمال یہ ہے دو ماشہ چھلکا اسپغول لے کر ۲ عدد [illegible]
اس میں رکھ کر کھالیں، اور بعد میں دودھ گرم پی لیا کریں، دودھ اور گھی کا بہت زیادہ استعمال [illegible]
چاہیئے، کیونکہ یہ دوائی خشک بہت ہے،

پرہیز:۔ دال موٹھ، بیگن، میتھی وغیرہ کا ہرگز استعمال نہ ہو، یہ گولیاں بندہ نے [illegible]
استعمال کرائی ہیں، خدا کے فضل و کرم سے کل حکمت ہوئی۔

اگر مسوں کو گرانا منظور ہو تو آدمی کی ہڈی سوختہ اور کوڑی سوختہ دونوں کو ملا کر مسوں پر [illegible]
انشاءاللہ مسے گر جائیں گے، بہت ہی مجرب ہے، یہ نسخہ بندہ کے والد مرحوم کا مجرب نسخہ [illegible]
اس نسخہ کو اکثر مریضوں پر استعمال کیا کرتے تھے۔

امراض قبض دائمی

:۔ نسخہ: برگ سنا کی ۱ تولہ، بادیان ۱ تولہ، نبات سفید [illegible]
ہر ایک اشیار کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں، خوراک ۴ ماشہ ہمراہ نیم گرم [illegible]
سے قبل از غذا استعمال کریں، بہت ہی مفید نسخہ ہے، دائمی قبض دور ہو جاتی ہے۔
سونف صاف شدہ، جوائن دیسی صاف شدہ مساوی الوزن لے کر خوب باریک کریں، [illegible]

[illegible] بھون لیں، اور برابر دونوں کے مصری ملا کر تیار کریں، خوراک ۲ ماشہ ہمراہ تازہ پانی کے بعد
[illegible] استعمال کریں اگر ۳ یوم استعمال کریں، مجرب نسخہ ہے۔
[illegible] سقوطری، تخم حنظل، ریوند چینی ہر ایک ۱½ ماشہ سب کو باریک پیس کر لعاب صمغ کتیرا
[illegible] ۲ گولیاں بناویں، خوراک ایک گولی یا ۲ گولی رات کو سوتے وقت ہمراہ نیم گرم بہت ہی
[illegible] نسخہ ہے۔
[illegible] زرد، سنا مکی ہر ایک ۵ تولہ، زیرہ سیاہ، گل سرخ، پودینہ خشک، مصطگی رومی ہر ایک ایک
[illegible] نصف تولہ، سب کو باریک کر کے سفوف بناویں خوراک ۶ ماشہ ہمراہ گرم پانی کے
[illegible] سوتے وقت استعمال کریں۔
[illegible] پیٹ پر قبل از غذا کسی قسم کے تیل کی مالش جو اوپر سے نیچے کو ہونی چاہیئے کریں
[illegible] چلنا چاہیئے۔
[illegible] دائمی قبض کے لیے مسہل نہیں دینا چاہیئے، اس مرض میں بہت ہی مضر ہے، کیونکہ اس
[illegible] انتڑیاں بہت کمزور ہو جاتی ہیں۔

[illegible] باہ

:۔ نسخہ برادہ فولاد ۱ تولہ، برادہ چاندی ۱ تولہ، کھرل میں ڈال کر آک کے دودھ
[illegible] کھرل کریں، جب مثل سرمہ سا ہو جاوے، گولی بنا کر ایک چھوٹے کوزہ میں رکھ کر گل
[illegible] کریں، بعد میں تین دفعہ آگ دیویں، مجرب ہے۔ خوراک نصف رتی ہمراہ مکھن کے۔

[illegible] باہ

:۔ برادہ فولاد ایک تولہ لیکر ۴ رتی سیماب ملا کر کنوار گندل کے گودا میں کھرل کریں،
[illegible] بنا کر ایک گلی برتن میں گل حکمت کریں۔ ایک پاؤ پختہ صحرائی اپلوں کی آگ دیویں اسی
[illegible] مرتبہ کھرل کر کے آگ دیویں، بعد میں شیشی میں رکھ لیں، ہفتہ عشرہ تک نمناک زمین میں
[illegible] رکھ کر نکالیں، ۴۰ یوم تک مکھن میں ایک رتی برروز کھایا کریں، اگر ایک سال تک متواتر
[illegible] مرچ سرخ کی پرہیز کریں، مرغنات کی کثرت کے ساتھ استعمال کریں، تو شباب غیر طبعی
[illegible] لا رہیں۔

طلاء نامردی جادتری ۲ ماشہ، زعفران ۳ ماشہ، لونگ ۳ ماشہ، بیربہوٹی ۳ ماشہ، مغز تخم ... ا ماشہ، مغز تخم ارنڈ ۳ ماشہ، گئے کا گھی ۱ تولہ میں حل کریں، عرصہ ۲ یوم متواتر کھرل کریں، جب خوب کھرل ہو جاوے تو شیشی میں نگاہ رکھیں، بقدر رتی حشفہ چھوڑ کر اوپر کی جلد پر ... آہستگی سے لگاویں زور سے ملنے کی ضرورت نہیں ہے، عرصہ چار یوم تک متواتر لگادیں، ... باندھ لیں، اوپر پان کے دھاگہ باندھیں۔ اس سے باریک باریک پھوڑ نکلیں گی، بعد میں ... پیاز جلا کر لگادیں۔ یا ویسلین لگادیں کمی سب دور ہو جاتی ہے، مجرب ہے۔

طلاء بے نظیر:۔ یہ نسخہ بندہ کے پاس ہر وقت رہتا ہے اور بہت مریضوں کو فائدہ ہوا ہے۔

ایک ڈبی سم الفار سفید کی ۲ تولہ، سات روز شیر آک میں تر رکھیں۔ بعد سات یوم کے ... صاف کر کے اس ڈبی کو ۵ تولہ مکھن میں کھرل کریں، تین یوم تک اچھی طرح بعد میں ایک ... میں روئی ڈال کر اوپر اس کے مکھن ڈالدیں، اور تیز دھوپ میں رکھیں، سم الفار اوپر ... جاوے گا، خالص مکھن نیچے چلا جاوے گا، بحساب فی تولہ ۲ رتی زعفران مشک خالص ... اور ایک ماشہ بیر بہوٹی ملا کر ایک روز برابر کھرل کریں، حشفہ کو چھوڑ کر اوپر کے حصہ ... سے مالش کریں عرصہ، یوم کے بعد پھنسیاں نکل آویں گی، پھر اس کو ترک کر دیویں بعد ... گھی میں پیاز جلا کر لگاویں، ۱۵ یوم کے بعد پھر یہ عمل کریں، یہ عمل کرنے کے لیئے نہایت ... سردی کی ضرورت ہے، گرمی میں اس کا استعمال مضر ہے،

پرہیز:۔ ترشی بادی اشیاء کا بہت استعمال ہو تو ترک کریں، گھی گوشت انڈا وغیرہ ... استعمال میں لانا چاہیئے۔

ضعف باہ:۔ نسخہ۔ روغن ستیاناسی کی بہت مالش کریں، یعنی چالیس یوم تک ... مالش کریں اور اوپر اس کے برگ پان باندھ دیویں، مجرب ہے۔

ضعف باہ:۔ بیر بہوٹی کو گائے کے گھی میں بریاں کریں تاکہ گل سرخ ہو جاوے ...

... کھرل کریں اور طلاء کریں، اور جماع میں مشغول ہو جائیں، اس سے دونوں کو لذت حاصل ہو ... نہایت ہی مجرب ہے۔

... باہ میں:۔ بیضہ مرغ ابال کر زردی نکال لیویں اور اس کے برابر نخود بریاں ... دونوں کو پیس کر عسل خالص میں ملا کر رکھ لیویں، روزانہ ایک تولہ نہار منہ اور کھانے کے ... ایک تولہ کھائیں، اس دوائی سے چند روز میں اس قدر طاقت پیدا ہو جاتی ہے کہ کمال، استعمال ... پر معلوم ہو گا۔

نسخہ جات آتشک:۔ سنکھیا سفید ۲ ماشہ، عقرقرحا ۴ ماشہ، کتھ سفید ۲ ماشہ چھالیا چکنی ... سب کو پیس کر حسب بقدر نخود تیار کریں، ایک گولی صبح اور ایک گولی شام استعمال کریں، ترشی ... اور گوشت اور مونگ کی دال سے پرہیز کریں، یہ نسخہ عرصہ ایک ہفتہ تا ۲ ہفتہ کے استعمال ... سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ اگر بہت ہی فائدہ چاہیئے تو ۲۴ یوم تک استعمال کریں، اس ... سے کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔ اور نہ ہی منہ آتا ہے، مجرب ہے۔

آتشک کے لیئے:۔ آب بوٹی ہرن کھری ۵ تولہ، روغن گاؤ ۵ تولہ میں ملا کر ... یوم تک استعمال ... اور دودھ دہی وغیرہ سے پرہیز کریں، صرف ایک آدمی پر نسخہ ہذا کے استعمال سے فائدہ ہوا ہے۔

... دیگر:۔ سم الفار ایک ماشہ لے کر جو کوب کریں اور ایک تولہ پھٹکڑی سفید لے کر ایک ... پر پگلائیں، جب پگل جاوے تو آگ نرم کریں، بعد میں سم الفار ایک ماشہ ڈال دیویں ... تمام پگل نہ جاوے تو اس وقت تک تھوڑی تھوڑی آگ جلاویں۔ بعد میں ایک شیشی میں ... رکھیں، خوراک ایک چاول بھر مکھن میں استعمال کریں، صبح کے وقت اس نسخہ سے زخم آتشک ... ہو جاتے ہیں، عرصہ ۲۱ یوم استعمال کرنا چاہیئے۔

پرہیز:۔ نمک اور ترشی گوشت وغیرہ کا بہت ہی پرہیز کرنا چاہیئے، یہ نسخہ کم از کم ۲۰ مریضوں ... استعمال کیا گیا ہے۔ جس سے کمال فائدہ ہوا ہے، مجرب ہے اور تجربہ کیا ہوا راز سربستہ ہے۔ ... مرہم زخم آتشک:۔ بہت ہی مفید اور اکسیر ہے۔

نسخہ رال، موم، کافور، کات بندی، ہر ایک ۴ درم روغن گاؤ تازہ مساوی سب سے پہلے موم
اور روغن کو آہنی کڑچھی میں ڈالیں جب دونوں پگل جاویں تو اس وقت رال پیس کر ڈالیں اور
ادویہ کو دو تین جوش آجاویں پھر کتھ سفید پیس کر داخل کریں، اور دو تین جوش دیدیں اور
آہنی سے خوب کھرل کریں، پھر کافور ڈال کر اسی وقت آگ سے نیچے اتار لیں، خوب کھرل کر
نصف مرہم میں سپاری سوختہ ملادیں، نصف خالی رکھیں جب زخم گندا ہو تو سپاری والی مرہم
لگادیں، جب صاف ہو جاوے تو خالی جس میں سپاری وغیرہ نہ ہو استعمال کریں، مجرب ۔

نسخہ دانتوں اور مسوڑوں کے امراض کیلئے

:۔ تمام امراض دانت مسوڑوں
خون آنا کے لیئے مجرب و اکسیر کا حکم، نسخہ کچلہ کا کوئلہ ا تولہ، نمک سیاہ ا تولہ، فلفل سیاہ ا تولہ
توا کی سیاہی ا تولہ، سب کو علیحدہ علیحدہ نہایت ہی باریک کر کے شیشی میں مضبوط کاک لگا کر
سے رکھیں، ہوا نہ لگے ہوا سے اس کی تاثیر میں فرق ہو جاتا ہے ۔
نوٹ نمبر ۱ :۔ دوائی بغیر پانی کے لگانے سے استعمال کیجاوے دوائی کے استعمال کے بعد ایک
گھنٹہ تک پانی کا استعمال ہرگز نہ کریں، تاکید ہے ۔
نوٹ نمبر ۲ دوائی منجن بلا قیمت مریضوں کو دی جاویں، ورنہ فائدہ نہیں ہوگا ۔ یہ دوائی درد دانت
ہر تمام امراض مسوڑوں کو اکسیر ہے ۔ سینکڑوں مریض صحت یاب ہوئے ۔

سرمہ نو ایجاد

:۔ دھند، غبار، سرخی کے لیئے اکسیر، نوشادر ٹیکری صاف ا تولہ، شورہ قلمی صاف
ا تولہ، نمک لاہوری صاف ا تولہ، پھٹکڑی صاف ا تولہ، ان چاروں اشیاء کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے
ایک کوزہ صاف میں ڈال کر ایک سیر پختہ کوئلہ بکڑی میں آگ لگا کر کوئلہ کے اندر کوزہ کو رکھیں
منہ کوزہ کا کھلا رکھیں، جب آگ تمام سرد ہو جائے سب اشیاء کا سفید رنگ کا کشتہ تیار ہو گا
شیشی میں حفاظت سے باریک پیس کر رکھیں، کاک شیشی کا ہرگز نہ کھلنے پائے ورنہ تمام دوائی
پانی ہو جاتا ہے، یہ سرمہ دھند غبار معمولی پھولا کو اکسیر کا حکم رکھتا ہے ۔ مجرب تجربہ شدہ
یہ سرمہ بندہ فروخت بھی کرتا ہے، سرمہ نو ایجاد اس کا نام ہے، نسخہ سرمہ کا یہ سرمہ کھالے

[illegible] کھانسی میں ایک رتی پتاشہ میں ہمراہ پانی صبح اور رات کو سوتے وقت بہت ہی مفید ہے ۔

[illegible] کاروں کے لیئے

:۔ شطر العنب و تنہائے مرکبہ کو اکسیر اور معدہ کو قوت دینا ہے ۔
[illegible] گل سرخ چار درم، اصل السوس چار درم، طباشیر دو درم، افسنتین دو درم، سنبل الطیب
[illegible] ۳ درم، سب اشیاء کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر عرق گلاب میں قرص تیار کریں،
[illegible] خدا کے فضل سے بہت ہی مریض صحت یاب ہوئے ہیں ۔

حکیم بدر الدین صاحب

نسخہ برائے تقویت باہ و ممسک

:۔ بدرجہ اتم مجرب، زعفران ۱۰ ماشہ، دانہ ہیل
[illegible] دار چینی ۱۰ ماشہ، قرنفل ۱۰ ماشہ، لوبان ۲ تولہ، شقاقل ۲ تولہ، اندر جو شیریں ۲ تولہ، جوز بوا
[illegible] مغز بادام ۵ تولہ، مشک تبتی ۴ تولہ، شہد ۲۰ تولہ، مصری یک تار پختہ، روغن چرس ۵ تولہ، بطریق
[illegible] معجون سازند، قدر شربت ۴ سرخ تا یک ماشہ، ازیں خوراک زیادہ کردن حسب طبیعت
[illegible] است اگر قدرے خشکی مے کند شیر گاؤ بقدر مناسب نوشید، دوائی بوقت عصر باید خورد
[illegible] شب مددگار باشد و خشکی نہ کند، کشیدن روغن چرس، چرس ۵ تولہ در ۵ سیر شیر گاؤ آمیختہ
[illegible] تا پستہ شود صبح مسکہ دزر د روغن گرفتہ گرم کردہ بدارند،

[illegible] دیگر برائے ممسک و مقوی باہ و مقوی معدہ

:۔ بلکہ از بسیار علل مجرب است
[illegible] خام ۸ تولہ، شراب رم غلیظ و سرخ رنگ، یک بوتل، افیون را در شراب حل
[illegible] ، اگر اول بار آب غلیظ آمدہ باشد آں آب را دوبارہ در [illegible]
[illegible] گردد پس آں آب صاف را جوش دہند تا غلیظ گردد بکمال حفاظت

نہ گردد در باد دو سہ بار بقدر دانہ عدس بوقت عصر خوردہ باشند، اگر خشکی محسوس شود [illegible]
نوشند

دیگر نسخہ برائے ضعف باہ و تقویت اعصاب و مجلوق مجرب و آزمودہ

[illegible] ۱۲ ۸ جانگوٹہ پتہ سے پاک کیا ہوا شنگرف ا تولہ، سم الفار ۲ ماشہ بیر بہوٹی ۲ تولہ، مکھن گائے [illegible]
ادویہ بالا کو باریک کر کے مکھن ملا لیویں، اس میں سے حشفہ و جائے دو ختنہ چھوڑ کر ملا کر [illegible]
پان اس پر لپیٹ لیویں، پانی لگانے سے پرہیز کریں،
اس طرح تین روز لگائیں تین روز کے بعد چھوڑ دیویں، جب خشک ہو جائے جماع [illegible]

حکیم قادر بخش صاحب

نسخہ برائے قوت باہ کشتہ قشر بیضہ و سم الفار

:- بیضہ کا اندرونی پردہ دور کر کے [illegible]
چھٹانک نمک شیشہ پانی میں بھگو کر جب نمک حل ہو جاوے، اس میں قشر بیضہ مذکور بھگو [illegible]
اور سابقہ پانی دور کریں، اسی طرح اکتالیس دفعہ ایسا کریں، مگر ہر روز آب نمک نیا ڈالا کریں
اور سابقہ پانی نمک والا نکال دیا کریں، اکتالیس دن کے بعد قشر بیضہ تیار شدہ کوزہ گل میں [illegible]
کر کے کمہاروں کے آوہ میں رکھیں، قشر بیضہ سفید رنگ کا ہو گا۔ بعدہ عرق لیموں میں ایک [illegible]
کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کریں، اور چار سیر آگ دیں، اسی طرح عرق لیموں میں سات دفعہ [illegible]
دیں، کشتہ عمدہ ہو گا۔ اس میں کشتہ سم الفار جس کی ترکیب ذیل میں درج ہے ملالیں۔

کشتہ سم الفار :- ایک ڈلی نمک کی لے کر جو وزنی ۲ سیر ہو، اس میں نشیب بنا دیں
اس میں سم الفار وزنی ایک تولہ رکھ دیں، اس میں عرق گلاب خود ساختہ بھر دیں کہ ڈلی سم الفار [illegible]

[illegible] جاوے دوسرے دن ڈلی سم الفار نکال لیں، اور عرق گلاب سابقہ بدل کر نیا عرق گلاب
[illegible] میں بھر دیں، اور ڈلی سم الفار اس میں رکھ دیں۔ اسی طرح اکتالیس دفعہ یہ عمل کریں
[illegible] عرق گلاب سابقہ نکال کر جدید عرق گلاب ڈالدیں، میعاد مقررہ یعنی اکتالیس دن کے
[illegible] الفار کھرل میں ڈال کر باریک کریں اور عرق گلاب تند و تیز سالم بوتل میں کھرل کریں، جب
[illegible] خشک ہو جاوے اور دوائی سم الفار تیار ہو جاوے تو قشر بیضہ کا کشتہ مذکور اس میں
[illegible] ایک دن پھر عرق گلاب میں کھرل کریں، جب خشک ہو جاوے تو شیشی میں بھر لیں
[illegible] ایک پاول مکھن میں قوت باہ حیران۔ امراض بلغمی کو از حد مفید اور مجرب ہے اور مصفا خون
[illegible] ہے۔ لاغری اور کمزوری بدن کے لیئے اس سے بڑھ کر کوئی دوا نہ ہو گی، نامردی کے مریض
[illegible] میں اتنی قوت دیتا ہے جو ناقابل برداشت ہے، مردوں کو باتیں کرانے والا نسخہ
[illegible] ہمارے مطب میں ہر وقت تیار رہتا ہے، مطب کا مایہ ناز نسخہ ہے۔

حکیم حافظ محمد عبدالرحمٰن صاحب

[illegible] ذات الجنب و اخوانہا

:- در ابتدا مجرب ۵، فی صدی است انگوزہ ۲ ماشہ
[illegible] ۲ ماشہ نمک سونچر ۲ ماشہ، ہر سہ ادویہ را باریک کردہ دو وزن کنند، زنجبیل ۹ ماشہ بعدا
[illegible] آب یک پاو بجوشانده بثلث آوردہ شکر تری ۶ ماشہ انداختہ اول یک وزن دوا، خورند
[illegible] جوشاندہ زنجبیل نوشند، بعد چہار پاس باقی وزن بطلوع زنجبیل بورق ۶ ماشہ
[illegible] خورند ورم بدون فصد تحلیل گردد بصورت آرام نہ روز کنند برائے طبیب حاذق
[illegible] ہمراہ بالا نسخہ خوردنی کنند، مقل زرد ماشہ، صبر الخ ۲ ماشہ انجار عمدہ ۲ ماشہ، زنجبیل
[illegible] بیختہ در سفیدی بیضہ مرغ آمیختہ بر مقام تولم ضماد کنند۔

حکیم فتح چند صاحب امرتسری

لقوہ کا نسخہ:۔ گھی کوار کا گودہ ۱ تولہ، نمک خار واڑ گون یعنی پٹھ کنڈا ۱ تولہ، مغز کچلہ ۳ ماشہ، شبت یعنی سوئے ۱ تولہ، رُب شاہترا ۱ تولہ، سب کو باریک پیس کر ایک رتی صبح اور ایک رتی شام ایک تولہ شہد میں ملا کر چٹا دیا کریں اور لقوے کی جگہ پر روغن بابونہ کی مالش کر کے اس پر روئی باندھا کریں، سات سے لے کر اکتیس یوم تک آرام ہو جائیگا۔

سل درجہ اول کا نسخہ:۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ، رُب کالی زیری ۱ تولہ، سہاگہ ۱ تولہ، ست گلو ۲ تولہ، اجوین کے چاول ۱ ماشہ، آرد مٹھی دو تولہ، مومیائی ۱ تولہ، سب کو باریک کر لادیں خوراک ۲ رتی دن میں چار دفعہ عرق بادیان سے دیویں۔ گوشت، تیل، ترشی سے پرہیز رکھیں:۔ چھاتی پر بادام روغن کی مالش کیا کریں۔

خنازیر یعنی بیجروں کا نسخہ:۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ، رُب کالی زیری ۱ تولہ، سہاگہ چوکیہ ۱ تولہ، ست گلو ۲ تولہ، سلاجیت خالص ۱ تولہ، رُب سکو ۳ ماشہ، نمک چھلکا نیم ۳ ماشہ، ۶ ماشہ، سب کو باریک پیس کر خوراک ۲ رتی دن میں تین دفعہ عرق بادیان کے ساتھ دیویں۔

زخموں یا گلٹیوں پر لگانے کا نسخہ:۔ اگر زخم تر ہوں تو یہ نسخہ استعمال کریں۔ موم زرد ۱ تولہ، کولتار یعنی قطران ۱ تولہ، میٹھا تیل یعنی روغن کنجدہ تولہ، گرم کر کے ملا دیں، اور دھو کر ہر جگہ کے مطابق لگا کر اس پر نیم کے پتوں کا بھرتا باندھیں، زخم چند یوم میں اچھے ہو جائیں گے۔ اگر زخم خشک ہوں یعنی صرف گلٹیاں ہی پھوٹی ہوئی ہوں تو اس پر یہ دوائی لگائیں، کالی زیری کو گائے کا پیشاب میں رگڑ کر ذرا گرم کر کے لگا دیا کریں گلٹیاں تحلیل ہو جائیں گی۔

حکیم احمد رضا صاحب

روغن مجلوق:۔ گندھک ۱ تولہ، سیماب ۱ تولہ، اول ان دونوں کو ڈیڑھ پاؤ شیشہ میں کھرل کریں، بعد ازاں سم الفار سفید ۱ تولہ، قرنفل ۱ تولہ، جوز بوا ۱ تولہ، شنگرف ۱ تولہ، دارچینی، کلونجی ۱ تولہ ملا کر ۱۰ عدد زردی بیضہ مرغ ڈال کر خوب کھرل کریں اور حبوب بقدر گوکن بیر تیار کر کے سایہ میں خشک کریں، گولیاں خشک ہونے پر بذریعہ پتا لجنتر روغن کشید کریں۔
ترکیب استعمال:۔ ۱ رتی بھر سر اور سیون بچا کر مالش کریں اور اوپر برگ پان باندھیں اور صبح نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں۔

حکیم ڈاکٹر محمد اسمٰعیل صاحب

مجربات

عرق اکسیر:۔ المعروف بہ کڑوی دوا، یہ نسخہ ۱۰ سال سے میرا معمول مطب ہے ہر روز درجنوں لوگ ضرور استعمال کرتے ہیں۔ امراض آلات الغذا کی ایک کامیاب دوا ہے، میں بڑے دعوے سے کہتا ہوں کہ اطبائے کرام اسکو ضرور اپنا معمول مطب بنائیں بیسیوں دواؤں سے بے نیاز کر دینے والا یہ ایک نسخہ ہے۔

ترکیب:۔ گلو خشک نئی ۱۰ تولہ، اجوائن دیسی، منڈی بوٹی، تخم کاسنی، خوب کلاں، چرائتہ، شاہترہ ہر ایک ۱ تولہ، سب کو ۳ سیر پانی میں بھگو دیں، گلو اور اجوائن کو ذرا کوب کر لیں، گرمیوں میں

دو دن اور سردیوں میں ۳ . ۴ دن کے بعد آگ پر رکھ کر جوش دیں، جب دو سیر پانی رہ جائے
لیں اور فضلہ میں ۲ سیر آب سرد اور ملا کر پھر پکائیں جب نصف رہے پھر چھان لیں اور ۲ سیر آب
ملا کر پھر پکائیں، جب نصف رہے پھر چھان کر پانی حاصل کریں، اب تینوں پانیوں کو ملا دیں
وزن کریں اور فی سیر پانی کے حساب سے ۲ تولہ نوشادر اور ۶ ماشہ تیزاب گندھک ملا کر بوتلوں میں
دیں، تین چار دن کے بعد اس کے نیچے ایک گادی تہ نشیں ہو گی۔ اب احتیاط سے عرق نتھار کر
بوتلوں میں بھر لیں، یہ کڑوی دوا تیار ہے۔

مواقع استعمال

:۔ ملیریا بخار کو خاص طور پر مفید ہے، عظم طحال کو نافع ہے جگر کے
تقریباً تمام امراض کو فائدہ کرتی ہے، درد معدہ کو مفید ہے، کہنہ بخار یا تپ دق درجہ اول میں بھی
مفید ہے، داد چنبل، فسادِ خون، ثبورات، خارش تر، آتشک تک مفید ہے۔ پیچش کا مدد
ہے جس میں ساتھ بخار بھی ہو۔

ترکیب استعمال

:۔ اگر کوئی بخار کا بیمار آوے اور ساتھ قبض بھی ہو تو کڑوی دوا ۸ اونس
میگنیشیا ۲ اونس ولائتی کھرل میں ڈال کر خوب حل کر کے شیشی میں ڈال کر ۴ نشان لگا دیں
چار گھنٹہ کے بعد پینے کی ہدایت کریں، دوسرے روز صبح تک مریض کو ۳ . ۴ دست آ جائیں گے
میرا تجربہ ہے کہ ۸۰ . ۹۰ فیصدی مریضوں کا بخار روزِ اوّل ہی ٹوٹ جاتا ہے، وہ بخار جو
ٹائیفائیڈ وغیرہ ہوں نہیں ٹوٹتے، ان کا علاج ان کے اصول کے مطابق کرنا چاہیئے۔
اب صبح کو تھرمامیٹر لگا کر دیکھیں اگر بخار نہ ہو یا ۱۰۰ ڈگری تک ہو، تب بھی کڑوی دوا ۱ اونس
کونین ۱۵ گرین، فیری سلفاس ۵ گرین ملا کر اپنے سامنے مریض کو پلا دیں اور دو خوراکیں
فی خوراک ۲ گرین کونین ہو ملا کر مریض کو دیں، جو ایک دوپہر اور دوسری چار بجے پینے کو دیں
انشاء اللہ تعالیٰ حکماً پہلے دن ہی سے بخار رفو چکر ہو جائے گا۔
عظم الطحال، عظم الکبد، وجع الکبد، یرقان جن میں ساتھ خفیف بخار بھی رہتا ہو، ان چاروں
کے لیے کڑوی دوا ۸ اونس کونین ۱۲ گرین، فرائی سلفاس ۶ گرین میگنیشیا سلفاس ۲ اونس

... ٹنکچر کنیا ۸ بوند، سب کو ملا کر شیشی میں ڈالیں اور ۴ نشان لگا کر مریض کو دیں اور چار چار
گھنٹہ بعد پینے کی ہدایت کریں، مقام طحال پر تیز ٹنکچر آیوڈین لگا دیں اور اگر صرف عظم الطحال
... ہو تو لائیکوار آرسینی کیلس ۸ بوند کا اضافہ کریں اور بعد غذا پینے کی ہدایت کریں اگر
... الکبد میں دینا ہو تو بجائے لائیکوار آرسینی کیلس کے ٹنکچر بائیو سائمس ۱۶ بوند کا اضافہ
... اور چار چار گھنٹہ بعد دیں۔
درد معدہ کا مریض خواہ کیسا ہی تڑپ رہا ہو، پہلے آپ ملاحظہ کریں، کہ مریض کو قبض تو نہیں
... بھی ہو تو کڑوی دوا ۸ اونس میگنیشیا سلفاس ۲ اونس، ٹنکچر بیلا ڈونا ۲۵ بوند ٹنکچر جنجر
... ۳۰ بوند، سب کو ملا کر شیشی میں ڈال کر تین نشان لگا دیں، اور ۲ . ۲ گھنٹہ بعد پینے کی
ہدایت کریں، پیٹ پر گرم پانی اور روغن تارپین کی ٹکور کریں، ۲ . ۴ گھنٹہ ۲ . ۴ دست ہو کر
... آرام آ جائے گا، اگر قبض نہ ہو تو میگنیشیا نہ ڈالیں۔
بخار کہنہ جن کی حرارت اکثر ۱۰۰ یا اس سے کچھ کم و بیش ہو، یہ بخار اکثر جگر کی خرابی کی وجہ سے
... ہے، کڑوی دوا ۸ اونس، فرائی سلفاس ۱۰ گرین، کونین ۵ گرین، لائیکوار آرسینی کیلس ۸ بوند
... میں ڈالیں، اور ۴ نشان لگا کر بعد از غذا پینے کی ہدایت کریں۔
داد چنبل، فسادِ خون، ثبورات، خارش تر، آتشک درجہ سوئم وغیرہ کے لیئے کڑوی دوا ۸ اونس
... نس ۱۵ بوند، پوٹاش آئیوڈائیڈ ۱۵ گرین ملا کر شیشی میں ڈالیں، اور تین نشان لگا دیں۔
... تین مرتبہ بعد غذا پینے کو کہیں، خارش، داد، چنبل میں کوئی خارجی علاج بھی ساتھ ساتھ کریں۔
پیچش جس میں سدہ ہو، کڑوی دوا ۸ اونس، میگنیشیا سلفاس ۳ . ۴ اونس ملا کر شیشی میں ڈالیں
... نشان لگا کر مریض کو دیں اور ایک ایک گھنٹہ کے بعد پینے کی ہدایت کریں، جب ۳ . ۴ اسہال
... کر آئیں اور سدے بھی خارج ہو جائیں، تو کوئی قابض نسخہ استعمال کریں، مثلاً کلوروڈین
... یا یہ حبوب سرخ جو پیچش میں خاص طور پر مفید ہیں استعمال کریں، شنگرف رومی ۳ ماشہ
... ماشہ، مائیں خورد ۶ ماشہ، افیون ۳ ماشہ، مصطگی رومی ۶ ماشہ باریک پیس کر پانی سے حبوب بقدر
... دیں، خوراک ۱ گولی صبح، ایک دوپہر ایک شام، ہمراہ جوشاندہ ذیل۔
... ۶ ماشہ، ریشہ خطمی ۹ ماشہ، بہیدانہ ۳ ماشہ، اصل السوس ۶ ماشہ، بیخ انجبار ۱ تولہ ایک سیر

برائے دافع ریح و وجع المفاصل :- سم الفار، سٹرکینا ہر ایک ۱ رتی، کونین ۲ ماشہ، ... جنبش ۲ تولہ، ان سب کو باریک پیس کر ۶۰ گولیاں تیار کریں، ہمراہ شیر گوسفند ایک گولی روزانہ ... بادی سے پرہیز کریں۔

برائے درد سر ہر قسم :- ایحالجی ۱ گرین، ایمونیا کلورائیڈ ۹ گرین، اسپرین ۲۰ گرین ... ملا کر مانند پڑیہ سفوف تیار کر کے استعمال کریں، خوراک ۱۰ گرین۔

برائے طحال :- سالٹ ۲۰ تولہ، ہیراکسیس عمدہ سبز ۱ تولہ نوشادر ۱ تولہ، کونین ... ۲ ماشہ، شورہ قلمی ۶ ماشہ، جوکھار سفید ۶ ماشہ، تیزاب گندھک ۱ تولہ، پانی ۵۰ تولہ سب ادویات ... کر کے پانی میں ملائیں خوراک ۱½ تولہ، چاول کھچڑی کھائیں۔

برائے قوت باہ :- سم الفار سفید ۱ تولہ، سم الفار سرخ ۱ تولہ، سم الفار زرد ۱ تولہ، شنگرف ... ہڑتال ۱ تولہ، برادہ تانبا ۱ تولہ برادہ چاندی ۱ تولہ، گودہ گھیکوار میں بارہ یوم کھرل کریں خشک ... کر کے (نبد بوٹی کے نغدہ ۲۰ تولہ میں) آگ ۲۰ سیر پختہ اُپلہ کی دیویں، خوراک ایک ... ہمراہ مسکہ، ترش و بادی اشیاء اور جماع سے پرہیز۔

دافع مرگی :- کائپھل ۱ تولہ، تپڑیا بوٹی ۱ تولہ، پوست ریٹھا ۱ تولہ، ہڈی گوہ جانور ۱ تولہ ... کر نسوار تیار کر کے دیویں۔

برائے امراض چشم ہر قسم :- پھٹکری ۱ ماشہ، شورہ قلمی ۲ ماشہ، فلفل دراز ½۱ ماشہ ... سایہ خشک کردہ ½۱ ماشہ، چاکسو ½۲ ماشہ، سرمہ سلیمانی ۱ ماشہ، آب برگ تلسی ۱ ماشہ ... ۱ تولہ، آب مہندی ۱ تولہ، کھرل کر کے بطور سرمہ استعمال کریں، اس سے تازہ موتیابند

پانی میں پکائیں حتیٰ کہ نصف رہ جائے، چھان کر مصری ملا کر گولی کے ہمراہ پئیں۔

ناظرین! دس سال کے تجربہ میں جہاں تک میں نے اس دوا کو مفید پایا ہے اس سے بڑھ کر کوئی دوا میری نظر سے نہیں گزری، جو ایسی سہل الحصول، کثیر المنفعت، زود اثر ہو، اگر آپ ذرا سی تکلیف کر کے اس کو بنالیں گے، تو گویا آپ تمام امراض مذکورہ بالا کے سپیشلسٹ ہوں گے، یہ دوا گویا مطب کی جان ہے اور اس کے وجود سے مطب کی رونق ہے، اگر آپ ایک دفعہ اسے بنالیں گے تو خود ہی اس کے اوصاف کے والا و شیدا ہو جائیں گے، یہ محض جناب حکیم محمد افضل صاحب کے پُر زور پراپیگنڈا کا نتیجہ ہے، کہ مجھ کو اس کے اظہار کی ہمت ہوئی۔

کاغذ پہ رکھدیا ہے کلیجہ نکال کے

اگر پھر کبھی موقعہ ملا تو ایک دوا اور نادر چیز پیش خدمت کروں گا۔

حکیم سرجن داس خلف چیت رام کرتارپوری

سفوف برائے طاعون:۔ پپیتا ۶ ماشہ، تباشیر ۸ ماشہ، الائچی سفید ۲ تولہ، جدوار ... زہر مہرہ خطائی ۱ تولہ، زعفران ۶ ماشہ، مشک کافور ۱ تولہ، کمیلہ ۱ تولہ، درونج عقربی ۶ ماشہ ... ۲ رتی، ہمراہ عرق گاؤزبان، بید مشک، کیوڑہ و عرق نیلوفر۔

ایضاً برائے طلاء:۔ گھونگچی سفید ۱ تولہ، قرنفل ۲ تولہ، شیر مدار ۲ تولہ، آب پیاز ... ان سب اشیاء کو کھرل کر کے تین دفعہ گلٹی پر لیپ کریں۔

مرہم برائے چنبل ہر قسم:۔ دار چکنہ ۳ ماشہ، نیلہ تھوتھا ۱ ماشہ، ونشاد ۱ تولہ، ... ۱ ماشہ، مسکہ صاف کیا ہوا ۵ تولہ،

پھولا بغیر چیچک، جالا، دھند، سبل، پھلی، چمک، ناخونہ، سُرخی چشم، رمد وغیرہ کل امراض [illegible]
ہے

برائے درد گردہ :۔ ایک منٹ میں فائدہ دیتا ہے، اور پھر کبھی عود نہیں کرتا، پھٹکڑی [illegible]
نوشادر، سہاگہ ہر ایک ۱ تولہ، باریک کر کے ایک کوزہ میں نصف نیچے نصف اوپر درمیان میں [illegible]
۴ تولے بند کر کے ۴ سیر اپلہ کی آنچ دیں، کشتہ ہو جائے گا، باریک پیس کر یہ ادویات شامل [illegible]
بڑیال ۶ ماشہ، سنگ یہود ۱ تولہ، جڑ جگری خار ۶ ماشہ، سرد چینی ۶ ماشہ، جڑ خرچٹی ۶ ماشہ، مصری [illegible]
۲ تولہ، سفوف کریں، خوراک ۳ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔ مقام ماؤف پر لیپ انڈے مرغ کی [illegible]
ایک عدد مرغ سیاہ ۱۰ عدد باریک کر کے حل کریں اور لیپ لگائیں۔

نسخہ برائے بخار ہر قسم :۔ اکسیر کا حکم رکھتا ہے، کونین ۳ ماشہ، اتیس ۳ ماشہ، ست [illegible]
۳ ماشہ، گل چرائتہ ۳ ماشہ، ملٹھی ۳ ماشہ، افسنتین ۳ ماشہ، گل غافث ۳ ماشہ، بکھیل پھٹکڑی [illegible]
۲ ماشہ، زیرہ سفید ۳ ماشہ، مغز کرنجوا ۳ ماشہ، مشک کافور ۳ ماشہ، طباشیر ۳ ماشہ الائچی دانہ ۳ ماشہ [illegible]
ابرک سیاہ یا سفید ۳ ماشہ، ورق نقرہ کلاں ۱۰ عدد، مونخاں ۳ ماشہ۔ سفوف تیار کر کے خوراک [illegible]
شام ہمراہ بدرقہ مناسبہ دیں،

برائے ہیضہ مجرب :۔ سم الفار سفید ۱ تولہ، شنگرف رومی ۱ تولہ، تر جبلہ ۳ تولہ زیرکا [illegible]
ناگ کیسر ۱ تولہ، زعفران ۱ تولہ، دارچینی ۱ تولہ، افیون ۳ ماشہ، عرق دھتورہ میں چار روز کھرل کریں [illegible]
کے دانہ کے برابر حبوب تیار کریں، ہمراہ آب لونگ ۳-۳ گھنٹہ بعد دیں۔ خدا کے فضل سے [illegible]
گولی ہی سے مریض کو ہوش آجائے گا، حرارت عزیزی لوٹ آئے گی۔

برائے دافع جلودھر :۔ جمالگوٹہ مدبر ۱/۲ ماشہ، پارہ ۱/۲ ماشہ، گندھک ۱/۲ ماشہ [illegible]
زرد ۱/۴ ماشہ، کیلا ۳ ماشہ، تربد سفید ۴ ماشہ، شیر تھوہر میں ایک روز کھرل کر کے گولی بقدر [illegible]
ہمراہ عرق بادیان یا شیر ستر یا دہ پیشاب شتر دیویں،

حکیم عمر حیات خاں صاحب

مجربات

برائے وجع الفواد :۔ مٹھا تیلیہ مدبر ۱ تولہ، اجوائن دیسی ۱ تولہ، دل اجوائن ۱ تولہ، پیپلا [illegible]
[illegible] ۱ تولہ، عقرقرحا ۶ ماشہ، ہینگ ۴ ماشہ کافور ۳ ماشہ، مصطگی رومی ۱ تولہ، دانہ الائچی خورد ۱ تولہ،
[illegible] ۱ تولہ، ست پودینہ ۱ تولہ، آب کٹائی خورد ۱۰ تولہ، آب سہانجنہ ۱۰ تولہ،
تمام ادویات کو باریک کر کے آب کٹائی خورد اور آب سہانجنہ میں آٹھ پہر تک کھرل کریں اور
[illegible] نخود تیار کریں۔

ترکیب استعمال :۔ ایک گولی ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔

برائے بواسیر ہر قسم :۔ تخم نیم ۵ تولہ، تخم بکائن، رسونت مصفی ہر ایک ۵ تولہ، مقل ازرق
[illegible] گاؤ سالم ایک عدد، تخم بھنگ ۵ تولہ، آب گل صد برگ بقدر ضرورت، تمام ادویات کو
[illegible] کر کے آب گل صد برگ میں آٹھ روز تک خوب کھرل کریں، حب بقدر کنار دشتی تیار کریں۔
[illegible] گولی صبح، ایک دوپہر اور ایک شام ہمراہ عرق بادیان استعمال کریں۔

دوائے بخار :۔ کونین سلفاس ۱ تولہ، کافور دیسی ۱ تولہ، رسونت مصفی ۱۰ تولہ برگ حنا ۱۰ تولہ
[illegible] نصف سیر،
[illegible] اور برگ حنا کو علیحدہ علیحدہ پاؤ بھر پانی میں تر کر رکھیں، ایک شبانہ روز تر رہیں بعدہٗ
[illegible] سرکہ بھی ملا لیں، اور ایک دیگچہ میں ڈال کر چولہے پر رکھ دیں، اس دیگچہ کے منہ پر
[illegible] سرپوش رکھیں جس کے اوپر پانی ٹھہر سکے، دیگچہ اور سرپوش کا منہ آٹے سے بند کر دیں

دسر پوش بند کرنے سے پہلے دیگچہ میں ایک اینٹ کھڑی کریں اور کونین دکا فور بار یک [illegible]
اینٹ کے گرد چھڑک دیں، اور اینٹ کے اوپر ایک خالی پیاز رکھدیں اور سرپوش بند کر [illegible]
دیگچہ کے نیچے آگ جلائیں، اور سرپوش کے اوپر ٹھنڈا پانی ڈالدیں، جب ایک دو جوش آ [illegible]
دیگچہ کو نیچے اُتار لیں، اور سرپوش اکھاڑ کر اس کی اندرونی سطح پر جو جوہر لگا ہوا سے اُتار لیں
دوبارہ سرپوش دیگچہ پر لگا کر دیگچہ کے نیچے آگ جلائیں، پھر عرق جمع کرتے جائیں اور پیالہ [illegible]
لیں، عرق علیحدہ محفوظ رکھیں۔

جوہر مذکور ۶ ماشہ، طباشیر ا تولہ، ست گلو ا تولہ رب السوس ا تولہ، خوب باریک سفوف کر [illegible]
سفوف ۳ ماشہ ہمراہ شربت بنفشہ ۲ تولہ عرق مذکور ۳ ماشہ عرق عنب الثعلب ۴ تولہ استعمال [illegible]
دن میں تین مرتبہ۔

حکیم لالہ سری رام صاحب دوساجھ

__سُرمہ جمیع امراض چشم کے لیے__ :۔ امیراں چینی ا ماشہ، کافور بھیم سینی ا ماشہ کا اہل [illegible]
کو آب پیاز میں کھرل کر کے شہد ا تولہ ملا کر قطرہ قطرہ آنکھوں میں ڈالیں، شب کو بوقت [illegible]
اس کے استعمال سے سُرخی چشم، جلن، دھند، جالا، سفیدی، ناخنہ ڈھلکا، ککرے، گوہانجنی [illegible]
وغیرہ امراض بہت جلد رفع ہو جاتے ہیں۔ عینک کی عادت چھڑا دیتا ہے، ضعف بصر، اندھرا [illegible]
وغیرہ کے لیے بہت مفید ہے۔

__برائے ہیضہ__ :۔ چوب صندل سفید، زہر مہرہ، نارجیل دریائی، نرکچور، حجر الیہد تمام کو [illegible]
عرق گلاب میں گھس کر دو دو تولہ تھوڑے تھوڑے وقفہ پر دینے سے کلی صحت حاصل ہو جا [illegible]
جس جگہ آزمایا تیر بہدف ثابت ہوا۔

[illegible] کے لیے __قریب المرگ مریض کو نئی زندگی بخشنے والا نسخہ__ :۔ کافور بھیم سینی ایک
[illegible] آب پیاز ۵ تولہ میں حل کر کے مصری ملا کر چمچہ چمچہ تا صحت دیتے رہیں، نئی زندگی نصیب
[illegible]

[illegible] اور سل کے لیے بنسلوچن، دانہ الائچی خورد، مصطگی رومی ہر ہر ایک تولہ کہربائے شمعی
[illegible] کافور (آیورویدک مرکب) کشتہ مروارید ناسفتہ، زعفران کاشمیری، ہر ایک چھ چھ ماشہ،
[illegible] ۴ ماشہ، مصری ۱۰ تولہ ۸ ماشہ، سفوف بنا کر تین ماشہ صبح تین ماشہ شام کو ہمراہ عرق ا تولہ اور
[illegible] ۱ تولہ بہ نسخہ ذیل استعمال کرنے سے ایک ماہ میں دو سیر پختہ خون صالح پیدا ہوتا ہے۔

__[illegible] عرق__ :۔ گلو سبز، کرنجوہ سبز، پوست اندرون نیم سبز، گل پھلا ہی خاردار، برگ رو
[illegible] ایک ۲۰ تولہ، کدو سبز (لوکی)، پیٹھہ سبز، تربوز، سونف ہر ایک ۲۴ ا تولہ، شیر ادہ گاؤ ۲ سیر پختہ
[illegible] آدھ سیر پختہ، چوب صندل سفید سوہان کردہ ۲۰ تولہ، حسب دستور عرق سولہ بوتل کشید کریں۔

__[illegible] شربت__ :۔ گل بنفشہ ۱۲ تولہ، چوب صندل سفید سوہان کردہ ۶ تولہ، مصری ایک سیر پختہ حسب
[illegible] شربت تیار کریں۔

__[illegible] ریان منی کے لیے__ :۔ ست سلاجیت، ست ریش برگد، کافور بھیم سینی، دانہ الائچی خورد
[illegible] ہموزن لے کر پہلے دانہ الائچی خورد کھرل میں ڈال کر ورق طلا ایک ایک ملا کر کھرل کریں جب
[illegible] حل ہو جائے تب دوسرا ورق ڈالا کریں، جب تمام ورق حل ہو جائیں دیگر ادویہ ڈال کر
[illegible] خوراک ۴ رتی سے ا ماشہ تک ہمراہ آب بیخ ترب،

__[illegible] حابس رعاف__ :۔ سہاگہ پانی میں حل کر کے ہر دو صدغین پر طلا کریں، رعاف ختم ہو
[illegible] گی۔

حکیم سید غلام باری صاحب ہاشمی

مجربات

کشتہ شنگرف :- قوت باہ، تولید منی، ضیق النفس، فالج، لقوہ، استرخاء اعصاب، ...
کے لیئے مجرب ہے۔

دس تولہ بلادر لیکران کو درد اکر لیں، نصف تابہ آہنی پر بچھا دیں اور اُن پر ۲ تولہ شنگرف کی ڈلی
رکھ کر باقی نصف اوپر بچھا دیں اور نیچے آگ جلائیں، جب روغن بلادر ڈلی شنگرف میں جذب ہو
جائے تو آگ بس کر دیں، شنگرف مدبر ہو جاتے گا، بعدہ میٹھا تیلیہ ۴ تولہ لیں، اور آرد گندم
۲ سیر خام، تین سیر سرسوں کا تیل کڑاہی میں ڈال کر آگ پر چڑھا دیں، جب تیل خوب گرم ہو
تو مذکورہ بالا گندھے ہوتے آرد گندم میں سے دو تین تولہ لیکر میٹھا تیلیہ پر ... کریں، اور اس کو
تیل میں چھوڑ دیں، جب ضماد سُرخ ہو جائے۔ تو تیل سے گولہ نکال کر اس پر پہلے کی طرح
چار تولہ آرد گندم کا لیپ کر دیں اور تیل میں ڈالدیں، جب یہ بھی سُرخ ہو جائے تو تیل سے
نکال کر ضماد اوّل قائم رہنے دیں، اور ضماد دوئم اتار کر تازہ آٹے سے ضماد کریں، اسی طرح کرتے
رہیں، یہاں تک کہ آرد گندم ختم ہو جاتے، اب یہ میٹھا تیلیہ بھی مدبر ہو گیا، بعدہ قریب ...
آثار خام کنوار گندل ... ہو جائے اکر کے کسی بڑے گل برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں
اور میٹھا تیلیہ مذکور خریطہ میں ڈال کر اس کنوار گندل میں پکائیں، جب خشک ہو جائے تو ...
تیلیہ نکال لیں، اب یہ میٹھا تیلیہ اور شنگرف مذکور کھوپہ گری میں ڈال کر اور اس کا منہ بند کر کے
ایک من بوزن خام شیر مادہ گاؤ میں متعلق لٹکا کر پکائیں، جب شیر خشک ہو جائے تو دوا ...
نکال کر شہد بقدر حاجت کے ساتھ کھرل کریں، اور حبوب بقدر دانہ ماش تیار کریں۔ ...
ایک گولی بوقت صبح ہمراہ شیر گو سفند یا شیر مادہ گاؤ، غذا گوشت پلاؤ، پرہیز از ترش ...

... برائے مخلوق، کہ بالکل از کار رفتہ باشد،
... :- جند بید ستر، عفر قرحا، دار چینی ہر ایک ... ماشہ تینوں کو شراب برانڈی دو آتشہ میں خوب
... کریں، جب یکذات ہو جائیں تو اوّل عضوِ مخصوص کو قدرے گرم شدہ روغن کنجد سے خوب
... کریں، جب رگیں خوب گرم ہو جائیں تو ضماد مذکور کو کپڑے پر ضماد کر کے عضو پر چسپاں
... دیں، اور تار ریشم سے نرم نرم باندھ دیں، اسی طرح متواتر تین راتیں یہ ضماد کریں، اس سے کجی
... ہو جاتی ہے، نامرد مرد بن جاتا ہے، میرا کئی دفعہ کا مجرب ہے۔

درد شقیقہ کے لیئے تیر بہدف :- ایک تولہ نوشادر کی ڈلی لیکر اس کو آگ پر رکھیں، جب
... رہ جائے تو اس میں بقدر ۳ ماشہ گیرو مٹی ڈال کر خوب پیس لیں، بوقت ضرورت ایک دو
... کے قریب لیکر مخالف جانب کے نتھنے میں نسوار لیں۔

مار گزیدہ کے لیئے :- میرا کئی دفعہ کا آزمودہ ہے، بلکہ اگر وقت پر استعمال کیا جائے
... یقینی فائدہ دیتا ہے۔
تمبا کو دیسی کی جب رسّیاں بٹتے ہیں تو اس میں سے لکڑیاں جدا کر لیتے ہیں، یہ لکڑیاں جمع
... کے پھونک لیں، اور راکھ کو بھگو کر دو تین کے دن اس کا زلال لیں اور حسب دستور نمک تیار
... یہ نمک بوقت ضرورت مار گزیدہ کو دو تین رتی کے قریب سادہ پانی سے کھلائیں اور جلتے
... پر بھی پسینے لگا کر دو تین رتی کے قریب مل دیں، انشاء اللہ تعالیٰ آرام ہو جائے گا۔

اکسیر وجع الفواد :- اس کے ایک ہی دفعہ کے استعمال سے فوراً آرام ہو جاتا ہے، بہت
... اور بھروسہ کی چیز ہے۔
... سفید، بادیان، برگ پودینہ باغی ہر ایک ۳ ماشہ سب کو کوٹ کر نصف ... فلفل دراز نشادل
... کے پانی میں پکائیں، جب نصف پیالی چار کے قریب پانی رہ جائے تو چھان کر نمکین کر کے

قہوے کی طرح پی لیں، انشا اللہ فوراً شفا ہو گی۔

حکیم رحیم بخش صاحب رموزی

مجربات

طلائے رموزیہ:۔ شیرمدار ا تولہ، روغن زرد ا تولہ، میں ملا کر آتش پر رکھیں، جب شیر جل جائے
روغن باقی رہے کھرل میں ڈال کر سم الفار ½ ماشہ سٹھا تیلیہ ½ ماشہ، بیر بھوٹی ½ ماشہ۔ خراطین
½ ماشہ مغز گھونگچی سفید ا ماشہ، جند بید ستر ا ماشہ ملا کر خوب کھرل کریں، اور کسی چینی کے برتن
حبوب بواسیر:- مندرجہ ذیل گولیاں بواسیر خونی میں بہت مفید ہیں۔ رسونت مصفا برادہ صندل سرخ۔ کتھ سفید۔ گیرو گوالیاری، مرچ سیاہ، مغز تخم نیم، مغز تخم ریحان ہموزن لے کر گکڑ چھڈی کے پانی میں کوٹ کر بیر کے برابر گولیاں باندھ دیں۔ ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ آب باسی، بعد ازاں چوری مرغن کھائیں، مرچ سرخ تیل اور ترش اشیاء سے پرہیز۔

نوعد گیر:- رسونت ۱ ماشہ، نیم چھٹانک مکھن میں کھائیں، بواسیر خونی میں ازحد مفید ہے۔

قاطع بواسیر:- مرداسنگ ۲ تولہ نیلا تھوتھا ۱ تولہ، مویز منقی اسقدر ڈالیں کہ تمام ادویہ مل کر ٹکیہ کی صورت ہو جائے۔ ایک ٹکیہ تمام مسوں پر رکھ کر لنگوٹ کس کر باندھیں اور صبح حقہ کے پانی سے آبدست لیں۔ اسی طرح ۷ یوم تک متواتر عمل کریں بفضلہ تعالیٰ پوری صحت ہو گی۔

برائے جریان:- موصلی سفید ۴ ماشہ، ثعلب مصری ۱ تولہ، سبوس اسپغول ۱ تولہ، بیجبند ۲ تولہ، کنگرس ۱ تولہ، موچرس ۱ تولہ گوند سہانجنہ ۱ تولہ۔ گوند کیکر ۱ تولہ، گوند کتیرا ۱ تولہ، تج ۱ تولہ، پشاوری موصلی ۲ تولہ، بہمن سرخ ۲ تولہ، بہمن سفید ۲ تولہ، سمندر سوکھ ۱ تولہ، کشتہ قلعی ۷ ماشہ دانہ الائچی خورد ۱ تولہ، طباشیر ۱ تولہ، اوٹنگن ۲ تولہ، مصری کوزہ ۵ تولہ، موصلی سنبل ۲ تولہ، چاول ساٹھی ۲ تولہ، اسگند ناگوری ۲ تولہ، آرد سنگھاڑہ ۲ تولہ، شتاقل مصری ۱ تولہ، تالمکھانہ ۳ تولہ، موصلی سیاہ ۴ ماشہ، مغز بادام ۶ ماشہ، مغز خیارین ۶ ماشہ، ڈاڑھی بڑ خشک ۱ تولہ، بھوپھلی ۳ تولہ، مغز کدو ۲ تولہ بنفشہ ۶ ماشہ، مغز خربوزہ ۶ ماشہ۔ سب ادویات کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں، خوراک ۱ تولہ، ہمراہ شیر گاؤ نہار کے استعمال کریں ہر دو وقت میرا بہت دفعہ کا مجرب ہے۔

حب قبض کشا:- عصارہ ریوند ۱ تولہ، ایلوا ۱ تولہ، مصطگی رومی ۱ تولہ باہم کوٹ پیس کر پانی سے بقدر جوار سفید گولیاں بنالیں۔ پانچ گولیاں سوتے وقت دودھ گرم سے کھائیں صبح کھل کر اجابت ہو گی۔ بچوں کے لیے حسب موقع و لحاظ عمر ایک سے دو تین تک بدستور شب کو تمام قسم کی خرابیوں سے معدہ پاک ہو جاتا ہے۔

حکیم محمد افضل زبدۃ الحکماء

مجرّبات

سنرپرٹیا مارٹیما

:۔ نزول الما کے ابتدا میں اس دوائی کا میں نے اکثر استعمال کرایا اور تجربہ کیا ہے کہ دستکاری کی ضرورت نہیں رہتی۔

درد گردہ

:۔ خواہ گردہ خواہ مثانہ میں پتھری ہو مندرجہ ذیل نسخہ جات مفید ہیں (۱) تخم کشوث دربارچہ بستہ ۵ ماشہ، عرق مکو ۵ تولہ، عرق سونف ۵ تولہ، عرق کاسنی ۵ تولہ، عرق گلاب ۵ تولہ، املتاس ۱ تولہ، سنا مکی ۳ ماشہ، بادام روغن ۶ ماشہ مصری ۲ تولہ سب کو ابال کر ہمراہ سفوف ذیل بقدر ۳ ماشہ دن میں ۲۔۳ مرتبہ حسب ضرورت دیں۔

(۲) مغز تخم خیارین ۳ ماشہ، مغز تخم تربوز ۳ ماشہ، مغز تخم خربوزہ ۳ ماشہ حجر الیہود ۳ ماشہ، حب کاکنج ۳ ماشہ، تخم کرفس ۶ ماشہ، انیسون ۳ ماشہ، جوکھار ۲ ماشہ، شورہ قلمی ۳ ماشہ، زیرہ سفید ۶ ماشہ۔

سرمہ برائے ضعف بصر

:۔ سرمہ اصفہانی تولہ، پتہ چیل ۱ عدد، تخم نیل ۶ ماشہ، سیماب ۶ ماشہ، کھرل میں ڈال کر سب کو یکجان کر لیں۔

کشتہ شنگرف

:۔ شنگرف ۱ تولہ کو شراب ۹۰ درجہ کی ایک بوتل میں کھرل کریں، لیکن متواتر اس کے بعد تھوم اور بھنگ کے نغدہ میں ۲۰ سیر اپلوں کی ہوا سے محفوظ جگہ میں آگ دیں سفید رنگ کا کشتہ نکلے گا، خوراک ۲ چاول ہمراہ مسکہ فالج، رعشہ اور ضعف باہ کے لیے حسب ضرورت مناسب بدرقہ۔

حکیم ڈاکٹر سید علی اکبر صاحب آزاد

عقر کے علاج

:۔ (بانجھ پن) میں قرب و جوار کے آدمی بہت اچھا طبیب جانتے ہیں بعض مریض اسی سلسلے میں برابر ملک دکن (اعظم گڑھ، ریاست دتیا وغیرہ) سے بھی آئے لیکن ان وہ تمام راز افشا کئے جاتے ہیں۔ جواب سے پہلے میری ایک بیاض کے سوا کہیں نہ تھے اور اس کے بعد ہندوستان کا ہر طبیب عقر (بانجھ پن) کے علاج کا مدعی بن سکتا ہے۔

نسخہ جات معمولہ

:۔ قرنفل ۱ ماشہ، برادہ دندان فیل ۳ ماشہ، تخم گاؤزبان ۳ ماشہ قلب ۳ ماشہ، تیتر کا جیو، مشک خالص ۳ ماشہ، برگ تنبول ۳ ماشہ، افیون خالص ۱ ماشہ۔ آب ادرک میں کھرل کر کے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

(۱) حجر الیہود تولہ، مصطگی رومی ۹ ماشہ، طباشیر ۶ ماشہ، باریک پیس کر سفوف تیار کریں۔

(۲) سنبل الطیب ۶ ماشہ، دارچینی ۶ ماشہ، زعفران ۶ ماشہ، عود غرقی ۶ ماشہ، برادہ دندان فیل ۶ ماشہ، مشک خالص ۳ ماشہ، شہد خالص میں پیس کر فرزجہ تیار کریں۔

طہارت کے بعد ایک گولی صبح ایک شام تازہ پانی کے ساتھ کھلائیں۔ اس کے بعد سفوف ۳ ماشہ صبح کو گولی کے آدھ گھنٹہ پیشتر یا بعد میں کھلائیں ایک ہفتہ تک جاری رکھیں۔

اسی طرح فرزجہ ادویات مذکورہ کے استعمال سے تین روز بعد شروع کریں یعنی صرف چار روز استعمال کر کے ایک دن دونوں دوائیں اندرونی، بیرونی بند کر کے مباشرت کریں ان شاء اللہ پہلے ہی مہینے ورنہ دوسرے مہینے شرطیہ کامیابی ہوگی۔

بہتر ہے کہ مباشرت کے لیے جس میں کوئی مرض مانع حمل نہ ہو، ورنہ بسلسلہ ادویہ مذکورہ بھی حمل نہیں ٹھہرتا۔ ان اسباب کا علاج حسب سبب پہلے کر لینا لازمی ہے جو مقامی اطباء کی امداد سے ہو سکتا ہے۔

حکیم شیخ محمد ابراہیم صاحب امرتسری

برائے طحال:۔ شورہ قلمی ۱ تولہ، نوشادر ۱ تولہ، ایلوا ۱ تولہ، ریوند خطائی تولہ، لعاب گھیکوار حسب ضرورت بقدر کوکن بیر حب بستند، خوراک ہر صبح یک حب ہمراہ شربت بزوری ۳ تولہ؛ عرق بادیاں ۵ تولہ،

ضماد برائے طحال:۔ مرکی ۶ ماشہ، کندر ۲ ماشہ، صبر تولہ، صمغ عربی ۲ تولہ، اشق تولہ سرکہ حسب ضرورت در پارچہ بقدر درم قطع نمود باشند بر طحال گذارند بشرط صحت انشاء اللہ پارچہ خود بخود خواہد افتاد۔

نسخہ برائے بواسیر ریاحی:۔ نمک سنگ ۶ ماشہ، فلفل دراز ۶ ماشہ، مویز منقی ۶ ماشہ، سنا ورہم ۱ ماشہ، پوست ہلیلہ زرد ۴ ماشہ، آرد ملٹھی ۲۸ ماشہ، آملہ سبز ۲۰ تولہ، روغن بادام ۶ تولہ، عسل خالص ۱۶ تولہ، مصری ۱۶ تولہ، زنجبری آئی یعنی فرانٹ کوئین ؛ ۱۴ ماشہ طریقہ معجون ساز ند۔

آملہ سبز را در بادام روغن بر آتش خشک کند چوں خشک شود مویز منقیٰ و آملہ مذکور را در کونڈی ڈنڈا کھرل سازند و نبات سفید را در پانی جوشانند چوں قوام شود اصل را مرکب باید کرد و سفوف ادویہ را قوام دارند و بعدہ قرائی لیٹ کوئین مرکب کنند۔

حکیم سید محمد مظفر صاحب ہاشمی میرٹھی

حریرہ ضعف دماغ کے لیئے بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ نسخہ مغز تخم کدو شیریں ۶ ماشہ مغز بادام شیریں، مغز تخم خشخاش سفید، مغز تخم خربوزہ، تخم کاہو ان مغزیات کو پانی میں پیسکر نبات ۳ تولہ سفید ڈالکر حریرہ کا قوام کریں۔ اور روغن زرد ۱ تولہ کا بگھار دے کر نیم ہی پی لیا کریں۔

عطوس دردسر کے واسطہ مجرب ہے۔ نسخہ گل اسطوخودوس ۳ ماشہ، دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ، برگ نیب ۳ ماشہ، برگ کنیر ۳ ماشہ باریک پیس کر عطوس تیار کریں۔

نزلہ بند:۔ برائے صداع و شقیقہ و نزول الماءعنۃ، مرکی ۲ ماشہ، اقاقیا ۲ ماشہ، دم الاخوین ۲ ماشہ، گل ارمنی ۲ ماشہ، بنزرالبنج سفید ۲ ماشہ، صمغ عربی ۲ ماشہ، کتیا سفید ۲ ماشہ، زعفران ۱ ماشہ، افیون خالص ۱ ماشہ، سب کو باریک پیس لیں، پھر ان پسی ہوئی دواؤں کو انڈے کی سفیدی یا لعاب اسپغول مسلم میں ملا کر روپیہ برابر گول کاغذ تراشے ہوئے پر اس دوائی کو لگا کر کنپٹیوں کے دونوں طرف لگادیں۔ مگر اس کاغذ کو سوئی سے چھید لیا جائے۔

ضماد برائے صداع کہ جو ہر قسم کے سر کے دردوں کو ایک لحظہ میں سکون دیتا ہے صنتہ، فلفل سیاہ پانی میں پیس کر لیپ کریں۔ جسقدر لیپ خشک ہوگا درد زائل ہوتا رہے گا لیکن صداع صفراوی میں بعد کو کچھ گرمی ضرور محسوس ہوتی ہے۔ اس کے واسطہ یہ مناسب ہے کہ گل نیلوفر کو پانی میں پیس کر فوراً لیپ کر دیا جائے۔

ضماد دیگر:۔ برائے صداع متعلق کہ جو تمام سر میں سخت تپکنی کے ساتھ ہوتا ہے۔ ایک

لعوق مخترع احقر جو بزمانہ نزلہ وبائی

(انفلوائنزا) بے حد مفید ثابت ہوا علاوہ اس کے امراض صدر میں ہمیشہ مفید پڑتا ہے۔ صفت: گل بنفشہ ۲ تولہ، گل نیلوفر ۲ تولہ عناب ۲ تولہ، سپستان تخم خبازی ۲ تولہ، باقلاء مقشر ۲ تولہ، اصل السوس ۲ تولہ، گل گاؤزبان ۲ تولہ، تخم خیارین ۲ تولہ، برادہ صندل سفید ۲ تولہ، مویز منقی ۲ تولہ، ابریشم ۱ تولہ، مقرض ۱ تولہ، زوفا خشک ۱ تولہ، بادیان ۱ تولہ، تخم خشخاش سفید ۱ تولہ، پرسیاوشاں ۱ تولہ، کوکنار ۲ تولہ، رات کو تین سیر پانی میں بھگو دیں۔ صبح کو جوش دیں اور کپڑے میں چھان لیں۔ یہ پانی آدھا پک کر رہ جانا چاہیئے۔ شیرہ مغز تخم کدو شیریں ۱ تولہ، شیرہ مغز تر بوزہ ۱ تولہ، شیرہ تخم کاہو ۱ تولہ، شیرہ مغز بادام شیریں ۱ تولہ ربی اب مطبوخ میں شیرے لے لیں۔ نبات سفید ثمار ڈال کر لعوق کا قوام بنالیں۔ مغز فلوس خیار شنبرہ ۵ تولہ، شیر خشت اصلی ۵ تولہ رات کو عرق گاؤزبان ۱ تولہ بھگو کر صبح حل کر صاف کر کے اس قوام میں اچھی طرح ملا لیویں۔ خوب حل کر دیویں رب السوس اصلی ۱ تولہ علیحدہ باریک پیس کر اور ملا دیویں اور دھوپ میں رکھ دیں۔ جب غلاظت پورے طور سے ہو جائے باحتیاط کسی مرتبان میں رکھ چھوڑیں۔ مقدار خوراک ۱ تولہ سے ۳ تولہ تک۔

حب سعال مزمن وغیر مزمن

صفت: افیون خالص ۱ ماشہ، زعفران ۱ ماشہ مغز بادام شیریں ۱ ماشہ، تخم خشخاش سفید ۳ ماشہ، دار فلفل ۳ ماشہ، گل پستہ ۳ ماشہ، شکر تغال ۳ ماشہ رب السوس ۳ ماشہ، باریک پیس کر ادرک کے پانی میں گوندھ کر چنے برابر گولیاں بنالیں۔ ان میں سے ایک گولی منہ میں رکھیں۔

حب طاعون

نہایت مفید ہے۔ صفت: درونج عقربی ۵ تولہ، مغز کرنجوہ ۵ تولہ نوشادر چھ (۶) ماشہ سب کو باریک پیس کر گلاب خالص یا پانی میں چنے برابر گولیاں بنالیں ان میں سے تندرست وجوان العمر کو بطور حفظ ماتقدم ایک گولی صبح اور ایک گولی دوپہر اور ایک گولی شام کھلوائیں۔ اور مریض طاعون کو دو گولیاں ہر ایک گھنٹہ کے بعد کھلا دیں۔

لحظہ میں بفضلہ تعالیٰ اس ضماد سے تسکین ہوتی ہے۔ بنفشہ ۲ ماشہ، گل مکھن ۲ ماشہ، نیلوفر ۲ ماشہ، گل بابونہ ۲ ماشہ، تخم خطمی مقشر ۲ ماشہ، بادام شیریں ۳ دانہ بزرالبنج ۲ ماشہ، پیال پیکر سرد ضماد کریں۔

اطریفل مانع نزول الماء

برائے آشوب چشم، ہم مفید و تقویت دماغ۔

گل گاؤزبان ۶ ماشہ، برگ گاؤزبان ۹ ماشہ، اسطوخودوس ۵ ماشہ، گل بنفشہ ا تولہ، پوست بلیلہ زرد ۲ تولہ، پوست ہلیلہ کابلی ۲ تولہ، ۲ تولہ، بلیلہ سیاہ ۲ تولہ آملہ مصفیٰ ۲ تولہ، تخم کشنیز خشک ۲ مندکوی ۲ تولہ، ان دواؤں کو کوٹ چھان کر مغز تخم کدو شیریں، ۲ تولہ مغز تخم خیارین ۲ تولہ، مغز تخم تربوزہ ۲ تولہ، مغز بادام شیریں ۲ تولہ، تخم خشخاش سفید ۲ تولہ، تخم کاہو مقشر ۲ تولہ، مغز پیٹھہ ۲ تولہ، مغز خربوزہ ۲ تولہ، ان کو علیحدہ پیس لیں، شکر سفید ثار شہد خالص ثار تھوڑے پانی میں حل کر کے اطریفل کا قوام بنالیں اور اس میں اوپر کی پسی ہوئی دوائیں مع مغزیات کے ملالیں، رات کو سوتے وقت ایک تولہ سے ۲ تولہ تک استعمال کریں۔

شیاف

کرجو رمد۔ حکہ دمعہ کو بیحد مفید ثابت ہوئے ہیں۔ اور مطب سے شیاف بکثرت ہمیشہ تقسیم ہوتے رہتے ہیں۔ نسخہ کف دریا۔ کاٹ، پھٹکری بریاں، پوست ہلیلہ ہر ایک ۶ ماشہ، اور افیون خالص ا ماشہ، توتیا سبز بریاں ۶ ماشہ، باریک پیس کر پانی میں گوندکر شیاف بنالیں۔ سایہ میں خشک کریں، سیپی میں گھس کر اور صبح اور شام آنکھ میں لگائیں اگر آنکھ میں زیادہ درد ہو تو آنکھ کے اوپر لیپ کریں۔

اختلاج قلب

دوا رامسک معتدل جواہر والا یا سادہ، خمیرہ گاؤزبان عنبری یا سادہ ۶ ماشہ، ورق نقرہ ا عدد یا ورق طلاء ا عدد میں حسب موقعہ لپیٹ کر اول کھلادیں اوپر سے گل گاؤزبان ۴ ماشہ، ابریشم خام ۲ ماشہ، بہمن سفید چاندی کے بجھے ہوتے ۴ ماشہ پانی میں تر کر کے کپڑے میں چھان لیں۔ اور شربت سیب ۲ تولہ، ملا کر پلادیں۔

برائے سوزاک

صفتہ مرجان کو جلا کر راکھ کر لیں۔ اس کی راکھ ایک سُرخ پان میں رکھ کر کھلا دیں۔ اور اوپر سے پاؤ سیر گائے کا دودھ پی لیا کریں۔

برائے سوزاک دیگر

خرمہرہ زرد، عدد زرد کوڑیاں کو جلا کر پیس لیں۔ ان کی راکھ کی سات پڑیاں بنالیں۔ ایک پڑیا اس میں سے صبح کے وقت دہی کے پانی کے ساتھ کھلائیں۔ سات روز برابر اسی طرح کھاتے رہیں۔ غذا میں خشکہ، آب دہی کے ساتھ کھلائیں۔

دیگر: کباب چینی ۱ تولہ، گیرو ۱ تولہ دونوں کو باریک پیس لیں صبح کو چھ ماشہ پانی کے ہمراہ پھانک لیا کریں۔

دیگر: صدف دریائی ۵ تولہ، ثعلب مصری ۵ تولہ، کوکوٹ کر گلاب خالص شار میں کھرل کریں۔ جب مثل سُرمہ کے باریک ہو جائے تو اس میں ایک ماشہ صبح کے وقت ہمراہ شیر گاؤ کھا لیں۔

سفوف برائے سوزاک و جریان

صفتہ ست گلو ۶ ماشہ، دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ، ست سلاجیت ۶ ماشہ، پکھان بید ۶ ماشہ۔ طباشیر ۶ ماشہ، اصل السوس ۶ ماشہ، کوٹ چھان کر کشتہ قلعی ۶ ماشہ ملا کر اس میں نبات سفید ۳ تولہ اور ملا لیں اور اس میں سے ایک تولہ صبح کے وقت تازہ پانی کے ساتھ کھائیں۔

حبوب برائے آتشک

صفتہ گندھک آملہ سار ۱ ماشہ، جاکھار ۱ ماشہ، فلفل سیاہ ۱ ماشہ، سیماب ۱ ماشہ، سہاگہ ۱ ماشہ، حب السلاطین مدبر ۱ ماشہ اجوائن ۱۰ ماشہ، مغز تخم بید انجیر ۱ ماشہ، ان دونوں کو باریک پیس لیں اور پانی میں گوندھ کر بقدر مٹر اور ماش اور باجرہ کے گولیاں بنالیں۔ طاقت ور کو مٹر والی گولی اور کم قوت والے کو ماش برابر والی گولی اور بچوں کو باجرہ برابر والی گولیاں دیں۔ مقدار خوراک ایک گولی ہے۔ پانی کے

ساتھ یا کسی نقوع کے ساتھ دیں۔

دیگر برائے آتشک

کہ جس کے استعمال سے بہت سے مریض شفایاب ہوئے ہیں صفتہ، سیماب ۲ تولہ، گوگرد مغسول (گندھک) ۲ تولہ شیر گاؤ، مغز جمال گوٹہ مدبر ۳ تولہ سنگ بھری ۲ تولہ، پہلے سیماب اور گندھک کو کھرل کریں۔ نیز مغز جمالگوٹہ ملا کر اچھی طرح کھرل کریں پھر سنگ بھری کو ملا کر اسی طرح کھرل کریں۔ حتیٰ کہ تمام دوائیں ایک ذات ہو جائیں۔ پھر ان پسی ہوئی دواؤں کو مٹی کی کوری ہانڈی میں رکھ دیں اور اس کھرل کو کہ جس میں ان دواؤں کو پیسا تھا پانی سے دھو کر وہ پانی ان دواؤں میں ڈال دیں، یہ پانی اتنا ہونا چاہیئے کہ ان دواؤں سے دو انگشت اوپر رہے اب اس ہانڈی کو آگ پر رکھ دیں۔ جب پانی خشک ہو جائے اور تھوڑی سی رطوبت باقی رہ جائے تو ہانڈی کو آگ پر سے اتار لیں۔ اور خوب اچھی طرح سے نیب کی لکڑی سے چلا دیں، پھر اس کو سایہ میں خشک کر لیں۔ اب یہ دوا تیار ہے۔ اس کو بحفاظت کسی چینی یا شیشہ کے برتن میں رکھ دیں۔ بوقت ضرورت اس میں پانچ سرخ قبل طلوع آفتاب منہ میں ڈال کر اوپر سے پاؤ سیر دودھ گائے کا پیویں۔ کچھ عرصہ کے بعد دو تین دست ہوں گا تیسرے پہر تک کوئی چیز نہ کھاویں، بعد تیسرے پہر کے مونگ کی کھچڑی خوب زیادہ گھی ڈال کر کھاویں۔

میرے پچاس سالہ طبی تجربات و مشاہدات

نکات متعلق تشخیص مرض و دیگر مفید معلومات

(از حکیم محمد عزیز خاں صاحب کامل طب و جراحت کراچی)

(قسط اوّل)

نوٹ:۔ اس تمہید میں جہاں چند کار آمد باتیں ہیں وہاں ایک مفید راہِ عمل کی نشاندہی بھی کی گئی ہے اس لیئے میری دردمندانہ اپیل ہے کہ اس کو شروع سے آخر تک غور اور دلچسپی سے پڑھا جائے۔

ناظرین محترم:۔ میں کوئی خاندانی طبیب نہیں ہوں۔ میں نے ذاتی دلچسپی سے اپنے خاندان میں اس پیشہ کی داغ بیل ڈالی ہے، میں جانتا تھا کہ خاندانی مطب سے محرومی اور اس فن کا سفینہ سے زیادہ سینہ سے متعلق اور اطبار کا عام بخل مجھے کتنی ٹھوکریں کھلائے گا۔ اس لئے بہت پریشان تھا۔ ایک دن مولوی عبدالرحمٰن صاحب مرحوم پروفیسر طبیہ کالج دہلی سے میں نے کلاس روم میں عرض کیا کہ میرے جملہ کلاس فیلو اپنا اپنا خاندانی مطب رکھتے ہیں۔ وہ یہاں سے فارغ ہوتے ہی مطب سنبھال لیں گے، میں کیا کروں گا، میرا مستقبل تو بڑا تاریک نظر آتا ہے۔ تو فرمانے لگے کہ ان سب سے تم اچھے رہو گے اس وقت تو ان کے اس برجستہ جواب سے میں مطمئن نہیں ہوا۔ لیکن میری زندگی کے بعد کے واقعات نے ثابت کر دیا کہ صاحب موصوف کا وہ جواب کتنے صحیح تجربہ پر مبنی تھا۔ طبیہ کالج دہلی سے سند حاصل کرنے کے بعد میں نے برسوں در در کی خاک چھانی، جہاں کچھ پتہ لگا اور کچھ حاصل ہونے کی توقع ہوئی وہاں جلتی دھوپ میں مہینوں طواف کیا مگر میری تشنہ کامی ایک ایک بوند کو ترستی ہی رہی اور کچھ حاصل نہ ہوا۔ آخر جو بندہ یا بندہ رحمتِ حق کو حرکت ہوئی اور ملاحظہ فرمایئے مہربانی کا نزول کس طرح ہوا! میرے ایک دوست ایم اے ایل ایل بی ایک مقدمہ میں ایک فریق کی وکالت کر رہے تھے۔ فریق ثانی نے اپنی وکالت کے لیئے ڈاکٹر کاٹجو وزیر

قانون حکومت ہند کو طلب کیا ڈاکٹر کاٹجو ایک ہی پیشی میں بازی لے گئے کاٹجو میرے دوست کے بھی بے تکلف دوستوں میں سے تھے، چنانچہ مقدمہ کے بعد پرائیویٹ گفتگو میں میرے دوست نے ڈاکٹر صاحب نے کہا کہ قانونی پیشہ کے متعلق تجربات پر مبنی کچھ نصیحت فرمایئے تو صرف یہ دو حرفی جواب ملا۔

STOOY MO'STOOY یعنی بس مطالعہ کیئے جاؤ یہ بات جب میرے کان تک پہنچی تو کان کے ذریعہ دل و دماغ کی گہرائی میں اتر گئی اور مجھے یہ محسوس ہوا کہ کسی مخفی طاقت نے میرے لیئے مطالعہ کی راہ متعین کر کے مجھے اس پر ڈال دیا۔ چنانچہ میں تلاش مجربات کی بے سود کوشش اور ہر کس و ناکس سے بے نیاز ہو کر سرگرمی کے ساتھ اس راہ پر چل پڑا۔ مطالعہ جتنا وسیع ہوتا گیا، مشکلات کے تاریک بادل چھٹتے گئے۔ تا آنکہ وہ وقت بھی آیا کہ جو مسائل پہاڑ تھے وہ رائی نظر آنے لگے۔ اور جو مہمات علاج تھے وہ کھیل بن گئے اور بیان مریض جو پہلے ایک چیستان تھا اب شرح و زبان مرض ہو گیا اور بفضلہ ایک دن وہ بھی آیا کہ جن حضرات نے مجھے سوائے دھوکے اور فریب کے اور کچھ نہ دیا تھا میں ان سے یہ کہنے کے قابل ہوا کہ اب آپ کو جو کچھ چاہیئے وہ مجھ سے لے سکتے ہیں۔ کتب بینی سے مجھے تقریباً سب کچھ حاصل ہوا۔ یہاں تک کہ جو نسخے کسی نے بڑی رازداری کے ساتھ مجھے بتلائے وہ اکثر کتابوں میں مجھے مل گئے مگر میں نے دیگر ذرائع کو بھی ہاتھ سے جانے نہیں دیا۔ چنانچہ بہت سی چیزیں مریضوں سے دستیاب ہوئیں اور بعض چیزیں بڑی بوڑھیوں سے ہاتھ لگیں اسی طرح دیہات سے اور عام لوگوں سے بھی کچھ نہ کچھ ضرور ملا ؎

تمتع زہر گوشہ یافتم ۔ ز ہر خرمنے خوشہ یافتم

دیگر ذرائع میں ایلوپیتھی اور ہومیوپیتھی کا طبی لٹریچر اور حالیہ تحقیقات بھی شامل ہیں، میں نے ان سے بھی استفادہ کیا اور سچ پوچھیئے تو مجھے یہ کہنے میں ذرا باک محسوس نہیں ہوتا کہ طب کے طبی علم کو بہت کچھ مشاہداتی بنانے میں اور میری آنکھوں پر بصیرت کی عینک چڑھانے میں مغربی ریسرچ نے بڑا کردار ادا کیا۔ ممکن ہے میری اس بیباکی سے اطبار حضرات چراغ پا ہوں مگر میں یہ عرض کر دوں کہ میں طب مشرق کا ایسا ہی دلدادہ ہوں جیسا کہ ایک طبیب ہو سکتا

ہے جبکہ مجھے ایک کٹر طبیب تصور فرمایئے۔ مطلب صرف یہ ہے کہ اگرچہ طب قدیم میں بڑے اچھے اصول قائم کئے گئے ہیں لیکن اس میں اجمال زیادہ ہے اور مغربی ریسرچ میں بال کی کھال کو بھی بڑی دقیق تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے جس سے علاج میں مشاہدہ کا لطف آتا ہے اس کی شہادت میں یہاں کسی مریض کے حالات اور اس کا علاج تحریر کرتا مگر اختصار کی خاطر اس کو نظر انداز کر رہا ہوں۔ علمی مسائل کسی طریق علاج سے بھی متعلق ہوں۔ اگر وہ صحیح اور کارآمد ہیں تو تعصب برطرف ہم کو ان سے ضرور فائدہ اٹھانا چاہیئے۔ علم میں اجارہ داری کا نظریہ بالکل مہمل ہے۔ علم انسان کی مشترکہ میراث ہے۔ ایک بات اور گوش گذار کردوں جن حضرات میں یہ استعداد ہے کہ وہ ایلوپیتھی اور ہومیوپیتھی کی کتابیں انگریزی زبان میں مطالعہ کر سکتے ہیں وہ اسی زبان میں مطالعہ کریں۔ کیونکہ ان کے اُردو تراجم کے اکثر مقامات خصوصاً جہاں قلبی کیفیات اور ذہنی جذبات بیان کئے گئے ہیں۔ ایسے ہیں کہ ان کے متعلق صرف اتنا کہنا کافی ہے کہ ان کا ترجمہ وہ آپ سمجھیں یا خدا سمجھے، اس دشواری کے پیش نظر میں اکثر کینٹ کی ہومیوپیتھک میٹریا میڈیکا (لیکچر) کا اردو ترجمہ میں نے حال ہی میں خود کیا ہے۔ اس ترجمے سے خواہش مند حضرات فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ یہ ترجمہ ابھی کتابی صورت میں شائع نہیں کیا گیا ہے۔

اب ایک بڑا اہم اور سنگین سوال آتا ہے، اختصار اور انشاء کا، یہاں میں ایک سوال کروں گا، کیوں صاحب! اگر علمائے سائنس اپنی اپنی تحقیقات کو پردۂ خفا میں رکھتے تو کیا آج ہمیں زندگی کی نہایت آسائش کی چیزیں مثلاً بجلی کی روشنی، پنکھے، ریفریجریٹر، ایئر کنڈیشنر، سینما، ریل، موٹر کار، لاؤڈسپیکر، ریڈیو، ٹیلیگراف، ٹیلی ویژن ہوائی جہاز وغیرہ میسر ہو سکتی تھیں۔ اور کیا آج راکٹ کے ذریعہ تسخیر قمر کا خواب بھی دیکھا جاسکتا تھا۔ یہ سب برکت اس جذبے کی ہے کہ جس سائنسدان کی تحقیقات میں ذرا سا بھی کوئی اشارہ ہاتھ لگا تو اس نے فوراً دنیا کو اس سے روشناس کرادیا۔ پھر اس کو دوسرے سائنسدانوں کی متفقہ کوشش نے بہت جلد کہاں سے کہاں پہنچا دیا۔ اسی طرح اگر ہمارے اکابر فن پہلے علمی اثاثہ کو اپنی قبروں میں لے جاتے تو کیا ہم مبادیات طب سے بھی واقف ہو سکتے تھے

جدیدہ عالم پیران کی بقائے دوام کو اس کے علاوہ اور کس چیز نے ثبت کیا؟ اگر آپ کا عقیدہ خدانخواستہ یہ ہے کہ ہمارے طبی نکات اگر دوسروں کو پہنچ گئے تو ہمارے رزق و روزی میں کمی واقع ہو جائے گی۔ تو اس کے سوا اور میں کیا کہوں۔ کہ

''بریں عقل و دانش بباید گریست''

قدرت کا فارمولا تو یہ ہے کہ ؎

آں چہ نصیب است بہم میرسد ، ور نستانی بستم مے رسد

اور اس کا تجربہ میرا خیال تو یہ ہے کہ ہر فرد بشر کو ہوا کرتا ہے۔

میرے رفیقو اور بزرگو! ان فاسد تصورات کو خیرباد کہو۔ ذرا غور و خوض سے کام لو اور اپنی فیاضی سے طب کی بنجر کی ہوئی زمین کو پھر سے باغ و بہار بنادو۔ بخل و اخفاء کے انتہائی بدنتائج کو تو پہنچ چکے اور اب کونسی مزید تباہی کا انتظار ہے۔ آپ کی طب میں مرے درجہ پر بھی اتنی استعداد ہے اور متفرق طور پر اتنے خزانے اب بھی باقی ہیں کہ اگر اطباء کرام اپنی فیاضی طبع کے جوہر دکھانے پر اتر آئیں تو مجھے یقین ہے کہ ہم طب جدید سے ایک ہی جست میں کم از کم پچاس سال آگے نکل سکتے ہیں ؎

جو سیکھو کسی کو سکھاتے چلو ، دیئے سے دیئے کو جلاتے چلو

یاد رکھو خدمت خلق بڑی چیز ہے۔ اس کی حقیقت سمجھنے کی ضرورت ہے جو اس کو پاگیا وہ بخل سے کبھی کام نہیں لے گا۔ خدمت خود اپنا صلہ ہے اس کو کسی اور اعزاز و اکرام کی حاجت نہیں ہے۔ بے لوث اور پر خلوص خدمت خادم کو مخدوم بنا دیتی ہے اور اس کے سر پر شہرت دوام کا تاج رکھ دیتی ہے۔ "ہر کہ خدمت کرد او مخدوم شد۔" دیانت اور خلوص کے جذبہ سے سرشار ہو کر میدان عمل میں نکل آؤ، پھر دیکھو فضل ایزدی خود آپ کے شامل حال ہو گا۔ اور کامیابی خود آپ کے قدم چومے گی۔ کام تو کام کرنے سے چلتا ہے خالی باتوں سے نہیں چلتا۔ باتیں ساری عمر کیے جاؤ کچھ فائدہ نہیں ہو گا۔ کام ایک دن کا بھی ایک مفید نتیجہ برآمد کرے گا ؎

سعدیا گرچہ سخندان و مصالح گوئی ، بہ عمل کار برآید بہ سخندانی نیست

(۸) شدید کھانسی بھی کبھی دردِ سر پیدا کر دیتی ہے۔
(۹) احتباس طمث سے نیز کثرت طمث و استحاضہ کے بعد بھی دردِ سر پایا گیا ہے۔
(۱۰) ایام ماہواری میں، اور گاہے ماہواری کے بجائے دردِ سر دیکھا گیا ہے۔
(۱۱) گاہے سن یاس کی ابتدا میں چند یا میں جلن دار درد ہوتا ہے اور کبھی سن یاس میں دردِ سر رہنے لگتا ہے۔
(۱۲) کثرت جماع سے دردِ سر ہونے لگتا ہے۔
(۱۳) کرم شکم گاہے دردِ سر پیدا کرتے ہیں۔
(۱۴) دانہ دار جلدی امراض کے دانے دب جانے سے بھی دردِ سر ہو سکتا ہے۔
(۱۵) کثرت چائے نوشی بھی دردِ سر کا ایک سبب ہے۔
(۱۶) سوزش رحم یا سیلان رحم سے بعض عورتوں کو دردِ سر کی شکایت ہوتی ہے۔
(۱۷) احتباس دم بواسیر بھی گاہے دردِ سر پیدا کرتا ہے۔
(۱۸) کبھی صرف عوارض چشم دردِ سر کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔ جو صحیح عینک کے استعمال سے جاتا رہتا ہے۔
(۱۹) بعض عورتوں کو دوران حمل میں دردِ سر رہا کرتا ہے۔
(۲۰) کسی بوسیدہ دانت کی خراش سے بھی دردِ سر ہو جاتا ہے۔
(۲۱) تبخیری اور میٹریائی دردِ سر بھی دیکھنے میں آتے ہیں۔
(۲۲) سوزاک کے دردِ سر والے مریض اکثر پائے جاتے ہیں۔ یہ دردِ سر بڑا شدید و خبیث ہوتا ہے۔
(۲۳) آتشک کے دردِ سر والے مریض بھی بکثرت ہیں۔ یہ بھی بڑا شدید و خبیث ہوتا ہے۔
(۲۴) دردِ سر دوری بھی کبھی دیکھنے میں آتا ہے۔
(۲۵) عصبی دردِ سر کے مریض بھی بہت ہیں۔
(۲۶) گاہے دماغ کے ضعف یا اس کی حس بڑھ جانے سے دردِ سر ہونے لگتا ہے۔
(۲۸) پہاڑ پر رہنے سے بعض لوگوں کو دردِ سر عارض ہو جاتا ہے۔

یہ خدمت خلق ہی کا صلہ ہے کہ شیخ بو علی سینا بخارا کی طرف پیدا ہوئے۔ اور سر[illegible]
میں مدفون ہوئے لیکن سینکڑوں سال بعد آج پاکستان کے شہر کراچی میں ایک شاہراہ کا نام
شاہراہ حکیم ابن سینا رکھا گیا ہے۔

مجھے اپنی زندگی کا اب زیادہ بھروسہ نہیں ہے۔ اس لیئے میں معصیت اخفائے [illegible] ہونا اور اپنے پچاس سالہ طبی تجربات و مشاہدات کو اپنے ساتھ اپنی قبر میں لے جانا نہیں چاہتا۔ بلکہ میری دلی خواہش ہے کہ حاملین طب قدیم میں سے ہر فرد میرے اس ذخیرہ سے مستفید ہو۔ میں فی الحال تشخیص سے متعلق اپنے نکات پیش کرنے کا فخر حاصل کر رہا ہوں۔ اگر میری طبی برادری نے میری اس خدمت کو بہ نظر پسندیدگی دیکھا اور میری ہمت افزائی فرمائی تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کے بعد میں اپنے معالجاتی نکات بھی جو تعداد میں تشخیصی نکات سے زیادہ ہیں پیش کرنے کی سعادت حاصل کرنے کی کوشش کروں گا۔ دعا ہے کہ خدا بزرگ و برتر میری اس ناچیز خدمت کو قبول فرمائے۔

کون ہوتا ہے حریف مے مرد افگن عشق ، ہے مکرر لب ساقی پہ صلا میرے بعد

امراض راس

درد سر

(۱) درد سر بارد نزلی، اس کے مریض اکثر آیا کرتے ہیں۔
(۲) درد سر حار۔ موسم کی گرمی سے، یا دھوپ میں چلنے پھرنے سے یا گرم اغذیہ کے استعمال سے اکثر ہوتا ہے۔
(۳) بخاروں میں عموماً درد سر بھی ہوتا ہے۔
(۴) گردن توڑ بخار میں درد سر شدید ہوا کرتا ہے۔
(۵) پیٹ کی خرابی بھی درد سر کا باعث ہوا کرتی ہے۔
(۶) جگر کی خرابی سے بھی کبھی درد سر ہوتا ہے جو عموماً پیشانی میں قائم ہوتا ہے۔
(۷) لو لگنے سے بھی سر میں درد ہوتا ہے۔

(۲۸) پاؤں کو سرد برفیلی زمین پر ننگے رکھنے سے کبھی درد سر ہونے لگتا ہے۔
(۲۹) گاہے تیز روشنی کو کچھ دیر تک دیکھنے سے سر اور آنکھوں میں درد ہونے لگتا ہے۔
(۳۰) آنتوں کی گڑبڑ میں باب الکبد کی طرح گاہے سر میں بھی امتلاء وریدی ہو جاتا ہے جس سے درد سر ہونے لگتا ہے۔
(۳۱) جسم کے کسی حصہ سے اخراج کے رک جانے سے یا پاؤں کا پسینہ دب جانے سے درد سر ہو جاتا ہے۔
(۳۲) شراب اور خصوصاً بیئر شراب سے بھی درد سر ہو جاتا ہے۔
(۳۳) باریک کام کرنے اور آنکھوں پر زور پڑنے سے درد سر ہونے لگتا ہے۔
(۳۴) پڑھنے لکھنے کا کام زیادہ کرنے سے گاہے آنکھوں کی پتلیاں پھیل جاتی ہیں اور درد ہونے لگتا ہے۔ یہ درد سر مدرسوں، واعظوں اور کاروباری لوگوں کو زیادہ ہوا کرتا ہے۔
(۳۵) صرف معدے کی خرابی سے بھی درد سر ہو سکتا ہے۔
(۳۶) تمباکو کے استعمال سے درد سر عموماً صبح کو ہوا کرتا ہے۔
(۳۷) بھوک کا درد سر کچھ کھا لینے سے رفع ہو جاتا ہے۔
مندرجہ بالا امور تو وہ ہیں جو درد سر پیدا کرتے ہیں۔ اب وہ عجیب کیفیات ملاحظہ فرمائیے جو درد سر کے ساتھ کبھی مشاہدے میں آتی ہیں۔
(۳۸) سر کا درد سر کو چھوڑ کر گھٹنہ یا پیٹھ میں پہنچ جاتا ہے۔
(۳۹) پیشاب کم پڑ جائے تو درد سر ہونے لگتا ہے۔
(۴۰) اگر حاجت پر فوراً پیشاب نہ کیا جائے تو درد سر ہو کر بڑھتا جاتا ہے اور پیشاب کر لینے سے درد سر کم ہو کر جاتا رہتا ہے۔
(۴۱) جب تک پیشاب میں لال ریت خوب خارج ہو گی، درد سر امتلائی نہیں ہو گا، مگر جب پیشاب پیلا ہو جائے اور لال ریت کی آنا بند ہو جائے۔ تو درد سر ہونے لگے گا۔
(۴۲) تپ حار میں درد شدید ہو جائے اور پیشاب سفید ہو جائے تو سرسام کا اندیشہ ہوتا ہے۔
(۴۳) گاہے درد سر سے پہلے بصارت زائل ہو جاتی ہے اور درد سر شروع ہو جاتا ہے اور بڑھنے لگتا ہے تو بصارت لوٹ آتی ہے۔

(۴۴) درد سر میں بھوک لگتی ہے اور کچھ کھا لینے سے افاقہ ہو جاتا ہے۔
(۴۵) درد سر ایام ماہواری میں موقوف ہو جاتا ہے۔ اور ماہواری کے بعد پھر لوٹ آتا ہے۔
(۴۶) کتے کے کاٹے کے درد سر میں بہتے پانی کی آواز یا تیز روشنی سے اضافہ ہوتا ہے۔
(۴۷) گاہے شدید بخار میں درد سر اس شدت سے ہوتا ہے کہ سارا سر متورم ہو جاتا ہے۔
(۴۸) جس طرف سے سر کو لٹکائیں درد سر اس طرف سے دوسری جانب کو چلا جاتا ہے۔ اس طرح پوزیشن بدلنے سے درد سر بھی بدلتا رہتا ہے۔
(۴۹) گٹھیا کے پرانے مریضوں میں جب درد سر کی تکلیف بہت ہوتی ہے تو اطراف میں گٹھیا کی تکلیف کم ہو جاتی ہے یا جاتی رہتی ہے۔
(۵۰) اگر کھانے کا وقت نکل جائے تو درد سر ہونے لگتا ہے۔ اس لیے ایسا مریض پابندی وقت کے ساتھ کھانا کھایا کرتا ہے۔
(۵۱) شدید امتلائی صفراوی درد سر جس میں زیادہ چلنے پھرنے سے چیخنے چلانے سے اور سے بولنے سے غصہ کرنے سے گرمی سے شور و غل سے زیادتی ہوتی ہے۔ اور اندھیرے کمرے میں خاموش لیٹے رہنے سے اور نیند آ جانے سے اور قے سے افاقہ ہوتا ہے۔ خواہ بلغم کھنگار سے نکلے یا ابکائی و قے سے۔ بلغمی کے بہ نسبت صفراوی درد سر کے مریض زیادہ دیکھے گئے ہیں۔ اور وہی زیادہ شدید بھی ہوتا ہے۔
(۵۲) بعض درد سر میں یہ معلوم ہوتا ہے کہ گویا ہزار ہا سوئیاں دماغ میں چبھ رہی ہیں۔
(۵۳) گاہے درد سر اور اسہال کا تبادلہ ہوتا ہے۔ جاڑوں میں درد سر ہوتا ہے اور گرمیوں میں اسہال ہوتے ہیں۔
(۵۴) متلی والا پرانا درد سر دوری جاتا رہتا ہے (خواہ صحیح علاج ہی سے جائے) تو سرطان کا رجحان ہو جاتا ہے۔ خصوصاً جوانی کی عمر کے بعد۔
(۵۵) ہمیشہ درد سر رہے اور منہ سے لیس دار رطوبت نکلا کرے تو یہ کسی دماغی مرض کا پیش خیمہ ہوتا ہے۔

(۱۴) سر کی چندیا کا درد اور خراش مثانہ (جس میں پیشاب کی حاجت زیادہ رہتی ہے) کا باہمی تبادلہ بھی ہوا کرتا ہے۔
(۷۵) درد سر اور پاؤں کے پسینہ کا دورے یکے بعد دیگرے دیکھا گیا ہے۔
(۷۶) بعض مریضوں میں خصوصاً موسم سرما میں درد سر اور درد شکم کا تبادلہ پایا گیا ہے۔

امراض راس

صرع۔ (۲۰۳) صرع موروثی پیدائشی بھی ہوتی ہے (۲۰۴) ورم پردہ ہائے دماغ سے صرع کے مریض زیادہ تر پائے جاتے ہیں (۲۰۵) دماغ میں آتشکی رسولی پیدا ہو جانے سے مرگی پیدا ہو جاتی ہے (۲۰۶) دق کی سمیت سے جو مرگی لاحق ہوتی ہے وہ درنی مرگی کہلاتی ہے۔ (۲۰۷) گاہے جلدی تکالیف خصوصاً کوئی بڑا اکونتہ یا خارش دب جانے سے مرگی کا عارضہ لاحق ہو جاتا ہے (۲۰۸) مرگی کا سبب عصر و احتباس طمث بھی ہوتا ہے۔ (۲۰۹) بعض مستورات کو ماہواری کے دنوں میں یا ایک دو روز پہلے مرگی کے دورے پڑتے ہیں (۲۱۰) کثرت جماع بھی مرگی لاتا ہے۔ بلکہ حالت جماع میں دورہ پڑنے لگتا ہے۔ اس میں دماغ سکڑتا ہوا محسوس ہوتا ہے اذیت کے ساتھ۔ (۲۱۱) جلق کے عادی آئندہ اکثر مرگی کا شکار ہو جاتے ہیں۔ (۲۱۲) کبھی مرگی شدید خوف سے شروع ہو جاتی ہے۔ اور پھر دورہ سے پہلے اسی خوف والی چیز کا دھیان آ جاتا ہے (۲۱۳) گاہے مرگی ہسٹیریا سے بہت مشابہ ہوتی ہے اور دونوں میں تمیز کرنا بہت دشوار ہو جاتا ہے۔ (۲۱۴) کبھی مرگی امراض رحم و خیضہ الرحم سے متعلق ہوتی ہے۔ (۲۱۵) اخراجات کے احتباس سے بھی مرگی عارض ہو جاتی ہے (۲۱۶) دماغ پر چوٹ لگنے سے مرگی عارض ہو جائے تو اس کا علاج بھی محال ہوتا ہے (۲۱۷) کرم شکم سے شدید تشنجی مرگی اکثر جان لے لیتی ہے۔ (۲۱۸) مرگی کبھی خلل شکم سے بھی متعلق ہوتی ہے۔ (۲۱۹) قلب کی خرابی بھی کبھی اتفاق سے اس مرض کو ہوا دیتی ہے۔ (۲۲۰) کسی مریض کو مرگی کا صرف رات ہی میں ہوتا ہے دن میں نہیں ہوتا۔ مگر اکثر مریضوں میں اس کا کوئی خاص وقت

(۵۶) دائمی دردِ سر سے نزول الماء کا خطرہ ہوتا ہے۔

(۵۷) گاہے شقیقہ دعصابہ شدیدہ میں ناک کے اوپر پیشانی کی غلاء میں نزلی رطوبت بھر جاتی ہے جس سے کسی مریض میں دونوں ابروؤں کے بیچ میں ابھار پیدا ہو جاتا ہے۔ جب تک کو... تدبیر سے یہ رطوبت خارج نہ ہو آرام نہیں ہوتا۔

(۵۸) دردِ سر شدید و خبیث میں اگر معمولی تدابیر سے صحت نہ ہو تو دوسری یا موزا کی یا ... دردِ سر کی طرف توجہ کرنی چاہیئے۔

(۵۹) دست رک جانے سے دردِ سر ہوتا ہے اور دست آجانے سے افاقہ ہوتا ہے۔

(۶۰) دردِ سر کا تبادلہ جگر کی تکالیف سے ہوتا ہے۔

(۶۱) جاڑوں میں خشک کھانسی رک جانے سے دردِ سر ہو جائے اور دردِ سر جاتا رہے تو ... کھانسی لوٹ آئے۔

(۶۲) ایّام ماہواری سے پہلے دردِ سر ہو جائے جو ادرار سے جاتا رہے۔

(۶۳) گاہے دردِ سر ٹانگ میں منتقل ہو جاتا ہے۔

(۶۴) کبھی دردِ سر کے ساتھ بعد کو یرقان ہو جاتا ہے۔

(۶۵) کسی مریض میں دردِ سر کے ساتھ گردن اور مثانہ میں سختی پائی جاتی ہے۔

(۶۶) گھیگی اور قلب کی بیماریوں اور دمہ کے ساتھ بھی دردِ سر دیکھنے میں آیا ہے۔

(۶۷) مزدوروں میں چھٹی کے دن دردِ سر پایا جاتا ہے۔

(۶۸) کبھی عصابہ کے ساتھ معدے کی علامات بھی نمودار ہوتی ہیں۔

(۶۹) گاہے شدید قے کے بعد دردِ سر عارض ہو جاتا ہے۔

(۷۰) شدید دردِ سر میں گاہے سر پر دانے نکل آتے ہیں۔

(۷۱) دردِ سر اور دردِ کمر کا تبادلہ بھی ہوا کرتا ہے۔

(۷۲) اندھیرے کمرے میں خاموش لیٹ جانے سے دردِ سر میں افاقہ ہوتا ہے لیکن کو... دردِ سر اندھیرے میں زیادہ ہوا کرتا ہے۔

(۷۳) دردِ سر اور دردِ دنداں یکے بعد دیگرے ہوا کرتا ہے۔

مقرر نہیں ہوتا ہے (۲۲۱) کوئی مریض دورے کے شروع میں تیز دوڑنے لگتا ہے (۲۲۲) مرگی
کی ایک نہایت خفیف حالت بھی ہوتی ہے اس کا دورہ بے خبری میں واقع ہو جاتا ہے۔
یا بہت معمولی سی علامات پیدا ہوتی ہیں (۲۲۳) صرع خفیف میں مریض اگرچہ بے ہوش ہو جاتا
ہے مگر بے ہوشی ایک یا دو ثانیہ تک رہتی ہے اس میں تشنج نہیں ہوتا ہے البتہ دوران سر ہوتا
ہے چہرہ کسی قدر زرد ہو جاتا ہے۔ آنکھیں پتھرا جاتی ہیں۔ اگر مریض کے ہاتھ میں کوئی چیز ہو
تو وہ گر جاتی ہے۔ اور گاہے اس کا دورہ صرف اسقدر ہوتا ہے کہ مریض باتیں کرتے کرتے
رک جاتا ہے اور ایک لمحہ کے بعد بدستور باتیں کرنے لگتا ہے۔ اور بعض مریضوں کی ایسی حالت
ہو جاتی ہے کہ وہ مجلس میں بیٹھے بیٹھے اپنے کپڑے اتارنے لگتا ہے۔ یا فرش پر تھوکنے لگتے
ہیں یا اور کوئی ناشائستہ حرکت کرتے ہیں۔ (۲۲۴) تیز دواؤں سے مرگی دبادی جائے تو دق سل
کا رجحان ہو جاتا ہے۔ (۲۲۵) مرگی کا دورہ باقاعدہ اور ٹھیک وقفہ سے آتا ہے یا بے قاعدہ،
(۲۲۶) مرگی کے تشنج سے پہلے گاہے آواز غائب ہو جاتی ہے (۲۲۷) مرگی سے پہلے کسی مریض
میں سینہ میں سوزش اور دل کے مقام پر درد ہوتا ہے۔ (۲۲۸) مرگی میں بعض مریضوں کا بول براز
خطا ہو جاتا ہے (۲۲۹)۔ گاہے مرگی کوڑی کے انقباض سے شروع ہوتی ہے (۲۳۰) خفیف
مرگی میں ہوش و حواس بالکل معطل نہیں بھی ہوتے ہیں (۲۳۱) گاہے مرگی میں بجائے تشنج کے
صرف حواس خراب ہو جاتے ہیں۔ اور عجیب چیزیں نظر آتی یا محسوس ہوتی ہیں۔ (۲۳۲) کسی
شخص کے حواس امتلائے معدہ کے وقت ہو جاتے ہوں تو یہ علامت صرع کی منذر
ہے (۲۳۳) مرگی کے دورہ سے قبل کسی مریض کے جسم میں سرد لہر کا احساس ہوتا ہے اور بعض
کے معدے میں درد ہوتا ہے (۲۳۴) مرگی میں عموماً ایک سرسراہٹ کا احساس ہوتا ہے
یہ سرسراہٹ کبھی اطراف میں محسوس ہوتی ہے کبھی پیٹ میں پیدا ہوتی ہے اور کبھی دل کے
مقام پر محسوس ہوتی ہے (۲۳۵) یہی مرض جب شیر خوار بچوں کو عارض ہوتا ہے تو اسکو ام الصبیان
کہتے ہیں۔ (۲۳۶) بعض نازک مزاج بچوں کو تیز بخاروں میں اسی قسم کے تشنجی دورے پڑا کرتے
ہیں۔ لیکن ان دوروں کو صرع کے دورے نہیں سمجھنا چاہیئے۔ (۲۳۷) اوائل عمر میں اگر یہ مرض
عارض ہو تو وہ جوانی میں خود بخود رفع ہو جاتا ہے لیکن اگر جوانی میں بیس سال کی عمر کے بعد

عارض ہو تو اکثر معمولات میں موثر علاج سے رفع ہو جاتا ہے۔ البتہ تیس سال کی عمر کے بعد عسیر
العلاج ہو جاتا ہے (۲۳۸) اگرچہ یہ مرض عسیر العلاج ہے لیکن اگر اسباب مرض سے پابندی
کے ساتھ پرہیز رکھا جائے تو اس سے دوروں میں نمایاں کمی ہو جاتی ہے اور بعض اوقات برسوں
دورہ نہیں ہوتا (۲۳۹) صرع کے مریض کو ہضم کا بہت خیال رکھنا چاہیئے پرخوری ثقیل و مرغن
غذاؤں کا استعمال بڑے چوپایوں کا گوشت شراب خواری قبض بلندی پر چڑھنا آگ یا پانی کی
طرف دیکھتے رہنا ہنڈولہ میں جھولنا دماغی محنت کثرت مجامعت عموماً دورہ کا باعث ہوتے
ہیں اسی طرح صرع کے مریض کو بحری سفر کرنے سرد پانی میں زیادہ نہانے اور چمکدار چیزوں کی
طرف دیکھنے غصہ اور خوفناک آوازوں کے سننے سے ہمیشہ محفوظ رکھیں۔ کیونکہ یہ حالات بھی عام
طور پر صرع میں دورہ کا باعث ہوتے ہیں (۲۴۰) صرع دماغی میں سر اور پیشانی پر برص کا
نمودار ہونا صرع کے زوال کا پیش خیمہ ہوتا ہے۔

فالج، استرخا، لقوہ، سکتہ، رعشہ

(۲۴۱) فالج میں جسم کا نصف حصہ یا پورا جسم یا اس کا کوئی حصہ مسترخی ہو کر حس و حرکت ناقص یا
باطل ہو جاتی ہے اور اپنے افعال کی انجام دہی سے قاصر ہو جاتا ہے۔ عام طور پر بڑھاپے
کے زمانہ میں بلغمی رطوبات کی زیادتی اس کا باعث ہوا کرتی ہے۔ چنانچہ اس عمر میں غلبہ یبوست
اور دماغ کی باریک عروق کے انصداع کی وجہ سے یہ مرض پیدا ہو جاتا ہے جس کی صورت یہ
ہوتی ہے کہ پچاس سال کی عمر کے بعد جبکہ جسم کی رگوں میں لچک اور نرمی کے بجائے سختی و
کرختگی آجاتی ہے۔ اگر خون کا دباؤ بڑھ جائے تو دماغ کی باریک رگیں اپنی نزاکت کی وجہ
سے شق ہو جاتی ہیں۔ اور ان میں سے رطوبت یا خون مترشح ہو کر دماغی اعصاب یا دماغی و
نخاعی دونوں اعصاب کے منافذ کو بند کر دیتی ہے، جس سے ایک طرف کا کوئی عضو یا
اعضاء ماؤف ہو جاتے ہیں۔ کبھی دونوں طرف اس کا اثر ہوتا ہے اور تمام جسم بیکار ہو جاتا
ہے لیکن ایسا بہت کم ہوتا ہے، اور عام طور پر مجنونی مریض کو ہوا کرتا ہے۔ (۲۴۲) سانس
پھولنا کانوں میں آوازیں آنا دماغی انتشار وحشت گھبراہٹ دیوانگی خدر اور خصوصاً چکر آنا

اور ضغط دموی کا بڑھ جانا فالج کی علامات منذرہ ہیں (۲۴۳) بطور مقدمہ فالج یا استرخا بعض
کے حافظہ میں فتور واقع ہو جاتا ہے (۲۴۴) عصب نخاعی کی اگلی جڑ ماؤف ہو تو فالج میں
بے حرکتی پیدا ہوگی اور پچھلی جڑ ماؤف ہو تو بے حسی ہوگی اور اگر دونوں جڑیں ماؤف ہوں تو
بے حسی و بے حرکتی دونوں پیدا ہوں گی، (۲۴۵) فالج کے بعض مریض ضعف اعصاب کی علامات
کے بعد دفعتاً بے ہوش ہو جاتے ہیں۔ ہوشیار کرنے پر بھی ہوش میں نہیں آتے تنفس خطیر
ہوتا ہے۔ نبض عظیم و سریع ہوتی ہے۔ سینہ میں بلغم کی آواز بھی آ سکتی ہے (۲۴۶) فالج جسم
کے ہر حصہ میں ہو سکتا ہے۔ گاہے جسم کے تمام عضلات مفلوج ہو جاتے ہیں اور مریض ایک
مضغہ گوشت ہو کر رہ جاتا ہے۔ (۲۴۷) گاہے فالج کے حملہ کے بعد بھی مادہ میں ہیجان ہوتا
ہے چنانچہ مریض کو گھبراہٹ ہوتی ہے۔ بے چینی ہوتی ہے یا تشنج ہوتا ہے۔ (۲۴۸) مفلوج
اعضاء میں گاہے شدید عصبی درد ہوا کرتا ہے۔ یہ مادے کی کثرت اور اعصاب پر اس کے
دباؤ کی لذیت کی علامت ہے۔ (۲۴۹) فالج زدہ عضلات گاہے نقص تغذیہ کی وجہ سے
لاغر ہو جاتے ہیں۔ (۲۵۰) پھیلانے والے عضلات کے فالج سے مریض ہاتھ اور انگلیاں پھیلا
نہیں سکتا حالانکہ وہ سکڑتے برابر ہیں (۲۵۱) کسی مریض کو ٹھنڈے پانی سے فالجی کیفیت میں کچھ
فائدہ محسوس ہوتا ہے یا تو مریض کا مزاج حار ہوتا ہے یا مادۂ مرض میں صفرا کی آمیزش ہوتی ہے
(۲۵۲) مریض فالج معہ بے ہوشی کا بچنا محال ہوتا ہے کیونکہ انشقاق عروق دماغی واقع ہوتا
ہے اور جریان خون کی علامت ناک اور منہ میں پائی جاتی ہے۔ (۲۵۳) فالج میں کسی مریض کا
ایک حصہ جسم نہایت حساس ہوتا ہے۔ اور دوسرا مفلوج (۲۵۴) مفلوج اعضاء گاہے سخت
ہو جاتے اور سڑ جاتے ہیں (۲۵۵) سطح دماغ پر جریان خون ہونے کی وجہ سے فالج ہوتا ہے
تو مریض بے ہوش ہو جاتے ہیں۔ تشنج ہوتا ہے، ماؤف عضلات جلد اکڑ جاتے ہیں اور جسم
کے جس جانب کے ہاتھ پاؤں مفلوج ہوتے ہیں اسی جانب لقوہ بھی اکثر ہوتا ہے (۲۵۶) کیس
باطن کے نتور سے فالج ہوتا ہے۔ تو نصف جسم کے مفلوج ہونے کے علاوہ اس کی حس بھی زائل
ہو جاتی ہے (۲۵۷)، اوسط دماغ کے نتور سے فالج ہو تو ایک جانب کے ہاتھ پاؤں مفلوج
ہو جاتے ہیں۔ اور دوسری جانب لقوہ ہو جاتا ہے۔ عضلات جلد اینٹھ جاتے ہیں۔ حرارت

ہو جاتی ہے۔ آنکھیں اوپر اور باہر کی طرف پھر جاتی ہیں۔ اور پتلیاں سکڑ جاتی ہیں (۲۵۸) بائیں
جانب کی تیسری تزارید جس کے نتور سے فالج ہو تو دائیں طرف کے فالج کے علاوہ قوت گویائی
میں بھی فرق پڑ جاتا ہے (۲۵۹) فالج سفتر العقل میں شرائین دماغ میں خفیف التہاب ہوتا
ہے جس سے نسیج لیفی پیدا ہو جاتی ہے۔ اس نسیج لیفی کے سکڑنے سے عموماً دماغ اور خصوصاً
فص جبہی اور فص یا فوخی زیادہ چھوٹے اور سخت ہو جاتے ہیں۔ اور اغشیہ دماغ موٹی پڑ کر مختلف
مقامات پر دماغ سے چمٹ جاتی ہیں۔ حرام مغز میں بھی یہی حالت ہو جاتی ہے۔ ایسی حالت
عموماً اصلاح پذیر نہیں ہوتی ہے۔ (۲۶۰) فالج اور لقوہ میں مریض زبان ایک طرف یعنی دائیں
یا بائیں طرف باہر نکال لے گا۔ زبان کو سیدھے خط میں باہر نہیں نکال سکتا (۲۶۱) وضع حمل کے
ماہ بعد پر سوت کی خفیف سمیت سے ایک مریضہ کا بایاں ہاتھ بے حس ہو گیا تھا (۲۶۲)
ایک ہی جسم میں مختلف مقامات پر ضغط دموی میں فرق پایا گیا ہے۔ (۲۶۳) گاہے جسم کے ایک
جانب فالج حسی ہوتا ہے۔ اور دوسری جانب فالج حرکتی (۲۶۴) گاہے فالج نیچے سے اوپر
کو بڑھتا ہے (۲۶۵) کسی مریض میں جگر کی خرابی سے بھی فشار الدم قوی واقع ہوتا ہے۔ جگر کا
ایک خمیر جس کو ڈاکٹری میں ہیپر موفی کہتے ہیں۔ غالباً پیدا ہوتا موقوف ہو جاتا ہے۔ یہ خمیر
ضغط دموی کو کم کرتا ہے۔ ایسے مریض کے چہرے پر عموماً تشنج ہوتا ہے (۲۶۶) غیر منتظم
رفتار میں جس کو ڈاکٹری میں لوکو موٹر ٹیکیا کہتے ہیں۔ تنگی تنفس کے دورے ہوتے ہیں درد شکم
دوری ہوتا ہے، معاء مستقیم میں بھی سخت درد کے دورے ہوتے ہیں۔ اور اسی طرح درد
مثانہ کے دورے بھی پڑتے ہیں۔ (۲۶۷) پیچوٹری گلینڈ ایک مادہ خارج کرتا ہے جس سے ضغط
دموی میں کمی واقع ہوتی ہے (۲۶۸) کبھی فالج میں عضلات تحلیل ہونے کے بجائے بڑھ جاتے
ہیں۔ اور ان میں فساد شحمی ہو جاتا ہے (۲۶۹) گاہے پیدائشی طور پر نخاع کی کوئی جانب سخت
واقع ہوتی ہے جس سے ہاتھ پاؤں کے عضلات میں کمزوری و سختی آ جاتی ہے (۲۷۰) چال میں
لڑکھڑاہٹ یعنی پاؤں میں ڈگمگانے کا احساس اور اعصابی درد ریڑھ کے فالج پر دلالت کرتے
ہیں۔ (۲۷۱) فالج میں وراثت کو بھی بڑا دخل ہے چنانچہ کئی پشتوں تک اس کا اثر دیکھا گیا
ہے (۲۷۲) فشار الدم قوی سے قلب پر دباؤ پڑنے سے گاہے عظم القلب واقع ہو جاتا ہے۔

اور گلہ ہے وجع القلب کے دورے پڑنے لگتے ہیں (۲۷۳) گاہے کمزوری تکان بے خوابی
سر دوران سر اختلاج قلب اور آنکھوں کی سرخی وغیرہ کا سبب فشار الدم قوی ہوتا ہے۔ اور ان
کو دیگر اسباب پر محمول کر لیا جاتا ہے چنانچہ تشخیص کی ایسی غلطی سے بڑا خطرناک نتیجہ نکلتا
(۲۷۴) فالج کی بعض مریضہ کو ماہواری کے زمانے میں فالجی کیفیت میں زیادتی محسوس ہوتی ہے۔
(۲۷۵) کسی مریض میں ایک جانب خدر ہوتا ہے اور دوسری جانب خود بخود حرکت کرتی ہے۔
(۲۷۷) کسی مریض کو ٹانگوں میں فالجی کھنچاؤ محسوس ہوتا ہے جس میں گرمی اور ہلکی حرکت سے کمی ہوتی
ہے (۲۷۸) رعشہ والے فالج کا بھی کوئی مریض اتفاق سے دیکھنے میں آجاتا ہے (۲۷۹) مفلوج اعضا
گاہے بل کھاتے ہیں۔ جھٹکے کھاتے ہیں اور کانپتے ہیں (۲۸۰) کوئی مفلوج یہ بیان کرتا ہے
کہ اعضا میں کیڑے یا چیونٹیاں رینگتی محسوس ہوتی ہیں یا کانٹے چبھتے ہیں ایسے مریض کا مزاج
زیادہ تر سوداوی ہوتا ہے (۲۸۱) مثانہ کے فالج والے مریض کا مثانہ بھرا ہوا ہوتا ہے مگر پیشاب
کی خواہش نہیں ہوتی ہے۔ فالجی کمزوری سے پیشاب کے لیئے زور نہیں لگا سکتا کیونکہ ایسا
کرنے سے مثانہ میں درد بڑھتا ہے۔ (۲۸۲) سارے جسم کا پیدائشی فالج بھی دیکھنے میں آیا
ہے۔ اس میں مریض تمام عمر بصورت ایک مضغۂ گوشت کے پڑا رہتا ہے جسم کا کوئی عضو
ارادی حرکت مطلق نہیں کرتا۔ تقریباً یہی کیفیت بعض جوان مریضوں میں بھی عارض ہوتے
دیکھی گئی ہے اس کا سبب زیادہ تر سوزاک و آتشک کی سمت پایا گیا (۲۸۳) مفلوج میں
علاج سے ہاتھ کی نسبت ٹانگ میں طاقت ذرا جلدی آتی ہے۔ (۲۸۴) سکتہ سے پہلے بھی
فالج کی علامات منذرہ پیدا ہوتی ہیں مثلاً درد سر بھاری چکر خدر آنکھوں کی سرخی چہرے کا
امتلاء وغیرہ اور سکتہ سے ہوش آنے پر عموماً مریض فالج زدہ ہوتا ہے۔ (۲۸۵) یک جانبی
فالج عموماً یا تو شرائین دماغ میں انجماد خون سے ہوتا ہے۔ اس میں فالج واقع ہونے سے
قبل مریض درد سر دوران سر ضعف حافظہ اور سستی و کاہلی کی شکایت کرتا ہے۔ اور اس کا مزاج
چڑچڑا ہو جاتا ہے۔ گویائی میں فرق آجاتا ہے۔ اور پھر بے ہوش ہو کر یا بغیر بے ہوش ہوئے
فالج ہو جاتا ہے۔ سکتہ ہو جائے تو ہوش آنے پر فالج کے علاوہ دماغ کمزور ہو جاتا ہے اور
گویائی میں خلل رہتا ہے۔ یا (۲۸۶) انسانی شرائین دماغ سے ہوتا ہے اس میں فالج دفعتاً

ہوتا ہے اور کے دائیں جانب ہوتا ہے یا (۲۸۷) انشقاق عروق دماغ سے ہوتا ہے
یہ نزف الدم کے ساتھ ہوتا ہے اس میں پہلے سکتہ ہوتا ہے اس کے بعد ہوش آنے پر فالج
ہوتا ہے۔ مگر بعض مریضوں میں قوت متخیلہ اور قوت ناطقہ کی حالت فالج کے دیگر اسباب سے
نسبتاً بہتر ہوتی ہے اگرچہ عام طور پر مریض ہوش میں نہیں آتے اور اسی لیئے ان کا جانبر ہونا
محال ہوتا ہے۔ یا (۲۸۸) ساحات دماغ سے ہوتا ہے اس میں فالج آہستہ آہستہ شروع ہوتا
ہے پہلے تشنج ہوتا ہے پھر لقوہ ہوتا ہے اور اس کے بعد ہاتھ اور اس کے بعد پاؤں مفلوج ہو
جاتا ہے۔ درد سر اور دوران سر ہوتا ہے قے آتی ہے۔ اور بینائی کمزور ہو جاتی ہے (۲۸۹) طاعون
سرسام گردن توڑ بخار پر سوت و بعض دیگر متعدی امراض کی سمیت زخم و جراحت امراض قلب و
گردہ امراض اوعیۂ خون فشار الدم قوی الشرائین استسقائے دماغ ردائت غذا امراض غدد غیر
قناتی بیری بیری وغیرہ بھی فالج کے اسباب میں داخل ہیں۔ (۲۹۰) ضربہ و سقطہ سے بھی
کسی عضو میں استرخاء پیدا ہو جاتا ہے۔ چنانچہ پشت کے بل گرنے یا اس پر چوٹ لگنے یا کسی
اور صدمہ کے پہونچنے سے ایک یا دونوں ٹانگوں میں استرخاء ہو جاتا ہے استرخاء کی یہ
قسم مشکل سے اچھی ہوتی ہے۔ خصوصاً اگر صدمہ کے بعد فوراً استرخاء ہو جائے تو قطعی ناممکن
العلاج ہوتی ہے۔ کیونکہ صدمہ کے بعد فوراً استرخاء کا عارض ہو جانا اعصاب کے ٹوٹ جانے
پر دال ہوتا ہے۔ (۲۹۱) معمولی ضربہ و سقطہ کا خفیف اثر بعض اوقات عظم العصعص یا اس کے
قرب و جوار میں ایسا خراب ہوتا ہے کہ مریض رفتہ رفتہ صاحب فراش ہو جاتا ہے اور آہستہ
آہستہ عضلات کی تحلیل سے دونوں ٹانگیں سوکھ کر بانس کی بشکل ہو جاتی ہیں۔ مریض چلنے
پھرنے سے معذور ہو جاتا ہے۔ اور اس کی ساری زندگی تباہ ہو جاتی ہے۔ (۲۹۲) فالج نخاع
کی خرابی سے بھی واقع ہوتا ہے۔ خود نخاع پر ضرب آجائے یا کسی بیماری مثلاً بخار وغیرہ سے
ورم آجائے، بچے اس میں زیادہ مبتلا ہوتے ہیں (۲۹۳) ٹائیفائیڈ یا بعض دیگر تیز قسم
کے بخار اور خناق کے بعد حلق یا مری کا فالج ہو جاتا ہے۔ اس میں ماکول و مشروب منہ یا ناک کے
راستہ باہر کو آتا ہے حلق و مری سے اتر نہیں سکتا (۲۹۴) چھوٹے بچوں کی گردن کا فالج جس سے
سر قائم نہیں رہتا ہر طرف کو گر سکتا ہے یہ بخار کے نتیجہ میں بچوں [illegible] ہوتا ہے۔ [illegible] اگر

معنوی خرابی ہوتی ہے۔ مثلاً جگر یا گردہ کی خرابی، گردہ کی عروق دمویہ کی خرابی ہو یا کلاہ گردہ کی رسولی وغیرہ اس میں بعد کو فالج ہو جاتا ہے چہرے پر بھر بھراہٹ ہوتی ہے اس کے علاج میں سیماب کے مرکبات استعمال کرنے میں بہت احتیاط سے کام لیں۔ (۳۱۱) گاہے پھیپھڑے کے فالج سے تنفس بند ہو کر موت واقع ہو جاتی ہے۔ (۳۱۲) وجع المفاصل کے کسی مریض کو آگے چل کر فالج ہو جاتا ہے (۳۱۳) گاہے چھ ماہ ایک سال قبل سخت تکان شروع ہوتی ہے۔ مریض کوئی کام نہیں کر سکتا یہ فالجی کمزوری ہوتی ہے۔ جو رفتہ رفتہ بڑھتی جاتی ہے۔ اور بالآخر فالج ہو جاتا ہے۔ یہ کیفیت عورتوں میں زیادہ پائی گئی ہے۔ (۳۱۴) ارہر کی دال کے مسلسل اور بکثرت استعمال سے بھی فالج کے واقعات دیکھے گئے ہیں۔ (۳۱۵) کثیر پسینہ دب جانے کا نتیجہ گاہے ٹانگوں میں فالج ہو جانے کی صورت میں نکلتا ہے۔ (۳۱۶) رنج و غم برداشت کرنے سے جسم متاثر ہو تب بھی گاہے فالجی کمزوری رونما ہوتی ہے (۳۱۷) مری کے خفیف فالج میں غذا مری میں رک جاتی ہے اور اس کو معدے میں داخل کرنے کے لیے بڑا زور لگانا پڑتا ہے۔ (۳۱۸) تشنج کی شدت سے بھی فالجی کمزوری ہو جاتی ہے (۳۱۹) شدید کمی خون یا شدید جریان خون سے فالجی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے (۳۲۰) خوفناک تشنج سے کسی مریض کو بائیں جانب کا فالج ہو جاتا ہے۔ (۳۲۱) ہسٹریائی فالج ایک ہاتھ کا چند گھنٹوں میں ٹھیک ہو جاتا ہے (۳۲۲) شدید دماغی شاک سے کسی مریض کی دائیں جانب مفلوج ہو جاتی ہے (۳۲۳) فالج کے سلسلہ میں ان چند امور پر غور کرنا ضروری ہے: جسم کا کونسا حصہ مفلوج ہے۔ مفلوج حصہ کا تعلق نظام عصبی کے کس حصہ سے ہے۔ فالج دفعتاً پیدا ہوا ہے بتدریج، وقوع فالج سے قبل مریض کس مرض میں مبتلا تھا۔ مفلوج عضلات ڈھیلے ہیں یا اینٹھے ہوئے۔ ماؤف جانب تندرست جانب سے لاغر تو نہیں ہو گئی دونوں جانب کی حرارت میں فرق تو نہیں ہے۔ جلد کی رنگت صحت کی مانند ہے، یا اس میں تغیر ہو گیا ہے۔ ماؤف جانب درد کرتی ہے یا نہیں (۳۲۴) تدریجی انتشار کا عمومی سبب ورم اعصاب ہوتا ہے۔ (۳۲۵) گاہے دہی سوڈ ایفون کے زیادہ استعمال سے اطراف میں غدد واقع ہو جاتا ہے۔ (۳۲۶) لقوہ تین قسم کا ہوتا ہے۔ تحت المرکز:۔ یہ عموماً دیکھنے میں آتا ہے۔ اس میں چہرے کی ہیئت بدل جاتی ہے۔ ماؤف جانب کا رخسار ڈھیلا ہو جاتا ہے۔ مریض سیٹی نہیں

آتشک کی شکایت زیادہ عرصہ تک باقی رہے تب بھی خون میں سوداویت کے غلبہ سے کوئی
عضو یا چند اعضا مسترخی ہو جاتے ہیں۔ یہ استرخائی کیفیت خفیف طور پر شروع ہوتی۔ بھاور
رفتہ رفتہ بڑھ کر اعضار کو بالکل بیکار کر دیتی ہے۔ (۲۹۶) گاہے واحد عضو کا فالج واقع ہوتا ہے
مثلاً مثانہ فالج جس میں پیشاب خارج نہیں ہوتا ہے یا گردن کا فالج یا حلق وسری کا فالج جس میں
نگلنے کی قوت جاتی رہتی ہے۔ (۲۹۷) شدید اور اندھا کر دینے والے درد سر کے بعد کبھی فالج ہو
جاتا ہے (۲۹۸) سرد اور مرطوب زمین پر اکثر ٹھنڈک سے بچوں کو فالج ہو جاتا ہے (۲۹۹)
پارہ کے غلط استعمال سے ٹانگوں میں استرخار ہو جاتا ہے (۳۰۰) سیسہ کا کام کرنے والوں میں
سیسہ کے زہر سے فالج ہو جاتا ہے۔ بعض لوگ سیسہ کے زہر سے اسقدر متاثر ہوتے ہیں کہ
جس خضاب میں سیسہ کا تیزاب ہو اس کے لگانے سے فالج ہو جاتا ہے (۳۰۱) کثرت جماع سے
ضعف و برودت اعصاب کے باعث فالج دیکھنے میں آیا ہے۔ چنانچہ ایک مریض کا دایاں ہاتھ
جماع کے بعد ہی مفلوج ہو گیا۔ (۳۰۲) سیماب سم الفار شراب کا استعمال اگر عرصہ تک جاری
رکھا جائے تو اعصاب میں سوزش پیدا ہو جاتی ہے اور اعصاب کے اختتامی سروں کی سوزش
کے باعث مریض چلنے پھرنے سے بالکل معذور ہو جاتا ہے اور حسی اعصاب کے انتہائی سرے
اور ان کی شاخوں میں اور حرکتی اعصاب کے ریشوں میں تغیر شحمی ہو کر وہ ابتدا میں توجھنجھناہٹ
اور درد کا باعث ہوتی ہے لیکن بالآخر جسم سُن ہو جاتا ہے حرکت اور کسی حد تک حس بھی زائل
ہو جاتی ہے اور عضلات بالکل مفلوج ہو جاتے ہیں۔ (۳۰۳) اعصاب کے فالج سے معاء
مستقیم اور مقعد و مثانہ کا گولی عضلہ سب مفلوج ہو جاتے ہیں۔ اور بول و براز بلا ارادہ خارج
ہوتے ہیں۔ (۳۰۴) استفراغ شدید کے بعد بھی فالج واقع ہوتا ہے مثلاً سخت قسم کے بخار
میں قے اور دست کثیر سے (۳۰۵) بعض اوقات یرقان کے بعد بھی فالج دیکھا گیا ہے۔ (۳۰۶)
اختناق الرحم اور صرع کے بعد معمولی ہلکا سا فالج ہو جاتا ہے (۳۰۷) جن بچوں کو اکثر تشنج ہوتا ہے
ان کو گاہے فالج ہو جاتا ہے (۳۰۸) گاہے آتشک کے اثر سے بیرونی اجزار دماغ میں خرابی
واقع ہو کر دماغ و جسمانی قوتوں میں تدریجی نقص پیدا ہو جاتا ہے جو ہلکے فالج سے مشابہ ہوتا ہے۔
(۳۰۹) گاہے فالج راس النخاع کی خرابی سے متعلق ہوتا ہے (۳۱۰) فشار الدم کا سبب کبھی کوئی

بجا سکتا ماؤف جانب کی آنکھ بند نہیں ہوسکتی اور اس سے پانی بہتا رہتا ہے۔ ماؤف جانب کھانا نہیں چبایا جا سکتا۔ ہنسنے میں تندرست باچھ حرکت کرتی ہے۔ ماؤف جانب بے حرکت رہتی ہے۔ ایسا لقوہ سردی کے اثر سے یا التہاب عصبی سے یا کسی رسولی کے دباؤ سے ہوتا ہے۔ عصب وجہی کنپٹی کی ہڈی کے اس حصہ سے گزرتا ہے جس کو عظم حجری کہتے ہیں یہ ہڈی ان امراض جو بہ میں بوسیدہ ہو جاتی ہے جن میں ریم پیدا ہوتی ہے۔ اور اس کی بوسیدگی عصب وجہی پر دباؤ پڑنے کا سبب ہوتی ہے یا اس عصب میں التہاب ہو جاتا ہے۔ اور مرض پیدا کرتا ہے۔ اوسط دماغ کے زیرین حصہ میں فتور ہوتا ہے تو فالج اور لقوہ مختلف جوانب میں ہوتا ہے لیکن جب اوسط دماغ کے بالائی حصہ میں فتور ہو تو فالج اور لقوہ ایک جانب ہوتا ہے۔ (ب) مرکزی: اس میں علاوہ معمولی علامات کے ماؤف جانب کے عضلات لاغر ہو جاتے ہیں اس قسم کا لقوہ عصبی مرکز پر رسولی کا دباؤ پہنچنے جریان خون یا اس مقام کی ساخت کے نرم پڑ جانے سے ہوتا ہے۔

(ج) فوق المرکز: اس میں سطح دماغ یا کیس باطن میں فتور رہتا ہے اس کے اسباب بھی وہی ہیں جو مرکزی کے ہیں۔ لقوہ کی اس قسم میں اور عام لقوہ میں یہ فرق ہے کہ اس قسم میں مریض آنکھ بند کر سکتا ہے۔ تیوری چڑھا سکتا ہے اور ہنسنے یا رونے سے ماؤف جانب میں حرکت ہوتی ہے لیکن کھانے چبانے اور بولتے وقت بے حرکت رہتی ہے یہ علامات عام لقوہ میں نہیں ہوتی ہیں۔ (۳۲۷) چہرے کے شدید عصبی درد سے بھی کسی کو لقوہ ہو جاتا ہے (۳۲۸) سرد موسم میں ریل کے سفر میں کھڑکی سے منہ باہر رکھنے پر سرد اور تیز ہوا سے لقوہ ہو جاتا ہے۔ (۳۲۹) آتشک سے بھی کسی کو آگے چل کر لقوہ ہو جاتا ہے۔ (۳۳۰) چہرے کا ایگزیا دب جانے سے بچوں میں لقوہ ہوتے دیکھا گیا ہے۔ (۳۳۱) لقوہ میں جس طرف کو چہرہ کھنچا ہوا یا ٹیڑھا ہوتا ہے وہ طرف تندرست ہوتی ہے اور اس کی مخالف جانب ماؤف ہوتی ہے۔ یعنی اس کی مخالف جانب کے عضلات مفلوج ہوتے ہیں (۳۳۲) دماغی سبب کے مانند نخاع کی خرابی سے بھی سکتہ ہو جاتا ہے۔ (۳۳۳) سکتہ کا سبب گاہے بدہضمی ہوتی ہے (۳۳۴) بعض بوڑھے آدمیوں اور بیماریوں سے کمزور شدہ مریضوں کو سکتہ ہو جاتا ہے۔ جو قلب وریہ کی پرانی شکایات میں مبتلا ... ہیں اس میں مریض سوتا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ سانس خراٹے دار ہوتا ہے نبض میں سختی

ہوتی ہے۔ اور کبھی کبھی رکتی ہے۔ پسینہ بکثرت ہوتا ہے (۳۳۵) سکتہ سے ہوش میں آنے پر عموماً مریض فالج زدہ ہوتا ہے (۳۳۶) کرم شکم بھی سکتہ پیدا کرتے ہیں۔ (۳۳۷) موسم کی گرمی سے خون سر میں چڑھ جاتا ہے اور سکتہ کی سی کیفیت پیدا کر دیتا ہے جس سے بعض مریض دماغ کی رگیں پھٹ کر ختم ہو گئے ہیں۔ (۳۳۸) سکتہ کی ایک حالت ایسی بھی ہوتی ہے جس میں کچھ ہوش تو ہوتا ہے مگر ہلنے اور بولنے کی طاقت نہیں ہوتی۔

امراض راس

سکتہ، رعشہ

(۳۳۹) جو لوگ شراب اور کثرت جماع کے عادی ہوں اور جن کا مزاج نقرسی یا بواسیری ہو ان کو بھی سکتہ کا مرض ہو جاتا ہے (۳۴۰) سرد غسل مضعف اعصاب ہوتا ہے۔ لہذا اس کی کثرت سے گاہے رعشہ ہو جاتا ہے (۳۴۱) پالا مارنے کے بعد بھی رعشہ عارض ہو جاتا ہے۔ (۳۴۲) جذباتی رعشہ جیسے ہسٹریا میں ہوتا ہے یا ہسٹریا رعشہ میں تبدیل ہو جاتا ہے (۳۴۳) کبھی گنٹھیا رعشہ میں تبدیل ہو جاتی ہے (۳۴۴) بچوں میں دانے دار امراض کے دب جانے سے بھی رعشہ عارض ہو جاتا ہے۔ (۳۴۵) عورتوں میں احتباس طمث بھی رعشہ کا سبب ہوا کرتا ہے۔ (۳۴۶) شدید رنج و غم و خوف کے بعد بعض مریض رعشہ میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ (۳۴۷) جن لڑکیوں کو بلوغ پر ماہواری شروع ہونے میں بہت تاخیر ہو گئی ہو ان کو بھی رعشہ ہو سکتا ہے۔ (۳۴۸) سوزاک و آتشک کی پرانی سمیت سے دیوانگی کے فالج کے ساتھ اکثر رعشہ بھی عارض ہو جاتا ہے۔ (۳۴۹) دوران حمل میں بعض مستورات کو رعشہ کی شکایت ہو جاتی ہے۔ (۳۵۰) رعشہ کی نقل کرنے سے بھی رعشہ کی سی کیفیت ہو جاتی ہے۔ (۳۵۱) بڑھاپے کے ضعف سے اکثر رعشہ ہوا کرتا ہے۔ (۳۵۲) رعشہ پیدا ہونے میں وراثت کو بھی بہت دخل ہے (۳۵۳) کرم شکم بھی گاہے رعشہ کا باعث ہوتے ہیں۔ (۳۵۴) پاؤں کا کثیر پسینہ دب جانے سے گاہے رعشہ ہو جاتا ہے (۳۵۵) ایام ماہواری میں بعض مستورات کو رعشہ میں زیادتی ہو جاتی ہے۔

دوار، چکر

(۳۵۶) سوء مزاج گرم سے چکر آنے لگتے ہیں اس میں معدے میں انصباب صفرا کو بھی دخل ہے چنانچہ بعض لوگوں کو صبح اُٹھنے پر چکر بہت آتے ہیں۔ اور جب وہ نہار منہ خشخاش کے دانے یا ترش چٹنی کھا لیتے ہیں۔ تو افاقہ ہوتا ہے۔ (۳۵۷) چکر بعض امراض کبد سے بھی تعلق رکھتا ہے۔ اسی لیے جگر کے بعض مرض میں دائیں کروٹ لینے سے فوراً چکر آتا ہے اور تکلیف ہوتی ہے نیز گرمی کے وقت آنکھوں پر زور پڑتا ہے۔ اور کم دکھائی دیتا ہے۔ (۳۵۸) ضعیف المعدہ لوگ جب فواکہ باردہ نفاخ مثل امرود وغیرہ بکثرت استعمال کرتے ہیں تو سوء مزاج معدہ بارد رطب سے تولید ریاح کے باعث دوار عارض ہو جاتا ہے۔ بیرونی اشیاء گھومتی دکھائی نہیں دیتیں بلکہ صرف چلنے پھرنے میں توازن جسم سنبھالنا پڑتا ہے۔ اور نگاہ تیزی کے ساتھ ادھر ادھر کرنے میں زیادتی ہوتی ہے۔ (۳۵۹) ضعف دماغ چکر کا ایک عام سبب ہے۔ چنانچہ دماغی محنت سے بلکہ سر کو ہلانے سے چکر آتا ہے (۳۶۰) ایک چکر وہ ہوتا ہے جس میں آس پاس کے اشیاء گھومتی ہوئی نظر آتی ہیں۔ اور ایک وہ ہوتا ہے جو صرف دماغ میں محسوس ہوتا ہے۔ بیرونی اشیاء سے اس کا تعلق نہیں ہوتا ہے۔ (۳۶۱) درد سر کے ساتھ چکر آنا امتلائے دموی کے باعث ہوتا ہے (۳۶۲) گاہے پشت سر کے درد کے ساتھ چکر آتا ہے اس میں کلیجہ بیٹھتا ہے اور بھوک کا احساس ہوتا ہے (۳۶۳) کسی مریض کو بخار کے لرزہ کے ساتھ چکر بھی آتے ہیں۔ (۳۶۴) چکر کسی دوسرے عضو کے واسطے سے واقع ہوتے ہیں۔ اسکو وہ شرکی کہتے ہیں جیسے بعض تشنجی تکلیف میں آنکھیں بند کرنے پر یا قلب کی خرابی سے یا کان کی خرابی سے یا رحم و خصیۃ الرحم کی تکالیف میں یا طحال کی خرابی سے یا ناف و جگر کے درمیانی مقام کے درد میں چکر آیا کرتے ہیں۔ یا مثلاً کسی مریض کو آنکھوں کی بعض تکالیف سے چکر آتے ہیں جو موزوں عینک لگانے سے جاتے رہتے ہیں یا کسی حاملہ کو حمل میں چکر آیا کرتے ہیں (۳۶۵) اعصاب کے ضعف اور ان کی حس بڑھ جانے سے بھی چکر آیا کرتے ہیں مثلاً دماغی اشتغال سے یا ذرا سی محنت بلکہ ذرا سی حرکت سے چکر آنا اور حرکت جاری رکھنے سے حتیٰ کہ قے ہونے لگنا، اچانک خوف سے چکر آنا، معمولی شور و غل سے کمرہ کی گرمی سے

گہری سانس لینے سے چکر آنا حتیٰ کہ سوئی میں ڈورا ڈالنے کے لیے اوپر کو ہاتھ اٹھانے سے چکر بلکہ غشی تک نوبت پہنچنا (۳۶۶) مزاجی چکر، چنانچہ کسی مریض کا مزاج ایسا ہوتا ہے کہ اس کو عام و معمولی بیماری میں بلکہ ہر تکلیف کے ساتھ چکر ضرور آتے ہیں۔ (۳۶۷) بعض چکر عصبی ہوتے ہیں یعنی اعصاب کے تاثر یا رعشہ سے پیدا ہوتے ہیں۔ مثلاً شاک لگنے سے یا بری خبر سننے سے یا دماغی اشتغال سے یا آنکھیں بند کرنے پر یا ماہواری کے زمانے میں یا متحرک اشیاء کے دیکھنے سے یا بہت اونچے مکان کو دیکھ کر یا حملہ صرع سے قبل یا بعد کو (۳۶۸) بہت بوڑھے لوگوں کو صبح اٹھنے پر ایسے چکر آتے ہیں کہ چلنے پھرنے سے پہلے کچھ دیر انتظار کرنا پڑتا ہے۔ یہ بڑھاپے کے چکر کہلاتے ہیں (۳۶۹) پرانی آتشک میں بھی کسی مریض کو چکر آنے لگتے ہیں۔ (۳۷۰) احتباس طمث حبس دم بواسیر کثرت مے خواری، خون میں یورک ایسڈ اور پانی کی زیادتی، جہاز یا گاڑی یا کار کا سفر عورتوں میں جریان خون، پیٹ کی خرابی، نفخ و ریاح اور کرم شکم بھی چکر کے اسباب میں داخل ہیں۔

(۳۷۱) معدے کی خرابی سے چکر میں اکثر متلی بھی ہوتی ہے۔ (۳۷۲) چکر گاہے منذر فالج بھی ہوتا ہے بلکہ اکثر مریضوں میں فالج کے حملہ سے پہلے چکر کا پتہ چلتا ہے۔ (۳۷۳) صرع سے پہلے اور بعد بھی چکر آتے ہیں (۳۷۴) کبھی صرف متلی و قے کے ساتھ بھی چکر آتے ہیں (۳۷۵) کسی مریض کو آنکھوں کی حرکت دینے سے اس قدر چکر آتا ہے کہ وہ دیکھنے کے لیے پورے سر کو گھماتا ہے۔

(۳۷۶) گاہے ٹھنڈی ہوا میں مختلف درد پیدا ہوتے ہیں اور چکر آتے ہیں۔ (۳۷۷) کسی مریض کو بہتا پانی دیکھنے سے یا کسی ندی یا دریا کے پل پر گزرنے سے بہت چکر آتے ہیں۔ (۳۷۸) معمولی شور و غل سے حساس مریضوں کو چکر آ جاتا ہے (۳۸۰) صرف چلنے پھرنے میں چکر آئیں کسی اور پوزیشن میں نہ آئیں (۳۸۱) کھلی ہوا میں چلنے سے بعض تباہ حال مریضوں کو چکر زیادہ آتے ہیں۔ حالانکہ عمومی طور پر کھلی ہوا میں چکروں میں کمی ہو جاتی ہے۔ (۳۸۳) دائیں کروٹ لیٹنے سے کسی مریض کو چکر میں زیادتی ہوتی ہے اور کسی مریض کو کمی (۳۸۳) کھانا کھانے کے درمیان یا بعد کو چکر آنا معدے کی خرابی پر دلالت کرتا ہے۔ (۳۸۴) بعض چکروں میں کھڑے رہنے سے اور بعض میں لیٹنے سے زیادتی ہوتی ہے۔ (۳۸۵) گاہے چکروں میں کھڑے ہونے اور چلنے میں دائیں جانب گرنے کا رجحان ہوتا ہے اور کبھی بائیں جانب مڑنے کا رجحان ہوتا ہے اور کبھی بائیں جانب گر پڑے۔ نیز کا

آگے کو گرنے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ (۳۸۶) بعض وقفہ دار بخاروں میں بائیں جانب کو گرنے کا چکر آتا ہے (۳۸۷) اونچی جگہ سے نیچے کی طرف دیکھنے سے یا اوپر کی طرف دیکھنے سے یا جھکنے سے یا سر کو موڑنے سے یا بستر میں لیٹنے سے یا لیٹ کر آنکھیں گھمانے سے یا کروٹ لینے سے خصوصاً بائیں جانب یا چت لیٹنے سے بھی چکر آیا کرتا ہے۔ اس کا سبب زیادہ تر اعصاب کا تاثر یا خلل شکم ہوتا ہے (۳۸۸) چکر کے ساتھ متلی بھی ہوتی ہے جبکہ معدہ بھی متاثر ہو خواہ معدہ خراب ہو یا عصبی تاثر ہو (۳۸۹) گاہے چکر کے ساتھ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ خون سر میں چڑھ رہا ہے دوران خون کے نقص سے ہوتا ہے۔ (۳۹۰) گاہے دوران خون میں ایسا خلل واقع ہوتا ہے اور ایسی بدنظمی ہوتی ہے کہ ذرا سی حرکت سے بھی دماغ میں دوران خون میں خلل ہو جاتا ہے اور دیگر علامات کے ساتھ چکر آنے لگتا ہے۔ فکر و پریشانی ہو تو چکر، خیالات میں ہیجان ہو تو چکر، سیڑھیاں چڑھنے سے چکر، پہاڑی پر چڑھنے یا اترنے سے چکر، شاک لگنے پر یا بری خبر سننے پر چکر، غرض ذرا سے دماغی اشتعال سے چکر ضرور آجاتا ہے۔

تشنج دورے

(۳۹۱) بدقسمتی سے تشنجی دورے بچوں کو زیادہ تر ہوتے ہیں مگر بڑوں میں بلکہ بوڑھوں میں بھی دیکھے گئے ہیں۔ (۳۹۲) نازک بچوں میں بروز دنداں کے زمانے میں تشنج واقع ہوتا ہے۔ (۳۹۳) بچوں کی سردی کی اذیت سے بھی تشنج ہوتا ہے اور سخت سردی کی اذیت سے بڑوں کو بھی تشنج ہونے لگتا ہے۔ (۳۹۴) کھانسی کی شدت سے بچوں کو تشنج ہونے لگتا ہے۔ (۳۹۵) دماغ کے ورم یا امتلاء یا خراش سے زیادہ تر بچوں کو تشنج ہوتا ہے۔ یہ کیفیت اکثر دانت نکلنے کے زمانے میں یا بخاروں کے دوران پائی جاتی ہے (۳۹۶) امتلاء دماغ اور ذرا ذرا سے کھنچاؤ اور تشنج متدر کی حالت میں بچہ کو اکثر گرم غسل دے دیا جاتا ہے جس سے بچے کو تشنج ہونے لگتا ہے اور اس کی حالت اور خراب ہو جاتی ہے اس لئے دورے میں بچہ کو ہمیشہ گرم غسل دینا اچھا نہیں ہوا کرتا ہے۔ (۳۹۷) بچے کو سخت بخار کا حملہ ہونے کو ہو تو تشنج ہو سکتا ہے۔ (۳۹۸) کالی کھانسی میں بچوں کو تشنجی دورے پڑنے لگتے ہیں (۳۹۹) ناقابل ہضم غذا

کھانے سے بچوں کو تشنج ہو جاتا ہے (۴۰۰) کسی پر مرضعہ کے شدید غیظ و غضب کے فوراً بعد بچہ دودھ پی لے تو فوراً تشنج ہوتا ہے۔ (۴۰۱) مرضعہ اگر کبھی بے حد خوفزدہ ہو جائے اور اسی وقت بچہ کو دودھ پلادے تو بچہ کو تشنج ہو جاتا ہے (۴۰۲) نومولود بچہ میں بھی گاہے تشنج دیکھا گیا ہے (۴۰۳) امتلاء دماغ و نخاع سے بخار کے بعد بچوں میں تشنج زیادہ تر دیکھا گیا ہے اور بڑوں میں کم (۴۰۴) بچوں میں فساد ہضم قبض بے خرابی اور بہت زیادہ رونے سے بھی تشنج واقع ہوتا ہے (۴۰۵) بعض حساس بچوں کو سزا دینے سے تشنج ہونے لگتا ہے (۴۰۶) کسی بچے کی ٹانگ متواتر تیزی سے پھیلتی اور پھر سکڑ کر پیٹ سے لگی رہتی ہے اور نظر غائب ہو جاتی ہے یہ کیفیت خراب قسم کے بخاروں میں پائی گئی ہے (۴۰۷) بچوں میں خوف سے بھی تشنج واقع ہو جاتا ہے (۴۰۸) عصبی مزاج بچوں میں بہت زیادہ سرد و خشک ہوا لگ جانے سے تشنجی حالت پیدا ہو جاتی ہے (۴۰۹) دماغی تکالیف سے بچہ تشنج میں مبتلا ہو سکتا ہے۔ (۴۱۰) بعض بچوں کو قے دست کے بعد تشنج ہوتے دیکھا گیا ہے (۴۱۱) مرض کساح میں بھی بچوں کو تشنج ہو جاتا ہے (۴۱۲) بلوغ سے قبل نوجوان لڑکیوں کو برا بھلا کہنے سے تشنج ہو جاتا ہے (۴۱۲) بلوغ سے قبل نوجوان لڑکیوں کو تشنج ہونے لگتا ہے۔ (۴۱۳) بلوغ پر بعض لڑکیوں کو تشنج ہونے لگتا ہے اور دیوانگی کے دورے پڑنے لگتے ہیں (۴۱۴) بعض لڑکیوں کو حیض سے قبل تشنج ہوتا ہے (۴۱۵) بعض عورتوں کو ماہواری میں مزاجی طور پر مرگی نما تشنج ہوا کرتا ہے۔ اور (۴۱۶) بعض عورتوں کو ایسا تشنج ماہواری کے بعد ہوتا ہے۔ (۴۱۷) رحم کی خرابی بھی اکثر تشنج پیدا کرتی ہے (۴۱۸) بعض نوجوان عورتوں میں شرمگاہ کا تشنج پایا گیا ہے یہ حالت شادی سے قبل بھی ہوتی ہے (۴۱۹) خاص رحم میں بھی تشنج ہوتا ہے (۴۲۰) مہبل کا تشنج جماع سے مانع ہوتا ہے (۴۲۱) عصبی مزاج عورتوں کو ذرا سے عصبی اشتعال سے تشنج ہونے لگتا ہے۔ (۴۲۲) ماہواری جلد اور کم آنے میں رحم تشنجی طور پر منقبض ہوتا ہے (۴۲۳) گاہے دردناک عسر الطمث میں تشنج انگلیوں سے شروع ہو کر جسم میں پھیل جاتا ہے۔ اور مریضہ بحواس کرتی ہے۔ اور ہسٹریا یا مرگی کی سی کیفیت ہو جاتی ہے (۴۲۴) احتباس طمث بھی تشنج کا ایک عام سبب ہے (۴۲۵) کبھی مہبل میں دردناک تشنج ہوتا ہے (۴۲۶) ایک تشنج حمل میں ہوا کرتا ہے اور (۴۲۷) ایک

تشنج وضع حمل سے قبل ہوتا ہے اور (۴۲۸) ایک تشنج عین حمل میں ہوتا ہے اور (۴۲۹) ایک
تشنج وضع حمل کے بعد ہوتا ہے۔ مذکورہ چاروں قسم کے تشنج مزاجی ہوتے ہیں۔ (۴۳۰) گاہے
وضع حمل کے وقت یکایک درد بند ہو کر تشنج شروع ہو جاتا ہے (۴۳۱) تشنج کا تعلق گاہے
نزف رحمی سے ہوتا ہے حتیٰ کہ وضع حمل کے وقت معمولی نزف الدم سے تشنج ہونے لگتا ہے
(۴۳۲) بعض عورتوں کو اگر وضع حمل میں تیز ہوا لگ جائے تو تشنج ہونے لگتا ہے (۴۳۳)
بعض عورتوں میں دردزہ کے ساتھ ساتھ تشنج پایا گیا ہے۔ (۴۳۴) بعض مزاجوں میں محض نفسانی
خواہش کی کثرت سے تشنج واقع ہوتا ہے۔ (۴۳۵) لیوکوریا پرانے زخم یا ناسور سے مواد
ایکدم رک جانے سے تشنج ہونے لگتا ہے اور (۴۳۶) گاہے لیکوریا انجیکشن سے بند ہو جائے
تو تشنج ہونے لگتا ہے اور پرانے اور دبے ہوئے ناسور جاری ہو جاتے ہیں۔ (۴۳۷) گاہے انقطاع
جریان خون کثیر سے تشنج ہوتا ہے (۴۳۸) بعض بوڑھوں میں بلکہ جوانوں میں بھی جماع کے وقت
پنڈلیوں اور تلووں میں ایسا سخت تشنج ہوتا ہے کہ فعل جماع محال ہو جاتا ہے (۴۳۹) بعض مواقع
میں تشنجی جھٹکے کا احساس ہوا کرتا ہے۔ (۴۴۰) کبھی شدید خوف یا غصہ سے یا جذبات کی تحریک
سے تشنجی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔ (۴۴۱) نوجوان ہسٹیریا زدہ عورتیں اکثر حلق میں گولے کے
اور دم گھٹنے کی شکایت کرتی ہیں یہ دراصل مری کا تشنجی انقباض ہوتا ہے۔ اس گولے کو
وہ نگل کر نیچے اتارنے کی کوشش کیا کریں مگر وہ بار بار اوپر حلق تک آیا کرتا ہے (۴۴۲) ہسٹیریا
گویا دوسرا نام ہے (۴۴۳) ایک تشنج صرع سے تعلق رکھتا ہے۔ کسی مریض کو نیند میں قطعی
جھٹکے لگتے ہیں جن سے گاہے آ جاتی ہے اور (۴۴۵) کسی کو نیند آتے وقت یا نیند آنے
سے جسم میں برقی جھٹکا سا لگتا ہے، جس سے وہ بیدار ہو جاتا ہے۔ اور کبھی درد کے مقامات
میں جھٹکے سے لگتے ہیں، اور کھنچاؤ محسوس ہوتا ہے جو عصبی تناؤ کا نتیجہ ہوتا ہے (۴۴۷) گاہے
بیداری میں سارے جسم میں ادھر ادھر عضلات میں جھٹکے محسوس ہوتے ہیں۔ ایسے مریض اکثر
دو حالتوں سے خالی نہیں ہوتے ہیں، یا تو مزاج بلاسیری ہوتا ہے یا کرم شکم کے مریض ہوتے
ہیں۔ کبھی مرض کے سے جھٹکے ایسے زوردار ہوتے ہیں کہ سارا جسم ہل جاتا ہے۔ (۴۴۸) کسی
مریض کے چہرے یا آنکھ یا ہونٹھ کے عضلات بھی پھڑکا کرتے ہیں۔ ایسے مریضوں کو لقوہ کا

اندیشہ رہتا ہے۔ (۴۴۹) کسی کو نافہ کے مقام پر ڈوری سے ہمہ وقت پیچھے کھنچاؤ کا احساس
ہوتا ہے۔ (۴۵۰) کسی مریضہ کے جسم کا کوئی حصہ دب جائے تو وہاں کے عضلات میں جھٹکے ہونے
لگتے ہیں۔ جس کروٹ لیٹے اس کی وہ ساری کروٹ جھٹکے کھانے لگتی، نیند سے
مانع ہوتی ہے اگر چت لیٹے تو پشت اور شانہ جھٹکے کھانے لگتے ہیں۔ اور نیند سے مانع
ہوتے ہیں۔ مریض تشنج کے مریض ہوتے ہیں (۴۵۱) کرم شکم سے شدید ترین
اور متواتر تشنج سے قوی جوانوں کو بھی مرتے (۴۵۲) دل کی کوڑیوں کے مرض سے بھی
تشنج ہوتا ہے۔ اور (۴۵۳) قلب کے بعض دیگر امراض نیز اور ٹے کے امراض بھی تشنج پر منتج
ہوتے ہیں (۴۵۴) کسی عضو کی طویل محنت کے نتیجہ میں تشنج ہونے لگتا ہے۔ جیسے کہ لکھنے
والوں کے ہاتھ اور انگلیوں کا تشنج یا باجا بجانے والوں کی انگلیوں کا تشنج یا بڑھئی کے
ہاتھ کا تشنج (۴۵۵) شراب خوری بھی مرگی نما تشنج پیدا کرتی ہے۔ (۴۵۶) دماغ کی صلابت یا
دماغ کی رسولی عموماً تشنج کا باعث ہوتی ہے۔ (۴۵۷) بعض اوقات دماغی اوصاف یا اعصاب
عصابیہ کے زخم یا زہریلے جانوروں کے زہر یا سمی دواؤں کی سمیت نیز ہیضہ وغیرہ کے بعض امراض
وبائیہ کے زہریلے اثرات کے نتیجہ میں بھی دماغ کے متاذی ہو کر منقبض ہونے کی وجہ سے
تشنجی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔ (۴۵۸) محرقہ سیر سامی میں تشنج عضو واحد یا تشنج عمومی کثیر
الوقوع ہے (۴۵۹) تشنج کمیں سے تیسی بند ہو جانا عام مشاہدہ ہے۔ (۴۶۰) امراض دماغ
کے علاوہ بکین دچشم ودہان وزبانی کے عضلات میں تشنج واقع ہوتا ہے (۴۶۱) زنگاری تے کے
بعد اس کی سمیت کی اذیت سے تشنج ہوتا ہے۔ (۴۶۲) نخاع پر ہیضہ کا اثر سے یا ہیضہ میں
معدے پر انصباب صفرا کے اثر سے بہت سخت تشنج ہوتا ہے۔ (۴۶۳) معدے کی خرابی
یا آنتوں کے سخت درد سے تشنجی دورے پڑنے لگتے ہیں۔ (۴۶۴) بعض جلدی امراض
کے دانے دب جانے سے تشنج پیدا ہو جاتا ہے۔ (۴۶۵) گاہے دانہ دار بخار کے دانے
دب جانے سے دست آنے لگتے ہیں۔ اور اگر دست بند ہو جائیں تو تشنج ہونے لگتا ہے۔
(۴۶۶) یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ کسی جگہ کا ورم غائب ہو کر یا دانوں کے دب جانے سے یا کسی
اخراج کے بند ہو جانے سے مثلاً دستوں کے بند ہو جانے سے یکایک دیوانگی بحوالہ تشنج

ہونے لگے اور نظر غائب ہو گئی (۴۶۸) ایک خوفناک تشنج ایسا بھی ہوتا ہے جس سے پورا
بائیں جانب متاثر ہوتی ہے اور اس کے بعد فالج ہو جاتا ہے۔ (۴۶۹) گاہے مفلوج اعضا
میں اینٹھن محسوس ہوتی ہے (۴۷۰) بعض پرانے ہسٹیریائی تشنج کا تعلق نخاعی تکالیف
سے ہوتا ہے اور اس میں خوف سے زیادتی ہوتی ہے (۴۷۱) کبھی اعضا میں تشنج اور درد
اور خدر ساتھ ساتھ پائے گئے ہیں جبکہ تینوں کے اسباب یکجا واقع ہو گئے ہوں (۴۷۲)
بعض بخار میں دانے نہ نکلنے سے تشنج ہونے لگتا ہے اور جو بخار کے بعد ہو خطرناک
ہوتا ہے۔ (۴۷۳) کسی مریض کو فالج کے شروع میں تشنج اور سخت درد ہوتا ہے (۴۷۴)
پرانی آتشک سے کسی تباہ حال مریض کو تدریجی تشنج پیدا ہونے لگتا ہے۔ (۴۷۵) صرف
شدید گرمی اور سخت لو چلنے سے اور تیز بخار سے بھی تشنج ہو سکتا ہے (۴۷۶) احساس
والوں کو کسی سے جھگڑا ہو جانے سے یا نہایت سخت پریشانی سے یا نیند نہ
ہونے یا پانی یا آئینہ کی تیز روشنی سے یا ہوا کے جھونکے یا چھو جانے سے تشنج ہونے لگتا
ہے۔ (۴۷۷) ضرب و سقطہ سے (خصوصاً سر کے) تشنج ہوتا ہے (۴۷۸) گاہے آنکھ کے پپوٹوں
کے تشنج سے نظر میں فرق نظر آ جاتا ہے (۴۷۹) ورم گردہ اور احتباس بول بھی تشنج کے
قوی اسباب میں داخل ہیں (۴۸۰) گاہے قلب کے مقام پر درد اور دل بیٹھنے کی سی کیفیت
کے بعد تشنج ہونے لگتا ہے۔ (۴۸۱) معدے کے بائیں حصہ میں عصب موری کے تشنج سے
دل میں درد معلوم ہوتا ہے۔ جس میں آگے کو جھکنے سے شدید تکلیف ہوتی ہے۔ اسے کو
غلطی سے وجع القلب تصور کر لیا جاتا ہے (۴۸۲) گاہے چھوٹے واحد اعضا میں تشنج
واقع ہوتا ہے۔ مثلاً عضروف لمبی کا تشنج یا حنجرہ کا تشنج یا کان کا تشنج (۴۸۳) بعض گرم مزاج
مریضوں کو گرمی کی زیادتی سے مثلاً گرم کمرہ میں یا تشنج ہونے لگتا ہے یا تشنج میں زیادتی
ہو جاتی ہے (۴۸۴) ایک تشنج سخت یبوست سے اعصاب کی اذیت سے پیدا ہوتا ہے
جس کو تشنج یابس کہتے ہیں اس کا علاج کافی غور سے کرنا چاہیئے ورنہ اذیت بڑھ جانے
کا احتمال ہے۔ (۴۸۵) تشنج کے دورے اگر بار بار ہوں تو یہ عام طور پر خطرناک ہوتے ہیں
اس لیئے ان کی طرف جلد توجہ کرنی چاہیئے۔

نزلہ زکام

(۴۸۶) رقیق مخاطی رطوبت کا اخراج اگر ناک کی طرف سے ہو تو اس کو زکام کہتے ہیں۔ اور اگر
اس رطوبت کا اخراج حلق کی طرف سے ہو تو وہ نزلہ کہلاتا ہے (۴۸۷) ضعف اعصاب
سے ناک و حلق کی غشاء مخاطی کی قوت مدافعت کم ہو جاتی ہے۔ اور معمولی اسباب گرمی و سردی
گرد و غبار ہاضمہ کی خرابی وغیرہ کے اثر سے فوراً اور بار بار نزلہ و زکام کی شکایت ہو جاتی ہے
(۴۸۸) اگر نزلہ و زکام کے مناسب علاج میں غفلت سے کام لیا جائے تو ناک و حلق و گردن
کے ماؤف ہو کر دائمی نزلہ کی بنیاد پڑ جاتی ہے (۴۸۹) عوارض نزلہ: ناک و حلق کی
خراش چھینکیں، کھانسی، اعضا شکنی، خفیف ٹمپریچر، پانی پینے اور غذا نگلنے میں حلق میں
تکلیف، آنکھوں میں جلن، آنسو بہنا، درد سر، بھوک کی کمی، قبض، سستی کاہلی، چکر، ہاضمہ
کی خرابی، ضعف سمع و بصر، ضعف دماغ و اعصاب، ناک کی بدبو، قبل از وقت بالوں کی سفیدی
(۴۹۰) حار مزاج میں نزلہ حار سے گاہے بھوک بڑھ جاتی ہے۔ بشرطیکہ مریض کو سوزش معدہ
نزلی کی پرانی شکایت ہو (۴۹۱) نزلہ عام طور پر دو قسم کا ہوتا ہے۔ ایک جدید اور مزمن
(۴۹۲) نزلہ وبائیہ (انفلوئنزا) میں بھی نزلہ کے معمولی عوارض ذرا شدت سے ہوتے ہیں اور
گویا بخار اکثر نمونیا کا اندیشہ ہوتا ہے۔ (۴۹۳) انفلوئنزا کے بعد گاہے قوت ذائقہ و شامہ
میں فتور آ جاتا ہے۔ (۴۹۴) بعض لوگ ایسے ہوتے ہیں کہ جب ان کا معدہ خراب ہو
جاتا ہے تو عموماً ان کو نزلہ کی شکایت ہو جاتی ہے۔ بدہضمی سے بھی ان کو نزلہ ہو جاتا ہے
یہ لوگ عموماً معدے کے مزمن نزلہ کے مریض ہوتے ہیں۔ (۴۹۵) نزلہ حار کھلی ہوا میں پھرنے
سے ٹھیک رہتا ہے۔ نیز کھانا کھانے کے فوراً بعد کم ہو جاتا ہے۔ (۴۹۶) نزلہ حار گاہے
دن میں بہتا رہتا ہے۔ اور رات کو خشک و بند ہو جاتا ہے۔ (۴۹۷) بعض عورتوں کو ماہواری
سے قبل نزلہ ہو جاتا ہے (۴۹۸) غلیظ نزلہ سے یا تیز نزلہ کی سوزش سے مصفات کی غشاء عظم
کے نقص سے باعث نزلہ و زکام خوشبو بدبو محسوس نہیں ہوتی ہے (۴۹۹) عسر الطمث کے
عوارض میں نزلہ بھی داخل ہے (۵۰۰) نزلہ پھیپھڑوں کے نیچے سے اوپر کو آتا ہوا

محسوس ہوتا ہے (۵۰۱) نزلہ کا ہے دونوں ابروؤں کے درمیان پیشانی کی خلا میں بند ہو جاتا ہے اور وہاں ابھار پیدا کر دیتا ہے۔ (۵۰۲) ایک مخصوص مزمن نزلہ ہر سال ماہ اگست میں زور کرتا ہے اس کا کوئی مریض اتفاق سے مل جاتا ہے۔ (۵۰۳) کونین کے غلط اور کثیر استعمال سے بھی نزلہ ہو جاتا ہے۔ (۵۰۴) ضعیف اور حساس اعصاب والوں کو موسم کی ہر تبدیلی سے نزلہ و زکام ہو جایا کرتا ہے نیز (۵۰۵) غسل سے نزلہ ہو جاتا ہے۔ اسی لیے ایسے لوگ غسل سے بچتے ہیں بلکہ بعض عورتوں کو تو ہوا کے ہر تند جھونکے سے نزلہ ہو جاتا ہے (۵۰۶) بہت زیادہ گرم ہو جانے سے یا گرم سرد ہو جانے سے بھی نزلہ زکام کی شکایت ہو جاتی ہے (۵۰۷) بعض بچوں کا پیٹ خراب ہونے سے ان کو نزلہ ہو جاتا ہے۔ بلکہ سینہ میں اتر کر دمہ پیدا کر دیتا ہے۔ یہ بات کراچی میں زیادہ پائی جاتی ہے۔ (۵۰۸) چہرہ اور سر کا ایگزیما دب جانے سے نزلہ شروع ہو جاتا ہے (۵۰۹) پاؤں کا پسینہ دب جانے سے بہت خراب نزلہ پیچھے پڑ جاتا ہے۔ اسی طرح (۵۱۰) ناصور مقعد بند یا درست ہو جانے کے بعد نزلہ مسلط ہو جاتا ہے (۵۱۱) گرم مزاج میں نزلہ حار اسقدر تیز ہوتا ہے کہ ناک کے نتھنے اور بالائی ہونٹھ چھل جاتے ہیں اور ناک میں آگ لگی ہوئی معلوم ہوتی ہے (۵۱۲) حلق کا نزلہ گاہے نفانغ اور درمیانی کان تک سرایت کر جاتا ہے (۵۱۳) نزلہ حار سرد کمرے میں رہنے سے بہتا رہتا ہے اور گرم کمرے میں چلے جانے سے رک جاتا ہے۔ (۵۱۴) گاہے نزلہ حار ناک میں زخم ڈال دیتا ہے۔ (۵۱۵) جدید زکام میں کسی مریض کا دایاں نتھنا بند رہتا ہے اور بائیں نتھنے سے تیز کیفیت کا پانی بہتا ہے۔ اور زکام ختم ہو جاتا ہے۔ یا چوبیس گھنٹے بعد یا دو تین روز بعد بایاں نتھنا بند ہو کر دایاں نتھنا بہنے لگتا ہے۔ (۵۱۶) جدید زکام میں ناک سے سادہ پانی اور آنکھوں سے تیزابی پانی جاری ہو یا اس کے برعکس ہو (۵۱۷) دیرپا نزلہ سے گاہے حلق کے غدد بڑھ جاتے ہیں (۵۱۸) مزمن نزلہ سے گاہے ناک کی ہڈیاں گلنے لگتی ہیں، ایسے نزلہ میں کوئی سی کیفیت ضرور ہوتی ہے (۵۱۹) کبھی نزلہ رک جانے سے اس میں بدبو پیدا ہو جاتی ہے۔ (۵۲۰) ناک، کان، آنکھ دماغ حلق و سینہ کے علاوہ معدہ جگر امعاء گردہ مثانہ میں بھی نزلہ ہوا کرتا ہے۔ (۵۲۱) سوزاک دب جانے سے گاہے نزلہ قائم ہو جاتا ہے۔

(۵۲۲) نزلہ اور گنٹھیا کا باہمی تبادلہ ہوتا ہے ایک جاتا ہے تو دوسرا آ جاتا ہے (۵۲۳) نزلی رطوبات کے ساتھ کبھی ناک سے خون بھی نکلا کرتا ہے (۵۲۴) کلوروسس والی لڑکیوں میں خراب اور دیرپا نزلہ دیکھا گیا ہے جو گاہے پر خطر ثابت ہوا ہے (۵۲۵) جگر کی بعض خرابی بھی نزلہ زکام و سعال پیدا کرتی ہے اور جب تک جگر کے ایسے علاج میں نزلہ کی پوری رعایت نہ کی جائے فائدہ نہیں ہوتا (۵۲۶) کثیر نزلی کیفیت کے ساتھ کبھی صبح کو دست بھی آیا کرتے ہیں، اور کبھی نزلہ میں دست آ جاتے ہیں نزلہ ختم ہو جاتا ہے۔ (۵۲۷) نزلہ مزمن میں ناک کی اغشیہ مخاطیہ میں ورم ہو کر خنادیق بند ہو جاتی ہیں۔ جس سے تنفس میں رکاوٹ ہوتی ہے ناک کی دیوار خراب ہو جاتی ہے ناک میں کیڑے پڑ جاتے ہیں اور بدبو آنے لگتی ہے (۵۲۸) گاہے بواسیر کا خون رک جانے سے مزمن نزلہ کی شکایت ہو جاتی ہے (۵۲۹) آتشک سے یا پارہ کے غلط استعمال سے بھی خراب قسم کا نزلہ پیدا ہو جاتا ہے (۵۳۰) خراب نزلہ سے ناک میں سے پیدا ہو جاتے ہیں۔ ناک بند ہو جاتی ہے۔ منہ سے سانس لینا پڑتا ہے۔ بلکہ ناک کی کریاں اور ہڈیاں تک گلنے لگتی ہیں۔ (۵۳۱) غدد انفیہ خلیفہ کے ورم و عظم سے نزلہ رہنے لگتا ہے۔ ڈاکٹر صاحبان اور غدد کو کاٹ دیا کرتے ہیں، جس سے عارضی فائدہ ہوتا ہے۔ آپریشن کے بجائے ان کو دوائی علاج سے درست کرنا چاہیئے یہ زیادہ اچھا اور صحیح طریقہ کار ہے۔

امراض راس

نزلہ و زکام

(۵۳۲) بدترین نزلہ مقامی علاج سے درست ہو کر سینہ میں اتر جائے دق ہو جائے (۵۳۳) درد سر کہنہ جاتا رہنے کے بعد نزلہ کی تعداد بڑھ جائے اور نزلہ سے ناک حلق و سینہ متاثر ہو اور مقامات میں کچا پن اور آگ کی سی سوزش ہو (۵۳۴) دیرپا نزلہ ادویہ سے نہ جائے اور پھولوں کی خوشبو سے اخراج زیادتی ہو جائے۔ بلکہ پھولوں کی بو کے خیال سے چھینکیں لگیں اور نزلی رطوبات کا اخراج بڑھ جائے۔ اسی طرح اردگرد چیزوں اور بوؤں سے اذیت ہو اور نزلہ بڑھ جائے (۵۳۶) جن بچوں کے دانت نکل چکے ہوں۔ اگر پھر بھی ان کو صرف پر

رکھا جائے تو ان بچوں میں نزلہ کی استعداد پیدا ہو جاتی ہے اور ان کو بار بار نزلہ رہتا ہے۔
(۵۳۶) گاہے دیر پا خبیث غلیظ بڑے بڑے زرد و سبز فضلات کے موٹے چھلکے یا زردی
کھرنڈ خون کے ساتھ ناک سنکنے میں نکلتے ہیں۔ نزلہ کے مقامی سے یہ کیفیت
درست ہو جاتی ہے، مگر نزلہ سینہ میں اتر کر پیدا کر دیتا ہے (۵۳۷) گاہے نزلہ زکام کی مقعد
اخراجی میں اندرونی اعضاء محفوظ رہتے ہیں۔ لیکن جب نزلہ رک جاتا ہے تو اندرونی اہم
اعضاء کو خطرہ لاحق ہو جاتا ہے۔ (۵۳۸) چنانچہ خارش کہنہ پچیس سالہ کو دفع کیا ہے۔ نیز دبیع
شدید جب کہ مرکبات سورنجان واذاراقی وغیرہ ناکام تھے، سخت زکام ہو جانے سے
جاتا رہا ہے۔ اس کا تجربہ یہاں تک ہوا ہے کہ اس سے جذام کے عوارض میں بھی کمی دیکھی
گئی ہے۔ (۵۳۹) گاہے ناک سے مشک کی خوشبو آتی ہے اور جہلاء یہ سمجھنے لگتے ہیں کہ
یہ کوئی روحانی فیضان ہے۔ حالانکہ یہ شامہ کا ایک نقص ہے۔ (۵۴۰) کبھی ایسا بھی اتفاق ہوتا
ہے کہ نزلہ زکام تکبیر چلنے سے ختم ہو جاتا ہے۔

امراضِ چشم

(۵۴۱) آشوب چشم آنکھ کے پردہ ملتحمہ کی سوزش ہوتی ہے۔ اس میں آنکھ متورم و سرخ
ہو جاتی ہے۔ آنکھ سے پانی بہتا ہے صبح اٹھنے پر پلکیں چپک جاتی ہیں۔ آنکھ میں میل بہت
آتا ہے کھٹک اور درد بہت ہوتا ہے۔ بچوں کو یہ مرض زیادہ ہوا کرتا ہے۔ (۵۴۲) آشوب
چشم کے عام اسباب :۔ نزلہ، یکایک نہایت سرد ہوا لگنا، دھوپ و گرمی میں سفر کرنا،
شب بیداری، آنکھ میں کوئی چیز گر جانا، آنکھ پر چوٹ لگنا، خرابی شکم، بچوں میں دانت
نکلنا،

(۵۴۳) آشوب چشم کے عوارض :۔ قبض، دردسر، نیند کی کمی، بھوک کی کمی، ظلمت و
ضعف بصر، حول اردے ہے۔ ناخنہ، جالا پھولا، زخم، فقدان بصر، (۵۴۴) آشوب چشم عموماً
نزلی ہوا کرتا ہے۔ مگر کبھی گٹھیا دی اور خنازیری بھی ہوتا ہے۔ (۵۴۵) بعض بچوں کو دانت
نکلنے کے وقت آشوب چشم ضرور ہوتا ہے۔ ان کو دوسری تکالیف مثلاً اسہال وغیرہ نہیں،

ہوتے (۵۴۶) بعض عورتوں کو ایام ماہواری کی خرابی سے آشوب چشم ہوتا ہے (۵۴۷) بعض
لوگ دائماً آشوب چشم میں مبتلا رہتے ہیں۔ یہ حالت یا تو کسی کمی مرض کا نتیجہ ہوتی ہے یا موروثی
ہوتی ہے۔ (۵۴۸) احتباس طمث اور حبس دم یا امیر گلہ ہے آشوب چشم پیدا کرتے ہیں۔
(۵۴۹) بعض مردوں میں تجرد بھی آشوب چشم کا باعث ہوتا ہے۔ (۵۵۰) آشوب چشم یا صرف
آنکھوں کے لویوں میں میل کا آنا پیٹ کی خرابی سے بھی ہوتا ہے (۵۵۱) نقرسی آشوب چشم
کے مریض اتفاق سے ملتے ہیں۔ (۵۵۲) گٹھیا اور آشوب چشم کا باہمی تبادلہ بھی اتفاق سے دیکھنے
میں آتا ہے۔ (۵۵۳) کسی مریض میں جب سردی کا اثر ہوتا ہے تو صرف آنکھوں میں ہوتا ہے
آنکھیں سرخ ہو جاتی ہیں اور آشوب چشم ہو جاتا ہے۔ (۵۵۴) خسرہ، چیچک، خناق و وبائی
میں بھی آشوب چشم اکثر ہوتا ہے۔ چیچک میں تو جالا پھولا بھی پڑ جاتا ہے۔ بلکہ ڈھیلا پھوٹ
جاتا ہے اور آنکھ بیٹھ جاتی ہے (۵۵۵) عام آشوب چشم یعنی سوزش ملتحمہ میں آنکھ کی ساری
جھلی میں سرخی ہوتی ہے۔ عنبیہ و قرنیہ و پتلی میں کچھ فرق نہیں آتا (۵۵۶) آشوب چشم یعنی
سوزش عنبیہ میں قرنیہ کے ارد گرد لال دائرہ ہو جاتا ہے۔ پپوٹوں کے اندر کی جھلی سرخ نہیں
ہوتی ہے۔ سر میں درد اور آنکھ میں بہت کھٹک ہوتی ہے۔ نظر میں فرق آ جاتا ہے (۵۵۷)
آشوب چشم یعنی سوزش قرنیہ میں قرنیہ کے آس پاس گہری سرخی ہوتی ہے۔ پانی بہت نکلتا
ہے۔ روشنی کی طرف مریض دیکھ نہیں سکتا نظر میں فرق آ جاتا ہے۔ (۵۵۸) شعدی رمد نزلی
وبائی طور پر بھی پھیلتا ہے۔ اس میں معمولی آشوب سے نسبتاً زیادہ تکلیف ہوتی ہے (۵۵۹)
گاہے آشوب چشم سوزاک کی وجہ سے ہوتا ہے۔ یا تو سوزاک کا مادہ ہاتھ سے آنکھ میں لگ
جاتا ہے یا خون میں سرایت کر کے آنکھ میں پہنچتا ہے۔ اس میں عموماً عدم تشخیص کی وجہ
سے علاج کے باوجود پتلی کا تل (سوراخ) زخم کی وجہ سے چپک کر بند ہو جاتا ہے اور ایک
باریک عمودی خط بن کر رہ جاتا ہے۔ اور بصارت زائل ہو جاتی ہے۔ (۵۶۰) رمد آتشکی
میں ملتحمہ تانبے کے رنگ کا ہوتا ہے۔ آنسو بہت آتے ہیں۔ روشنی سے اذیت و نفرت ہوتی
ہے۔ بلکہ خوف ہوتا ہے، پتلی سکڑ جاتی ہے، عنبیہ بے حرکت ہو جاتا ہے۔ (۵۶۱) کوئی
سمی کیفیت کی دوا کھا لینے سے یا کسی خبیث مرض سے آنکھیں اسقدر حساس ہو جاتی ہیں کہ

رکھا جائے تو ان بچوں میں نزلہ کی استعداد پیدا ہو جاتی ہے اور ان کو بار بار نزلہ رہتا ہے۔
(۵۳۶) گاہے دیر پا خبیث غلیظ بڑے بڑے زرد و سبز مخاط کے موٹے چھلکے یا زردی
کھرنڈ خون کے ساتھ ناک سنکنے میں نکلتے ہیں۔ نزلہ کے مقامی سے یہ کیفیت
درست ہو جاتی ہے، مگر نزلہ سینہ میں اتر کر پیدا کر دیتا ہے (۵۳۷) گاہے نزلہ زکام کی مقعد
اخراجی میں اندرونی اعضاء محفوظ رہتے ہیں۔ لیکن جب نزلہ رک جاتا ہے تو اندرونی اہم
اعضاء کو خطرہ لاحق ہو جاتا ہے۔ (۵۳۸) چنانچہ خارش کہنہ پچیس سالہ کو دفع کیا ہے۔ نیز وجع
شدید جب کہ مرکبات سورنجان و اذاراقی وغیرہ ناکام تھے، سخت زکام ہو جانے سے
جاتا رہا ہے۔ اس کا تجربہ یہاں تک ہوا ہے کہ اس سے جذام کے عوارض میں بھی کمی دیکھی
گئی ہے۔ (۵۳۹) گاہے ناک سے مشک کی خوشبو آتی ہے اور جہلاء یہ سمجھنے لگتے ہیں کہ
یہ کوئی روحانی فیضان ہے۔ حالانکہ یہ شامہ کا ایک نقص ہے۔ (۵۴۰) کبھی ایسا بھی اتفاق ہوتا
ہے کہ نزلہ، زکام نکسیر چلنے سے ختم ہو جاتا ہے۔

امراضِ چشم

(۵۴۱) آشوب چشم آنکھ کے پردہ ملتحمہ کی سوزش ہوتی ہے۔ اس میں آنکھ متورم و سرخ
ہو جاتی ہے۔ آنکھ سے پانی بہتا ہے صبح اٹھنے پر پلکیں چپک جاتی ہیں۔ آنکھ میں میل بہت
آتا ہے کھٹک اور درد بہت ہوتا ہے۔ بچوں کو یہ مرض زیادہ ہوا کرتا ہے۔ (۵۴۲) آشوب
چشم کے عام اسباب :۔ نزلہ، یکایک نہایت سرد ہوا لگنا۔ دھوپ و گرمی میں سفر کرنا،
شب بیداری، آنکھ میں کوئی چیز گر جانا، آنکھ پر چوٹ لگنا، خرابی شکم، بچوں میں دانت
نکلنا،
(۵۴۳) آشوب چشم کے عوارض :۔ قبض، دردسر، نیند کی کمی، بھوک کی کمی، ظلمت و
ضعف بصر، حولی اردہ ہے۔ ناخنہ، جالا پھولا، زخم، فقدان بصر، (۵۴۴) آشوب چشم عموماً
نزلی ہوا کرتا ہے۔ مگر کبھی گنٹھیاوی اور خنازیری بھی ہوتا ہے۔ (۵۴۵) بعض بچوں کو دانت
نکلنے کے وقت آشوب چشم ضرور ہوتا ہے۔ ان کو دوسری تکالیف مثلاً اسہال وغیرہ نہیں

ہوتے (۵۴۶) بعض عورتوں کو ایام ماہواری کی خرابی سے آشوب چشم ہوتا ہے (۵۴۷) بعض
لوگ دائماً آشوب چشم میں مبتلا رہتے ہیں۔ یہ حالت یا تو کسی کمی مرض کا نتیجہ ہوتی ہے یا موروثی
ہوتی ہے۔ (۵۴۸) احتباس طمث اور حبس دم بواسیر گاہے آشوب چشم پیدا کرتے ہیں۔
(۵۴۹) بعض مردوں میں تجرد بھی آشوب چشم کا باعث ہوتا ہے۔ (۵۵۰) آشوب چشم یا صرف
آنکھوں کے کوئیوں میں میل کا آنا پیٹ کی خرابی سے بھی ہوتا ہے (۵۵۱) نقرسی آشوب چشم
کے مریض اتفاق سے ملتے ہیں۔ (۵۵۲) گنٹھیا اور آشوب چشم کا باہمی تبادلہ بھی اتفاق سے دیکھنے
میں آتا ہے۔ (۵۵۳) کسی مریض میں جب سردی کا اثر ہوتا ہے تو صرف آنکھوں میں ہوتا ہے
آنکھیں سرخ ہو جاتی ہیں اور آشوب چشم ہو جاتا ہے۔ (۵۵۴) خسرہ، چیچک، خناق و وبائی
میں بھی آشوب چشم اکثر ہوتا ہے۔ چیچک میں تو جالا پھولا بھی پڑ جاتا ہے۔ بلکہ ڈھیلا پھوٹ
جاتا ہے اور آنکھ بیٹھ جاتی ہے (۵۵۵) عام آشوب چشم یعنی سوزش ملتحمہ میں آنکھ کی ساری
جھلی میں سرخی ہوتی ہے۔ عنبیہ و قرنیہ و پتلی میں کچھ فرق نہیں آتا (۵۵۶) آشوب چشم یعنی
سوزش عنبیہ میں قرنیہ کے ارد گرد لال دائرہ ہو جاتا ہے۔ پپوٹوں کے اندر کی جھلی سرخ نہیں
ہوتی ہے۔ سر میں درد اور آنکھ میں بہت کھٹک ہوتی ہے۔ نظر میں فرق آ جاتا ہے (۵۵۷)
آشوب چشم یعنی سوزش قرنیہ میں قرنیہ کے آس پاس گہری سرخی ہوتی ہے۔ پانی بہت نکلتا
ہے۔ روشنی کی طرف مریض دیکھ نہیں سکتا نظر میں فرق آ جاتا ہے۔ (۵۵۸) شعدی رمد نزلی
وبائی طور پر بھی پھیلتا ہے۔ اس میں معمولی آشوب سے نسبتاً زیادہ تکلیف ہوتی ہے (۵۵۹)
گاہے آشوب چشم سوزاک کی وجہ سے ہوتا ہے۔ یا تو سوزاک کا مادہ ہاتھ سے آنکھ میں لگ
جاتا ہے یا خون میں سرایت کر کے آنکھ میں پہنچتا ہے۔ اس میں عموماً عدم تشخیص کی وجہ
سے علاج کے باوجود پتلی کا تل (سوراخ) زخم کی وجہ سے چپک کر بند ہو جاتا ہے اور ایک
باریک عمودی خط میں کر رہ جاتا ہے۔ اور بصارت زائل ہو جاتی ہے۔ (۵۶۰) رمد آتشکی
میں ملتحمہ تانبے کے رنگ کا ہوتا ہے۔ آنسو بہت آتے ہیں۔ روشنی سے اذیت و نفرت ہوتی
ہے۔ بلکہ خوف ہوتا ہے، پتلی سکڑ جاتی ہے، عنبیہ بے حرکت ہو جاتا ہے۔ (۵۶۱) کوئی
سمی کیفیت کی دوا کھا لینے سے یا کسی خبیث مرض سے آنکھیں اس قدر حساس ہو جاتی ہیں کہ

عوارض شکم

کرم شکم:۔ (۲۰۳۳) کرم شکم عام طور پر تین قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک تو باریک چھوٹے سفید چاول نما جن کو چنونے کہتے ہیں دوسرے لمبے قراطین کی طرح یہ کیچوے کہلاتے ہیں۔ تیسرے کدو دانے جو تخم کدو کے مشابہ ہوتے ہیں اور باہم مل کر زنجیر سی بناتے ہیں۔ (۲۰۳۴) چنونے عموماً شیر خوار یا چھوٹے بچوں میں پائے جاتے ہیں اگرچہ بعض جوان آدمیوں میں بھی دیکھے گئے ہیں۔ بچوں کو یہ کیڑے رات کو بہت پریشان کرتے ہیں۔ مبرز میں خارش ہوتی ہے (۲۰۳۵) کیچوے بچوں اور بڑوں سب میں پائے جاتے ہیں (۲۰۳۶) کدو دانے بچوں میں کم بڑوں میں زیادہ ہوتے ہیں۔ (۲۰۳۷) کرم شکم میں مریض کے منہ سے سوتے میں رال بہتی ہے نیز مریض حالت خواب میں دانت پیستا ہے (۲۰۳۸) کرم شکم سے بھوک پر اثر پڑتا ہے یا تو بھوک بہت بڑھ جاتی ہے یا گھٹ جاتی ہے (۲۰۳۹) کیچوے بہت پرانے ہو جائیں تو ان کی سمیت سے تشنجی دورے پڑنے لگتے ہیں۔ سارا جسم بری طرح اینٹھتا ہے۔ ان تشنجی دوروں میں اسقدر سخت تکلیف ہوتی ہے کہ اچھے جوانوں کو ان دوروں سے مرتے دیکھا ہے (۲۰۴۰) کرم شکم سے مرگی کا عارضہ لاحق ہو جاتا ہے جس کو صرع دیدانی کہتے ہیں۔ (۲۰۴۱) ایک ایک دو دو چار چار کدو دانے چلتے پھرتے میں نکل جایا کرتے ہیں یا ان کی زنجیر کا کوئی چھوٹا سا ٹکڑا خارج ہو جاتا ہے یہ چیز مریض کو بہت ناگوار ہوتی ہے۔ (۲۰۴۲) کبھی کوئی کیچوا مریض کے منہ کی راہ میں نکل آتا ہے بلکہ بعض مریض کے منہ سے موت کے بعد بھی نکلا ہے (۲۰۴۳) کرم شکم کے بعض مریض ایسے بھی دیکھنے میں آئے ہیں کہ ان کو تمام عمر کبھی کوئی ایسی تکلیف یا شکایت نہیں ہوئی جس سے کیچوے کا گمان بھی ہو سکتا ہو لیکن وہ پرانے کیچووں کے مریض تھے اور یہی ان کا مرض الموت ثابت ہوا چنانچہ پیٹ میں درد پیدا ہوا اور ایک موجی حرکت پیدا ہوتی جو سطح شکم پر صاف نظر آتی تھی، نیچے سے اوپر کو آتی تھی اور اوپر سے نیچے کو جاتی تھی لہروں کی شکل میں، اس کے ساتھ سخت درد شکم ہوتا تھا جو بہت قوی دافع درد و محلل ریاح ادویہ سے عارضی طور پر کم ہو جاتا تھا۔ اکثر معالجین کا خیال ایسی کسی مریضہ کے متعلق رحم کے عوارض کی

طرف اور کسی مرد مریض کے متعلق و اعصاب کی طرف جاتا تھا۔ ڈاکٹر حضرات کینسر کا شک کرتے تھے لیکن آخر میں وہ کیچوے ثابت ہوئے اور بعض مریضوں کی موت کا باعث ہوئے۔ (۲۰۴۴) بالکل یہی کیفیت بعض عورتوں کو ولادت طفل کے بعد لاحق ہو جاتی ہے اور صحیح تشخیص نہ ہونے اور شدت تکلیف سے آخر جاں بحق ہو جاتی ہیں۔ (۲۰۴۵) پرانے کرم شکم پیٹ میں درد کا باعث ہوتے ہیں چنانچہ درد شکم اگر کہنہ ہو جائے اور کوئی دوسری خاص علامت نہ ہو تو کیڑوں کا شک ضرور کرنا چاہیئے۔ بعض مریض کیڑوں کے درد سے مہینوں نہیں سو سکے ہیں۔ اور نہایت لاغر ہو گئے (۲۰۴۶) کرم شکم کے بعض مریضوں کو بھوک کے وقت کوئی چیز اوپر کو چڑھتی ہوتی ہے (۲۰۴۷) کرم شکم کے مریض کے ہونٹھ اکثر خشک ہوتے ہیں۔ (۲۰۴۸) کرم شکم کے سبب سے منہ سے بدبو آنے لگتی ہے۔ (۲۰۴۹) کرم شکم کی ایک علامت یہ بھی ہے کہ پاخانہ چکنا ہوتا ہے (۲۰۵۰) کرم شکم کا مریض بچہ اکثر اپنی ناک کھجایا کرتا ہے (۲۰۵۱) کرم شکم کے ساتھ دل کی بعض تکالیف ناک کی خارش اور پیٹ میں درد اور ریاح کا اجتماع پایا جاتا ہے (۲۰۵۲) دہن کے ارد گرد سفیدی یا نیلاہٹ کرم شکم کی علامت ہے۔ (۲۰۵۳) کرم شکم سرطان کی استعداد ظاہر کرتے ہیں۔ آنتوں کے ایک خاص بگاڑ اور خصوصاً عفونتی استعداد سے ان کیڑوں کی تولید ہوتی ہے یہی عفونتی بگاڑ جب بعض دیگر خبیث امراض کی سمیت کے ساتھ مل کر کام کرتا ہے تو سرطان کی استعداد پیدا ہوتی ہے (۲۰۵۴) کیچوا کبھی حلق میں پھنس جاتا ہے اور ہلاکت کا باعث ہوتا ہے (۲۰۵۵) کرم شکم سے کسی مریض کو بخار رہنے لگتا ہے جس سے دق کا شک ہوتا ہے۔ (۲۰۵۶) سینہ میں ایک حرکت کا احساس ہوتا ہے اور کبھی جگر بڑھ جاتا ہے بلکہ سرطان کبد کا گمان ہوتا ہے (۲۰۵۷) بعض مریض کو گھبراہٹ ہوتی ہے بلکہ اختلاج ہونے لگتا ہے اور غشی تک نوبت پہنچتی ہے۔ (۲۰۵۸) کرم شکم سے کسی مریض کو قے الدم کی شکایت ہو جاتی ہے۔ (۲۰۵۹) پیٹ میں ریاح گولے کا دھوکا ہوتا ہے اور وہ سوائے کیڑوں کے کچھ نہیں ہوتا (۲۰۶۰) کرم شکم سے منہ اور زبان میں ورم آ جاتا ہے (۲۰۶۱) کرم شکم سے پیٹ بڑھ جاتا ہے اور اس میں صلابت پیدا ہو جاتی ہے (۲۰۶۲) گاہے بدہضمی ہو کر غیر منہضم غذا خارج ہوتی ہے (۲۰۶۳) کرم شکم

ئیں کیچوے نے مجرائے بول سے اپنا سر باہر نکالا اس کو پکڑ کر کھینچ کر باہر نکالا گیا تب پتہ چلا کہ یہ ساری اس کیچوے کی تھی۔ یہی کیچوا مثانہ میں حرکت کیا کرتا تھا۔ جس سے آواز کے ساتھ سرسراہٹ محسوس ہوتی تھی اور اسی کی خراش کی وجہ سے مثانہ سے پیشاب کے ساتھ پیپ آرہی تھی۔ اس کے بعد یہ کیفیت ہو گئی کہ مریض کوئی دال کھاتا تو دال کے ریزے پیشاب میں نکلتے اور پان کھاتا تو پان کے ریزے پیشاب میں برآمد ہوتے اور شناخت ہوتے تھے، معلوم ہوا کہ کیچوا آنتوں میں سوراخ کر کے گردے میں پہنچا وہاں سے مجرائے بول کے راستہ سے مثانہ میں آیا اور مثانہ کو نقصان پہنچا کر ایک روز پیشاب کے ساتھ خارج ہوا اور اپنا بنایا ہوا یہ راستہ قائم کر گیا۔ اسی راستہ سے ماکولات کے ریزے پیشاب میں برآمد ہوتے رہے۔

(۲۰۷۷) یہ بھی مشاہدہ میں آیا ہے کہ کیچوے چھوٹے بچے کا پیٹ پھاڑ کر نکل آئے اور بچے کی زندگی کا چراغ اسی وقت گل ہو گیا۔ جوانوں کا پیٹ پھاڑ کر بھی کیچوے نکلے ہیں، مگر ان کی ہلاکت واقع نہیں ہوئی صرف زخم آیا جو مناسب ڈریسنگ سے چند روز میں درست ہو گیا۔

(۲۰۷۸) ایک بوڑھی مریضہ کو بائیس سال سے دردِ شکم کی سخت تکلیف تھی۔ اس کے پیٹ میں پندرہ بیس بڑی گانٹھیں تھیں جو خوب محسوس ہوتی تھیں۔ زیادہ تر ڈاکٹری علاج ہوتا رہا مگر کسی علاج سے افاقہ نہ ہوا۔ اصل میں اس کا بیان بڑا گمراہ کن تھا۔ وہ جب کسی معالج کے پاس جاتی تو یہ کہتی کہ میرے ساتھ یہ میرا بائیس سالہ لڑکا ہے۔ اس کی پیدائش کے وقت سے یہ تکلیف ہوئی۔ جو اب تک موجود ہے۔ اور اس لڑکے کی پیدائش کے لیئے میرا پیٹ چیرا گیا تھا اس کے اس بیان سے ہر معالج یہ سمجھتا تھا کہ غالباً ولادت کے سلسلہ میں پیٹ کے اپریشن کی وجہ سے شکایت پیدا ہوئی اور یہ گانٹھیں بھی اسی سلسلہ میں ہیں۔ آخر جب مریضہ دوائی علاج سے تھک گئی تو ایک امریکن مشن ہسپتال میں گئی اور پیٹ کے اپریشن کے لئے راضی ہو گئی۔ اپریشن ہوتے ہی وہ سب گانٹھیں باہر نکل پڑیں اور وہ سب کیچوے تھے۔ جو بیسیوں کی تعداد میں باہم لپٹے ہوئے تھے، اور گیندوں کی صورت اختیار کر لی تھی۔ اپریشن سے اسکو تکلیف سے نجات ملی اور صحت یاب ہو گئی۔

بواسیر ہا۔

(۲۰۷۹) غیر محتاط لوگوں کا ہاضمہ ثقیل چیزوں کے کثرت استعمال سے نیز مداخل غذا سے اور ورزش نہ کرنے سے خراب ہو کر اور جگر کمزور ہو کر کچھ عرصہ بعد مقعد کے کنارے پر مسّے پیدا ہو جاتے ہیں اسی کا نام بواسیر ہے (۲۰۸۰) بواسیر دو قسم کی ہوتی ہے ریاحی بواسیر اور خونی بواسیر، ریاحی بواسیر کو ریح البواسیر اور بادی بواسیر بھی کہتے ہیں۔ (۲۰۸۱) قبض اور ریاح کی کثرت دونوں قسم کی بواسیر میں کم و بیش ہوتی ہے۔ (۲۰۸۲) ہاضمہ خراب ہو جاتا ہے اور ریاحی بواسیر میں بھی کبھی کبھی خون کے چند قطرے آجاتے ہیں۔ خونی بواسیر میں خون بکثرت قطروں یا دھار کی صورت میں آتا ہے جس سے مریض جلد کمزور اور زرد پڑ جاتا ہے۔ (۲۰۸۳) مسّے زیادہ اکثر خارش ہوتی ہے (۲۰۸۴) بہت چھوٹے مسے شروع میں معاء مستقیم کے آخری حصہ میں اندر پیدا ہوتے ہیں، زیادہ عرصہ گزرنے کے بعد مسّے کے بیرونی کنارے پر مسے نمودار ہوتے ہیں (۲۰۸۵) کبھی مسّوں سے انڈے کی سفیدی کے مانند ایک رقیق مادہ بکثرت خارج ہوتا رہتا ہے۔ (۲۰۸۶) بواسیر کے مریض کی صحت ہمیشہ خراب رہتی ہے۔ خیالات پریشان رہتے ہیں۔ کام کاج میں جی نہیں لگتا، بھوک اچھی نہیں لگتی (۲۰۸۷) کبھی سخت ترین قبض سے یکایک بواسیری مسے ظاہر ہو جاتے ہیں۔

(۲۰۸۸) خونی بواسیر کا خون ایک دم سختی کے ساتھ روک دینے سے یا بادی بواسیر کو ایک دم دبا دینے سے مریض زندہ درگور ہو جاتا ہے۔ اور کسی کام کا نہیں رہتا۔ (۲۰۸۹) عورتوں کو دوران حمل میں آنتوں پر دباؤ پڑ کر بواسیر کی شکایت ہو جاتی ہے۔ (۲۰۹۰) ریاح اکثر جوف شکم میں گھومتے رہتے ہیں، مگر کبھی سارے جسم میں پھیل جاتے ہیں۔ جوڑوں میں چلے جاتے ہیں، جوڑ کھنچتے ہیں۔ دل پر دباؤ سے اختلاج ہوتا ہے اور دماغ پر دباؤ سے پریشان خیالی سے مراق و مالیخولیا تک نوبت پہنچتی ہے۔ (۲۰۹۱) کبھی آنتیں خراب ہو کر دست جاری ہو جاتے ہیں جو اسہال بواسیر کہلاتے ہیں۔ (۲۰۹۲) مسوں کا اپریشن کرانا یا بغیر شدید ضرورت کے بواسیر کا خون بند کرنا اچھا نہیں ہے۔ ناقص خون بند ہو جانے سے اعضائے رئیسہ متاثر ہو کر خطرناک امراض پیدا ہو جاتے ہیں۔ (۲۰۹۳) استسقائے بواسیری میں اکثر معالج استسقائے کبدی کا علاج کرتے ہیں، اور مریض

سے کبھی کثرت اسہال کی شکایت ہو جاتی ہے۔ اور کبھی پیچش ہو جاتی ہے۔ (۲۰۶۴) کرم شکم
کبھی سینہ و پسلیوں و پشت میں درد پیدا کرتے ہیں (۲۰۶۵) کسی مریض کی آنکھ کی پتلیاں پھیل
جاتی ہیں اور چکر آتے ہیں۔ (۲۰۶۶) کبھی باتیں کرتے ہوئے میں پیچھے کی طرف شدید درد ہوتا ہے۔ جو
کولہے کے اوپر سے شکم میں نیچے خانہ میں جاتا ہے۔ اور پیشاب میں کبھی خون بھی آجاتا ہے۔
(۲۰۶۷) کرم شکم سے کبھی وجع الفؤاد کی علامت پیدا ہوتی ہے نیز تنگی ہوتی ہے (۲۰۶۸) کبھی
کھانسی کا باعث صرف کرم شکم ہوتے ہیں (۲۰۶۹) کرم شکم سے آخر میں مراق و مالیخولیا ہو جاتا
ہے (۲۰۷۰) بچپن سے کرم شکم سے شکار ہو جائیں تو بعض لوگوں کی صحت تباہ ہو جاتی ہے۔
جسم و توے صحیح طور پر نشوونما نہیں پاتے اور تعلیم بھی اچھی طرح حاصل نہیں کر سکتے ناکارہ ہو کر
رہ جاتے ہیں (۲۰۷۱) کیچووں سے پیٹ میں پھوڑا بن کر باہر کو پھوٹتا ہے۔ (۲۰۷۲) بعض عورتوں
میں کیچووں کے سبب سے ماہواری میں رکاوٹ اور بے قاعدگی پیدا ہوتی ہے جس سے حمل
کا شک ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ گاہے قولنج بھی ہوتا ہے ایسی عورتیں اولاد سے اکثر محروم رہتی
ہیں (۲۰۷۳) کبھی مقعد میں خارش، بواسیر سے ہوتی ہے اور چنونوں کا احتمال ہوتا ہے (۲۰۷۴)
کرم شکم کے رحم کے تحتانی عضلات میں اختلاج پیدا کرتے ہیں۔ (۲۰۷۵) کسی مریض میں کرم شکم
ریح البواسیر کی علامات پیدا کرتے ہیں (۲۰۷۶) کبھی کیچوا پیشاب کے راستہ سے خارج ہوتا ہے
ایک نوجوان مریض کو پیشاب میں کچھ تکلیف ہوتی پیشاب کے ڈاکٹری معائنہ پر معلوم ہوا کہ پیشاب
میں پیپ آرہی ہے۔ مریض یہ بھی شکایت کیا کرتا تھا کہ مثانہ میں کبھی کبھی آواز کے ساتھ
ایک سرسراہٹ محسوس ہوا کرتی ہے۔ ڈاکٹر حضرات نے سوزاک قرار دے کر سوزاک کے
انجکشن لگانے شروع کر دیئے بیسیوں انجکشن لگ گئے مگر پیپ بدستور آتی رہی اور کوئی افاقہ
نہ ہوا۔ مریض ڈاکٹر صاحبان سے کہتا تھا کہ مجھے سوزاک کبھی نہیں ہوا مگر ڈاکٹر مصر تھے کہ تم
کو سوزاک ہوا ہے۔ تم چھپاتے ہو۔ مریض کا بیان اپنی جگہ صحیح تھا کیونکہ واقعی اس کو سوزاک
نہیں ہوا تھا۔ اور ڈاکٹر بزعم خود اپنے موقف پر اڑے ہوئے تھے آخر اونچے درجہ کے
ڈاکٹروں کو دکھایا گیا تو ان حضرات نے مریض کو رینل ٹی بی (سل کلیہ) بتلا کر اس کی مٹی اور
خراب کر دی اور وہ خوف سے صاحب فراش ہو گیا۔ ایک روز اتفاق سے پیشاب کرنے

سوزش اور درد ہوتا ہے (۲۰۹۵) خونی بواسیر میں خون کبھی دھار سے گرتا ہے کبھی کپڑوں میں
ٹپکتا ہے۔ اور کبھی پاخانہ لپٹا ہوا آتا ہے۔ (۲۰۹۶) غلط علاج سے کبھی بواسیر ناسور میں تبدیل
ہو جاتی ہے۔ (۲۰۹۷) بواسیر کا مرض اکثر موروثی ثابت ہوا ہے۔ (۲۰۹۸) امتلائے باب الکبد سے
بھی بواسیر کا روگ لگ جاتا ہے۔ (۲۰۹۹) ریح البواسیر کی ایک علامت یہ بھی ہے کہ چلنے
میں درد عظم العجز سے کولہے میں جاتا ہے۔ بعض مریضوں میں بواسیر کے بغیر بھی درد کی یہ علامت
دیکھی گئی ہے، ممکن ہے یہ بواسیر ہی کی علامت ہو اور تو اس وقت تک ظاہر نہ ہوئی ہو۔
(۲۱۰۰) رحم کی بعض خرابیاں بھی بواسیر کا موجب ہوتی ہیں (۲۱۰۱) بعض مریض کو حبس اسہال کے
بعد بواسیر کی شکایت ہو گئی ہے۔ (۲۱۰۲) کثرت شراب خواری سے بعض شرابیوں کو بواسیر ہو جاتی
ہے۔ (۲۱۰۳) صفرائے سوختہ ہو تو بواسیر کے مسے باہر آجانے پر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان میں
آگ لگی ہوئی ہے۔ (۲۱۰۴) بعض مریض بواسیر کے جسم پر گرم سرخ سوئیاں چبھتی محسوس ہوتی
ہیں (۲۱۰۵) بعض مریض کے مسے پیشاب کرنے ہی میں باہر آجاتے ہیں۔ (۲۱۰۶) بواسیر میں
مقعد کے گرد گول عصب میں کبھی تشنج ہو کر بہت درد ہوتا ہے۔ (۲۱۰۷) بواسیری مسے پک
بھی جاتے ہیں پیپ نکلتی ہے (۲۱۰۸) بعض عورتوں کو ایام ماہواری میں مسوں کی تکلیف ہو
جاتی ہے۔ (۲۱۰۹) بعض مریض کے مسوں سے رطوبت بہت بدبودار نکلتی ہے۔ (۲۱۱۰) وضع
حمل کے دباؤ سے بعض زچہ کو مسوں کی شکایت ہو جاتی ہے۔ (۲۱۱۱) احتباس طمث میں
دم طمث گاہے بواسیر کی راہ خارج ہوتا ہے۔ (۲۱۱۲) گاہے بواسیری مسے کاٹ دینے سے
یا غلط علاج سے مسے رفع کر دینے سے جسم میں کہیں اور کوئی تکلیف پیدا ہو جاتی ہے۔
(۲۱۱۳) بعض بواسیری مسے اس قدر دردناک ہوتے ہیں کہ محض چھونے سے مریض کو اذیت سے
تشنج ہونے لگتا ہے۔ (۲۱۱۴) بواسیر کے بعض حساس مریضوں کو ہر اجابت کے بعد تین
چار گھنٹے سخت تکلیف رہتی ہے۔ (۲۱۱۵) معاء مستقیم میں صرف تین چار روز پاخانہ رکا رہنے
سے بعض لوگوں کو بواسیر ہو گئی ہے۔ (۲۱۱۶) کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ دست یکایک رک
گئے اور بواسیر ہو گئی۔ (۲۱۱۷) بواسیر میں گاہے اس قدر چبھن ہوتی ہے کہ گویا معاء مستقیم
میں کانٹے بھرے ہوئے ہیں۔ (۲۱۱۰) بواسیر کے بعض مریضوں کی گدی میں اور دماغ کے پیچھے

تندبیا پایا گیا ہے۔ (۲۱۱۹) بعض مریضوں کو بواسیر میں سردی سے بارش سے سرد غسل سے ورم آجاتا ہے اور درد ہونے لگتا ہے۔ اور اسی اثنا میں اگر ترشی کھانے میں آجائے تو تکلیف بہت بڑھ جاتی ہے (۲۱۲۰) بواسیر کے کسی مریض کو تازہ پھلوں میں سے کوئی پھل بھی موافقت نہیں کرتا ہے۔ ہر پھل طبیعت کے مخالف پڑتا ہے۔ اس لیئے وہ تازہ پھل کھانے سے بچتا ہے۔ (۲۱۲۱) بعض مریض بواسیر کو قبض رہے تو حالت معمول پر رہتی ہے۔ اور طین اجابت ہوئی اور نزلہ چھینکوں کا دورہ پڑا یا تنفس کی دشواری پیش آئی (۲۱۲۲) بواسیر کا خون رک جانے سے وجع المفاصل اور نقرس کا خطرہ ہوتا ہے۔ (۲۱۲۳) عموماً تو بواسیر کے مریضوں کو قبض رہا کرتا ہے مگر بعض مریض میں دائمی طور پر طین اور رقیق اجابت کے ساتھ بھی بواسیر پائی گئی ہے۔ (۲۱۲۴) گاہے بواسیر کے آپریشن سے معاء مستقیم مفلوج ہو جاتی ہے۔ بلکہ اس کا کچھ اثر قولون تک بھی پہنچتا ہے۔ (۲۱۲۵) بواسیر کے بعض مرد مریضوں میں دیکھا گیا ہے کہ ان کو قاعدہ وقفہ سے یا تو بواسیر کا خون آتا ہے یا نکسیر سے خون خارج ہوتا ہے۔ جس سے ان کو راحت ہوتی ہے اور جب یہ خون بند ہو جاتا ہے تو درد سر سینہ کھانسی اختلاج اور دل میں سخت درد ہوتا ہے۔ (۲۱۲۶) مقامات بواسیر۔ مقعد، رحم، مہبل، شانہ، حلق، لب، انف، (۲۱۲۷) گاہے مقعد کے کنارے کا ذرا سا حصہ سخت ہو جاتا ہے یا وہاں کوئی دانہ سا بن جاتا ہے یا کوئی گٹھلی سی ہو جاتی ہے (۲۱۲۸) بواسیر کا خون بند ہو جانے سے بعض مریضوں کو درد جگر کی لاحق ہو جاتا ہے۔ جو عموماً ہر وقت خفیف رہتا ہے۔ اور دورے سے شدت کرتا ہے۔ اعصاب میں کھنچاوٹ سی ہوتی ہے۔ اخراج ریاح سے اس میں بھی کچھ فائدہ ہوتا ہے۔ (۲۱۲۹) بعض تجربہ کاروں کا قول ہے کہ خون بواسیر بند ہو جانے سے نمونیا، طور سی ورم طحال قرحہ یہ خارش جذام و سرطان کا اندیشہ ہوتا ہے۔ اگر رُل دماغ کی طرف رجوع کرے تو خفقان و جنون و صرع کا خوف ہوتا ہے۔ نیز اگر سُرخ خون با فراط خارج ہو جائے تو ضعف نہ لے تو یقیناً لاحق ہوتا ہے مگر اس کے علاوہ استسقاء اور بعض امراض صفراوی کا خطرہ ہوتا ہے۔ (۲۱۳۰) بعض بواسیر خونی اور استسقاء کا ایک چکر چل جاتا ہے۔ جریان خون کی کثرت سے نقر الدم ہو کر استسقاء ہو جاتا ہے اور جب استسقاء کا علاج کیا جائے تو پھر بواسیر خون آنے لگتا ہے۔ (۲۱۳۱) گاہے بواسیری

خون بند ہونے سے عسر بول کی شکایت ہو جاتی ہے۔ غالباً معاء مستقیم کے اندرونی ورم کا دباؤ مثانہ پر پڑنے سے یہ شکایت ہوتی ہے (۲۱۳۲) بعض مریضان بحرکہ البواسیر میں یہ حالات پائے گئے۔ شکم میں دائیں جانب ہوا جمع ہو کر بلیڈر کی طرح پھول گئی اور کرکٹ کی گیند کے برابر ہوئی بلکہ بائنہ میں درد ہونے لگا۔ تمام اعضاء پھڑکنے لگے چیونٹیاں اور سوئیاں محسوس ہونے لگیں، تمام جسم کی جلد میں درد ہونے لگا۔ خارش ہونے لگی، اور اخراج ریاح سے ان سب تکالیف میں اضافہ ہوا۔ (۲۱۳۳) کی علامات کرم شکم سے بھی پیدا ہو جاتی ہے۔

حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی صاحب کی 176 روحانی، طبی، نفسیاتی، تصوف، جادو جنات اور اسلام اور جدید سائنس جیسے مختلف موضوعات پر تاریخی اور تحقیقی کتب "تالیفات"

چیف ایڈیٹر ماہنامہ عبقری لاہور Chief Editor Ubqari Magazine Lahore	چیئرمین عبقری ٹرسٹ رجسٹرڈ Chairman Ubqari Trust Registered	نگران عالمی مرکز روحانیت وامن Patron The Centre of Peace and Spirituality	مصنف ومؤلف 176 کتب تراجم دنیا کی کئی زبانوں میں Author & Writer 154 Books (In various languages)	سرپرست عبقری مراقبہ سینٹر Director Ubqari Meditation Center
خلیفہ مجاز حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری رحمۃ اللہ علیہ "خانقاہ قادری ہجویری" Khalifa Majaaz Hazrat Syed Mohammad Abdullah Hajveri(RA) Khangah Qadri Hajveri	صدارتی ایوارڈ 1991ء میتھڈ آف ٹریٹمنٹ Presidential Award "Method of Treatment"	پی، ایچ، ڈی ہربل ہیلتھ امریکہ Ph.D Herbal Health (USA)	کالم نگار عالمی اخبارات، جرائد و رسائل Column Writer International Papers and Magazines	جاروب کش • تسبیح خانہ • روحانی منزل • درود محل • دارالتوبہ Jatob Kash Tasbih Khana Rohani Manzil Darod Mahal Darul Taubah

خاندانی الجھنیں

1۔ الجھے لوگ سلجھے اصول
2۔ گھریلو الجھنیں اور ماہرین کے تجربات
3۔ شگفتہ باتیں، بکھرے موتی، انمول یادیں
4۔ بڑوں کی زندگی کے ان گنت تجربات
5۔ گھروں میں ابدی سکون اور خوشیوں کا راز
6۔ شاداب زندگی کے راز، نبوی طریقے، جدید سائنس
7۔ کامیاب شادی کے 17 اصول، نبوی طریقے، جدید سائنس
8۔ خاندانی مسائل کا طبی و نفسیاتی نچوڑ
9۔ بے قرار زندگی سے خوشگوار زندگی تک
10۔ شاندار زندگی گزارنے کے جاندار اصول
11۔ پرکشش زندگی کے گر، نبوی طریقے جدید سائنس
12۔ شادی شدہ زندگی ہنسی خوشی گزارنے کے راز

نفسیاتی الجھنیں

1۔ ٹینشن کا سائنسی اور روحانی علاج
2۔ ڈیپریشن سے نجات پانے والے
3۔ پرسکون زندگی کی تلاش، نبوی طریقے، جدید سائنس
4۔ جذبات اور خیالات کے روگ، نبوی طریقے اور جدید سائنس
5۔ شفا بخش خیالات کی کرشمہ سازیاں، نبوی طریقے، جدید سائنس

اسلام اور جدید سائنس

1۔ تعلیمات نبوی اور جدید سائنس
2۔ فیضان سنت اور جدید سائنس
3۔ باپ کا تقدس، اسلام اور جدید سائنس
4۔ ماں کا تقدس، اسلام اور جدید سائنس
5۔ تربیت اولاد، اسلام اور جدید سائنس
6۔ سنت نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 1)
7۔ سنت نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 2)
8۔ سنت نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 3)
9۔ سنت نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 4)
10۔ جادو، جنات اسلام اور جدید سائنس
11۔ موت کے سائنسی اور روحانی انکشافات
12۔ معاشرت نبوی اور جدید سائنس

جسمانی امراض اور جدید سائنسی تحقیقات

1۔ ہارٹ اٹیک سے بچاؤ کی روحانی اور سائنسی ترکیب
2۔ پرسکون نیند، نبوی طریقے اور جدید سائنس
3۔ پتھری اور ڈائیلسز، علاج نبوی اور جدید سائنس
4۔ امراض معدہ، علاج نبوی اور جدید سائنس
5۔ شوگر کا سائنسی اور روحانی علاج
6۔ ہیپاٹائٹس کا سائنسی اور روحانی علاج
7۔ شاندار جوانی، جاندار بڑھاپا
8۔ موٹاپے سے نجات، علاج نبوی اور جدید سائنس
9۔ کولیسٹرول کا سائنسی اور روحانی علاج
10۔ جڑی بوٹیوں کے کمالات اور جدید سائنسی تحقیقات
11۔ وٹامن جسمانی صحت کیلئے کیوں ضروری ہیں؟
12۔ ہائی بلڈ پریشر کا روحانی اور سائنسی علاج
13۔ صحت بخش، خوش ذائقہ خوراکیں اور سائنسی اصول

طبی کتب

1۔ رنگ برنگی سبزیاں، دوا بھی، شفاء بھی
2۔ پھلوں سے صحت وخوبصورتی
3۔ حسن وصحت کیلئے انمول ٹانک
4۔ شوگر کا کامیاب علاج
5۔ شافی دوائیں، شافی علاج
6۔ تندرستی کے دس راز دان ٹانک
7۔ حیرت انگیز حافظہ ناممکن نہیں
8۔ حکماء کی زندگیوں کے طبی نچوڑ
9۔ معالج اور مریضوں کے تجربات
10۔ طبی تجربات ومشاہدات
11۔ کینسر کو شکست
12۔ انوکھی بیماریاں، انوکھے علاج
13۔ میرے طبی رازوں کا خزانہ
14۔ آزمودہ گھریلو معالج
15۔ الرجی سے نجات کے قدرتی طریقے
16۔ دائمی قبض سے چھٹکارا
17۔ خوبصورت اور گھنے بال
18۔ عبقری ادویات کی شفایابی
19۔ عبقری بتائے جڑی بوٹیوں کے کرشمے

شخصیات وتاریخی کتب

1۔ گلوکاری سے پرہیزگاری تک
2۔ مشاہیر کی آپ بیتیاں
3۔ 1947ء کے مظالم کی کہانی، خود مظلوموں کی زبانی
4۔ بھارتی مسلمانوں پر کیا گزری؟
5۔ شہید پاکستان
6۔ جیلوں میں بیتے لمحات کی کہانی مشاہیر کی زبانی
7۔ مولانا طارق جمیل شخصیت وکمالات
8۔ مولانا طارق جمیل کے ہمراہ
9۔ عظمت اہل بیت
10۔ صادق دوست اور قلعہ ڈیراور

خواتین

1۔ سدا بہار حسن کی ضامن غذائیں
2۔ خواتین کے حسن وجمال کے قیمتی راز
3۔ عورت اسلام اور جدید سائنس
4۔ خواتین کی اسلامی زندگی کے سائنسی حقائق
5۔ حسن لازوال کی قاتل بیماریاں

روحانیات وعملیات

1۔ روحانی غسل کے کرشمات
2۔ مشکلات سے نجات پانے والوں کے روحانی تجربات
3۔ دو انمول خزانے (اردو)
4۔ سورۂ بقرہ سے شرطیہ (انشاءاللہ) بیٹا پائیں
5۔ جنات کی چوریاں روکنے کا فیصلہ کن عمل
6۔ مالدار بنانے کا آزمودہ راز
7۔ گھریلو الجھنوں کا روحانی اور قرآنی علاج
8۔ جادو جنات کے پراسرار حقائق اور آزمودہ روحانی علاج
9۔ ایک روحانی عامل کی خفیہ ڈائری
10۔ کامیاب عامل بنئے
11۔ روحانیت، جادو اور وہم
12۔ بدترین پریشانیوں کیلئے لاجواب وظائف
13۔ روزگار کی پریشانی کا آزمودہ وظیفہ
14۔ گھریلو الجھنوں کا روحانی علاج
15۔ بدترین خصلتوں کا بہترین علاج
16۔ کھنڈرات سے ملی خاندانی بیاض
17۔ مایوس خاندانی مشکلات کا پرتاثیر روحانی علاج
18۔ روحانی دنیا کے انوکھے بھید
19۔ کشف اور پراسرار روحانی قوتوں کا حصول
20۔ افحسبتم اور اذان کے کرشمات
21۔ جنات کا پیدائشی دوست (جلد اول)
22 جنات کا پیدائشی دوست (جلد دوم)
23۔ جنات کا پیدائشی دوست (جلد سوم)
24۔ عامل کامل بننے کے راز
25۔ گھریلو الجھنوں سے چھٹکارا پانے والے
26۔ مجھے وظائف سے غیبی مدد کیسے ملی؟
27۔ مشکلات کے پہاڑ اور میرے روحانی تجربات
28۔ سترہ وظائف سے زندگی آسان
29۔ حٰم لاینصرون کے کرشمات
30۔ موتی مسجد کے عمل کے کرشمات
31۔ مجھے شفاء کیسے ملی؟
32۔ کالی دنیا کا لا جادو، وظائف اولیاء اور سائنسی تحقیقات
33۔ صلوٰۃ التسبیح کے کرشمات
34۔ مثالی حافظہ اور آزمودہ نبوی عمل
35۔ حال دل
36۔ علماء اہل حدیث کے آزمودہ عملیات

37۔ باکمال عاملین کے بے مثال تجربات
38۔ جنات سے سچی ملاقاتیں
39۔ غلاف روضہ مبارک کے کرشمات
40۔ وضو کے بعد تین گھونٹ پانی کے کرشمات
41۔ سورۂ یٰسین کے کرشمات

صوفی ازم اور اصلاح باطنی

1۔ صوفی ازم سے روشنی کا سفر
2۔ صوفی ازم کے روشن ستارے
3۔ صوفی ازم اور قبولیت دعا
4۔ صوفی ازم اور باطنی سکون
5۔ خطبات عبقری (جلد اول)
6۔ خطبات عبقری (جلد دوئم)
7۔ خطبات عبقری (جلد سوئم)
8۔ خطبات عبقری (جلد چہارم)
9۔ اقوال اولیاء
10۔ آداب معرفت
11۔ معرفت کے متلاشی
12۔ صوفی ازم اور ٹینشن فری لائف
13۔ روحانی پاکیزگی
14۔ شاہراہ معرفت پر کامیابی کا سفر
15۔ توبہ کے کمالات
16۔ کمالات اولیاء
17۔ شجرہ طیبہ قادری ہجویری
18۔ ندامت کے آنسو
19۔ علماء اہل حدیث کا ذوق تصوف
20۔ علماء اہل حدیث کی سچی کرامات
21۔ اسلاف اہل حدیث کی رواداریاں
22۔ علماء اہل حدیث اور تصوف کی خوشبو

فطرت کے انوکھے مناظر

1۔ جانوروں کے انوکھے چشم دید واقعات

علاج نبویؐ اور جدید سائنس

1۔ صحت مند عادات نبویؐ طریقے اور جدید سائنس
2۔ مہلک دوائیں' نبوی دوائیں اور جدید سائنس
3۔ مہلک غذائیں' نبوی غذائیں اور جدید سائنس
4۔ معالجات نبویؐ اور جدید سائنس (جلد 1)
5۔ معالجات نبویؐ اور جدید سائنس (جلد 2)
6۔ معالجات نبویؐ اور جدید سائنس (جلد 3)
7۔ معالجات نبویؐ اور جدید سائنس (جلد 4)
8۔ نباتات قرآنی اور جدید سائنس
9۔ نبویؐ دسترخوان' صحت وتندرستی کے راز اور جدید سائنس
10۔ مہلک عادات' نبویؐ طریقے اور جدید سائنس
11۔ قدرتی ٹانک اور علاج نبویؐ
12۔ غلطیوں کی اصلاح' نبویؐ طریقے اور جدید سائنس
13۔ شہد کی کرامات
14۔ کلونجی کے کرشمات

نوجوانوں کے مسائل

1۔ ازدواجی مسائل علاج نبویؐ اور جدید سائنس
2۔ نوجوانوں کی جنسی الجھنیں' علاج نبویؐ اور جدید سائنس
3۔ نوجوانوں کے جنسی مسائل' علاج نبویؐ اور جدید سائنس
4۔ جنسی پاکیزگی' نبویؐ علاج واحتیاط اور جدید سائنس
5۔ جوانی کی حفاظت کیسے کی جائے؟
6۔ عشق' اسلام اور جدید سائنس
7۔ جنسی زندگی' اسلام اور جدید سائنس
8۔ مایوس نوجوان ویران جوانی
9۔ جنس' جوانی' اسلام اور جدید سائنس

دیگر زبانوں میں تراجم

1۔ سنت نبویؐ اور جدید سائنس (جلد اول)
(انگلش' ہندی' فرنچ' بنگلہ' وغیرہ)
2۔ سنت نبویؐ اور جدید سائنس (جلد دوئم)
(انگلش' ہندی' فرنچ' بنگلہ' وغیرہ)
3۔ دوانمول خزانے (انگلش)
4۔ آسان نیکیوں کے حیرت انگیز فضائل (انگلش)

متفرقات

1۔ جیل کا جہنم
2۔ رمضان المبارک کے روحانی وجسمانی ٹوٹکے
3۔ حرمین میں نیکیوں کے پہاڑ
4۔ غیر مسلموں کی عبادت گاہوں کا تحفظ' ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں
5۔ پیغمبر اسلامؐ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک
6۔ مجاہد یا دہشت گرد
7۔ رمضان میں روحانی وجسمانی تندرستی
8۔ قدرت کا انعام اور انتقام
9۔ حلقہ کشف المحجوب

ISBN

دفتر ماہنامہ "عبقری"

78/3 مرکز روحانیت و امن، عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

فون: 042-37425801, 0322-4688313

Email: contact@ubqari.org, Website: www.ubqari.org